۱۶/۱

خدا بخش لائبریری

# جرنل

۱۹

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری

رجسٹریشن نمبر ۳۳۴۲۴/۷۷





انیسواں شمارہ : ۱۹۸۱ء

اس سہ ماہی مجلے میں انگریزی، اُردو، فارسی یا عربی میں ایسے مضامین شائع ہوں گے جو خدابخش لائبریری کے نادر مواد پر مبنی ہوں یا لائبریری سے کسی نہ کسی قسم کا تعلق رکھتے ہوں

قیمت : پندرہ روپے

سالانہ زرِ خریداری

| | | |
|---|---|---|
| اندرونِ ملک | : | ۶۰ روپے |
| پاکستان | : | ۱۲ ڈالر |
| یوروپ | : | ۸ پونڈ |
| امریکا اور دیگر ممالک | : | ۲۴ ڈالر |

• محبوب حسین نے اُردو حصہ پٹنہ لیتھو پریس، رمنا لین پٹنہ میں اور انگریزی حصہ ہندوستان پرنٹنگ ورکس دلی پور، دہلی میں چھپوا کر خدابخش لائبریری سے شائع کیا۔

# فہرست



---

# اس شمارے کے لکھنے والے

- ڈاکٹر مسعود حسین : (پ ۱۹۱۸ء تقریباً) ڈاکٹر ذاکر حسین کے بھتیجے، پیرس سے ڈی۔لٹ۔ سابق وائس چانسلر جامعہ ملیہ، سابق پروفیسر لسانیات عثمانیہ و مسلم علی گڑھ۔ تفصیل کے لئے اسی شمارہ کا صفحہ ۴ ملاحظہ ہو۔
- جناب خورشید عالم خاں : (پ ۱۹۱۹ء) ڈاکٹر ذاکر حسین کے داماد، وزیر مملکت برائے سیاحت و شہری ہوابازی حکومتِ ہند، تفصیل کے لئے اسی شمارہ کا صفحہ ۲۶ ملاحظہ ہو۔
- بیگم صالحہ عابد حسین : (پ ۱۹۱۳ء) جامعہ میں ذاکر صاحب کی ہمکار، خواجہ غلام الثقلین کی صاحبزادی اور ڈاکٹر سید عابد حسین کی بیگم، اردو کی مشہور ادیب، و افسانہ نگار۔ تفصیل کے لیے اسی شمارہ کا صفحہ ۳۶ ملاحظہ ہو۔
- جناب عبداللطیف اعظمی : (پ ۱۹۱۷ء) ڈاکٹر ذاکر حسین کے شاگرد اور جامعہ میں ان کے رفیق کار، سابق ایڈیٹر ماہنامہ صبح وغیرہ، ماہنامہ جامعہ کے مدیر (اور پھر مدیر معاون)، تفصیل کے لیے اسی شمارے کا صفحہ ۴۸ ملاحظہ ہو۔
- بیگم انیس قدوائی : (۱۹۰۸ء - ۱۶ جولائی ۱۹۸۲ء) انگریزی اور اردو کی ممتاز ادیبہ، مولانا محمد علی کے جواں مرگ رفیق ولایت علی بمبوق کی صاحبزادی اور رفیع احمد قدوائی کی بھاوج : سابق ممبر راجیہ سبھا ... تفصیل کے لیے اسی شمارہ کا صفحہ ۶۶ ملاحظہ ہو۔
- حکیم محمد عمران خاں : (پ ۱۹۲۹ء تقریباً) ادارۂ تحقیقات عربی و فارسی ٹونک (راجستھان) سے وابستہ ہیں۔
- جناب وسیم احمد : (پ ۱۹۵۶ء) بی۔ یو۔ ایم۔ ایس (لکھنؤ طبیہ کالج)، خدا بخش لائبریری میں لٹریری ریسرچ یونٹ (طب یونانی) سے وابستہ۔
- جناب احمد یوسف : (پ ۱۹۳۲ء تقریباً) اردو کے معروف افسانہ نگار اور ناقد۔ افسانوی مجموعہ "ریگستان کی کشتیاں"
- جناب رئیس نعمانی : (پ ۱۹۵۰ء تقریباً) پرشین اکیڈمی لکھنؤ کے بانی، "بھارت" فارسی مجلہ کے مدیر۔
- ڈاکٹر کلیم سہسرامی : (پ ۱۹۳۲ء تقریباً) تہران سے ڈی۔لٹ، راجشاہی یونیورسٹی (بنگلہ دیش) میں شعبۂ لسانیات کے پروفیسر۔
- جناب مسرت حسین آزاد : (پ ۱۹۵۰ء تقریباً) سکریٹری صولت پبلک لائبریری رامپور، سابق ایڈیٹر "الا دجوہر"۔ ادارہ فروغ اردو (اب شاد عارفی) لائبریری کے مالک۔
- جناب محمد عمر سیفی ٹونکی : (پ ۱۹۳۰ء تقریباً) ادبی ذوق کے حامل، ٹونک کے نجی کتابی ذخیرہ میں آدبا و شعرا کے خطوط اور رسائل کا اچھا کلکشن ہے۔

بقیہ کے لیے ملاحظہ ہو جرنل شمارہ ۱، ۱۲ اور ۱۶

# ذاکر صاحب - ذاتی یادیں

## پیش گفت

ڈاکٹر ذاکر حسین (۱۸۹۵ - ۱۹۶۹ء) کے اقوال و افعال کے بارے میں قریبی لوگوں کی ذاتی یادوں کا ایک مرقع پیش کیا جا رہا ہے، اس میں نظر کے گوناگوں زاویے ملیں گے لیکن ہر زاویے سے تصویر کا ایک ہی رنگ اُبھرتا دکھائی دے گا، خلوص اور لگن سے کاڑھی ہوئی اخلاقی شخصیت کا رنگ جس نے اخلاق الٰہی تک پہنچنے کے لیے ابن آدم کا تایا ہوا راستہ اختیار کیا تھا، خدمت سے عظمت کا راستہ!

بڑی شخصیتوں کے افعال و اقوال، ان کے بعد آنے والے اپنے بعد آنے والوں کے لیے، مرتب کر جاتے ہیں کہ انھیں سُن کے، پڑھ کے، اگر اپنے اندر اہلیت اور صلاحیت ہو تو، ایک شخصیت برتر وجود میں آسکے۔ یہ برتر سے برترین تک حصول شخصیت کا سفر ہی ساری انسانی تگ و دو کا ماحصل ہے۔

اب تک صوفیہ کے ملفوظات بکثرت سامنے آتے رہے ہیں متصوفانہ شخصیت میں بھی ایک عظمت ہے لیکن وہ سامنے اس طور سے لائے گئے ہیں کہ پوجتے نیاز دینے کے رہ گئے ہیں۔ کوئی نقش قدم ایسا نہیں جس پر کوئی دوسرا بھی چلنے کی جرأت کر سکے، ہمت لا سکے۔ اخلاقی شخصیت، اسی ہماری آپ کی بھلی بُری دنیا میں رُلی ملی شخصیت ہوتی ہے جو زندگی کے ہر اُونچ نیچ سے گزرتی، اپنا احتساب کرتی، اعتدال لاتی، دوسروں کے لیے بھی کر خدمت کے راستے، اپنے کو گوندھتی کاڑھتی اور خدائی اخلاقی سانچے میں ڈھالتی ہوئی، ارد گرد کو نکاشتی کے سیلاب میں بہا جاتی ہے۔

مشہور صوفی حضرت عبدالقدوس گنگوہی کا ایک قول ہے کہ محمد عربی معراج میں آسمانی بلندیوں کے آخری نقطے تک پہنچ کے لوٹ آئے، قسم خدا کی

ان کی جگہ میں ہوتا تو ہرگز واپس نہ آتا۔ اقبالؔ نے یہ قول دہراتے ہوئے لکھا ہے کہ ایک صوفی اور ایک نبی میں یہی فرق ہے کہ صوفی اپنا تجربہ اپنے تک محدود رکھ کر خود لطف اندوز ہونا کافی سمجھتا ہے، پیغمبر اپنے تجربے کی روشنی اور حرارت کو لیکر پھر زمان و مکان کی دنیا میں واپس آتا ہے کہ تاریخ سازی کر سکے۔ رسول اللہؐ کی ذات میں متصوفانہ شخصیت اور اخلاقی شخصیت کا حسین ترین امتزاج مل جاتا ہے۔

○

ذاکر صاحب کی شخصیت ایک اخلاقی شخصیت تھی، جو متصوفانہ شخصیت کے عناصر اپنے اندر سموتی جاتی تھی کہ بلاوا آگیا اور شخصیت سازی کا یہ سفر ادھورا رہ گیا! ایک حقیر زندگی میں یہ سفر کس نے پورا کیا ہے!! لیکن اسی انسانی بے بسی میں انسانی عظمت کا اشارہ پنہاں ہے: محدود کا لامحدود کو چھو لینے کا عزم بھی! بے بس ہوتے ہوئے انسان کیسا عظیم الشان ہے: کتنا حقیر اور کیسا عظیم!

○

جامعہ اور علیگڑھ کو حیات نو بخشنے کے بعد لکھا یوں ہی تھا کہ بہار کے عظیم ترین ملی علمی ادارے خدا بخش کو بھی ذاکر صاحب کے ہاتھوں نئی زندگی ملے۔ وہ ۱۹۵۷ء میں گورنر ہو کر آئے اور جب ۱۹۶۲ء میں بہار چھوڑا تو خدا بخش کو ایک مضبوط بنیاد فراہم ہو چکی تھی۔

ذاکر صاحب کہا کرتے تھے جو ملت اپنے محسنوں کے احسانات کو بھلا دیتی ہے، خدا اس پر محسن اتارنا بند کر دیتا ہے۔ خدا نہ کرے کہ کبھی اس بشارت کے مخاطب ہم بنیں۔

خدا بخش لائبریری نے اپنے محسن کی یاد میں ذاتی یادوں کو منضبط کرنے کا ایک سلسلہ شروع کیا ہے جنھیں رفتہ رفتہ ایک مرتب شکل دی جاتی رہے گی۔

عابد رضا بیدار ●●

ڈاکٹر مسعود حسین

● ڈاکٹر مسعود حسین (پ ۱۹۱۸ء) پیرس سے ڈی لٹ، علی گڑھ کے طالب علم رہے اور پھر وہیں لکچرار اور ریڈر ہوئے؛ پھر لسانیات کے پروفیسر ہو کر عثمانیہ چلے گئے جس کے بعد جامعہ کے وائس چانسلر ہوئے۔ پھر علیگڑھ سے لسانیات کے پروفیسر کی حیثیت سے ریٹائر ہوئے۔ آج کل کشمیر کے اقبال انسٹی ٹیوٹ میں وزیٹنگ پروفیسر

اہم تالیفات: (۱) رقعات رشید احمد صدیقی، (۲)؛ اردو کا المیہ (۳) قدیم اردو (تین جلدوں میں)؛ (۴) شعر و زبان؛ (۵) قصہ مہر افروز و دلبر از عیسوی خاں بہادر (۶) مقدمہ تاریخ زبان اُردو (۷) دکنی اُردو کی لغت (۸) دو نیم (کلام کا مجموعہ) (۹) کوی مسعود کا گیت (ہندی میں کلام کا مجموعہ)، (۱۰) اُردو کی لسانیاتی تاریخ: خدابخش لکچر (زیر طبع)

ذاکر صاحب پر سلسلۂ خطبات کا افتتاح ۲۳ اپریل ۱۹۸۰ء کو ڈاکٹر مسعود حسین کے اس خطبہ سے ہوا۔ ڈاکٹر مسعود حسین خاں صاحب، ذاکر صاحب کے بڑے بھائی مظفر حسین صاحب کے بیٹے ہیں

یہ بات قابل ذکر ہے کہ یہ خطبہ زبانی جس طرح بولا گیا، من و عن اسی طرح نذر قارئین شائع ہو رہا ہے، کسی جگہ کسی ذرا سی بھی لفظی یا اسلوبی ترمیم کے بغیر۔

●● تکلف سے بری ہے حسن ذاتی ۔ قبائے گل میں گل بوٹا کہاں ہے

عزت مآب ڈاکٹر قدوائی صاحب، بیدار صاحب، بزرگو اور دوستو!

میں دراصل، جیسا کہ آپ کے علم میں ہے، پٹنہ آیا تھا کسی اور کام کے لئے، لیکن جب بیدار صاحب نے مجھ سے یہ خواہش کی کہ انھوں نے ڈاکٹر ذاکر حسین کے سلسلے میں خطبات اور تقاریر کا ایک سلسلہ خدا بخش لائبریری میں شروع کیا ہے اور چاہتے ہیں کہ میں اس سلسلہ کی پہلی تقریر کروں، تو مجھے خوشی بھی ہوئی اور یہ تھوڑی سی ہراسانی بھی! ہراسانی اس لئے کہ ذاکر صاحب سے نہ صرف میری قرابت ہے بلکہ قرب بھی رہا ہے اتفاق سے، اپنی اسکول کی تعلیم سے شروع سے، میں چونکہ جامعہ کا طالب علم رہا، تو اس لحاظ سے مجھے، کم و بیش دس بارہ سال تک ان کے ساتھ رہنے کا موقع ملا۔ کچھ عرصے تک بورڈنگ میں رہا لیکن بورڈنگ بہت پاس تھا، اور ہر وقت اُن کے یہاں آنا جانا تھا اور کچھ عرصے خود ان کے مکان پر ان کے ساتھ رہا۔ اسی لئے میں کہہ رہا ہوں کہ قرابت کے علاوہ قرب بھی رہا ہے۔ اکثر ہوتا ہے کہ قرابت داری میں قرب نہیں ہوتا ہے، فاصلے ہوتے ہیں۔

لیکن تھوڑی سی پریشانی مجھے اس لئے محسوس ہوتی ہے کہ جس طریقہ سے کہ کسی اچھی تصویر کو فوکس میں لانے کے لئے ایک فاصلۂ مکانی کی ضرورت ہوتی ہے اسی طریقے سے کسی بھی عزیز شخصیت کو اچھی طرح سے سمجھنے کے لئے اس پر بولنے یا لکھنے کے لئے، یقیناً ایک فاصلۂ زمانی کی بھی ضرورت ہوتی ہے تاکہ آپ نہ تو شبلی کے الفاظ میں، مدلل مداحی کریں نہ آپ قرابت داری کے زیر اثر کچھ ایسی عقیدت مندانہ باتیں کہہ جائیں جو کہ عام پبلک، عام لوگوں، کا ذہن قبول کرنے کو تیار نہ ہو۔ دوسرے الفاظ میں، آپ اس شخصیت سے بھی انصاف کریں، اپنے سے بھی انصاف کریں اور جنھیں مخاطب کر رہے ہیں ان سے بھی انصاف کریں۔ اس لئے میں نے بیدار صاحب سے عرض کیا کہ میں اس وقت ان کے کمالات، ان کے کام، وہ چاہے تعلیمی میدان میں ہوں، سیاسی میدان میں ہوں، ان سے میں بحث نہیں کروں گا، چونکہ اس بارے میں لوگ لکھتے رہے ہیں، لکھتے رہیں گے اور وہ چیزیں سب کے سامنے

ہیں ـــ ، میں اپنی اس تقریر کو ان چند یادوں سے موسوم کروں گا جو میرے ذہن میں ان کی شخصیت کے تاثر کے طور پر محفوظ رہ گئی ہیں؛ یا چند ایسے واقعات، چھوٹے چھوٹے واقعات، گھریلو واقعات، جن سے ان کی شخصیت کے کسی پہلو پر روشنی پڑتی ہے اور جو غالباً تاریخ کا حصہ نہ بن سکیں گے اگر میں انھیں نہ کہوں کہ وہ میرے ساتھ ختم ہو جائیں گے۔

ذاکر صاحب سے میرا پہلا سابقہ اس وقت ہوا جب سن ۱۹۲۶ء میں وہ برلن سے پی-ایچ-ڈی کی ڈگری لے کر اپنے وطن قائم گنج ضلع فرخ آباد واپس آئے۔ اس وقت میری عمر غالباً چھ، سات برس کی تھی۔ اس سے قبل کے ذاکر صاحب میرے ذہن میں نہیں ہیں، اس لئے کہ وہ تین سال، چار سال یورپ میں رہ کر آئے تھے۔ اور اس سے قبل میں اتنا چھوٹا تھا کہ کوئی تصویر میرے ذہن میں نہیں بنتی۔ اس دن قائم گنج کے قصبے میں دھوم تھی کہ پہلا پٹھان اور پہلا قائم گنجی باہر سے ایک ڈگری لے کر آ رہا ہے۔ چنانچہ نہ صرف اہل خاندان بلکہ اور بھی دور کے عزیز اور قرابت دار سب لوگ، اسٹیشن پر موجود تھے۔ بلکہ، ایک عزیز تو کچھ شادیانے بھی لیکر پہنچ گئے تھے، اس قسم کی چیزیں جو عام طور سے شادی کے موقع پر کرایہ پر لے لی جاتی ہیں، اس کا انتظام کر لیا تھا۔ میں ایک ملازم کی گود میں تھا، اس وقت؛ کھڑا ہوا انتظار کر رہا تھا کہ گاڑی کا انجن دکھائی دیا۔ تھوڑی دیر میں گاڑی آئی، ٹھہری اور اس کے بعد ذاکر صاحب اُترے تو لوگوں نے گھیر لیا۔ ان کے چہرے پر کالی زرق داڑھی تھی۔ معلوم نہیں انھوں نے بمبئی یا کہاں سے ایک سفید شیروانی حاصل کر لی تھی، وہ پہنے ہوئے تھے، اسی شیروانی کے کپڑے کی ٹوپی بھی تھی، ان کے سر پر۔ غالباً بمبئی میں کچھ قیام کیا تھا، وہاں بنوائی ہوگی یا کسی سے حاصل کی ہوگی۔ اور وہ ہر ایک سے مل رہے تھے، اپنے مخصوص انداز سے؛ ہر شخص یہ سمجھ رہا تھا کہ گویا ذاکر صاحب اُسی کے لئے مخصوص ہیں اور سارا خلوص جو ہے اسی کے لئے وقف ہے۔ میں ملازم کی گود میں اس لئے تھا کہ مجمع بہت زیادہ تھا اور اُن تک نہیں پہنچ سکتا تھا۔ تو، کچھ ایک معاندانہ کیفیت میرے دل میں پیدا ہوئی کہ لیجئے 'صاحب' چچا ہمارے ہیں اور ہمیں ان تک پہنچنے کی بھی اجازت نہیں! ـــــ ایک چھ سات سال کے بچے میں جس قسم کی ایک نفسیاتی لہر آتی ہے! وہ بھی اِدھر اُدھر دیکھ رہے تھے؛ مجمع تمام کھڑا ہوا تھا؛ کوئی ہاتھ ملا رہا تھا، کوئی کچھ کہہ رہا تھا، کوئی ہار پھول ڈال رہا تھا۔ پھر انھوں نے کسی سے پوچھا یہ بچہ کون

اِس لئے کہ وہ بھی مجھے اتنا چھوٹا دیکھ چکے تھے کہ کوئی تصویر ان کے ذہن میں میری محفوظ نہیں رہی تھی، لیکن قیاس کر رہے تھے۔ خیر، کسی نے بتایا تو وہ مجمع کو چیرتے ہوئے فوراً میری طرف آئے، مجھے گود میں لیا۔ اور اُس وقت مجھے ایسا محسوس ہوا کہ ذاکر صاحب دوسروں کے لئے مخصوص یا وقف نہیں ہیں بلکہ یہ میرے لئے وقف ہیں اس لئے کہ ان کی تمام تر توجہ کا مرکز اس کے بعد میں ہی بن گیا، اور مختلف قسم کے سوالات انھوں نے کرنا شروع کئے۔ غالباً اس میں ان کا یہ جذبہ بھی تھا کہ میں ان کے بڑے بھائی کا بچہ تھا اور چونکہ میرے والد کا انتقال دو تین برس کی عمر میں ہو چکا تھا، اسی حالت میں وہ مجھے چھوڑ گئے تو ایک تمام قسم کا جذبہ جو جذبہ فطری ہوتا ہے، پدری، یا کچھ ہوتا ہے وہ اُمنڈ آیا۔

پھر وہ چند روز رہنے کے بعد جامعہ ملیہ چلے گئے، جہاں انھوں نے شیخ الجامعہ کی حیثیت سے جامعہ کا چارج لیا۔ کیونکہ آتے ہی وہ شیخ الجامعہ بنا دیے گئے تھے۔ اب اُن کو فکر یہ ہوئی کہ قائم گنج کے چھوٹے سے قصبے میں، جہاں نہ کوئی اچھا اسکول تھا، نہ کچھ تھا، میری تعلیم اچھی نہیں ہو رہی ہے اور بقول اُن کے میں وہاں پہ ڈنڈے بجاتے پھر رہا ہوں، مجھے کسی طریقے سے یہاں سے منتقل کیا جائے۔ چنانچہ اگلے سال میں سن ۱۹۲۷ء میں ان ہی کی تحریک پر میں جامعہ ملیہ کے درجہ دوم میں داخل ہوا۔ اُس وقت جامعہ ملیہ قرول باغ میں تھی۔ ذاکر صاحب کے پاس ایک چھوٹا سا مکان تھا جس میں وہ رہتے تھے۔ اُس وقت جامعہ ملیہ کا ادارہ مختلف کرایہ کی عمارات میں منتشر تھا۔ کہیں پہ کالج تھا، کہیں پہ اسکول تھا، کہیں پہ ایک بورڈنگ ہاؤس تھا، کہیں پہ دوسرا تھا۔ اس وقت کا قرول باغ شہرِ دلی کی بہت ہی ایک دور افتادہ جگہ تھی، اور ایسا نہیں تھا جیسا کہ آج کل ہے۔

مجھے بورڈنگ میں ڈالا گیا، چونکہ خیال یہ تھا کہ جامعہ کے بورڈنگ ہاؤس کی تربیت بھی ضروری ہے۔ تاکہ وہ تمام اثرات جو قائم گنج کی فضا کے ڈنڈے بجانے کے میرے اُوپر پڑے تھے وہ دھل جائیں۔ پٹھانوں کی بستی تھی، تو وہاں پٹھانوں کے بچے ڈنڈے ہی بجاتے پھرتے تھے، اور کوئی کام پڑھنے لکھنے کا کرتے نہیں تھے! میں اکثر شام کو، دوسرے دن، تیسرے دن مکان پر بھی جاتا رہتا تھا، اور بورڈنگ میں تو رہتا تھا ہی۔ یہ ذاکر صاحب کے عزم کا زمانہ تھا، اس کے ساتھ ساتھ افلاس کا زمانہ تھا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب سو، سوا سو، اور بعد کو پچھتر روپے ان کی تنخواہ تھی اور یہی وہ زمانہ تھا جب جامعہ کے تمام کارکنوں نے یہ طے کیا تھا —— کارکن گیا، مولانا محمد علی (وغیرہ) اور حکیم اجمل خاں

خاں نے ــــــ کہ ہمیں جامعہ کو اب بند کر دینا چاہیئے اس لئے کہ ہم اس کے بڑھتے ہوئے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے ہیں ! تو اس وقت ذاکر صاحب کی تحریک پر بندرہ، بیس جاں بازوں کے ایک قافلہ، ایک ٹولی نے عزم کیا کہ جامعہ کو بند نہیں ہونے دیں گے اور اس عزم کے ساتھ، وہ حکیم جامعہ کے مربی تھے ان سے ملا۔ اُس وقت حکیم اجمل خاں اور دوسروں نے یہ سوال اٹھایا کہ بھائی کام کیسے چلے گا، کیلئے کچھ دینے کو اب تیار نہیں ہے؛ ہمارے ذرائع بھی محدود ہیں ! اخراجات بڑھ رہے ہیں تو انھوں نے کہا کہ ہم اپنی تنخواہیں بند کر لیں گے، لیکن جامعہ کو بند نہیں ہونے دیں گے۔ اس بندرہ بیس اشخاص کی ٹولی میں چند نام تو آپ کے بھی ذہنوں میں ہوں گے۔ پروفیسر محمد مجیب ڈاکٹر عابد حسین، شفیق الرحمٰن قدوائی صاحب جو کہ ڈاکٹر قدوائی کے خالہ زاد بھائی تھے جو بعد کو جامعہ کے بڑے سرگرم رکن رہے ؛ حامد علی خاں صاحب، مکتبہ جامعہ کے مینیجر اور چند اور استاد اور شاگرد تھا بہرحال جامعہ بند نہ ہوئی اور ہم لوگ مکانوں اور گھروں کو واپس نہ کئے گئے۔ تو، کہہ میں یہ رہا تھا کہ یہ ذاکر صاحب اور جامعہ کے تمام اساتذہ کے اخلاص کا زمانہ تھا؛ عزم کا زمانہ تھا، اخلاص کا زمانہ تھا، تنظیم، عمل اور کام کا زمانہ تھا؛ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ آپ کہیں بھی جائیے، کسی کے مکان پر جائیے، ہمارے بورڈنگ کے وارڈن ارشاد الحق صاحب تھے، میں ان کے کمرے میں لٹکا دیکھتا تھا، ذاکر صاحب کے کمرے میں لگا دیکھتا تھا ؛ یہ اقبالؒ کا ایک شعر تھا، جو اُس عہد کے بڑے اچھے کاتب رستم قلم علی محمد خاں صاحب فرخ آبادی کا جو جامعہ کے اسٹاف میں تھے، لکھا ہوا تھا جس کو طبع کیا گیا تھا۔ اس وقت اُردو ہی نہیں آتی تھی، فارسی کیا آتی۔ لیکن کچھ ایسا محسوس ہوتا تھا کہ اچھی شاعری وہ شاعری ہے جو کسی زندہ تحریک میں تبدیل ہو جائے۔ اس کے اثرات ایسے ذہن پر بھی مرتب ہو سکتے ہیں جو زبان کی پوری تفہیم نہ کرتا ہو لیکن ایک دو لفظ بھی یہاں وہاں سے چمک جائے تو وہ نشتر بن کر اس کے دل میں اُتر جاتا ہے۔ وہ شعر یہ تھا:

ما ز تخلیقِ مقاصد زندہ ایم ❋ از شعاعِ آرزو تابندہ ایم

تو اس میں تخلیق، مقاصد، آرزو، زندہ، یہ چند لفظ تھے جس سے کہ مجھے آج محسوس ہوتا ہے کہ میں اس وقت بھی اس شعر کی جو اسپرٹ ہے؛ جو روح ہے اُس کو سمجھ رہا تھا، گو کہ میں فارسی بالکل نہیں جانتا تھا۔ اس وقت میری عمر ہی کیا تھی اور یہ شعر گنگناتے تھے ہم لوگ اور یہ سمجھتے تھے کہ ہم

اس کے اثر کو پڑھ رہے ہیں! ایک اور تختی جو کہ ہر جگہ جلی اور نستعلیق کی لکھی ہوئی ملتی تھی اس سے بھی جامعہ کی اس ٹولی کے عزم کا پتا چلتا۔ شفیق صاحب کے یہاں جائیے اُن کے یہاں لکھا ہوا ملے گا، مکتبہ میں جائیے وہاں بھی یہ ٹنگا ہوا ملے گا، وہ حالی کا یہ قطعہ تھا:

دنیائے دنی کو نقش فانی سمجھو ہر چیز یہاں کی آنی جانی سمجھو
پر جب کرو آغاز کوئی کام بڑا ہر سانس کو عمر جاودانی سمجھو

اس رباعی اور اس شعر کے اندر جامعہ کی وہ جو ۱۵، ۲۰ پر مشتمل سر سے کفن باندھے ہوئے ٹولی تھی، اس کے عزم کا اور جامعہ کے اس طریقہ سے ایک بڑے پیمبری وقت سے نکل جانے کا پورا اثر ملتا ہے اور ہر شخص اس قسم کے جذبات اور خیالات سے سرشار تھا۔

یہی افلاس کا دور تھا جب ذاکر صاحب کا حسِ مزاح (Sense of Humour) بروئے کار آتا تھا۔ ذاکر صاحب کو اپنی آخری عمر میں کچھ صحت کی خرابی کی وجہ سے کچھ اس کڑھن کی وجہ سے جو سن ۴۷ کے واقعات سے تھی، جامعہ پہ جو افتاد گزری علی گڑھ کے حالات سے ہر طرف کے طعن وتشنیع نے جس کا شکار ہر اس شخص کو کسی بھی بھلے آدمی کو ہونا پڑتا ہے، وہ کافی جھول سے گئے تھے؛ ڈھل گئے تھے۔ لیکن یہ زمانہ تھا جب، میں نے دیکھا ہے کہ، اُن کے ہاں مزاح اور شمول بہت ہی شائستہ قسم کا مزاح بات بات سے ٹپکتا تھا۔ وہ بہت اچھے کنورسیشنلسٹ (Conversationalist) تھے مقرر تو تھے ہی، آپ نے سنا ہوگا، لیکن ان کی ٹیبل ٹاکس (Table talks) اس سے بھی زیادہ دلچسپ ہوتی تھیں اور وہ اپنے مخصوص حلقوں میں جب کھلتے تھے تو واقعی ان کی زبان سے پھول جھڑتے تھے اور ہم لوگوں کو رشک ہوتا تھا تو یہی زمانہ اُن کے حسِ مزاح کے کلائمکس کا ہے وہ مجلس میں، دوستوں میں، رشتہ داروں میں، عزیزوں میں چہکتے تھے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ سارا دباؤ اور تناؤ جامعہ کی مالی پریشانی کی وجہ سے، یا ایک نئے ادارے کو تنظیم دینے کی وجہ سے ان کے ذہن پہ دن بھر میں رہتا تھا وہ گفتگوؤں میں اس کو خرچ کر دیتے تھے۔

مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ گھر میں یہ حال تھا کہ اگر ایک یا دو مہمان کسی وقت ٹپک پڑیں تو بیگم صاحبہ، بیگم ذاکر حسین جن سے کہ اُن کی ہمیشہ چھیڑ چھاڑ رہتی تھی، ان کے پاس واحد ترکیب یہ تھی کہ سالن جو پکا ہو اس میں ایک لوٹا پانی اور ڈال کے اور تھوڑا سا نمک ڈال کے، اس کو ذرا سا بڑھا دیا یہ ترکیب چلتی تھی

وہ ہیں جو ایک گھریلو عورت کو کرنا پڑتے ہیں اور سبھی واقف ہیں، جو اس دور سے گزر چکے ہیں انہیں سب کو کرنا
پڑتے ہیں، ان کو اکثر کرنا پڑتے تھے۔ چنانچہ جب وہ سالن بڑی قاب میں، جس میں کہ شوربا ہی شوربا ہوتا تھا،
بھر کر دیا جاتا تھا اور باہر آتا تھا تو جو کوئی مہمان ہوئے، میں بھی موجود ہوا تو فوراً مجھ سے کہتے: میاں مسعود!
لانا میرا لنگوٹ، باندھ کر ماردوں غوطہ، اِدھر سے اُدھر نکل جاؤں اور اُدھر سے اِدھر نکل جاؤں !!

اتفاق سے گھر میں چھتو نام کا ایک چھوٹا سا لڑکا بھی تھا، دس بارہ برس کا ـ وہ فوراً وہاں
سے جاتا، اور بیگم صاحبہ کے کان میں ڈال دیتا کہ صاحب یہ کہہ رہے ہیں۔ پھر مہمان تو چلا جاتا، اب جو یہ اندر
آتے تو مسکرا رہے ہیں ـــــ اور وہ جوش میں گرم! کیا میرا مذاق اڑایا جاتا ہے، اور یہ ہے اور وہ ہے۔ خیر
بات آئی گئی ہو جاتی!

یہی زمانہ ہے جب اور یہ عجیب و غریب چیز ہے، کہ ان کی فیاضی اور دوسروں کو مدد کرنے
کی، مالی مدد کرنے کی حِس اس زمانے میں میں نے زیادہ پائی، بہ نسبت کسی اور زمانے کے جبکہ وہ خوشحال
تھے۔ اس زمانے میں یہ اکثر ہوا ہے کہ کئی برس کے انتظار کے بعد نیا لحاف یا نیا گدّا، جڑاول بنائی
گئی اور بعد کو معلوم ہوا کہ ایک دن وہ جڑاول ابھی سردیاں آبھی نہیں پائی تھیں، اس کا استعمال بھی نہیں
شروع ہوا تھا کہ گھر سے غائب ہو گئی۔ تمام شور مچ رہا ہے، کون لے گیا، کہاں لے گیا، تو معلوم ہوا انھوں نے
کسی غریب طالب علم کو جو سردی میں اکڑ رہا تھا یا کسی اور غریب ساتھی کو اُڑھا دی ـــــ اور خود اپنے
پرانے لحاف میں، گدّے میں پڑے رہتے تھے!

مجھے اچھی طرح یاد ہے، ایک دفعہ جب جڑاول غائب ہو گئی، میں شام کو پہنچا تو ہماری چچی صاحبہ
واویلا کر رہی تھیں کہ انہیں کیا ہو گیا ہے ـــــ ـــــ خواتین انہیں ہی کہتی ہیں ـــــ انہیں
کیا ہو گیا ہے، ابھی میں نے بنایا تھا، خود اپنا لحاف پرانا ہو گیا ہے اور کسی طالب علم کو دیدیا، کیرالا سے
یا کہاں سے آیا تھا، سردی کے کپڑے نہیں تھے۔ اس پر انھوں نے جو لطیفہ سنایا مشہور فلسفی کانٹ کا، اس
لطیفے سے میں تو محظوظ ہوا اگر میری خیال ہے چچی صاحبہ پہ کچھ زیادہ اثر نہیں ہوا۔ انھوں نے کہا: کانٹ ہر سال
سردیوں میں یہ خیال کرتا تھا کہ میں اپنا پرانا اوورکوٹ ابھی الگ کر دوں گا، نیا اوورکوٹ خریدوں گا
اور اس کے لئے کچھ پیسے سال میں بچاتا رہتا تھا۔ اور جب اس کی عمر ساٹھ سے تجاوز کر گئی تو ہر سال وہ یہ
کہتا تھا کہ اگلی کرسمس کے موقع پر میں شادی کر لوں گا، اور اس کے لئے وہ پیسے بچانا شروع کرتا

شادی کا منصوبہ اس نے اپنی زندگی میں کئی بار بنایا اور اس کے بعد جب پیسے اتنے ہو جاتے تھے اور سردیاں آتیں تو کہتا تھا یہ میرا اوورکوٹ جو ہے پرانا ہو گیا ہے، شادی تو اگلے سال میں ہو جائے گی اس کا بدلنا ضروری ہے؛ انھیں پیسوں سے وہ اوورکوٹ اور گرم سوٹ وغیرہ بنا لیتا تھا اور شادی اس طریقے سے ملتوی رہتی تھی۔

یہ لطیفہ سنا کر اپنی بیگم سے بولے کہ بھئی میں یہ تو نہیں کرتا ہوں، خدا کا شکر ادا کرو، شادی تو نہیں کرتا ہوں۔ میں صرف یہی کرتا ہوں۔ یہ کہہ کر بیٹھوں تو کیا کرو گی۔

غرضیکہ حسِ مزاح (sense of humour) میں زندگی کے وہ نشتر، وہ چھوٹی چھوٹی تلخیاں جو بعض اوقات گھریلو زندگی میں بڑھ جاتی ہیں، انھیں وہ نہ صرف خود گوارا کر لیتے تھے، بلکہ دوسروں کے لئے گوارا بنا دیا کرتے تھے۔

جامعہ کی جو خدمات کی ہیں اور کڑے وقت میں جس قربانی کے ساتھ انھوں نے جامعہ کو چلایا ہے اس کی تفصیلات میں، میں نہیں جاؤں گا لیکن، اس زمانے میں جو جامعہ برادری کہلاتی تھی اس میں جو ان کے چلنے پھرنے کا ڈھنگ تھا، برتاؤ تھا، سلوک تھا اس کی ایک دو یادیں میرے ذہن میں محفوظ ہیں۔

جامعہ ملیہ واقعی ایک سرپھروں کا مجمع تھی۔ ذاکر صاحب کی قیادت میں ان سرپھروں میں سے کسی کو یہ محسوس نہیں ہوتا تھا کہ ہم جامعہ کے لئے اسی قدر مفید نہیں ہیں، یا قربانی نہیں کر رہے ہیں جتنی کہ ذاکر صاحب کر رہے ہیں، اور ذاکر صاحب انھیں باور کراتے رہتے تھے کہ بھئی میں تو صرف منتظم ہوں، دیکھتا ہوں اصل قربانیاں تو آپ کی ہیں۔ آپ اس ادارے کو چلا رہے ہیں۔ انھیں آدمی سے کام لینے کا ہنر آتا تھا، اس کی تعریف کرتے تھے، اس کے کاموں کی تحسین کرتے تھے اور اسے کام کرنے کے لئے گرما دیتے تھے۔ کسی کے ہاں کھانے کا انتظام نہیں ہے تو ڈائننگ ہال سے کھانا جاری کروا دیا، وہاں تھوڑے سے پیسے میں کام چل جاتا تھا۔ اس طریقے سے وہ مختلف لوگوں کی جو ضروریات ہیں ان کو پورا کرانے کی کوشش کرتے تھے۔ کہیں نہ کہیں سے کچھ دلوا دیا، کچھ کام دلوا دیا۔

اس انداز کی قیادت کا نتیجہ یہ ہوا کہ ذاکر صاحب کے زمانے کے ایک چپراسی جو کہ اتفاق سے جب میں کچھ عرصہ شیخ الجامعہ کی حیثیت سے کام کر رہا تھا، تو وہ میرے بھی ذاتی سٹاف تھے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس منصب کے وقت ہو گیا تھا۔ لیکن وہ زیادہ پڑھے لکھے ہونے کے لئے زیادہ نہیں تھے

کہتے تھے کہ ذاکر صاحب کی جامعہ میں کوئی شخص ریٹائر ہوتا ہی نہیں تھا؛ مرجائے، گم ہوجائے، کچھ ہوجائے، یا خود کسی مجبوری سے چلا جائے —— ورنہ وہاں ریٹائرمنٹ کا کوئی سوال ہی نہیں تھا۔ اس لیے کہ یہ تو سب قربانی کرنے والوں، ایثار کرنے والوں کا مجمع تھا! یہ آپ مجھے ریٹائر کیسے کر رہے ہیں۔ میں نے کہا بھئی جامعہ کے رول بدل چکے ہیں، وہ جامعہ سرکاری مدد نہیں لیتی تھی، اب ہم سرکاری مدد لیتے ہیں، ہمیں کچھ ریٹائرمنٹ کے رول بنانے پڑتے ہیں، اس کے مطابق آپ کو ایک ایک سال کی تین توسیعات دی جا چکی ہیں، اب کہاں تک دی جائیں گی؛ اور آپ کی عمر پہلے سے میں نے معلوم کرلیا، پانچ سال کم ہے؛ تو تین توسیعات اور پانچ سال آپ نے عمر کم لکھائی ہے، ساٹھ کے بعد آپ نے آٹھ سال سروس کرلی ہے، اڑسٹھ برس کے ہوگئے اب آپ آرام فرمائیے! بہت ناراض ہوئے!! ایک دن میرے سکریٹری سے کہنے لگے کہ صاحب ہمیں افسوس ہوتا ہے کہ ہم نے جامعہ کیوں نہ چھوڑ دی۔ بہت پہلے ہی ہمیں چھوڑ دینا چاہیے تھی، دیکھیے جا کے جو بھی نکل گیا وہ کچھ نہ کچھ بن گیا؛ ذاکر صاحب نکلے، وائس چانسلر ہوگئے، گورنر ہوگئے، صدر جمہوریہ ہوگئے۔ فلاں صاحب نکلے، فلاں جگہ جاکے پروفیسر ہو گئے، ہو گئے، اگر اس وقت نکل جاتے تو آج کچھ ہوجاتے۔ یہ سن کر میں ہنسا۔ مجھے ان کی نفسیات معلوم تھی ... جامعہ برادری کے فرد تھے جس میں ہر شخص برابر تھا اور کوئی شخص زیادہ برابر ... نہیں تھا۔ ہر شخص برابر تھا، ہر شخص دوسرے کو ٹوک دیتا تھا۔ چپراسی ہو، کلرک ہو ... جب مجلس شوریٰ ہوتی تھی تو ہر شخص شیخ الجامعہ سے یا دوسرے کسی عہدیدار سے، خازن سے، برابری کی گفتگو کرتا تھا اور اپنی تجاویز پہ اٹھ کے واک آؤٹ (walk out) بھی کر جاتا تھا۔ یہ تمام تماشے ہوتے رہتے تھے۔ ذاکر صاحب نے اسے انگیز کیا۔ یہاں ایک جمہوری نظام تھا جہاں پہ ہر چھوٹے بڑے کی رائے کا احترام کیا جاتا تھا اور ہر ایک کو اپنی بات کہنے کی جرأت ہوتی تھی، ذاکر صاحب کہتے تھے کہ ان لوگوں کو خفا ہونے دو، میں مناؤں گا۔ اور یہ واقعہ ہے کہ ہر مہینے ایک نہ ایک استاد یا ایک کلرک ان سے خفا ہوجاتا تھا اور پھر وہ تاسف یا افسوس ظاہر کرنے کے لئے نہیں آتا تھا، ذاکر صاحب اس کے مکان پر دوسرے یا تیسرے دن پہنچتے تھے اور اظہار افسوس کرتے تھے اور پھر تعلقات قائم ہوجاتے تھے۔ جب وہ شیخ الجامعہ تھے، ذاکر صاحب کے ایک پرسنل اسسٹنٹ تھے الیاس مجیبی مرحوم، جنھوں نے کہ "سرکار دو عالم" "سرکار کا دربار" اور بہت سی کتابیں لکھی ہیں، بچوں کے ادیب کہلاتے تھے، سکریٹری تو وہ نام کے تھے، ادیب زیادہ تھے، سارا وقت ان ہی چیزوں میں صرف کرتے تھے، خط و کتابت اور

مراسلت کی طرف توجہ نہیں دیتے تھے۔ کام پڑا رہتا تھا اور ہمیشہ ذاکر صاحب ان سے شاکی رہتے تھے۔ لیکن اُن سے خفا ہونے کی ان میں ہمت نہیں تھی اس لئے کہ وہ برابر کے مشیر تھے ! سکریٹری یا اسسٹنٹ نہیں، مشیر تھے ! اور مشیرِ اوّل کی حیثیت سے ذاکر صاحب کو اُن کی رائے کا احترام کرنا ضروری تھا۔ زیادہ سے زیادہ جب بہت تنگ آجاتے وہاں سے لوٹ کر ذکر آتا تو، کہتے تھے بھئی ہماری زندگی، ہماری تخلیق کا مقصد صرف یہ ہے کہ ہم الیاس مجیبی صاحب بنجائیں ؛ بس ہمارا دنیا میں اور کوئی مقصد نہیں ! اس سے آگے کبھی اُنھوں نے ان کی شکایت نہیں کی۔

اسی طریقے سے، ان کے ایک اور عقیدت مند تھے جو دہلی کالج کے پرنسپل تھے۔ چونکہ ذاکر صاحب ۴۷ء کے بعد دہلی کالج کی گورننگ باڈی کے صدر ہو گئے تھے تو ـــــ اس سے پہلے تو وہ انہیں پہچانتے بھی نہیں تھے لیکن جب وہ گورننگ باڈی کے صدر ہو گئے تو ـــــ اس کے بعد ان کے مکان کی دہلیز پے ڈالی؛ صبح شام کھڑے ہوئے ہیں۔ ذاکر صاحب کہتے تھے کہ اپنے کالج کے مسائل کم لاتے تھے، اپنے مسائل زیادہ لاتے تھے اور عقیدت کا یہ اظہار کہ انھیں نفر اد کھلا کہتے تھے اور جب ذاکر صاحب ڈرائنگ روم سے یا کہیں بیٹھ کے نکل رہے ہیں تو فوراً جسے کہتے ہیں جوتیاں لا کے سیدھی کر دیں؛ ہر قسم کی ایکٹنگ کیا کرتے تھے۔ لیکن ذاکر صاحب میں ضبط و برداشت کا عالم تھا ـــــ اور میں جب ان کی سیرت کے بارے میں کچھ کہوں گا، تو میں بتاؤں گا کہ سب سے بڑی ان کی اخلاقی صفت جو تھی وہ تحمّل تھا، برداشت تھی۔ وہ خود اپنی جان پر عذاب لیتے تھے لیکن دوسروں کے لئے عذاب نہیں بنتے تھے۔ یہ عجیب و غریب چیز تھی ! تو، یہ پرنسپل دلی کالج، اتفاق سے پاکستان بننے کے ایک دو سال کے بعد انھیں وہاں کوئی ملازمت مل گئی اور وہ پاکستان چلے گئے۔ جب ذاکر صاحب کو خبر ملی تو مسکرا کے کہنے لگے کہ بھئی ہمیں بھی پاکستان بننے سے ایک فائدہ ہوا کہ خورشید چشتی صاحب سے ہمیں نجات مل گئی۔ ان کا اس قسم کا انداز تھا ! لیکن جب خورشید چشتی صاحب آجاتے تھے تو، تو چل میں چل، بھئی چائے لانا، یہ لانا وہ لانا، اور، وہ جب آتے تھے تو پورے آدھے دن کے لئے آتے تھے۔ اگر دوپہر کو بارہ بجے نمودار ہو جائیں، تو شام کو چھ، سات، آٹھ سے پہلے نہیں جاتے تھے۔ کھانا بھی وہیں، چائے بھی وہیں، ہو جانے والے آدمی تھے۔

اس تربیت اور اس انداز کی زندگی گزارنے کے بعد مولانا آزاد اور پنڈت

جامعہ لال نہرو وغیرہ کے اصرار پر انھوں نے سن ۱۹۴۸ء میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی وائس چانسلری قبول کی۔ میں اس وقت وہاں لکچرر استاد کی حیثیت سے کام کرتا تھا۔ کبھی کبھی جب شام کو جانا ہوتا تھا تو مجھ سے پوچھتے تھے کہ بھئی آپ کے یہ علی گڑھ کیسا ہے؟ تو میں ہمیشہ یہ کہتا تھا اور تو کچھ میں نہیں کہہ سکتا ہوں لیکن آپ کی جامعہ سے بالکل مختلف ہے۔ کہنے لگے بھئی ہماری تو سمجھ میں نہیں آتا۔ میں نے کہا آپ کی سمجھ میں نہیں آئے گا، اس لئے کہ آپ نے زندگی کے ۲۰ سال ایک ایسے ادارے میں گزارے ہیں جسے آپ نے بنایا ہے اور جہاں آپ نے قرون اولیٰ کی جمہوریت قائم کر دی ہے جہاں آپ کا چپراسی، آپ کا کلرک، کوئی آداب ملازمت نہیں رکھتا ہے اور بآواز بلند ہر بات کہہ سکتا ہے؛ ظاہر ہے وہاں پر اپنی جان کھپاتے رہے ہیں آپ۔ کہنے لگے ہاں تم بالکل ٹھیک کہتے ہو، مجھے زیادہ بات کرنے کی عادت جو ہے وہ بھی جامعہ میں پڑی۔ کہتے تھے وہاں اپنے کلام اور اپنی گفتگو ہی سے تو لوگوں کو آمادہ اور زیادہ آمادہ کرتا تھا! اگر میرے پاس یہ بھی وصف نہ ہوتا، صفت نہ ہوتی، تو لوگوں کو جھیز کیسے لگاتا! ان کے دکھ درد میں شریک ہوتا تھا، غلطی وہ کرتے تھے، معافی میں مانگتا تھا! یہاں پر تو بڑے بڑے استاد ہیں۔ میں نے کہا جی ہاں ایک استاد کے بارے میں میں آپ کو بتاؤنگا، بغیر نام لئے ہوئے، کہ جب آپ نے چارج لیا ہے تو —— مجھ سے ان کے تعلقات ہیں چونکہ باہر کے آدمی ہیں —— مجھ سے کہنے لگے کہ مسعود صاحب یہ بتائیے کہ ذاکر صاحب کی ہابی (Hobby) کیا ہے؟ میں نے کہا بھئی آپ کو ان کے علم و فضل، کام، سے دلچسپی ہونی چاہیئے؛ ہابی سے کیا دلچسپی ہے؟ جب وہ چلے گئے تو ہمارے ایک اور دوست جو بیٹھے ہوئے تھے، کہنے لگے کہ یہ ہابی کے ذریعہ سے داخل ہونا چاہتے ہیں۔ خیر، میں نے تو مذاق میں ان سے کہا کہ ان کی ہابی جو ہے وہ صرف کام ہے۔ مگر بعد کو مجھے معلوم ہوا کہ انھوں نے کسی اور سے ان کی ہابی گلاب کی معلوم کر لی اور گلابوں کے نئے نئے قسم کے پودے لے کر انھوں نے رسوخ حاصل کر لیا۔ ایک دن جب ذاکر صاحب شام کو اپنے گلابوں میں ٹہل رہے تھے تو کہنے لگے بھئی دیکھئے یہ گلاب کی قسم! اس کا رنگ تم نے دیکھا ہے! یہ ابھی فلاں صاحب نے لاکر دیا ہے۔ یہ کہہ کر کہ میں بنگلور گیا تھا وہاں سے یہ لایا ہوں۔ میں نے کہا جی ہاں وہ ایک دن آپ کی ہابی مجھ سے پوچھ رہے تھے تو میں نے گلاب کا پتا نہیں دیا لیکن انھیں پتا انھیں مل گیا —— کہنے لگے بھئی عجیب و غریب دنیا ہے۔ میں نے کہا دیکھئے صاحب، یہاں پر آپ کو

ایڈمنسٹریٹر بنتا ہے۔ ایڈمنسٹریشن میں اور تالیف قلب میں، بھائی چارے میں میاں بھائی کہہ کر بات کرنے میں بڑا فرق پڑ جاتا ہے۔! یہ بڑا ادارہ ہے، اس کی روایات بن چکی ہیں، یہاں لوگ جو ہیں وہ وائس چانسلر کے بٹن کی فکر میں رہتے ہیں کہ کونسا بٹن دبائیں تو کہاں پر کیا پریشر (pressure) پڑے گا۔ یہ وہ ادارہ ہے جہاں ہر ایک اس کے فیس ویلو (Face value) پر جیسا کہ وہ ہے اس کو نہیں لینا ہے۔ بلکہ اس کے بارے میں معلوم کرنا پڑے گا اور کچھ انتظام کرنا پڑے گا۔ کہنے لگے بھئی یہ کام تو ہم نے کبھی کیا ہی نہیں ہے۔ میں نے کہا جی ہاں کیا تو نہیں ہے مگر علی گڑھ میں جب آپ آئے ہیں تو میں علی گڑھ کا طالب علم بھی رہ چکا ہوں، طالب علم تو خیر آپ بھی رہ چکے ہیں، بہت نمایاں طالب علم تھے، لیکن اسے بہت عرصہ ہو چکا۔ میں یہاں پچھلے بارہ پندرہ سال سے ملازم بھی ہوں، بحیثیت لیکچرر کے، اب وہ نسل علی گڑھ کی نہیں رہی ہے جو اپنے ادارے سے والہانہ محبت رکھتے ہوں یا قربانی و ایثار کا جذبہ رکھتے ہوں۔ نہ یہاں کے سماج یا برادری کی وہ صورت ہے جو جامعہ ملّیہ کی ہے جہاں پر ہر شخص اپنے آپ کو سمجھتا ہے کہ میں معمارِ اعظم ہوں اس جامعہ ملّیہ کا! چنانچہ رشید صاحب نے ذاکر صاحب پر جو مضامین لکھے ہیں ان میں ایک بڑا اچھا جملہ لکھا ہے کہ میں جب جامعہ ملّیہ جاتا ہوں، یہ انھیں کے الفاظ ہیں، تو مجھے جتنا شیخ الجامعہ سے ڈر لگتا ہے اتنا ہی مجھے چپراسی سے ڈر لگتا ہے اس لئے کہ دونوں خادمِ قوم ہیں۔ تو رشید صاحب نے بھی اس نکتے کو پا لیا تھا کہ وہاں کی فضا کیا تھی۔

علی گڑھ میں ذاکر صاحب کے مشیرِ خاص رشید صاحب تھے جن پر وہ پورا بھروسا اور اعتماد کرتے تھے۔ لیکن ایک دن! رشید صاحب میرے استاد بھی رہے تھے، میں نے ایم۔اے اُردو میں کیا تھا۔ ایک دن اچانک مجھ سے کہنے لگے کہ بھئی آپ کے استاد، یعنی رشید صاحب، کا واقعات کی طرف اخلاقی ردِّعمل تو بہت صحیح ہوتا ہے لیکن عقلی اور استدلالی ردِّعمل بہت غلط ہوتا ہے۔

علی گڑھ کے دورانِ قیام، وہاں وہ تقریباً سات سال رہے، میں نے مسلسل دیکھا کہ کھانے اور ناشتے کی میز پر کھیل کے میدان میں جوان کا اسٹیمیٹ (estimate)، اور ان کی جو میزان ہے ہر شخص کے لئے، ہر استاد اور اہم شخصیت کے لئے بڑی صحیح ہوتی تھی، اور ہمیشہ یہ محسوس ہوتا تھا کہ ان سے زیادہ مردم شناس وائس چانسلر علی گڑھ کو کبھی نہیں ملا۔ جو استادوں کے کاموں کو جانتا ہے، استادوں کی صلاحیت کو جانتا ہے، یہ جانتا ہے کہ کون سا استاد جو ہے وہ گپ کر رہا ہے کون سا! لیکن مجھے آج تعجب ہے ذاکر صاحب پر کھل کر تو بادجود قرابت داری کے ان کا ذکر کرنا چاہئے۔۔۔۔ اور ۔۔۔ مجھے کہنا نہیں بلکہ

بیشتر وہ لوگ جو اس زمانے میں ان کے قریب آئے اور انھیں کام کرتے ہوئے دیکھا اس بات پر متفق ہیں کہ علی گڑھ میں غلط آدمیوں نے ان سے زیادہ فائدہ اٹھایا۔ اور' جو اچھے لوگ تھے اپنے کام سے کام رکھتے تھے' صحیح معنوں میں علم سے محبت رکھتے تھے' وہ آتنا فائدہ نہیں اٹھا سکے۔ خود ان کی نظر کبھی پڑ جاتی تھی تو وہ کھینچ کر اُسے باہر لانے کی کوشش کرتے تھے لیکن چونکہ وہ زیادہ گھُستے نہیں تھے' لہٰذا علی گڑھ میں جابجا اچھے آدمیوں کو فائدہ پہنچا' اس سے زیادہ غلط آدمیوں کو ترقیاں ملیں' اور جس سے نقصان پہنچا۔

میں' تھوڑا سا! میں نے آپ کو بتایا کہ میرا اُن کا رشتہ' قرابت داری کا نہیں تھا' بلکہ گھر کے بچے کی حیثیت سے قریب رہنے کا جو تھا' تنہائی میں' میں ان سے خاصی کھُلی گفتگو کر لیتا تھا۔ میں ان سے ہمیشہ کہتا تھا کہ صاحب علی گڑھ کو آپ اس انداز سے نہ چلایئے جس انداز سے کہ جامعہ ملیہ چلائی ہے۔ کہنے لگے میں کیا کرتا ہوں؟ میں نے کہا کہ آج ہی میں نے دیکھا کہ آپ ڈرائنگ روم میں بیٹھے ہوئے فلاں صاحب سے دو گھنٹے تک تقریر کر رہے تھے اور سمجھا رہے تھے اور نکتہ صرف یہ تھا کہ وہ آپ کے پاس کوئی کام لے کر آئے تھے اور آپ نے معذرت کر لی تھی کہ بھئی یہ قاعدے قانون کے مطابق میں کر نہیں سکوں گا' اور پھر تالیفِ قلب کے لئے دو گھنٹے اس پر صرف کئے کہ کیوں نہیں کر سکوں گا۔ تو کہنے لگے واہ' یہ کوئی بات ہوئی کہ آپ انکار بھی کر دیں اور پھر بیچارے کی تالیفِ قلب بھی نہ کریں! میں نے کہا آپ کی صحت اس قابل نہیں ہے ——— کیونکہ علی گڑھ کے پہلے ہی سال ۱۹۴۹ء میں قلب کا پہلا حملہ ہوا تھا' اور اس کے بعد سے' وہ ظاہر ہے کہ ہمیشہ ہی علیل ہو گئے تھے۔ اسٹرین (strain) کچھ نہ کچھ پڑتا ہی رہتا ——— نہ تو طبی نقطۂ نظر سے' نہ تقسیم اوقات کو پیش نظر رکھتے ہوئے جو ہوتا ہے؛ کیوں آخر آپ! آپ بتا دیجئے'' آپ تو بڑی نرمی کے ساتھ ملائمت کے ساتھ بات کرتے ہیں' کہ میں نہیں کر سکتا ہوں۔ تو آپ مطمئن کرنے کی کوشش کیوں کرتے ہیں؟ دیکھئے' انسان کی فطرت ہے' اور علی گڑھ کے انسانوں کی فطرت کو میں جانتا ہوں کہ آپ دو گھنٹے تک persuade کرنے کی کوشش کریں اس کے لئے کہ آپ کا فیصلہ صحیح ہے' لیکن باہر وہ غیر مطمئن ہی جائے گا۔ وہ تو مطمئن اس وقت ہوگا جب کہ اس کا غلط کام کر دیا جائے تو اس طریقے سے انرجی ضائع کرنے کی کیا ضرورت ہے کہ وہ الٹا بحث کرتا ہے' آپ اس کا جواب دیتے ہیں' آپ کا بلڈ پریشر بڑھ جاتا ہے۔

ان کا انداز یہ تھا کہ جب کوئی بات ان کے دل میں اُترتی تھی تو خاموش ہو جاتے تھے

لگتے تھے، اس کا مطلب یہ ہے کہ جو بات آپ کہ رہے ہیں وہ ان کے دل میں اُتر رہی ہے۔ کہنے لگے: مجھے تو عادت ہے، جامعہ سے، اور میں نے تو زندگی اسی طریقے سے گزاری ہے، کہ لوگ مجھے بُرا بھلا کہتے ہیں میں ان سے معافیاں مانگتا ہوں۔ میں نے کہا صاحب، یہاں تو جامعہ سے دس گنا بیس گنا زیادہ اسٹاف ہے۔ یہاں کس کس کے گھر جائیں گے اور معافی مانگیں گے۔ وہاں ایک تیس چالیس، پچاس آدمی ہیں، اس میں دس بیس خراب آ گئے، تو آپ یہ کر سکتے تھے!

علی گڑھ میں انھیں دیکھنے سے مجھے اندازہ ہوا کہ جتنا ضبط و تحمّل ان کے پاس تھا وہ واقعی بہت کم لوگوں کے پاس ہوگا اور، غالباً، یہ صرف ان ہی کے پاس نہیں تھا۔ یہ کرداری خصوصیت اس پوری نسل کی تھی جس نے قومی آزادی کی لڑائی لڑی تھی۔ گاندھی جی کے بارے میں بھی اسی قسم کے واقعات اور روایتیں سُننے اور پڑھنے میں آئی ہیں۔ وہ ہر چیز سُنتے تھے اور اپنے اُوپر سہ لیتے تھے، دوسرے کو تکلیف یا گزند یا دُور سے بھی کوئی رنج پہنچانے کی کوشش نہیں کرتے تھے۔

ظاہر ہے یہ یادوں کا جو سلسلہ ہے ایک لکچر نہیں پوری ایک تصویر کا موضوع بن سکتا ہے۔ میں اس وقت زیادہ تفصیل میں نہیں جاؤں گا، یہ تو واقعات تھے جن سے کہ میں نے ان کی فیملی تصویر کو اُبھارنے کی کوشش کی ہے۔ یہ ہے ان کی شخصیت کے بارے میں میرے تاثرات، ان کے بارے میں چند کلمات اور کہنا چاہتا ہوں:

○

میرا خیال یہ ہے کہ شخصیت کے جو تین بنیادی فلسفیانہ عناصر ہیں، خیر، صداقت اور عشق، ان کی شخصیت ان تینوں سے عبارت تھی۔ آخری عمر میں ان کا رجحان مذہب کی طرف ہو گیا تھا، ویسے وہ مذہب کے خلاف کبھی بھی نہیں رہے۔ اور اسلام کی جو بھی عبادات ہیں ان میں حسب توفیق حصّہ بھی لیتے رہے۔ لیکن بنیادی طور پر وہ ایک اخلاقی آدمی تھے اگر کوئی مذہب یا مذہبی شخص اخلاقی اقدار کی پابندی نہیں رکھتا تو اس کا مذہب اور ساری عبادتیں اور ریاضتیں، بیکار ہو جاتی ہیں۔ یہ اخلاقیات یا اخلاقی اقدار یا خیر پر زور میں نہیں کہہ سکتا ہوں کہ اس کے ماخذ یا سوتے انھوں نے کہاں سے لئے تھے۔ لیکن دو سوتوں کا میں قیاس کر سکتا ہوں ـــــ ایک تو قائم گنج کا وہ

پٹھانی سماج جس کے یہاں اخلاقی قدر ہوتی ہے تو راسخ ہوتی ہے —— اور بداخلاقی قدر ہوتی ہے، تو وہ بھی راسخ ہوتی ہے —— لیکن ہوتی لامتناہی ہے! تو، کچھ اقدار تو وہاں سے انھیں ملی تھیں ورثے کی اقدار! بات کا پاس ہے، دوسرے کی مدد کرنا نیکی، دوسرے کا احترام اپنے احترام کے ساتھ! یہ قبائلی اور سماجی وراثت کے طور پہ چلیں۔

لیکن غالباً جب وہ جرمنی میں تھے اس وقت کی فکر میں کئی ایسے فلسفی پیرس میں، برلن میں، انگلستان میں موجود تھے جو اخلاقی اقدار کو ایک طرح سے مذہبی عبادات اور رسومات سے بھی برتر مانتے تھے کہ اگر اس کے بغیر مذہب ہے تو کچھ نہیں ہے۔ بعض لوگ تو خیر، مذہب کو مانتے ہی نہیں تھے اخلاق کو ہی مذہب مانتے تھے۔ لیکن کچھ لوگ جو کہ کسی چیز کے لئے گنجائش نکال لیتے تھے، وہ بھی اس لازم وملزوم کے ساتھ کہ کوئی مذہبی شخصیت بغیر اخلاق کے لائقِ اعتنا نہیں ہے۔ چنانچہ ایسی مذہبی شخصیتیں جن کا ظاہراً اعتبار سے بہت مذہبی ہے اگر وہ بداخلاقی کی حد تک گرتے تو اس وقت انھیں جلال آتا تھا، غصہ آتا تھا۔ صحیح غصہ ذاکر صاحب کا، لوگوں نے بہت کم دیکھا ہے 'وہ ہمیشہ آیا ہو کسی اخلاقی قدر پر! اس وقت وہ بے آپے ہو جاتے تھے اور چہرہ سرخ ہو جاتا تھا اور شستہ زبان میں جتنے سخت کلمات وہ کہہ سکتے تھے کہہ دیتے تھے۔

گو کہ تھوڑا سا تصوّف کی طرف بھی رجحان تھا، ابتدائی زندگی میں اس کے سرچشمے ملتے ہیں۔ مگر وہ تصوّف بھی جو کہ اخلاق سے عاری ہو ان کے لئے قابلِ تقلید نہ تھا۔ انھوں نے اپنی زندگی چند اخلاقی قدروں کے گرد بنائی تھی۔ وہ اخلاقی قدریں کچھ تو انھیں خود مذہب اسلام میں ہی مل گئی تھیں؛ کچھ انسانیت دوستی کی تحریک میں مل گئی تھیں جس سے کہ یورپ کی فضا معمور تھی؛ اور کچھ ان عملی اقدار میں مل گئی تھیں جن سے کہ ہماری قومی تحریک عبارت تھی۔

اسی ضمن میں، میں یہ بھی آپ کو بتادوں کہ جن شخصیتوں نے ذاکر صاحب کو سب سے زیادہ متاثر کیا؛ ایک تو گاندھی جی کی شخصیت تھی۔ میں نے کبھی انھیں گاندھی جی پر تنقید کرتے نہیں سنا، بجز ایک موقع کے؛ اور، اس کا پس منظر کیا تھا میں نہیں کہہ سکتا ہوں۔ گاندھی جی یہ بات ہو رہی تھی کہ ان کی زبان سے نکلا کہ "آخر لوگ سیاست سے ریٹائر کیوں نہیں ہو جاتے ہیں۔ ریٹائر ہونا کیوں نہیں چاہتے ہیں"! گاندھی جی کی طرف اشارہ تھا۔ اب مجھے یہ یاد نہیں رہا کہ کس سلسلے کا یہ موضوع تھا۔ میں ایک دم تھوڑا سا بھونچکا ہو گیا،

اور میرے ذہن پر یہ جملہ اب تک مرتسم ہے۔

دوسری بڑی شخصیت جس سے کہ وہ متاثر تھے اور جوان کی ذہنی ساخت کے بہت قریب تھی وہ اقبال کی شخصیت تھی۔ اقبال کا جادو سر پر بہت پہلے چڑھ گیا تھا، نہ صرف ذاکر صاحب پہ، بلکہ مولانا محمد علی پہ! یہ عجیب و غریب چیز ہے کہ اقبال کی بانگ درا ابھی شائع بھی نہیں ہوئی تھی صرف اسرار خودی ہی شائع ہوئی ہے اور رموز بیخودی: پہلی جنگ عظیم سے پہلے ۱۹۱۱ء اور ۱۹۱۴ء میں، اگر تاریخیں مجھے صحیح یاد ہیں۔ اسرار خودی کے شائع ہوتے ہی مولانا محمد علی کو تو ایک صحیفۂ آسمانی مل گیا تھا۔ اس کے اشعار پڑھتے جاتے تھے اور آنسو بہتے جاتے تھے۔ ابتدائی جامعہ ملیہ میں جب وہ علی گڑھ میں درس دیا کرتے تھے ـــ وہ پہلے شیخ الجامعہ بھی تھے ـــــ تو اُن کا درس ایک دن اگر قرآن کریم پہ ہوتا تھا تو دوسرے دن اقبال پہ جو اسلام کا exposition ہے اس پہ۔ (جن لوگوں نے یہ درس سنے ہیں ان پہ جو کیفیت طاری ہوتی تھی وہی جانتے ہیں) ذاکر صاحب کا اقبال کے ساتھ جو غلو و شغف ہے (اس کا یہ پس منظر ہے)۔ اُنہیں اقبال کے اشعار بے شمار یاد تھے۔ اچھے اشعار رستم قلم محمد علی فرخ آبادی کو جو جامعہ میں خوش نویسی کے اُستاد تھے، وہی چھانٹ کر دیا کرتے تھے؛ ان سے لکھواتے تھے۔ پھر مکتبہ جامعہ انھیں اہتمام کے ساتھ شائع کرتا تھا اور جگہ جگہ جاتے تھے۔ اب میں یہ تو نہیں کہہ سکتا ہوں کہ اقبال کی فکر سے وہ سو فیصد کہاں تک ہم آہنگ تھے یہ کہنا بڑا مشکل ہے کہ مثلاً اقبال کا جو تصور نسواں ہے ذاکر صاحب اس سے کہاں تک ہم آہنگ ہیں۔ میں نہیں کہہ سکتا کیونکہ انھوں نے کچھ لکھا نہیں ہے اقبال پر، نہ کوئی خاص تقریریں ہوئی ہیں۔ لیکن مجموعی طور سے اقبال کے کلام کا وہ حصہ جو کہ عمل کی آواز دیتا ہے، انسان کی خودی کو بیدار کرتا ہے، جو نفس کو مارتا ہے، اوپر لے جاتا ہے اور انسان کو خدا صفت اور خدا نما بنانے کی کوشش کرتا ہے، یہ تمام چیزیں یقیناً ان کے (مزاج سے ہم آہنگ تھیں)۔

آخری دور میں جب وہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے وائس چانسلر تھے تو اُن کا محبوب بند مسجد قرطبہ کا ایک بند تھا، جیسے کہ میں دیکھتا تھا کہ شام کو کھانے کے بعد ـــــ ان کے سرہانے اس قسم کی کتابیں رکھی رہتی تھیں ـــــ ہمیشہ گنگنا کر اسے پڑھا کرتے تھے۔

ہاتھ ہے اللہ کا بندۂ مومن کا ہاتھ ✧ غالب و کار آفریں، کار کشا، کار ساز الخ

یہ اُن کا محبوب بند تھا۔

مجھے یہ معلوم تھا کہ یہ بند انھیں بہت پسند ہے کہ اس میں مردِ مومن یا انسانِ کامل کے نقوش اقبال نے اُبھارے ہیں۔ تو جب ذاکر صاحب نے علی گڑھ کی وائس چانسلری کا چارج لیا، اُس وقت میں شعبۂ اُردو میں لکچرر تھا اور ایک ہوسٹل کا وارڈن بھی تھا۔ وہ ہوسٹل وی ایم ہال میں تھا، جہاں چار پانچ اور ہوسٹل تھے۔ اس کے پرووسٹ صاحب، ڈاکٹر طاہر رضوی، اب بھی حیات ہیں، انھوں نے مجھ سے کہا "مسعود صاحب، ہم نئے وائس چانسلر کو ایک ریسپشن (Reception) دینا چاہتے ہیں جس میں خالی چائے وائے ہی نہ ہو، بلکہ ایک تحریر بھی ہو، کچھ لکھ کر انھیں دیا جائے۔ اور چونکہ باقی تو سائنس کے لوگ تھے۔ میرے سپرد ہوا کہ آپ لکھ لائیے۔ وہ پریزنٹیشن (Presentation) جو فریم کر کے انھیں دیا گیا تھا اس میں اس بند کے حوالے سے بہت سی چیزیں کہی تھیں اور میں نے بتایا تھا کہ ذاکر صاحب کا کردار اور ان کی سیرت کس طریقے سے اس کا اکتساب کرتی رہی ہے اور کس طریقے سے وہ اس کی جھلک اپنے میں اور اپنی جھلک اس میں دیکھتے رہے ہیں۔

یہ وہاں پڑھ کر سنایا گیا، اور بہت اس پہ! چھپے ہوئے چور نکل رہے ہیں!! ذاکر صاحب کا چہرہ میں دیکھ رہا تھا کہ : رنگ آ رہا تھا، جا رہا تھا!! اس کے بعد جو کھڑے ہو کر اُنھوں نے جوابی تقریر کی ہے —— پڑھا ایک طالبِ علم تھا، میں تو بیک گراؤنڈ میں تھا —— تو اس میں انھوں نے بتایا کہ یہ بالکل صحیح ہے کہ یہ بند مجھے بہت پسند ہے۔ لیکن میں تو، اس بند میں اس شاعرِ اعظم نے جو فکر ظاہر کی ہے اس کی خاکِ پا کے برابر بھی نہیں ہوں۔ اور پھر جو اپنی انکساری اور حلم اور "چہ نسبت خاک را با عالمِ پاک" والے مضمون سے جو انھوں نے شروع کیا ہے، تو ! ذاکر صاحب کی بہترین خطابت، بہترین گفتگو اس وقت ہوتی تھی جب آپ چیلنج کرتے تھے، اگر اُن سے اچھی تقریر کروانا ہے تو آپ دکھتی رگ چھیڑ دیجیے۔ وہ، ان کی بہترین تقریروں میں سے ایک تھی۔

شام کو جو میں پہنچا، تو مجھ پر ڈانٹ پڑی کہ حضرت آپ یہ کیا کرتے رہتے ہیں؟ میں نے کہا صاحب میرا کیا تعلق؛ یہ لڑکوں نے کیا تھا، میں تو خود وہاں مہمان کی حیثیت رکھتا تھا "نہیں، یہ کوئی بیت سکتا ہے، یہ کوئی سمجھ ہی نہیں سکتا۔ میں دیکھ رہا تھا آپ کا قلم اس میں! لاحول ولا قوۃ! اور یہ کہ اس قسم کی چیزوں میں آپ نہ پڑا کیجیے"!! خیر وہ بات آئی گئی ہوئی۔

لیکن واقعہ یہ ہے کہ اقبالؔ کے فلسفے نے نہ صرف مولانا محمد علی کو، بلکہ ذاکر صاحب، عابد صاحب، اس پوری نسل کو متاثر کیا ہے اور میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ ایک زمانہ تھا جب ہماری فکر کے سانچے اقبال نے اپنے قبضے میں کر لئے تھے ۔۔ یہ نفسیاتی لسانیات کا ایک مسئلہ بھی ہے ـــــ اس وقت تو نہیں لیکن اس وقت یہ بات میں زیادہ یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں ـــــ کہ جو بھی نعرے یا تراکیب یا کلیشے (CLICHES) کسی بھی تحریک کے لئے ہوں، شاعر تراکیب ایجاد کرتا ہے، نعرہ یا کلیشے استعمال کرتا ہے۔ وہ سب اس لئے بنائے جاتے ہیں کہ آپ کی ذہنی صلاحیتوں کو از خود سوچنے اور سمجھنے کو ماؤف کر دیتے ہیں۔ شاعر کا طلسم یہی ہے کہ جو بڑا شاعر ہوتا ہے وہ آپکے ذہن کو اپنی زبان کے سانچے میں پکڑ لیتا ہے۔ اس سے آزاد کرانا، اس سے چھٹکارا پانا ہر شخص کے لئے آسان نہیں ہے۔ اقبالؔ نے بھی ایک نسل کے ذہن کو اپنی تراکیب میں، اپنے مصرعوں میں، اشعار میں، فکر کے سانچوں میں ایسا گرفتار کیا تھا کہ اگر کوئی اس سے ہٹ کر کوئی بات کہتا تھا تو بڑا مشکل ہو جاتا تھا۔ میں یہ تو نہیں کہوں گا کہ ذاکر صاحب مکمل طور سے اقبالؔ کی گرفت میں تھے لیکن اقبال کا اثر ذاکر صاحب پر بہت تھا۔ تیسری شخصیت مسیح الملک حکیم اجمل خاں کی ہے، جن کی شرافت، نیکی اور دوسری صلاحیتوں سے وہ بہت زیادہ متاثر تھے۔

اب میں زیادہ طول نہیں دوں گا۔ ان کے سلسلہ میں مسجد قرطبہ کا وہی بند جسے کہ وہ اکثر گنگناتے تھے، اسی کے ایک شعر پر میں آج کی گفتگو کو ختم کرنا چاہوں گا، جو ذاکر صاحب کی شخصیت کی پورے طریقے سے ترجمانی اور عکاسی کرتا ہے۔ بندۂ مومن کی تعریف کرتے ہوئے اقبال بند میں لکھتے ہیں:

اس کی امیدیں قلیل اس کے مقاصد جلیل ✤ رزم ہو یا بزم ہو، پاک دل و پاکباز

ذاکر صاحب کی شخصیت بھی اسی سے عبارت تھی، جو رزم اور بزم میں دل پاکباز کے ساتھ رہے۔ اور اس کا شہادت میں اس لئے دے سکتا ہوں کہ ایک انسان باہر کے لوگوں کے لئے تو بہت کچھ بڑا انسان نظر آتا ہے، لیکن میں نے ذاکر صاحب کو جیسا باہر دیکھا، مجمع میں دیکھا، ویسا ہی گھر میں دیکھا۔ اور، مجھ پر ان کی شخصیت کا سب سے گہرا اثر یہ ہے ـــــ میں معروضی انداز میں آپ سے کہہ رہا ہوں ـــــ کہ کوئی شخص چوبیس گھنٹے ایک ہی انداز میں رہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ پاکبازی اس کی سرشت کا حصہ بن گئی ہے۔ ورنہ آپ نے اکثر دیکھا ہے کہ باہر تو ہم تم لوگ بزرگ بنے پھرتے ہیں اور گھر میں جائیے تو بیوی بچوں سے، چھوٹوں سے، قرابت داروں سے جو سلوک ہے وہ بالکل دوسرے انداز

کا ہوتا ہے۔ ڈاکر صاحب کا اندر، باہر ایک تھا! اسی لئے پاکباز اور پاکبازی کی ترکیب ان کی شخصیت پر پوری پوری صادق آتی ہے۔ باہر کی شہادت تو آپ لوگ بھی دے سکیں گے، لیکن اندر کا شاہد میں ہوں۔

میں شکریہ ادا کرنا چاہوں گا جناب بیدار صاحب کا کہ انھوں نے مجھے موقع دیا ایک ایسے موضوع پر جس پر میں ابھی ختم نہیں ہوا ہوں، ابھی ایک گھنٹہ اور بول سکتا ہوں لیکن آپ کے صبر و تواں ختم ہو چکے ہوں گے اور ایسے ذی علم حضرات کے سامنے بولنے کا موقع دیا جن میں بہتوں نے ڈاکر صاحب کو قریب سے دیکھا ہے اور جو بہت سی باتوں کی تائید کر سکیں گے۔

●●

ڈاکٹر مسعود حسین

# گفتگو

(سوال و جواب)

**وائس چانسلری چھوڑنے پر :** ذاکر صاحب نے جب علیگڑھ کی وائس چانسلری چھوڑنے کا فیصلہ کر لیا تو رشید صاحب نے اس وقت جو کچھ کہا وہ دوسرے تیسرے دن جب میری ملاقات ان سے ہوئی تو دوہرایا۔ کہنے لگے : مجھ سے اور ان سے بہت کھل کر گرما گرمی سے بات ہوئی اور میں نے صاف کہدیا کہ جناب آپ یونیورسٹی کو رف رئیف کے ہاتھوں میں چھوڑ کر چلے جا رہے ہیں، یہ بہت غلط بات ہے اور میں یہ کہکر اٹھ کر چلا آیا۔ اس دن میں نے زندگی میں پہلی بار ذاکر صاحب پر رشید صاحب کا غصہ دیکھا۔

**مولانا آزاد اور ذاکر صاحب :** جب ذاکر صاحب وائس چانسلری چھوڑ کے گئے، اس زمانے میں اس کے آس پاس مولانا آزاد نے انھیں بلایا اور کہا کہ یو جی سی کی چیرمینی خالی ہے، میں چاہتا ہوں کہ اس کو سنبھالو۔ ذاکر صاحب نے مجھ سے کہا کہ میں نے اپنی عمر میں پہلی بار بغیر سوچے سمجھے یا اپنی سادہ لوحی سے (ہاں کہدیا)۔ اس کے بعد وہ سمجھے کہ معاملہ طے ہو گیا ہوگا۔ منسٹر آف ایجوکیشن کا کہنا، میرا قبول کرنا، اب formalities ہی کی آفر آئے گی کہ: معلوم ہوا دیشن مکھ (چیرمین مقرر کر دیئے گئے)۔ دیش مکھ کا معاملہ یہ تھا کہ اور تو جو سیاسی مصالح ہے ہوں، ایک بات جس کا مولانا نے کسی سے ذکر بھی کیا یہ تھی کہ وہ کام بڑا Strenuous ہے اور انہیں ہارٹ اٹیک ہو چکا ہے؛ پہلے تو میرا یہی خیال تھا کہ کام چل جائے گا، لیکن بعد میں یہ خیال آیا کہ اس کے لیے ہمیں ایک Administrator چاہیے ! مگر انھوں نے ذاکر صاحب سے Consult کیے بغیر (طے کر لیا)۔ ذاکر صاحب کہتے تھے کہ میں نے اپنی پوری عمر میں، ہاں، کہنے کا گناہ صرف ایک بار کیا ـــ

مولانا آزاد یہ چاہتے تھے کہ وہ آئیں تو انھیں وجہ بتائیں کیوں ایسا کیا۔ لیکن ذاکر صاحب ! (پھر نہیں ملے)، پھر ایک دن ! ـــــــ ذاکر صاحب نے خود سنایا کہ اجمل خاں صاحب جو مولانا آزاد کے پرائیوٹ سکریٹری تھے وہ ٹیلیفون پر ان کا پیچھا کرتے رہے لیکن ذاکر صاحب نے یہ کہہ رکھا تھا کہ کہہ دیجیے گا (کہ کہیں چلے گئے)۔ ایک دن بالآخر اجمل خاں صاحب نے پکڑ لیا؛ ٹیلی فون ایسے وقت میں کیا کہ انھوں نے خود ہی اٹھایا۔ اجمل خاں صاحب نے کہا۔ "ڈاکٹر صاحب، مولانا آپ سے ملنا چاہتے ہیں، ان کی خواہش ہے کہ آپ ان کے پاس تشریف لائیں۔ بہت عرصے سے مجھ سے کہہ رہے ہیں۔ آپ سے contact ہی نہیں ہو تا تھا۔ آپ کس وقت آ سکتے ہیں ؟" ذاکر صاحب نے کہا۔ "مولانا سے کہہ دیجیے گا کہ ان کے گھر کا فاصلہ میرے گھر سے جتنا ہے اسی قدر میرے گھر کا فاصلہ ان کے گھر سے ہے۔" اجمل خاں صاحب گھبرا سے گئے، "جی جی جی ! کیا مطلب ؟" کہنے لگے "میں پھر دوہرا رہا ہوں، میرے یہ الفاظ مولانا سے

آپ کہا دیجیے گا کہ میرے گھر سے ان کے گھر کا جتنا فاصلہ ہے اُن کے گھر سے میرے گھر کا بھی اتنا ہی فاصلہ ہے ۔" جی میں ابھی کہہ دوں ! یا — یہ پیغام !" " جی ہاں آپ میرے یہ الفاظ مولانا سے دوہرا دیجیے، یہ میرا جواب ہے ۔"
پھر اس کے بعد معلوم نہیں اجمل خاں نے مولانا سے یہ کہا یا مصالح کی بنا پر ! ( بچا گئے )۔ بہرحال، ذاکر صاحب کچھ عرصے کے بعد بغرض علاج جرمنی چلے گئے ۔ مغربی جرمنی میں وہ کسی ہسپتال میں داخل تھے کہ انھیں پنڈت جی کا پیغام ( سفارت خانہ کے توسط سے ) ملا کہ بہار کی گورنری ( قبول کر لیجیے ) ۔ یہ بعد کو معلوم ہوا کہ اس میں مولانا آزاد کا بہت بڑا ہاتھ تھا ؛ وہ کمپنسیٹ ( compensate ) کرنا چاہتے تھے ۔ مگر خود کہہ ہی نہیں سکتے تھے، ذاکر صاحب ان سے مل ہی رہے تھے ؛ تو پھر شاید انھوں نے پنڈت جی سے کہا ہوگا ، پنڈت جی خود بھی ان کے قائل تھے ۔ پنڈت جی نے ایمبیڈر ( Ambassador ) سے کہا کہ میں نے فیصلہ کر لیا ہے ان کی کنسنٹ ( consent ) جو ہو، ہو ؛ لیکن میری طرف سے کہہ دیجیے کہ یہ نہرو کا فیصلہ ہے ۔

**مذہب کی طرف رویّہ :** وہ مذہبی انسان بھی تھے اور آزاد خیال بھی ۔ ان کی آزاد خیالی اور آزاد فکر کے سارے سوتے مغرب میں ہیں ۔ اور، آزاد خیالی ان میں اتنی تھی کہ نہ تو ان کی داڑھی اسے چھپا سکتی تھی نہ شیروانی ۔ مذہب کی جو ریاضتیں ہیں ، عبادات ہیں انھیں وہ ادا کر لیتے تھے لیکن بہت اسٹیڈی ( steady ) نہیں تھے ، فجر کی نماز اکثر پڑھ لیتے تھے اس لیے کہ تنہائی ہوتی تھی ۔ لیکن فجر کی نماز سے زیادہ وہ مست نظر آتے تھے جب کوئی انھیں قرآن سناتا تھا ۔ چنانچہ جب ان کا ہارٹ فیل ہوا ہے تو اس زمانہ میں ڈاکٹروں کے ساتھ قاری بھی مسلسل آتے تھے ۔ وہ گپ چپ لیٹے رہتے تھے ۔ ذاکر صاحب کی عربی دانی ایسی تھی کہ وہ قرآن کو سمجھ لیتے تھے ، گو ہر لفظ نہ سہی ۔ جب وہ پی ۔ ایچ ۔ ڈی کر رہے تھے تو، ایک بیرونی زبان بھی لینی پڑتی ہے' وہ عربی لی تھی ۔ ان کے اس وقت کے عربی کے نوٹس میری نظر سے گزرے ہیں ۔ قرات کا اپنا حسن الگ رہا !

لیکن میرا خیال ہے کہ معتقدات میں بھی وہ خاصے کریٹیکل ( critical ) تھے، لیکن مصلحتاً اظہار نہیں کرتے تھے ۔ اس لیے کہ انھیں اس کمیونٹی میں کام کرنا تھا ! وہ خاصا ماڈرن مائنڈ رکھتے تھے ، بڑے ریشنل تھے ، میرے خیال میں سر سیّد سے بھی آگے ! اس لیے کہ سر سیّد تو پھر بھی ان چیزوں کو ریشنلائز ( Rationalise ) کر کے اس ڈھانچے میں لانا چاہتے تھے تاہم، انھیں ایگناسٹک ( Agnostic ) نہیں کہا جا سکتا ۔ میرے خیال میں وہ مسٹک ( Mystic ) تھے، اس کی ریاضتوں کے بغیر ! لیکن انھیں چونکہ قیادت کرنا تھی اس لیے جو کچھ سوچتے تھے ، محسوس کرتے تھے ، اسے کہہ نہیں سکتے تھے ، انھیں بہت کچھ چھپانا پڑتا تھا ، اپنی پرسنیلٹی کی چھاپ دینی پڑتی تھی !

●●

خورشید عالم خاں

● **جناب خورشید عالم خاں** (پ ۱۹۱۹ء) آگرہ یونیورسٹی سے ایم۔ اے کی ڈگری لی اور امریکا سے منیجمنٹ کورس کا ڈپلوما؛ ڈاکٹر ذاکر حسین میموریل کالج دہلی کی مجلس انتظامیہ کے وائس چیرمین، آل انڈیا کانگریس کمیٹی (کانگریس آئی) کے اقلیتی شعبہ دہلی اسٹیٹ جج کمیٹی اور اُردو ایڈوائزری کمیٹی (دہلی) کے چیرمین اور علیگڑھ مسلم یونیورسٹی کورٹ جامعہ ملّیہ اسلامیہ یونیورسٹی کورٹ کے ممبر رہ چکے ہیں۔

۱۹۷۴ء پھر ۱۹۸۰ء میں راجیہ سبھا کے ممبر منتخب ہوئے۔ اسی سال وزارت تجارت (حکومت ہند) کے وزیر مملکت مقرر ہوئے۔ جنوری ۱۹۸۲ء سے مرکزی حکومت میں سیاحت اور شہری ہوابازی کے وزیر مملکت کے عہدے پر فائز ہیں۔

خورشید صاحب، ذاکر صاحب کے بڑے داماد ہیں۔ ذاکر صاحب سے قرابت داری اس رشتے سے قبل کی ہے، قائم گنج آپ کا بھی وطن ہے۔

●●

O

ذاکر صاحب کے انتقال پر ان کے دیرینہ ہمدم اور ساتھی پروفیسر رشید احمد صدیقی مرحوم نے ایک مضمون لکھا تھا جس کا عنوان تھا "ایسا کہاں سے لاؤں کہ تجھ سا کہیں جسے"۔ رشید صاحب نے جو عنوان مضمون کا تجویز کیا تھا وہ بذات خود ایک مکمل اور جامع مضمون بن جاتا ہے مگر ہم ذاکر صاحب کی زندگی اور سیرت پر گہری نظر ڈالیں۔ انہیں کے الفاظ میں "اس حادثہ اور ایسے حادثہ کے بعد اپنی تمام خوبیاں متاع کا سد اپنے تمام کارنامے بے نور، وہ تمام تعمیریں مسمار، وہ سبز اور شاداب باغ جھلس گیا ہو اور نہریں خشک ہو گئی ہوں اور امید اور حوصلے کے وہ سفینے غرق ہونے لگے ہوں، جن سے کبھی ذہن اور تخیل کی فضا منور اور معطر تھی"۔ یہ واقعہ ہے کہ یہ احساس اور ردّ عمل نہ صرف رشید صاحب کا تھا بلکہ پورے ملک اور ملت نے کچھ اسی طرح سے محسوس کیا تھا۔ ذاکر صاحب کی بلند نظری، قومی دردمندی اور وسعت قلب کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ ان کے مخالف بھی جب کبھی ان کی مدد کے خواستگار ہوئے تو انہوں نے بلا پس و پیش بڑے خلوص سے ان کی مدد کی اور کبھی ایسا محسوس نہیں ہونے دیا کہ انہوں نے کسی طرح کا احسان کیا تھا۔

مجھے پھر یہاں پروفیسر رشید احمد صاحب مرحوم کے ایک دوسرے مضمون سے سہارا لینا پڑتا ہے انہوں نے لکھا تھا:

"ذاکر صاحب نے سب سے الگ ہو کر لیکن سب کے لیے جامعہ کی بنیاد ڈالی۔ محنت سہی، بیکسی دیکھی، گالیاں سنیں، رسوائی اٹھائی، انتظار کھینچا۔ لیکن نہ منہ موڑا، نہ مسکرانے سے باز آئے۔ دشمن نے گھسا اور اسے دھتکارا؛ اس نے مانگا تو دیا، اس نے چھین لیا تو جانے دیا۔ خود بھوکے رہے، جامعہ کو سیر رکھا۔ اس کو صرف سنوارا اور انتظار کرنے سے گھبرائے نہیں اس لیے کہ اچھے لوگ مجھ سے کام کرنے میں انتقام کی منزل سرے سے مفقود ہو رہی ہے۔ انجام کا ڈر نہیں ہوتا۔ کام اور انجام لیکن یہ حقیقت ہے کہ وہ کام جس کا انجام یا انتقام کا جویا رہا ہو تا ہے جس کو اپنے کام پر نہ ایمان ہو نہ ایمان سے کچھ [illegible] اچھا [illegible] دوسرے سے ملے۔"

ذاکر صاحب کی شخصیت اور کردار کی عکاسی اس سے بہتر الفاظ میں نہیں ہو سکتی تھی۔

ایک بار جب ذاکر صاحب بغیر وسائل اور کسمپرسی کی حالت میں جامعہ ملیہ کی جان کھپا رہے تھے تو ان کے ایک دوست نے بطور تنبیہ ان سے کہا تھا کہ ذاکر صاحب جن حالات میں آپ کام کر رہے ہیں اور جامعہ کو زندہ رکھنے کی کوشش میں لگے ہیں اس کی مثال تو میں صرف یہ دے سکتا ہوں جیسے ریگستان میں آپ کنواں کھود کر پانی نکالنے کی امید میں زندہ ہوں۔ ذاکر صاحب نے جواب دیا تھا کہ ہاں آپ کو بھی محسوس ہوتا ہوگا کہ میں ریگستان میں کنواں کھود رہا ہوں جہاں پانی نکلنے کی کوئی امید نہیں لیکن مجھے یقین اور اعتماد ہے کہ اس ریگستان سے اپنوں اور غیروں کی آبیاری کے لیے صاف اور شفاف پانی کے گہرے اور نہ سوکھنے والے سوتے پھوٹ نکلیں گے۔

شاید کم لوگوں کو اب یاد ہوگا کہ ۱۹۴۷ء میں جب فرقہ واریت نے تمام ملک کو جھلس دیا تھا، اس زمانہ میں ذاکر صاحب کی صحت اچھی نہ تھی اور ڈاکٹروں کے مجبور کرنے پر چند آرام کی خاطر کشمیر کے لیے روانہ ہوئے جالندھر اسٹیشن پر ٹرین رک گئی جہاں خونریزی کا جنون انتہا کو پہنچا ہوا تھا۔ بلوائی ذاکر صاحب کو گاڑی سے اتار کر اسٹیشن سے باہر لے جانا چاہتے تھے لیکن جو لوگ اس وقت اسٹیشن پر موجود تھے۔ انہوں نے بعد میں بتایا کہ ذاکر صاحب ہونے کو ایسی دلجمعی سے جا رہے تھے جیسے جمہوریۂ ہند کے معزز صدر کسی علمی، ثقافتی یا کسی اور اسی طرح کی تقریب کا افتتاح کرنے انتہائی بے نیازی کے ساتھ جا رہے ہوں۔

ذاکر صاحب کی زندگی اور شخصیت پر سب سے زیادہ اثر ان کی والدہ اور ان کے محترم استاد سید الطاف حسین کا تھا۔ ذاکر صاحب کی ذہنی اور اخلاقی صلاحیتوں کو سنوارنے اور نکھارنے میں سید الطاف حسین کی تربیت اور توجہ کا بہت حصہ تھا؛ اور اس بات کا اعتراف ذاکر صاحب نے ہمیشہ بڑی عقیدت اور احترام کے ساتھ کیا ہے۔ یہاں ایک واقعہ کا ذکر شاید باعث دلچسپی ہو۔ ذاکر صاحب نے جب میٹرک کا امتحان دیا تھا اور تعطیلات میں وطن جانیوالے تھے تو ایک شام اسید الطاف حسین صاحب نے ذاکر صاحب کو اور چند اور طلبا کو کھانے پر بلایا۔ کھانے پر بیٹھنے سے پہلے ان کے استاد محترم نے پیالے میں جو سالن رکھا تھا اس میں کافی ڈھیر سا پانی ملا دیا۔ ظاہر ہے کہ پانی ملے ہوئے سالن سے دوسرے طالب علم کھا نہ سکے لیکن ذاکر صاحب نے پوری دلجمعی کے ساتھ پیٹ بھر کر کھانا کھایا۔ جب وہ کھانا ختم کر چکے تو سید الطاف حسین نے فرمایا "ذاکر خدا کا شکر ہے تم امتحان میں پورے اترے اور زندگی میں کوئی کسی بات کی تمہیں پروا نہ کرنی ہوگی" جامعہ نے ۱۹۴۴ء میں جب اپنی زندگی کے ۲۵ سال پورے کیے تو اس کی خدمات کا اعتراف میں

گھر سے جانے کے لیے پہنچ گئے اور جب وہ نتیجہ سنا چکے تو اُن کو ساتھ لے کر روانہ ہوئے ۔ یہ پوچھنے پر کہ آپ اطلاع لینے پہلے گھر کیوں نہ پہنچے تو ذاکر صاحب نے فرمایا' جو ہونا تھا وہ تو ہو چکا تھا' لیکن میں بچوں کا نتیجہ سنائے بغیر ان کو واپس کر کے کیسے چلا آتا۔

ذاکر صاحب اپنے چھوٹے سے چھوٹے محسن کو بھی فراموش نہیں کرتے تھے۔ اس سلسلہ میں یہ واقعہ شاید باعثِ دلچسپی ہو جو میں بتانا چاہتا ہوں۔

جامعہ ابتدائی دور میں قرول باغ میں تھی اور سخت مالی مشکلات سے دوچار تھی۔ اس وقت وہاں کے کام کرنے والوں کو معمولی سا معاوضہ بھی وقت پر نہ مل پاتا تھا۔ ذاکر صاحب بھی اس سے مستثنیٰ نہ تھے۔ وہیں قرول باغ میں ایک شخص جس کا نام شبّا تھا' چھوٹی سی پرچون کی دکان کا مالک تھا۔ گو بہت چھوٹا دوکاندار تھا مگر اس کی فراخدلی اور شرافت کا آج بھی وہ لوگ احترام کرتے ہیں جنھوں نے اُسے دیکھا ہے۔ ذاکر صاحب اور دیگر جامعہ والوں سے اس نے کہہ رکھا تھا کہ آپ لوگ آٹا' دال وغیرہ حسب ضرورت لے جایا کیجیے اور جب آپ کے پاس پیسے ہوں ادا کر دیجیے۔ زمانہ گزرتا گیا' جامعہ قرول باغ سے منتقل ہو گئی لیکن جب ذاکر صاحب صدر جمہوریہ منتخب ہوئے تو شبّا نے ایک پوسٹ کارڈ لکھا' جس میں تحریر تھا "شاید آپ مجھے بھول چکے ہوں' لیکن میری قرول باغ میں پرچون کی دوکان تھی اور میں آپ سب کے کھانے پینے کی چیزیں بیچا کرتا تھا"۔ پوسٹ کارڈ دیکھتے ہی تیس چالیس سال پیشتر کی زندگی کی تصویر ذاکر صاحب کے ذہن میں آئی۔ فوراً ADC کو بلا کر کہا' گاڑی لے کر جایئے اور گردوارہ روڈ پر شبّا جی کی دوکان ہے اس کو احترام کے ساتھ مجھ سے ملانے کے لیے لایئے۔ جب یہ پیغام شبّا کو ملا' وہ انتہائی خوش ہوا اور تھوڑی ہی دیر بعد راشٹرپتی بھون پہنچ گیا۔ ذاکر صاحب اپنے دفتر سے باہر آئے اور اس کو ساتھ لے کر اندر گئے' چائے پلائی اور گذشتہ زمانے کی باتیں دیر تک کرتے رہے۔ جب شبّا اٹھ کر جانے کے لیے کھڑا ہوا تو وہ اس کو اپنے ساتھ لے کر دفتر سے باہر لائے' گاڑی میں بٹھایا اور دروازہ اپنے ہاتھ سے بند کیا۔ اس کے جانے کے بعد ملٹری سکریٹری صاحب نے کہا کہ جنابِ والا! یہ ہمارے پروٹوکول کی خلاف ورزی ہے کہ آپ اس طرح کسی کو لینے اور چھوڑنے آئیں' آنا مناسب نہ تھا۔ ذاکر صاحب نے فرمایا' آپ کا پروٹوکول آپ کی جگہ پر ہے لیکن میرا پروٹوکول تو میری زندگی کا ایک حصہ بن چکا ہے' کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ یہ شخص کون تھا۔ ملٹری سکریٹری نے لاعلمی کا اظہار کیا تو ذاکر صاحب بولے "اگر یہ وسیع القلب انسان ہماری زندگی میں نہ آ

ہوتا تو وہ شخص جو آج آپ کا راشٹرپتی بنا ہوا ہے، وہ اور اس کا خاندان فاقوں سے دوچار ہوئے ہوتے۔ ہم کس طرح سے اس کا احسان بھول سکتے ہیں؟" وہ اکثر کہا کرتے تھے کہ جو ملت اپنے محسنوں کو بھلا دیتی ہے، اللہ تعالیٰ اس پر محسن اُتارنا بند کر دیتا ہے۔

ڈاکٹر صاحب کو صوفیوں اور بزرگوں سے ہمیشہ عقیدت رہی۔ انہوں نے بزرگوں کی تعلیمات اور زندگی کے حالات سے سبق سیکھا، وہ انسان کی محبت تھی جس میں نہ مذہب اور ملت کا امتیاز تھا، نہ رنگ و نسل کا لحاظ۔ یہی عقیدت تھی جس کی بنا پر وہ جامعہ کے قیام میں اکثر کئی میل کا پیدل سفر کر کے حضرت نظام الدین اولیاؒ کی درگاہ پر حاضری دے کر فجر کی نماز ادا کرتے تھے۔

ان کی عقیدت مندی اور مہمان نوازی کا ایک چھوٹا سا واقعہ بیان کرنا چاہتا ہوں۔ مولانا آزاد سبحانی بڑے صوفی منش انسان تھے۔ ڈاکٹر صاحب سے بہت محبت کرتے تھے اور اکثر ان کے یہاں آکر قیام کرتے تھے۔ مولانا آزاد سبحانی کو حقہ پینے کی بہت عادت تھی۔ اکثر رات کے وقت ڈاکٹر صاحب خود اٹھ کر چلم بھر کر ان کے لیے حقہ پیش کیا کرتے تھے۔

جامعہ ملیہ کی اوکھلا میں عمارت کا جب سنگِ بنیاد رکھا جانے والا تھا، تو انہوں نے اس تقریب کا اعلان کرتے ہوئے کہا تھا:

"اس مبارک رسم کو انجام دینے کے لیے ایک ایسے شخص کا انتخاب کیا گیا ہے جو نہ فرمانرواؤں میں سے ہے اور نہ ارکانِ سلطنت میں، نہ صاحبانِ دولت میں، نہ اربابِ علم میں، نہ رہبرانِ ملک میں، نہ اکابرِ قوم میں! جو کچھ بھی نہیں ہے مگر سب کچھ ہو سکتا ہے! یہ جامعہ کا سب سے چھوٹا بچہ ہے۔ اربابِ نظر اس انتخاب کی داد دیں گے اور یہ تسلیم کریں گے کہ مستقبل کا مالک ہم حال کے غلاموں سے اس منصب کے لیے کہیں زیادہ موزوں ہے۔"

سنگِ بنیاد رکھنے میں جو یہ جدت اختیار کی گئی وہ صرف ڈاکٹر صاحب کا حصہ تھی کیونکہ ان کی نظر حال سے زیادہ مستقبل پر رہا کرتی تھی۔

ڈاکٹر صاحب ہر شخص کو عزت اور محبت کا مستحق سمجھتے، ہر مذہب اور ملت کے لوگ ان سے ملتے اور ان کے سلوک اور تعلق میں کوئی فرق نہ پاتے۔ وہ انسانوں سے کبھی مایوس نہ ہوتے تھے اور بڑی سے بڑی خطاؤں سے چشم پوشی کرتے اور تجربے سے [illegible] میں رہتی۔ ان کا

قول تھا "آدمی آدمیوں کے متعلق اچھے سے اچھا گمان رکھے اور چاہے روز فریب کھائے لیکن ہر وقت نئے سرے سے آدمیوں کی نیک دلی پر یقین کرے"

وہ ایک مذہبی انسان تھے۔ لیکن مذہب کو قطعی شخصی معاملہ سمجھتے تھے۔ اس سلسلے میں نمود اور نمائش سے سخت نفرت تھی۔ اکثر ایسا دیکھا گیا کہ ۲۴ گھنٹے کے اندر کلام پاک کی تلاوت پوری کرتے اور رات کو سوتے وقت ہمیشہ قرآن پاک کی مختلف سورتوں کے ریکارڈ سنا کرتے۔ اگر اس وقت گھر کا کوئی فرد ان کے کمرہ میں موجود ہوتا تو فرماتے 'بھائی اب ہمیں اکیلا چھوڑ دیجیے'۔ ایک مرتبہ میری بیوی سے فرمایا کہ نماز کے بعد تم کیا دعا کرتی ہو۔ انہوں نے جواباً کہا میں آپ کی درازیٔ عمر اور اپنے خاندان کی بہتری کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتی ہوں۔ سن کر فرمایا "بھائی تم تو اللہ تعالیٰ کی مرضی میں مداخلت کرتی ہو۔ دعا میں صرف یہ کہنا چاہیے: اے خدا اپنی مرضی بتا دے۔ اپنی مرضی پر راضی کر دے اور اپنی مرضی پر چلا دے"

بہت کم لوگ یہ جانتے ہیں کہ راتوں کو وہ قرآن پاک کی تلاوت کرتے، کافی وقت نمازوں میں گزارتے۔ وہ کبھی اپنی عبادت کو ظاہر نہ ہونے دیتے، زیادہ تر تنہائی میں اپنے معبود حقیقی سے لو لگاتے۔ ان کی زندگی کا یہ رخ دنیا والوں سے تو کیا گھر والوں سے بھی بڑی حد تک پوشیدہ تھا۔ ایک مرتبہ انہوں نے میری بیوی سے فرمائش کی کہ ایسی ٹوپی سی دو جو پیشانی کو چھپا لے۔ یہ عجیب و غریب فرمائش اس لیے کی گئی تھی کہ ماتھے پر سجدوں کا نشان ان کی عبادت کا راز افشا نہ کر دے۔

ذاکر صاحب پہلی جنگ عظیم کے بعد جب یورپ اعلیٰ تعلیم کے لیے جانا چاہتے تھے تو اس وقت کی انگریز حکومت نے ان کو بڑی دقت سے پاسپورٹ دیا اور شرط یہ لگا دی کہ وہ صرف انگلستان میں ہی تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔ بظاہر ذاکر صاحب اس قسم کی شرط کو قبول کرنے کے لیے تیار نہیں تھے۔ لیکن وہ سفر پر تیار ہو گئے اور جب جہاز اٹلی کے بندرگاہ پر رکا تو وہ وہاں اتر پڑے اور سیدھے بذریعہ ریل برلن چلے گئے۔ کیونکہ ان کے پاسپورٹ میں اجازت صرف انگلستان جانے کی تھی۔ لہٰذا ان کو مجبور کیا گیا کہ وہ انگلستان جائیں۔ مگر ذاکر صاحب نے قطعی انکار کر دیا اور مجبوراً جرمن حکومت کو برلن میں رہ کر تعلیم حاصل کرنے کی اجازت دینی پڑی۔

ذاکر صاحب نے جب صدر جمہوریہ منتخب ہونے پر حلف لیا تھا تو ان کے یہ تاریخی [illegible] کہ میں گونج اٹھے تھے "سارا بھارت میرا گھر ہے اور اس کے رہنے والے میرا پریوار"

ذاکر صاحب ان قومی رہنماؤں میں تھے جنہوں نے ہمیشہ بھید بھاؤ، پھوٹ اور علیحدگی پسندی کے رجحانات کی مذمت کی اور ان کی جگہ اتحاد، اتفاق، محبت، اخوت اور رواداری کی تعریف کی۔ ان کی ہر تقریر، تحریر اور کردار سے ہندوستان کی مشترکہ تہذیب، جذباتی ہم آہنگی اور آپسی میل ملاپ کے لیے بے لوث محبت کا اظہار ملتا ہے۔ ان کی ہمیشہ یہ کوشش رہی کہ سماج میں ذہنی تعاون کی راہیں وسیع اور وسیع تر ہوتی جائیں تاکہ اس سے محبت اور بھروسے کے ایسے سوتے پھوٹیں کہ ساری قومی زندگی اس سے سیراب ہو، جو ہماری سماجی زندگی کا رنگ ہی بدل دے۔ اس سلسلے میں ذاکر صاحب کا قول تھا کہ آپسی اعتماد کے لیے ہمیں سچائی اور احترام اور رواداری برتنا ضروری ہے تاکہ انسان، انسان میں فرق نہ رہے۔ اگر ہم اس میں کامیاب ہو جائیں تو ہم نہ صرف اپنے رب کے حضور سرخرو ہوں گے، بلکہ ذہنی سکون اور قلبی راحت میسر ہوگی۔

ذاکر صاحب کا شعر و ادب کا ذوق بڑا ستھرا اور پاکیزہ تھا اور اردو، فارسی کا مطالعہ وسیع تھا۔ فارسی اور اردو کے پسندیدہ اشعار اپنی بیاض میں لکھتے رہتے تھے۔ ذاکر صاحب اقبالؒ کی شاعری اور ان کے فلسفہ سے بھی بہت متاثر تھے اور میں سمجھتا ہوں اقبال کے یہ چند اشعار ان کے کردار اور شخصیت کی صحیح عکاسی کرتے ہیں:

تجھ سے ہوا آشکار بندۂ مومن کا راز — اس کے دنوں کی تپش اس کی شبوں کا گداز
اس کا مقام بلند، اس کا خیال عظیم — اس کا سرور اس کا شوق، اس کا نیاز اس کا ناز
ہاتھ ہے اللہ کا بندۂ مومن کا ہاتھ — غالب و کارآفریں، کارکشا، کارساز
خاکی و نوری نہاد، بندۂ مولا صفات — ہر دو جہاں سے غنی، اس کا دل بے نیاز
اس کی امیدیں قلیل، اس کے مقاصد جلیل — اس کی ادا دلفریب، اس کی نگہ دلنواز

نرم دمِ گفتگو، گرم دمِ جستجو
رزم ہو یا بزم ہو، پاک دل و پاکباز

ذاکر صاحب کو پھولوں سے اور باغبانی سے زیادہ دلچسپی تھی اور خاص طور سے گلابوں سے۔ اس کے ساتھ ہی انھیں قدیم اور نادر پتھروں کے جمع کرنے کا بھی بڑا شوق تھا۔ ایک مرتبہ میری بیوی نے ان سے دریافت کیا کہ آپ کو پتھروں سے اتنی کیوں دلچسپی ہے تو فرمایا پتھر باتیں نہیں کرتے اور ضرورت پڑنے پر مدد نہ کرنے کا
[illegible] ایک مرتبہ چند دنوں تک میری بیوی ان سے ملنے کچھ مصروفیات کی وجہ سے نہ جا سکیں

تو ٹیلیفون پر خیریت دریافت کی اور پوچھا آنا کیوں نہیں ہوا، تو انھوں نے کہا اماں نے بلایا ہی نہیں ورنہ میں ضرور آتی۔ ذاکر صاحب نے جواب دیا "بھائی جس مجرم کو احساس جرم ہی نہ ہو اس سے شکایت کیسی؟"

ذاکر صاحب کی زندگی اور خدمات پر بہت کچھ لکھا جا چکا ہے اور غالباً ابھی اور لکھا جائے گا۔ دراصل ان کی شخصیت ایسی جاذب اور ہمہ گیر تھی کہ وہ تو ریسرچ کا ایک بہت اچھا موضوع بن سکتی ہے اور مجھے یقین ہے کہ ان کی زندگی کے ابھی بہت سے گوشے ابھر کر سامنے آئیں گے، اگر کسی نے دلجمعی کے ساتھ اس سلسلہ کا کام اپنے ہاتھ میں لیا۔

جس روز ذاکر صاحب کا انتقال ہوا میں تنہا ان کے کمرے میں میت کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ کچھ دیر بعد سر اٹھا کر ان کی میز کی طرف دیکھا جو پلنگ کے پاس رہتی تھی اور عموماً اس پر بہت سی کتابیں رکھی رہتی تھیں جن کا وہ مطالعہ کیا کرتے تھے۔ ان کتابوں کے پاس ایک چھوٹے سے پرچہ پر یہ مصرعہ لکھا تھا:

ع میں عندلیب گلشن نا آفریدہ ہوں

شاید ہی اس سے بہتر اور موزوں کوئی تحریر اس گوہر نایاب کے کھو جانے کی ترجمانی کر سکے۔

(۲۸ اپریل ۱۹۸۱ء کو خدا بخش لائبریری میں سنایا گیا)

● ●

بیگم صالحہ عابد حسین

● **بیگم صالحہ عابد حسین** : (پ۔ پانی پت ۱۹۱۳ء)۔ خواجہ غلام الثقلین کی صاحبزادی، خواجہ غلام السیدین کی ہمشیرہ، ڈاکٹر سید عابد حسین کی بیگم، تقریباً چالیس کتابوں کی مصنفہ، آٹھ ناول (آتشِ خاموش، اُلجھی ڈور وغیرہ)، چھ افسانوں کے مجموعے، دو ڈراموں کے مجموعے، انیس پر تین کتابیں، خواجہ الطاف حسین حالی پر تین کتابیں، ذاکر صاحب پر ایک اہم کتاب، خواجہ غلام السیدین پر ایک کتاب، معاصر مشاہیر پر ایک کتاب اور تقریباً ایک درجن سے زائد بچوں کے لئے کتابیں۔

ڈاکٹر عابد حسین، جامعہ کی تین اہم بنیادی شخصیتوں میں سے ایک تھے جنھوں نے ذاکر صاحب اور مجیب صاحب کے ساتھ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے لئے اپنی پوری زندگی وقف کردی۔ ۱۹۳۰ء سے صالحہ عابد حسین بھی اپنے شوہر کے ساتھ ڈاکٹر ذاکر حسین کے نظریات اور ان کی پوری سرگرمیوں میں عملی طور پر شریک رہیں۔

●●

قدرت بعض وقت بے پناہ فیاضی پر اُتر آتی ہے اور کسی ایک آدمی کو اتنی صفات عطا کر دیتی ہے کہ وہ مظہرِ شانِ حسنِ فطرت بن جاتا ہے۔ ڈاکٹر ذاکر حسین انھیں اِنی گنی ہستیوں میں سے ایک تھے، نہیں — ہیں کہ ایسی شخصیتیں کبھی ماضی میں غروب نہیں ہوا کرتیں۔ حسنِ صورت اور حسنِ اخلاق، ذوقِ جمال اور غیر معمولی ذہانت، سچی خدا پرستی اور گہری انسان دوستی، ظرافت اور شرافت، سادگی اور معصومیت ان سب کا اس خوبی سے ایک انسان میں امتزاج نظر آتا کہ دیکھنے والے ششدر رہ جاتے تھے اور جب ان کے زیادہ قریب آتے، تو ہمیشہ کے لیے گرویدہ ہو جاتے۔ ان کی شخصیت کی رنگا رنگی اور سیرت کی گہرائی کو پرکھنا آسان کام نہیں۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے معمار اور رہنما، ماہرِ تعلیم، مدبّر، عالم، ادیب، جنگِ آزادی کے سپاہی اور صدرِ جمہوریہ ہند ڈاکٹر ذاکر حسین کے کارناموں پر روشنی ڈالنا میرا منصب نہیں ہے۔ ہاں، ۳۴ برس ان کی دوستی اور قربت کا شرف مجھے ضرور حاصل رہا ہے اور ان میں سے ۱۵ سال تو ایسے گزرے جب روزانہ کا ملنا جلنا رہا۔ میں نے انھیں رنج و راحت میں، تنگ دستی اور مشکلات میں، گھر میں اور جامعہ میں بہت قریب سے دیکھا ہے اور ان کے کاموں میں ہاتھ بٹایا ہے۔ یہ وہ زمانہ تھا جب ذاکر صاحب صرف ہمارے تھے — جامعہ والوں کے۔

یہ جامعہ کی زندگی کا وہ زمانہ تھا، جب مالی پریشانیاں بہت بڑھی ہوئی تھیں۔ کئی کئی مہینے جامعہ کے کارکنوں کو وہ قلیل تنخواہ بھی نہیں ملتی تھی جو جسم و جان کے رشتے کو جوڑے رکھنے میں کسی نہ کسی حد تک کامیاب ہوتی تھی۔ مگر میں نے اس زمانے میں بھی جامعہ کے خادموں میں سے کسی کو بددل، بیزار، ناراض یا پریشان نہیں پایا اور سب سے خوشدل ہستی تھی جامعہ کے کرتا دھرتا خود ڈاکٹر ذاکر حسین کی، جن کی حیثیت جامعہ کے لیے گویا روحِ رواں کی تھی۔ وہ ہمعصر رفیقوں کے دوست اور بھائی تھے تو نو عمر ساتھیوں اور جامعہ کے بچوں کے باپ — ایسے باپ جن کی شفقت میں اکثر ماں کی ممتا کا رس اور مٹھاس نظر آتی تھی۔

ذاکر صاحب جامعہ کے لیے چندے کی مہم میں شفیق قدوائی مرحوم اور حافظ فیاض مرحوم کے ساتھ اکثر

خود بھی جایا کرتے تھے ـــــ مگر کیا انداز تھا، چندہ مانگنے کا۔ کبھی کسی کی خوشامد نہیں کی۔ چاہے جامعہ میں فاقے ہو رہے ہوں مگر اس کے وقار اور خودداری کو ٹھیس نہیں لگنے دی۔ اکثر کہا کرتے تھے "جو جامعہ کو چندہ دیتا ہے وہ احسان نہیں کرتا بلکہ یہ خود اس کے لیے سعادت ہے۔ دیکھنا وہ دن آئے گا جب لوگ خود آئیں گے اور خوشامد کر کے اسے چندہ دیا کریں گے۔ ویسے ان کی طبیعت میں بہت انکسار تھا۔ اپنے سے، بڑوں سے، چاہے وہ عمر میں بڑے ہوں، یا حیثیت میں، یا (ان کے خیال میں) علم و عقل میں بڑے ہوں، وہ ان سے بڑی عزت اور ادب سے ملتے تھے، مگر یہ جھک کر ملنا کسی غرض کے لیے ـــــ خواہ وہ جامعہ ہی کی غرض کیوں نہ ہو، نہیں ہوتا تھا۔ اپنے ساتھیوں سے وہ بے تکلف بھی تھے۔ ان سے محبت بھی کرتے تھے۔ کبھی کبھی انھیں ڈانٹتے اور چھیڑتے بھی تھے اور بضرورت انھیں ہدایتیں اور مشورے دیتے اور ان کی سنتے بھی تھے۔ پھر کبھی کبھی وہ ان سے روٹھ بھی جاتے تھے اور اگر کبھی وہ روٹھ جائیں، تو ان کو بڑی محبت سے منا بھی لیتے تھے۔ ان سے لوگوں کو شکایتیں ضرور پیدا ہوتیں، مگر بس ذرا دیر کو ان کا مسکراتا چہرہ یا دلداری کا ایک فقرہ سب گلے ختم کر دیا کرتا تھا۔ انھیں اپنے ساتھیوں کی مالی پریشانیوں اور کٹھنائیوں کا بڑا احساس تھا۔ ان سب کے ساتھ وہ خود بھی بڑی سادگی اور تنگدستی کی زندگی بسر کرتے تھے۔ اگرچہ اس سادگی میں بھی ہمیشہ پرکاری کی شان نظر آتی۔ ان کا گھر نفاست، صفائی اور سلیقے کا نمونہ تھا۔ ان کے کھانے میں چاہے صرف گو بھی گوشت یا ارد کی دال ہی ہوتی، مگر اتنی مزیدار کہ عمدہ سے عمدہ قورمہ اور پلاؤ، زردہ، اس پر قربان۔ لباس سفید کھدّر کا ہوتا، مگر اتنا شفاف اور بے داغ اور سجل سلا ہوا جس سے ان کی جامہ زیبی اور بڑھ جاتی۔ اسی کے ساتھ اپنے ساتھیوں کے گھروں میں اگر سلیقہ اور صفائی دیکھتے، خوش ذوقی اور نفاست پاتے تو بہت خوش ہوتے، ہمت بڑھاتے اور سراہتے تھے۔ کہیں سے چندے کا روپیہ ملتا، تو سب سے پہلے چپراسیوں، منشیوں اور استادوں میں تقسیم ہوتا۔ پھر ان ساتھی پروفیسروں کو دیا جاتا جو گھر سے بھی آسودہ حال نہ تھے۔ اور سب سے آخر میں کبھی کبھی خود شیخ الجامعہ ڈاکٹر ذاکر حسین کو بھی ان کی تنخواہ کی "خطیر" رقم ۵۰ روپے مل جاتے۔ مگر یہ غریبی اور مفلسی مجبوری کی نہ تھی بلکہ اسے ایک اعلیٰ مقصد کی خاطر ذاکر صاحب اور ان کے رفیقوں نے خود بطیب خاطر اپنایا تھا۔ اسی لیے یہ لوگ اپنے پر رحم نہیں کھاتے تھے بلکہ ملک کے بڑے سے بڑے امیر سے امیر آدمی سے آنکھ ملا کر بات کرتے، سر اٹھا کر چلتے؛ خودداری اور احساس کمتری ایسے جذبے تھے، جن سے یہ اولوالعزم مجاہد کبھی آشنا ہی نہیں ہوئے۔

مجھے جامعہ جوبلی کا وہ زمانہ یاد آرہا ہے، جب ذاکر صاحب اور ان کا ایک ایک ساتھی، جامعہ کا ایک ایک بچہ، جامعہ کی عورتیں تک سبھی اس جشن کو کامیاب بنانے اور بہترین طریقے سے سرانجام دینے میں دل وجان سے جٹے ہوئے تھے۔ کیونکہ ذاکر صاحب نے عمر بھر ان کو یہی درس دیا تھا کہ "جو کام کرنے کے لائق ہے، وہ اس قابل بھی ہے کہ اسے اچھی طرح سے کیا جائے۔" اور اس وقت ذاکر صاحب کا ہر ایک ساتھی اسی زریں قول پر عمل کرنا اپنا فرض سمجھتا تھا۔ ہزاروں کام تھے اور اس پر ہزاروں جھگڑے اور ہر ایک مدد، مشورے، شکایت یا ہدایت کے لیے ذاکر صاحب کے پاس دوڑا جاتا تھا۔ ان کے دو ایک دوست بہت چاہتے کہ ذاکر صاحب کو اتنے کاموں کے بوجھ سے بچائیں، مگر اس کا کیا علاج کہ ہر ایک کی یہی خواہش تھی کہ وہ اپنا دکھ درد خود ذاکر صاحب سے کہے، وہی اس کی مشکل کا حل نکالیں، اور اس بہانے اس محبوب ہستی سے بار بار ملاقات ہو، باتیں ہوں، ان کی تنبیہ اور پھر دلداری نصیب ہو۔

ٹریننگ کالج اور ذاکر صاحب کے گھر سے جو سڑک جامعہ کی مرکزی عمارتوں کی سمت جاتی ہے، جوبلی سے پہلے وہ کچی اور اونچی نیچی تھی اور بیچ سڑک پر ایک بہت بڑا گڑھا تھا جس سے بڑی مشکل سے گزرا جا سکتا تھا۔ طے ہوا کہ اسے خود جامعہ کے کارکن اور طالب علم بنائیں گے اور جو بات اکثر تنہا ذاکر صاحب طے کرلیں، یہ گویا ضمانت تھی اس کی کہ اب یہ ہو کر رہے گی۔ ایک صبح کھڑکی سے میں نے جھانکا تو کیا دیکھتی ہوں کہ اس بڑے گڑھے پر کھڑے جامعہ کے استاد اور پروفیسر اور طالب علم ہاتھوں میں پھاوڑے اور ٹوکریاں لیے سڑک کی مرمت کی ابتدا کر رہے ہیں اور نکلتے سورج کا منور چہرہ ان کے چہروں کی سچی مسرت کے نور سے مقابلہ نہیں کر پا رہا۔ ذاکر صاحب وسط میں کھڑے تھے، ان کے برابر ان کے رفیق کار عابد صاحب تھے کہ اتنے میں سامنے سے دلّی کے ایک معزز، مہذب رئیس آتے نظر آئے، وہ ان صاحبانِ علم وفضل کو پھاوڑے چلاتے دیکھ کر حیران رہ گئے۔ لیکن ٹھہرے خلیق اور مہذب آدمی، موٹر روکی، اُترے، صاحب سلامت ہوئی اور ذرا سا عابد صاحب کی طرف جھک کر اخلاقاً بولے: "ڈاکٹر صاحب! یہ آپ کیا غضب کر رہے ہیں — یہ کام آپ کا نہیں، ہمارا ہے۔" عابد صاحب نے انھیں اپنی روایتی بذلہ سنجی اور ظرافت کا ثبوت دیتے ہوئے پھاوڑہ ان کی طرف بڑھایا اور فرمایا: "تو لیجیے، بسم اللہ" ذاکر صاحب کے لیے ہنسی ضبط کرنا مشکل ہو گیا اور نواب صاحب کے چہرے پر ہوائیاں اُڑنے لگیں۔ غرض چند دن میں لڑکوں اور مزدوروں کی ان تھک کوشش سے یہ سڑک بن گئی۔

جوبلی میں چند ہی دن رہ گئے تھے۔ کاموں میں تیزی آگئی تھی۔ ذاکر صاحب اپنا خطبہ لکھنے کی کوشش میں لگے ہوئے تھے۔ جی ہاں کوشش۔ وہ جتنا اچھا لکھتے تھے، اتنا ہی لکھنے سے کتراتے اور پڑجائے سر پہ مصیبت تو بگڑتے، اُلجھتے، گھبراتے اور کبھی کبھی تو بیمار ہو جاتے تھے۔ یہاں ان چیزوں (مثلاً بچوں کی کہانیوں) کا ذکر نہیں، جو انھوں نے اپنی خوشی سے لکھی تھیں۔ اور مزے کی بات یہ کہ جب یہ تحریر مکمل ہو کر سامنے آتی، تو اُردو ادب کا ایک جواہر پارہ ہوتی تھی۔ ان کی یہی وہ تقریر تھی جس کو سُن کر سارے دیس کے وہ بڑے بڑے لوگ، لیڈر، رہنما، رئیس، امیر اور ہزاروں عام لوگ اور صاحبانِ علم و فضل زار و قطار رونے لگے تھے، جس میں انھوں نے اپنے ساتھیوں کی کچھ اس انداز سے مدح کی تھی، جیسی شاید ہی کسی سربراہ نے کی ہو۔ ہاں، تو ذاکر صاحب اس خطبے کو لکھنے کی اُلجھن میں تھے کہ صبح صبح ان کے ایک بزرگ ساتھی جو چندہ جمع کرنے کا کٹھن کام بھی کر رہے تھے کسی سلسلے میں ان سے مشورہ کرنے پہنچے۔ غالباً مالی مشکلات کا ذکر ہوگا۔ ذاکر صاحب کچھ اُلجھے ہوں گے، کچھ اکھڑے اکھڑے جواب بھی دیے۔ کیونکہ چھیڑ کر، ستا کر لوگوں کی قوتِ عمل کو اُکسانے کا کام انھیں بہت مرغوب تھا۔ میں اپنے اوپر کے کمرے کی صفائی کر رہی تھی، کھڑکی میں سے دیکھا کہ آگے آگے مرحوم روتے ہوئے بھاگے جا رہے ہیں اور ان کے پیچھے پیچھے ذاکر صاحب صرف کرتا، پاجامہ اور سلیپر پہنے اپنے بھاری بھرکم جسم کے ساتھ بھاگ رہے ہیں۔ میرے گھر کے سامنے پہنچتے پہنچتے ذاکر صاحب نے اُن کو آ لیا، اور ان کے گلے میں باہیں ڈال کر کھینچ کر اپنے گھر لے جانے لگے۔ اس پر وہ صاحب روتے روتے ہنس پڑے اور ہم لوگ اس دلچسپ منظر کو اور ان محترم اور بزرگ ہستیوں کی یہ سادہ اور بھولی ادائیں دیکھ کر ہنستے رہے۔

جامعہ کے لوگوں کی بیویاں ذاکر صاحب کو اپنا جیٹھ اور بزرگ سمجھتیں اور ان کا بہت احترام کرتی تھیں۔ مگر ان سے تھوڑا ڈرتی اور کبھی کبھی شکایت بھی کر لیا کرتیں —— ذاکر صاحب کی کم، جامعہ کی زیادہ۔ ان میں سے اکثر یہ سمجھتی تھیں کہ ان کے شوہر جو اس قلیل تنخواہ پر جامعہ میں پڑے ہیں، تو یہ ذاکر صاحب ہی کی محبت میں تو ہے۔ کبھی کبھی خود ذاکر صاحب بھی انھیں چھیڑنے کے لیے کوئی ایسی بات کہہ دیتے، جس سے یہ بیچاریاں گھبرا جاتیں۔ جامعہ نگر آنے کے بعد جگہ کی قلت تھی۔ بعض گھرانے تو جامعہ کی عمارتوں ہی میں ایک ایک دو دو کمروں میں رہنے لگے تھے، بعض نے کسی دوسرے کے گھر میں ایک آدھ کمرہ لے لیا تھا، کچھ نے اپنے رہنے کو ذاتی گھر بنوا لیے تھے۔ باقی لوگ ذاکر صاحب سے جگہ کے لیے کہتے، سمجھتے تھے کہ تھوڑی

ی آمدنی میں اُن کے لیے دو دو جگہ کا خرچ اٹھانا مشکل تھا۔ ایسے ہی کسی وقت میں ذاکر صاحب نے کہیں کہہ دیا کہ میں
جن لوگوں کے بال بچے یہاں ہیں، ان سب کو ان کے وطن بھیج دوں گا اور سب گھر خالی کرا لوں گا۔ مجھے بچوں
کے لیے جگہ کی ضرورت ہے۔ جامعہ کی عورتوں میں سنسنی سی پھیل گئی۔ لیجیے! یہ جامعہ کا سردار تو اب ہمارے
گھریلو معاملات" میں بھی دخل دینے لگا۔ لیکن وہ یہ بھی جانتی تھیں کہ ان کے شوہر اپنے ذاکر صاحب کا کوئی حکم
بھی ٹال نہیں سکتے۔ کچھ خواتین نے آکر مجھ سے فریاد کی۔ میں نے انہیں سمجھانے بجھانے کی کوشش کی کہ یہ تو
ذاکر صاحب کا مذاق کا انداز ہے۔ مگر پھر ان کے اصرار پر کچھ ڈرتے ڈرتے میں نے ہنسی کے پردے میں چھپا کر
ذاکر صاحب سے یہ بات کہی۔ پہلے تیوری پر ذرا سے بل اُبھرے، لہجہ بھی تیز تھا: "ہاں، ہاں، میں آپ
سب کو اپنے اپنے گھر بھیج دوں گا ــــ اپنی بیوی کو بھی ــــ مجھے مکانوں کی ضرورت ہے۔" بیگم ذاکر
دلیں: "لے ہے، سنا کرو ان کی باتیں! بھیج دیں گے۔" میں نے ہمت کر کے کہا: "اپنے گھر کہاں بھیج
دیں گے؟ کون سا گھر؟ ہمارا گھر تو اب یہی ہے ــــ یہی آپ کی جامعہ۔ ہم اب اور کہاں جائیں گے؟" ہنس
پڑے اور اس کھلے دل کی بے ریا ہنسی نے سب کے اندیشے دور کر دیے۔

جامعہ کی خواتین، جو سامنے آتیں وہ بھی، جو پردہ کرتیں وہ بھی، ان کی بھابیاں تھیں، نہیں نہیں،
ان کی لڑکیوں، ان کی بیٹیوں کی طرح تھیں۔ اکثر ملنے جاتے۔ بیگم ذاکر سے وہ لوگ ملنے آتیں، تو ذاکر صاحب بھی
بڑے اخلاق سے ان سے ملتے۔ کوئی بیمار ہوتا، تو دوا دارو کی فکر ہوتی۔ کسی کے ہاں بچہ ہوتا تو مبارک باد
دینے پہنچ جاتے۔ شادیوں میں شریک ہوتے، تحفے دیے جاتے۔ کوئی غمی ہو جاتی تو ذاکر صاحب کی ہمدردی غمی
دلوں پر مرہم کا کام کرتی۔ مجھے یاد ہے، ابھی چند سال پہلے کی بات ہے، جامعہ کے ایک پرانے کارکن
دلی سے باہر کہیں انتقال ہو گیا۔ اچانک خبر سے ان کے بیوی بچوں پر قیامت ہی تو گزر گئی۔ ذاکر صاحب اس زمانے
میں نائب صدر تھے۔ سنتے ہی پہنچے۔ مرحوم کی لڑکیوں کو گلے لگایا، دلاسا دیا۔ ان کے چہرے کی یہ کیفیت
دیکھی نہ جاتی تھی اور جب بیوہ کے پاس پہنچے تو وہ عالمِ بےقراری میں ذاکر صاحب سے لپٹ کر یوں بلک بلک
کر رو اور چیخ رہی تھیں جیسے ذاکر صاحب اس کے سگے بڑے بھائی ہوں۔ ذاکر صاحب خاموش کھڑے
تھے اور ان کی آنکھوں سے برکھا ہو رہی تھی۔

۱۹۴۷ء کے ہنگاموں میں جامعہ کی ڈوبتی کشتی کو پار لگانے کا عظیم کام انجام دینے کے بعد ۱۹۴۸ء میں
ذاکر صاحب کو جامعہ سے جانا پڑا۔ اب قوم نے ان کے کندھوں پر اور بڑی بڑی ذمہ داریاں ڈالیں: مسلم یونیورسٹی

پھر بہار کی گورنری، نائب صدر جمہوریہ کے منصب کی ذمّہ داری اور آخر میں صدر جمہوریۂ ہند، ملک کے سب سے بڑے عہدے کی ذمّہ داری اٹھانے پر مجبور کیا گیا۔ جی ہاں، یہ سچ ہے کہ ان میں سے کوئی جگہ خود انھوں نے کوشش کر کے حاصل نہیں کی تھی۔ یہ اعزاز انھیں پیش کیے جاتے تھے، اصرار کیا جاتا تھا، تب کہیں وہ اپنے ساتھیوں کے مشورے سے انھیں قبول کرتے تھے اور کون نہیں جانتا کہ ہر عہدے کو انھوں نے چار چاند لگا دیے۔

لیکن یہ حقیقت ہے کہ وہ کہیں بھی رہتے ہوں، وہ جامعہ سے کبھی دور نہیں ہوئے۔ ان کا دل جامعہ ہی میں دھڑکتا رہا اور جامعہ کا دل ان کے سینے میں۔ علی گڑھ تو چار قدم پر ہے، لوگ جب چاہتے ان سے ملنے پہنچ جاتے۔ ان کی چھوٹی لڑکی صفیہ کی شادی ہوئی، تو آدھی جامعہ مہمان تھی اور ذاکر صاحب ایسے خوش کہ گویا اب آئے ہیں۔ ان کے خاندان والے۔ طرح طرح سے خاطر داریاں ہو رہی ہیں۔ قائم گنج کے باورچیوں سے مانڈے اور یخنی پکوا کر کھلائی جا رہی ہے۔ بہار میں بھی لوگ ملنے پہنچ جاتے تھے۔ وہ خود دہلی آتے، تو جامعہ ضرور آتے۔ پھر نائب صدر ہو کر تو دلّی ہی آگئے تھے اور جامعہ والے جب چاہیں اپنے اس بزرگ دوست اور ساتھی کے پاس جا سکتے تھے، اگرچہ ذاکر صاحب کی کمزور صحت اور مصروفیت کو دیکھتے ہوئے ان کے اکثر دوست ہمیشہ یہی کوشش کرتے کہ جہاں تک ممکن ہو، ذاکر صاحب کو زحمت نہ دیں، ان سے کم سے کم ملیں۔ مگر پھر بھی اپنی ہر خوشی میں انھیں شریک کیے بغیر چین نہ آتا۔ کٹھنائیوں میں مشورہ، ان سے نہ لیتے تو اور کس سے لیتے! غم میں شرکت کرنے تو وہ خود ہی پہنچ جاتے تھے۔ جامعہ والے ملنے جاتے (اور اس میں کوئی استثنا نہیں ہے۔ وائس چانسلر اور پروفیسروں سے لے کر چپراسی، منشی تک سبھی شامل ہیں) تو معمول سے زیادہ وقت انھیں دیتے۔ ان کی باتیں سنتے، اُن سے باتیں کرتے، دل کھول کر جیسے بچھڑے بھائیوں سے کی جاتی ہیں۔ تھوڑا سا بھی وقت ہوتا تو ان کو اٹھنے سے روکتے۔ ان کی خاطر داریاں ہوتیں۔ پھر ذاکر صاحب جامعہ ملیہ کے امیر یعنی چانسلر منتخب ہوئے، تو سارے جامعہ میں سچّی خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ اب ذاکر صاحب پھر ہمارے ہیں، جامعہ کے سب سے بڑے سردار! وہ صدر جمہوریہ منتخب ہوئے، تو معلوم ہوتا تھا یہ اعزاز ذاکر صاحب کو نہیں خود جامعہ کو ملا ہے۔ ذاکر صاحب سارے دیس کے ہوں، ساری دنیا کے ہوں، مگر سب سے قریبی اور قدیم رشتہ تو ان کا جامعہ ہی سے ہے نا۔ اب بھی جامعہ والے اس عظیم الشان عمارت میں ان سے ملنے جا سکتے تھے، جہاں ایک مسکراتا چہرہ دلی خوشی کے ساتھ ان کا استقبال کرتا، باتیں کرتا، وقت سے زیادہ بٹھاتا اور رخصت

زینے دروازے یا لفٹ تک آتا۔ وہ چھوٹا سا خوب صورت پھولوں سے گھرا حسین گھر جو ذاکر صاحب نے جامعہ نگر میں بنایا تھا، انتظار کر رہا تھا کہ کب ذاکر صاحب ان جلیل القدر عہدوں سے سبکدوش اور فارغ ہو کر پھر آکر اُسے بساتے ہیں۔ جامعہ کے لوگ اس سنہرے دن کے منتظر تھے۔ ایک ایک گھڑی گن گن کر کاٹ رہے تھے کہ کب ذاکر صاحب یہاں آکر رہیں گے۔ ان کے پرانے رفیق اور گہرے دوست اس دن کا انتظار کر رہے تھے۔ جب بیس برس کی پرانی بے تکلف صحبتیں اور ذاکر صاحب کی قربت کی نعمت پھر سے انھیں نصیب ہوگی۔ مگر آہ، اے بسا آرزو کہ خاک شدہ! مگر ذاکر صاحب جامعہ کو بھولے نہیں۔ جس ننھے پودے کو انھوں نے خونِ جگر سے سینچا تھا، جس کی دن رات خدمت میں انھوں نے اپنی عمرِ عزیز کے ۲۲ برس کھپائے تھے، اُسے کیسے بھول سکتے تھے! آج ان کی آخری آرام گاہ کے دونوں طرف جامعہ کی عمارتیں ہیں۔ پہلو میں جامعہ کی مسجد بن رہی ہے۔ دوسری طرف گلابوں کا تختہ ہے اور ان سب کے درمیان ہمارے ذاکر صاحب ابدی نیند سو رہے ہیں۔

## (۲)

ذاکر صاحب بہت اچھا لکھتے تھے، بہت تیز لکھتے تھے مگر بہت کم لکھتے تھے۔ کسی کام سے اتنا نہ گھبراتے تھے، جتنا لکھنے سے۔ اکثر مجبوراً کہیں کچھ لکھنا ہوتا یا بولنا ضروری ہوتا تو کسی دوست سے بھی لکھوا لیتے تھے۔ دوست منہ سے نہ نکالتے مگر وہ خود بے تکلف لوگوں سے اس کا اقرار کر لیتے تھے۔ ان کا انداز اتنا منفرد ہوتا تھا کہ صاحبانِ ذوق خود بھی پہچان لیتے تھے۔

ایک بار میں نے کہا: "ذاکر صاحب! آپ جیسا عمدہ لکھنے والا، اور لکھنے سے اتنا گھبرائے۔ سمجھ میں نہیں آتا!" کچھ مسکرائے۔ شرمائے۔ جھنجھلائے، اور بولے "مگر مجھے تو لکھنا آتا نہیں"۔ ان کی سب سے معرکتہ الآرا تقریر وہ تھی جو انھوں نے جوبلی کے جلسے میں کی تھی۔ کس قدر الجھے تھے، گھبرائے تھے۔ اور پھر دو تین دن گھر میں بند ہو کر یہ تقریر تیار کی تو ایسی کی کہ آج تک سننے والے سر دھنتے ہیں اور اُس وقت سر نہیں دھن رہے تھے، سارا جلسہ چشم پُر آب تھا۔

دراصل جم کر بیٹھنا ان کا بس نہ تھا اور کچھ عادت بھی بن گئی تھی۔ یا خود اپنے کو یقین دلا دیا تھا کہ مجھے لکھنا نہیں آتا۔ اس ضمن میں اپنا ایک ذاتی قصہ یاد آتا ہے۔ کشمیر میں ان سے تقریر لکھوانے کا قصہ۔ وہ تقریر

بھی میرے پاس موجود ہے ۔

(۳)

ذاکر صاحب کا یہ ایک نادر اور نرالا خط ہے ۔ اس وقت وہ جنیوا کے ایک اسپتال میں داخل تھے جہاں ان کی آنکھ کا آپریشن ہوا تھا ۔ یہ وہ زمانہ تھا جب ۴۷ء کی قیامت کے بعد عابد صاحب دلّی سے نئی روشنی نکالنے کی تیاری کر رہے تھے ۔ ذاکر صاحب نے جس حالت اور جس انداز میں 'نئی روشنی' کی پذیرائی کی اور جس طرح یہ خط لکھا وہ ان ہی کا کام تھا ۔ یہ خط 'نئی روشنی' نکلنے کے زمانے میں عابد صاحب کو وصول ہوا تو انھوں نے ۲۴ ستمبر ۱۹۴۸ء کے 'نئی روشنی' کے پرچے میں "نورِ بصیرت" کے عنوان سے اس نوٹ کے ساتھ اسے شائع کیا تھا :

" یہ ذاکر صاحب کا مکتوب گرامی ہے ، جو انھوں نے آنکھوں کے آپریشن کے بارھویں دن لکھا تھا ۔ آنکھوں پر پٹی بندھی ہوئی تھی ، مگر دل کی آنکھیں روشن تھیں ۔ ہاتھ کی جنبش بصارت کی مدد کے بغیر بصیرت کا پیام پہنچانے کی کوشش کر رہی تھی ۔ کاغذ پر ٹیڑھے میڑھے نقش بنے اور آپس میں گڈمڈ بھی ہو گئے ، بڑی مشکل سے پڑھے گئے ، مگر پڑھ لئے گئے ..... " اس نوٹ کے تحت ذاکر صاحب کا یہ خط درج ہے ، جو میں اس وقت آپ کو سنا رہی ہوں ۔ اصل خط غالباً اسی زمانے میں اِدھر اُدھر ہو گیا کہ اس وقت ان کی ڈاک نئی روشنی کے دفتر میں آتی تھی ، ورنہ میرے پاس ذاکر صاحب کے بیشتر خطوط محفوظ رہتے تھے :

بیمارستان " لاکولین "

جنیوا ۱۶ جون (۱۹۴۸ء)

عابد صاحب !

آج شاید بارھواں دن ہے کہ دونوں آنکھیں بند اس بیمارستان میں بستر پر پڑا ہوں ۔ کروٹ لینے کی بھی اجازت نہیں ۔ اس وقت رات ہے ، نہ جانے کیا بجا ہوگا ۔ تاریکی اور روشنی کے ادل بدل سے ناآشنا کو اس کا پتا سنّاٹے سے چلتا ہے جس میں قریب کا دریا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میرے کمرے کے نیچے آگیا ہے اور بس مجھی سے باتیں کر رہا ہے اور چاہتا ہے کہ میں اس کی سنتا رہوں ۔ مگر میرا جی چاہتا ہے کہ اس وقت آپ سے باتیں کروں ۔ بستر سے لگی ہوئی ایک چھوٹی سی میز ہے جسے چھو سکتا ہوں اور ٹٹول کر اس پر سے چیزیں اٹھا سکتا ہوں ۔ اس کی دراز میں آپریشن سے پہلے ایک پنسل اور کاغذ کا ایک پیڈ رکھ دیا تھا وہ اس وقت کام آیا ۔ نابینا آنکھوں کے بغیر یہ لکھنے کی پہلی کوشش ہے ۔ سطر پر سطر تو شاید چڑھ جائے مگر کچھ نہ کچھ تو پڑھا جائے گا ضرور !

ایسی حالت میں خط لکھنے کو جی یوں چاہا کہ شام ہوتے آپ کا خط ملا تھا جس میں آپ نے لکھا تھا کہ شاید نئی روشنی نکل آئے گا۔ ۹ بجے سے جب سونے کا وقت مجھ کو سب رفیق و مددگار چلے جاتے ہیں کچھ اسی کا دھیان بندھا ہے۔ آج وہ پرچہ نکلا ہوگا اور میں نہ جانے اسے کب دیکھ سکوں گا۔ نہ جانے کب اس کے لیے کچھ لکھ سکوں گا؟ پر کیسی پریشانی کے وقت نکلا ہے۔ آپ کے اپنے اور سب کاموں کی طرح اس کی بے سروسامانی کا حال بھی جانتا ۔ چل بھی سکے گا یا نہیں؟ کیا پیسہ بنانے کا کام کیے بغیر رائے بنانے کا کام ہو سکے گا؟ لوگ اسے غدار دل ازش سمجھیں گے، یا ساتھیوں، ہمسفروں کی آواز؟ یہ عام مذاق کو سدھار سکے گا یا عام بدمذاقی کا شکار ۔ئے گا؟ یہ حق کی تلخی سے گھبرائے گا تو نہیں؟ نشہ پلا کے لوگوں کو بدحواسی اور بے عقل بنانے کا چلتا کاروبار ۔یں کرنے لگے گا؟ نہ جانے کیا کیا سوال دل میں اٹھتے ہیں۔ مایوس کن سے مایوس کن خیال دل میں آتا مگر ٹھہرتا نہیں، جمتا نہیں۔ نہ جانے کیا بات ہے کہ اس وقت کے حالات کا، میرے اپنے ذاتی اور وطن کے قومی ت کا تقاضا یاس افزا ہونا چاہیئے، اپنے سینے کو امید سے معمور پاتا ہوں۔ آپ کو تعجب ہوگا عابد صاحب کہ پچھلے بارہ دنوں میں جاگتے میں مجھے ایک لمحے کو تاریکی کا احساس نہیں ہوا۔ دن ہو یا رات میری بند آنکھیں بر کمرے کو روشن پاتی ہیں۔ اس روشنی کی کچھ بے ربطیاں بھی محسوس کرتا ہوں۔ مثلاً میرے کمرے کا دروازہ یرے بائیں جانب دیوار کے بیچ میں ہے، مجھے دور کونے میں دکھائی دیتا ہے۔ لیکن پھر بھی یہ روشنی اسی ح روشن ہے۔ البتہ جیسے دھیمی دھیمی جیسی کھلی آنکھوں سے دیکھتا تھا۔ اس روشنی میں دیہات کھیت ۔تا ہوں، ہل کی لیک صاف دکھائی دیتی ہے، اس کے ایک طرف روشنی، ایک طرف سایہ تک محسوس ۔ا ہے۔ بڑے بڑے مکان بنتے دیکھتا ہوں۔ آس پاس کثرت تعمیر کا سامان۔ اس کی ظاہری وجہ مجھے معلوم ۔ں، نہ اس کے پتا چلانے کی مجھے فکر ہے۔ آپ سے اس کا ذکر اس لیے کیا کہ حالات کی تاریکی میں میرے دل کا ۔ی یہی حال ہے۔ اس لیے کہ اس امید کی وجہ بھی مجھے معلوم نہیں۔ غ(؟) کا شعر وجہ نہیں بتاتا لیکن کیفیت ۔یح تصویر ضرور پیش کرتا ہے:

دلم بکوسہ تو با صد ہزار نومیدی ۔ بہ این خوش است کہ امیدواری گزرد

مجھے یقین ہے کہ آزمائش کا یہ وقت بھی گزر جائے گا اور ہندی سماج کو ایک اخلاقی سماج بنانے کا کام آپ کے سے ۔یسے کڑ ند ہاتھوں ہی کریں گے اور ایک صالح، عادل سماج بنانے کی کٹھن مہم سر کرنے کی کوشش ہی میں ہم سب کو اپنی ۔فیت کو ایک آزاد اخلاقی شخصیت بنانے کا موقع بھی ہاتھ آئے گا۔ اس مہم میں راہ نما روشنی کی ہر قدم

پر ضرورت ہوگی۔ جی چاہتا ہے کہ آپ کا پرچہ یہ روشنی مہیّا کرے، جی کہتا ہے کہ یہ ایسا کرے گا۔ آپ نے اس کا نام "نئی روشنی" خوب رکھا ہے۔ میری دُوری اور بے بسی سے یہ نہ سمجھیے گا کہ اس دیئے کی لَو روشن رکھنے کے لیے میں اپنے آپ کو پگھلانے سے بچ نکلوں گا۔ سمجھتا ہوں کہ اب بس کردوں۔ شاید اب صبح ہونیوالی ہے
ابھی کچھ دیر ہوئی مرغ نے بانگ دی تھی۔ اب وہ چڑیا بولی جو روز میری کھڑکی کے قریب درخت پر بولتی ہے۔ پہلے ذرا آہستہ آہستہ ٹھہر ٹھہر کر، جیسے آزماتی ہو کہ اور بھی جاگتے ہیں یا نہیں۔ پھر چند منٹ بعد جہاں کوئی اور ہمنوا نہ ملا، تو ذرا جلد جلد اور تیز تیز؛ کوئی آدھ گھنٹے میں سارا باغ گونج اٹھتا ہے اور نغمے کا ایک ایسا طوفان ہوتا ہے کہ بیان نہیں کرسکتا۔ معلوم ہوتا ہے چڑیاں ہی نہیں درختوں کی ہر پتّی، چمن کا ہر پھول بھی اسی کورس میں شریک ہوگیا ہے۔ مگر جب دن چڑھے آدمیوں کا شور غل، ڈاکٹروں کی آمد، نرسوں کی مستعدی، اس جشن موسیقی کو دبا دیتی ہے اس وقت بھی اس چڑیا کی آواز بار بار آتی ہے، سنائی دیتی ہے؛ جو پہلے رُک رُک کر، ذرا آہستہ آہستہ بولتی تھی اور آج ایسا لگتا ہے کہ شاید اسی چڑیا ہی کا نام "نئی روشنی" ہے۔ بس، خدا حافظ!

آپ کا : ذاکر

●●

(۱۲ مارچ ۱۹۸۱ کو خدا بخش لائبریری میں سنایا گیا)

عبداللطیف اعظمی

جس طرح کسی مخصوص خاندان، ماحول، ملک اور زمانے میں کسی شخص کی پیدائش غیر اختیاری اور جبری ہوتی ہے، اسی طرح بہت سے لوگوں کی تعلیم بھی غیر اختیاری اور جبری ہوتی ہے، بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ کوئی شخص اپنی مرضی اور پسند کے مطابق اپنی تعلیم اور درس گاہ کو اختیار یا منتخب کرے۔ زیادہ تر والدین کی مرضی اور خواہش کو ان کی تعلیم اور درس گاہ کے انتخاب میں دخل ہوتا ہے، مگر خوش قسمتی سے مجھے کم از کم اعلیٰ تعلیم کے انتخاب میں آزادی حاصل تھی۔

میرا تعلق یو پی کے ایک زمیندار خاندان سے ہے۔ میرے والد کا میری پیدائش سے قبل ہی ہیضے کی وبا میں عین جوانی میں انتقال ہو گیا، اس لیے والد کے بڑے بھائی نے مجھے تعلیم دلائی — میں، میرے بڑے بھائی اور دوسرے چچا زاد بھائی ان کو یعنی چچا کو ابا کہتے تھے۔ ہماری طرف عام طور پر والد کو ابا کہتے ہیں اور چونکہ ان کی حیثیت والد کی سی تھی، اس لیے سبھی بھائی —— چاہے ان کے حقیقی لڑکے ہوں یا ان کے بھتیجے بلا تخصیص انھیں 'ابا' ہی کہتے تھے۔ ان میں وہ تمام باتیں موجود تھیں جو ایک زمیندار میں ہوتی تھیں، سخت قدامت پرست اور کٹر قسم کے مذہبی تھے۔ مذہبی بھی ایسے جنھیں عرف عام میں 'وہابی' کہتے ہیں۔ انھوں نے خاندان کے کچھ بچوں کو انگریزی تعلیم دلائی اور کچھ کو مذہبی تعلیم، میں ان لوگوں میں سے تھا جن کو عربی مدرسے میں بھیجا گیا۔ جو انگریزی تعلیم حاصل کرتے تھے، ان سے وہ توقع رکھتے تھے کہ آگے چل کر وہ یا تو ایڈووکیٹ ہوں گے یا منصف اور جج اور جو مذہبی تعلیم حاصل کرتے تھے، ان کو ایک بہت بڑا عالم دیکھنا چاہتے تھے۔ میں نے عربی کی ابتدائی تعلیم اپنے ضلع اعظم گڑھ کی مشہور درس گاہ مدرسۃ الاصلاح (سرائے میر) میں حاصل کی تھی۔ تین چار سال کے بعد ملک کی مشہور عربی و مذہبی تعلیم گاہ، دار العلوم ندوۃ العلماء (لکھنؤ) چلا گیا، وہاں عالم کا امتحان پاس کرنے کے بعد، فاضل کے آخری سال میں پڑھ رہا تھا کہ بعض مخصوص حالات کی بنا پر ندوہ کو چھوڑنا پڑا۔ ابا چاہتے تھے کہ عالم اسلام کی مشہور مذہبی یونیورسٹی جامعہ ازہر (مصر) پڑھا جاؤں، چنانچہ میں نے پاسپورٹ کے لیے درخواست دیدی، مگر اسی درمیان میں مولانا

حافظ محمد اسلم صاحب جیراجپوری سے ملاقات ہوئی، جو گرمیوں کی تعطیلات میں گھر آئے ہوئے تھے۔ انہوں نے مصر جانے کے بجائے جامعہ میں تعلیم حاصل کرنے کا مشورہ دیا اور فرمایا کہ دہلی جانے کے بعد تم کو خط لکھوں گا۔ چنانچہ جامعہ سے ان کا خط آیا کہ تمہارا داخلہ ہو گیا ہے، جلد سے جلد آجاؤ۔ ابا کو جب معلوم ہوا کہ جامعہ ملیہ کو حکومت تسلیم نہیں کرتی اور اس کے فارغ التحصیل طلبا کو سرکاری ملازمت نہیں ملتی، تو انھوں نے فرمایا کہ ایسی تعلیم سے کیا فائدہ جس سے نہ تو دین ملے اور نہ دنیا ملے۔ میں نے ان سے عرض کیا کہ آپ کے نو بیٹے ہیں (یعنی بھتیجے وغیرہ سب ملا کر)، ایک بیٹے کو زکوٰۃ کے طور پر قوم کو دیدیجیے۔ مذہبی آدمی تو تھے ہی، زکوٰۃ والی بات شاید دل میں بیٹھ گئی، چنانچہ اجازت دیدی۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ خود میں نے جامعہ میں تعلیم حاصل کرنے پر اس قدر اصرار کیوں کیا، جبکہ میری تمام تعلیم و تربیت مذہبی فضا میں ہوئی تھی اور میرا خاندانی ماحول بھی انتہائی قدامت پسند تھا اور نہ میں نے جامعہ دیکھی تھی اور نہ اس کے کسی استاد سے، مولانا اسلم جیراجپوری کے علاوہ، اس وقت تک ملا تھا۔ اس کی وجہ صرف جامعہ کے رسالے، پیام تعلیم اور جامعہ تھے اور اس وقت کے شیخ الجامعہ ڈاکٹر ذاکر حسین اور ان کے ساتھی ڈاکٹر سید عابد حسین اور پروفیسر محمد مجیب تھے۔ ان رسالوں اور ان اساتذہ سے میں بے حد مرعوب اور بن دیکھے ان تینوں شخصیتوں کا گرویدہ تھا، بالخصوص ذاکر صاحب کا۔

جب جامعہ پہنچا تو وہ پسند نہیں آئی۔ کالج میں بہت کم طالب علم تھے اور ان میں اچھی خاصی تعداد جاہل طالب علموں کی تھی اور ان کا علمی و ادبی معیار پست تھا۔ ہوسٹل میں سب سے پہلے جن استاد سے ملاقات ہوئی وہ ہکلے تھے اور جب کلاس میں گیا تو وہاں سب سے پہلے جن استاد سے واسطہ پڑا، وہ بھی ہکلے نکلے۔ دل میں خیال آیا کہ جامعہ نے صرف ہکلوں کو بھر رکھا ہے، مگر بعد میں جامعہ کا کچھ ایسا اسیر ہوا کہ پوری زندگی صرف اسی کی ہو کر رہ گئی۔ پروفیسر رشید احمد صدیقی "علی گڑھ پرستی" اور ذاکر صاحب کے جا و بیجا ذکر اور ان کی تعریف کی وجہ سے خوش نام اور یہ راقم الحروف جامعہ ملیہ اور ذاکر صاحب، دونوں کی جا بیجا مدافعت کی وجہ سے بہت زیادہ بدنام ہے۔ ظاہر ہے، میرا اور رشید صدیقی صاحب کا کیا مقابلہ، مگر ذاکر صاحب اور اپنی اپنی محبوب درسگاہوں کے معاملے میں، ایک نیک نامی اور دوسرا بدنامی میں، یکساں شہرت رکھتے ہیں۔

جامعہ آنے سے پہلے میں صرف ذاکر صاحب، عابد صاحب اور مجیب صاحب سے واقف تھا، مگر یہاں آنے کے بعد ایک اور دلچسپ، دلکش اور انتہائی مخلص اور ایثار پیشہ شخصیت کا اضافہ ہوا، وہ تھے

شفیق الرحمن قدوائی ۔ دراصل جامعہ ملیہ اسلامیہ ان ہی چار شخصیتوں کا مجموعہ تھی اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ یہ نہ ہوتے تو جامعہ ملیہ بھی نہ ہوتی اور نہ وہ بنتی جو بعد میں بنی ۔ اس کے ساتھ اس میں بھی شبہ نہیں کہ ان کے سردار اور جامعہ کے حقیقی قائد جناب ذاکر صاحب ہی تھے ۔ جامعہ کے بانی تو بہت سے ہیں، ان میں ذاکر صاحب کا بھی شمار ہوتا ہے مگر اس کا حقیقی معمار اگر کوئی ہے تو وہ ذاکر صاحب ہیں ۔

ابھی پٹنہ آنے سے ایک دو روز قبل اور آج کے مضمون کے لیے بیدار صاحب کے دعوت نامہ ملنے کے بعد، اتفاقیہ طور پر ایک جگہ پروفیسر مجیب صاحب سے ملاقات ہوگئی ۔ یہ تو غالباً آپ لوگ جانتے ہی ہوں گے کہ جن چار شخصیتوں کا مجموعہ میں نے جامعہ ملیہ قرار دیا ہے ان میں اب صرف مجیب صاحب حیات ہیں، باقی تین اللہ کو پیارے ہوگئے ۔ اس ملاقات میں جہاں جامعہ کے چند اور حضرات تھے، اسموکنگ کا ذکر آگیا ۔ میں نے مجیب صاحب سے پوچھا کہ پہلے آپ سگار بہت پیتے تھے اور اب ڈاکٹر کی ہدایت پر چھوڑ دیا ہے، مگر کبھی کبھی سگریٹ پیتے ہیں، لیکن کبھی ہم نے ذاکر صاحب کو سگریٹ یا سگار پیتے ہوئے نہیں دیکھا ۔ کیا یورپ میں بھی اسموکنگ کا شوق نہیں رکھتے تھے یا بعد میں جامعہ کے ماحول اور حالات کی وجہ سے چھوڑ دیا؟ یہ مجلس خاصی بے تکلف اور غیر سنجیدہ تھی، ذاکر صاحب کا نام آتے ہی مجیب صاحب سنجیدہ ہوگئے اور فرمایا: ارے وہ؟ وہ تو صحیح معنی میں سردار تھے، واقعی بڑے آدمی تھے، اسموکنگ کو بہت برا سمجھتے تھے، شراب کا تو تصور بھی نہیں کر سکتے تھے، دلآویز شخصیت کے مالک تھے، ان کی گفتگو میں بھی بڑی دلکشی ہوتی تھی، لیکن عورتوں سے ملنے جلنے میں بڑی احتیاط برتتے تھے اور ان سے بہت زیادہ خلط ملط کو پسند نہ کرتے تھے ۔

میں نے طالب علمی کے زمانے میں، خاص طور پر، محسوس کیا ہے کہ وہ نصیحت یا پند و وعظ کے قائل نہ تھے، وہ طالب علموں میں جو بات پیدا کرنی چاہتے تھے، اس کو اپنے عمل سے ان کے دلوں میں جاگزیں کرنے کی کوشش کرتے ۔ مثلاً کالج کی عمارت میں ایک اتحادی دوکان تھی، وقفہ (انٹرول) میں طالب علم اس سے ٹافی وغیرہ خرید کر کھاتے اور اس کا کاغذ وہیں پھینک دیتے ۔ ذاکر صاحب کو یہ بات بہت ناپسند تھی، مگر زبان سے کبھی کچھ نہ کہتے بلکہ جب کبھی ادھر سے گزرتے، تمام کاغذ چن چن کر اٹھاتے اور ردی کے ٹین میں ڈال دیتے ۔ ان کے اس عمل کا نتیجہ یہ ہوا کہ جب کوئی طالب علم کوئی ردی چیز سڑک پر یا دوکان کے سامنے پھینک دیتا، تو دوسرے طالب علم اس کو ٹوکتے اور اگر وہ خود نہ اٹھاتا تو دوسرے طلبا اٹھا کر ردی کے ٹین میں ڈال دیتے ۔ اسی طرح کی ایک اور مثال لیجیے ۔ ان کا مکان کالج کے کمپاؤنڈ کے بالکل پاس تھا، صرف ایک گلی دونوں کے

درمیان حدِ فاصل تھی۔ طالب علموں کی مذہبی زندگی کیسی ہوتی ہے، خصوصاً نماز کی پابندی وہ کس حد تک کرتے ہیں، مجھے معلوم نہیں کہ آپ لوگوں میں سے کتنے لوگوں کو اس کا تجربہ یا مشاہدہ ہے، مگر میں نے دو عربی اور مذہبی درسگاہوں کے ہوسٹل میں ۸۔۱۰ سال زندگی گزاری ہے اور دو سال مسلم یونیورسٹی کے ہوسٹل میں اور پانچ سال جامعہ کے ہوسٹل میں۔ ان میں سے سبھی کی حالت قریب قریب یکساں ہے، میں اپنے ذاتی تجربے کی بنا پر کہہ سکتا ہوں کہ کوئی بھی اپنے شوق سے نہیں پڑھتا، صرف احتساب اور سزا کے ڈر سے پڑھتا ہے۔ اِلّا ماشاءاللہ۔ ذاکر صاحب اس معاملے میں بھی اپنی زبان سے کچھ کہے بغیر محض اپنے عمل سے طالب علموں میں احساس پیدا کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ اکثر خاص طور پر صبح کی نماز کے وقت، چپکے سے نماز کے ہال میں آکر بیٹھ جاتے تھے، بس پھر کیا ہے، ہر طرف بھاگ دوڑ شروع ہوجاتی تھی اور لوگ بستروں سے اٹھ اٹھ کر ہال کی طرف دوڑ پڑتے۔ ایک مرتبہ ہوسٹل کے صحن میں ہم لوگ تاش کھیل رہے تھے، وہ اپنے مکان سے نکل کر اُدھر سے گزر رہے تھے، اتفاقاً نظر پڑ گئی اور صحن میں آ گئے۔ ہم سب گھبرا کر اُٹھ گئے۔ اُنہوں نے کسی قسم کی خفگی یا تنغص کا اظہار کیے بغیر فرمایا! کھیلیے، کھیلیے، افسوس کہ مجھے نہیں آتا، ورنہ میں بھی شریک ہوجاتا۔ ان کے اس ارشاد پر ہمیں اس سے کہیں زیادہ شرمندگی ہوئی، جتنی کسی نصیحت یا خفگی سے ہوتی۔

نماز کا ذکر آگیا ہے تو اس سلسلے کی کئی باتوں کا ذکر کردوں۔ میرا تعلق ذاکر صاحب سے تقریباً بارہ[۱۲] سال رہا ہے، اس میں سے پانچ سال بحیثیت طالب علم کے اور سات سال بحیثیت کارکن جامعہ کے۔ اس کے بعد ذاکر صاحب جامعہ سے چلے گئے، مگر جامعہ آتے رہے اور ملاقات ہوتی رہی۔ اس بارہ[۱۲] سال کی مدت کے بارے میں تو میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ پابندی سے نماز پڑھتے تھے اور شعائرِ اسلام کا بےحد احترام کرتے تھے، مگر غلو سے کبھی کام نہ لیتے، ایسی باتوں سے بچتے، جس سے ریاکاری کا شبہ ہو، اور عبادت کو اپنی شہرت اور دوسروں کی زحمت کا باعث نہ بناتے۔ ایک مرتبہ، جب وہ نائب صدر جمہوریہ تھے، جامعہ کے کسی جلسے میں شرکت کے لیے تشریف لائے تھے۔ جلسے کے بعد جانے لگے، تو مجیب صاحب نے چائے کے لیے اصرار کیا، انھوں نے معذرت کی اور فرمایا کہ بہت ضروری کام ہے، میرا جانا ضروری ہے! اسی درمیان میں زیدی صاحب آ گئے (کرنل بشیر حسین زیدی) اور ان سے کچھ باتیں ہونے لگیں، یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں کہ مغرب کی اذان ہوگئی، اسی وقت جانے کا ارادہ ملتوی کردیا اور نماز میں شریک ہوگئے۔ میرا ذاتی احساس ہے کہ کوئی دوسرا ہوتا تو چلا جاتا اور مجھے اس کا بھی یقین ہے کہ کوئی کچھ نہ کہتا، وہاں کوئی مولانا ماجد نہیں تھا، مگر ان کے ضمیر نے گوارا نہیں کیا کہ اذان کے بعد وہ بغیر نماز ادا کیے چلے

سے چلے جائیں۔ نائب صدر جمہوریہ ہی کے زمانے کا ایک اور واقعہ ہے۔ وہ تو نائب صدر جمہوریہ ہی تھے مگر رادھاکرشنن
دلی سے کہیں باہر گئے ہوئے تھے اور ذاکر صاحب ان کے قائم مقام تھے۔ ذاکر صاحب نے اپنے نائب صدر جمہوریہ
کی مدت میں بارہا قائم مقام کی حیثیت سے فرائض انجام دیے ہوں گے، مگر یہ پہلا موقع تھا کہ وہ قائم مقام
کی حیثیت سے راشٹرپتی تھے۔ جب جمعہ کا دن آیا تو غالباً کچھ لوگوں نے مشورہ دیا کہ وہ جمعہ کی نماز دلی کی
جامع مسجد میں ادا کریں۔ مشورے کی بات میں نے اس لیے کہی ہے کہ اس میں ظاہرداری کا نمایاں پہلو ہے اور
یہ بات ذاکر صاحب کے مزاج اور طبیعت کے خلاف ہے۔ ممکن ہے یہ مشورہ زیدی صاحب نے دیا ہو یا کم از کم مشورہ
دینے والوں میں وہ بھی رہے ہوں، کیونکہ راشٹرپتی بھون سے زیدی صاحب ہی کا جامعہ فون آیا تھا کہ ذاکر صاحب
جامع مسجد میں جمعہ پڑھنے جائیں گے، لوگوں کے ہجوم سے بچانے کے لیے جامعہ کے کچھ لوگ وہاں پہنچ جائیں۔ جو لوگ جامعہ
سے گئے تھے، ان میں ایک یہ خاکسار بھی تھا۔ وہاں جانے کے بعد معلوم ہوا کہ جامع مسجد کا مشرقی دروازہ عام
پبلک کے لیے بند کر دیا گیا ہے، صرف ذاکر صاحب اس سے داخل ہوں گے۔ ہم نے ذاکر صاحب کی جگہ کے لیے یہ
انتظام کیا تھا کہ پہلی صف میں، عین پیش امام کے پیچھے، جامعہ کے بہت سے لوگوں کو بٹھا دیا تھا تاکہ جب وہ آجائیں
تو ان کو جگہ دیدیں۔ مشرقی دروازے پر ذاکر صاحب کے خیر مقدم کے لیے پیش امام صاحب بنفس نفیس موجود تھے، ان کے ساتھ
میں بھی موجود تھا۔ وہ دروازے کے اندر تشریف رکھتے تھے اور میں باہر زینے پر کھڑا تھا۔ باہر سڑک پر انتظام کے
لیے پولیس تھی۔ عام لوگوں کو شاید سرکاری انتظام کا علم تھا یا پولیس کے اشاروں پر لوگ جنوبی اور شمالی دروازوں
سے مسجد میں، بہت ہی سکون کے ساتھ آ رہے تھے۔ مگر حافظ علی بہادر خاں صاحب خاص طور پر مشرقی دروازے کی
طرف بڑھے۔ ان کے لیے قریب ترین راستہ شمالی دروازہ تھا، لیکن ان کا مقصد تو سرکاری انتظام کی خلاف ورزی تھا
اس لیے قریب کا راستہ چھوڑ کر انھوں نے دور کا راستہ اختیار کیا۔ ممکن ہے پولیس نے ان کو نرمی کے ساتھ روکنے
کی کوشش بھی کی ہو، لیکن جب انھوں نے ایک خاص مقصد کے ساتھ ایک ارادہ کر لیا تھا تو سختی کے ساتھ انھیں
روکنے میں بدمزگی پیدا ہونے کا امکان تھا، اس لیے بغیر کسی روک ٹوک کے وہ مشرقی دروازے سے مسجد میں
داخل ہوئے۔ ذاکر صاحب نے حسب پروگرام نماز ادا کی، مگر نماز سے تمام انتظامات کے باوجود واپسی میں دقت
پیش آئی؛ ہر شخص ان کو قریب سے دیکھنا چاہتا تھا اور بہت سے لوگ مصافحہ کرنے کی بھی کوشش کرتے تھے۔ اس کے
بعد اردو اخبارات کے ایک مخصوص حلقے میں بڑی لے دے ہوئی۔ کسی نے لکھا کہ مسجد کی بے حرمتی ہوئی اور
عین نماز کے وقت فوٹو لیے گئے، کسی نے اعتراض کیا کہ مشرقی دروازہ عام نمازیوں کے لیے بند کر کے [illegible]

کا ارتکاب کیا گیا ہے۔ اس سے پہلے ذاکر صاحب نے دارالمصنفین اعظم گڑھ کی جوبلی کے موقع پر، مغرب کی نماز، صحن کے آخری حصے میں نمازیوں کے جوتوں کے قریب ادا کی تھی، اس وقت بھی وہ نائب صدر جمہوریہ تھے اور نماز میں اس وقت پہنچے تھے جب جماعت کھڑی ہو گئی۔ مولانا عبدالماجد صاحب نے لکھا کہ ہم تو قائم مقام صدر جمہوریہ سے یہی توقع رکھتے تھے کہ اعظم گڑھ کی طرح؟ جہاں انھیں جگہ مل جاتی وہیں نماز ادا کر لیتے، چاہے وہ جامع مسجد کی سیڑھیاں ہی کیوں نہ ہوں۔ میں نے دلی کے اخبارات کے اعتراضات کا تفصیل سے جواب لکھا تھا جو روزنامہ 'الجمعیۃ' میں چھپا تھا، فوٹو کے بارے میں لکھا تھا کہ میں نے خود اوّل صف میں نماز ادا کی ہے، نماز کے دوران کوئی فوٹو نہیں لیا گیا، ثبوت یہ دیا تھا کہ کسی اخبار میں کوئی ایسا فوٹو شائع نہیں ہوا ہے جو نماز کے دوران لیا گیا ہو؛ جتنے فوٹو شائع ہوئے ہیں، وہ اس وقت کے ہیں جب وہ مسجد میں یا تو داخل ہو رہے ہیں یا نماز کے بعد واپس آ رہے ہیں اور ہجوم ان کو دیکھنے یا ان سے ہاتھ ملانے کی کوشش کر رہا ہے۔ اس واقعہ کے بعد جہاں تک مجھے معلوم ہے انھوں نے دوبارہ جامع مسجد میں نماز ادا کرنے کی کوشش نہیں کی۔ عیدین کی نماز وہ ہمیشہ جامعہ میں پڑھا کرتے تھے۔ آخری نماز جو انھوں نے ادا کی ہے، وہ بیٹھ کر پڑھی ہے، کیونکہ ان کے گھٹنے میں درد تھا، کھڑے ہو کر پڑھنا ممکن نہ تھا اور مجیب صاحب کے ارشاد، ان کی بغل میں ایک صف میں بھی تھا۔

ایک اور واقعہ ملاحظہ ہو: ذاکر صاحب آسام کے سرکاری دورے پر تشریف لے گئے تھے، مجھے اس وقت یہ یاد نہیں کہ اس وقت وہ نائب صدر جمہوریہ تھے یا صدر جمہوریہ۔ میرے ایک کلاس فیلو، اس ریاست کی جماعت اسلامی کے امیر تھے۔ انھوں نے ایک موقع پر، میری موجودگی میں، ذاکر صاحب سے شکایت کی کہ وہ نماز جمعہ کے لیے مسجد تشریف نہیں لائے، ان کے جواب میں پہلی بات یہ کہی کہ میں مسافر تھا، جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا فرائض میں داخل نہیں ہے، دوسری بات یہ فرمائی کہ میرے گھٹنے میں درد تھا، یہ مجبوری بھی تھی۔ میرے دوست اور ساتھی نے فرمایا کہ آپ بیٹھ کر پڑھ لیتے۔ انھوں نے فرمایا کہ لوگوں کے سوالات کے جوابات کہاں تک دیتا، اور نہ جانے مطمئن بھی کر پاتا یا نہیں۔ میرے خیال میں انھوں نے شرعی عذر محض ریاستی امیر جماعت اسلامی کے خیال سے فرما دیا، ورنہ اصل وجہ وہی رہی ہوگی جو انھوں نے بعد میں کہی تھی۔

ذاکر صاحب کا خصوصی مضمون معاشیات تھا اور وہ مشہور ہوئے ایک ماہر تعلیم کی حیثیت سے، مگر میرے خیال میں ان دونوں خصوصیات کے علاوہ ان میں ایک اور خصوصیت تھی جسے ماہر نفسیات کے لفظ سے ادا کر سکتے

ب۔ وہ انتہائی ذہین تھے اور ان کی نظر بڑی دوررس تھی۔ کوئی جاننے والا ملنے کے لیے آتا تو اظہارِ مدعا سے پہلے
عموماً اس کا مقصد سمجھ جاتے اور اگر کوئی نیا شخص ہوتا تو ایک دو جملے کے بعد ہی اصل غرض سمجھ جاتے اور اسی
ازسے گفتگو کے لیے اپنے آپ کو تیار کر لیتے۔ اگر ملنے والا جامعہ کا طالب علم یا اُستاد یا کارکن ہوتا تو عام
رپر وہ اپنی گفتگو میں مخالف پہلو اختیار کر لیتے اور ایسی بحث کرتے کہ آدمی زچ ہو جاتا۔ ایک واقعہ ہے کہ
بائے کالج کی یونین 'انجمن اتحاد' کا سالانہ جلسہ تھا۔ میں جس پارٹی سے تعلق رکھتا تھا' وہ الکشن میں کامیاب
ئی تھی، میں سکریٹری منتخب ہوا تھا اور میرے ایک دوسرے ساتھی علوی صاحب صدر۔ اس سے پہلے ہم لوگوں
تعلق حزبِ اختلاف کی حیثیت سے تھا۔ اس لیے زیرِ تذکرہ سالانہ جلسے میں ہم لوگوں نے خوب خوب اعتراضات
ے اور کوشش کی کہ سالانہ رپورٹ منظور نہ ہو۔ ذاکر صاحب بحیثیت شیخ الجامعہ جلسے کے صدر تھے' انھوں نے
ی ایک بجے چلنے دس بجے اور منتخب صدر علوی صاحب کو اسی رات کو ایک آل انڈیا ڈبیٹ میں شرکت کے
علی گڑھ جانا تھا۔ ہم نے جب دیکھا کہ خواہ مخواہ کی تاخیر ہو رہی ہے' جب تک اعتراضات کا سلسلہ جاری رہے گا
پنی گدیاں سنبھال نہ سکیں گے' دوسرے اگر بہت تاخیر ہوئی تو ہماری ٹرین چھوٹ جائے گی' اس لیے یکلخت
نے اپنا رویہ بدل دیا۔ ذاکر صاحب فوراً سمجھ گئے' اب تک وہ اعتراضات کی حوصلہ شکنی کر رہے تھے' اب اعتراضات
لیے دعوت دینے لگے۔ ہم نے گھبرا کر عرض کیا کہ جلسے میں خواہ مخواہ کے لیے دیر ہو رہی ہے رپورٹ کے بارے
اب کوئی خاص بات کہنے کے لیے نہیں' کہنے والے اب تک کہنے کے لیے کونسی بات تھی کہ آپ لوگ خواہ مخواہ کی
وٹیں ڈال رہے تھے۔ بہرحال رپورٹ منظور ہوئی' نئے صدر نے اپنا خطبہ پڑھا' میں نے نئے سکریٹری کی
یت سے حاضرینِ جلسہ اور صدرِ جلسہ کا شکریہ ادا کیا اور جلسہ برخاست ہوا۔ جب ہم لوگ وہاں سے روانہ
نے لگے' تو ذاکر صاحب نے مجھے بلا کر فرمایا کہ علوی کے پائجامے کی میانی پھٹی ہوئی ہے' ان سے کہیے کہ پائجامہ بدل
' ورنہ علی گڑھ کے طلبا بڑا مذاق اڑائیں گے۔

یہ واقعہ تو اس وقت کا ہے جب ہم لوگ یونین میں برسرِ اقتدار آ گئے تھے' اب ایک واقعہ اس وقت
ن لیجیے جب ہم اقتدار سے الگ رہے تھے' اس سے ذاکر صاحب کی سوجھ بوجھ اور تدبر کا اندازہ ہوتا ہے۔
ے ایک دوست اور کلاس فیلو' ہم سے پہلے یونین کے سکریٹری منتخب ہوئے تھے اور کسی بات پر ناچکر
ن مہینے کے بعد ہی' ہماری خواہش کے علی الرغم استعفا دے دیا۔ اب ہم لوگ دوبارہ ان کو سکریٹری بنانا چاہتے
کہ یونین کے دستور کے مطابق سکریٹری کے عہدہ کے لیے وہ امیدوار نہیں ہو سکتے تھے' البتہ صدر کے عہدے

کے لیے کھڑے ہو سکتے تھے، مگر اس کے لیے ان کی کامیابی کی امید نہیں تھی۔ اس لیے میں نے سوچا کہ دستور میں ایسی تبدیلی کر دی جائے کہ سکریٹری کے عہدے کے لیے وہ الکشن میں کھڑے ہو سکیں۔ دستور میں دو دفعات تھیں، ایک یہ کہ جو سکریٹری کم از کم چھ ماہ کام کرے گا، وہ یونین کا لائف ممبر ہوگا، دوسری دفعہ تھی کہ جو شخص ایک مرتبہ سکریٹری منتخب ہو چکا ہے، وہ دوبارہ سکریٹری کے عہدے کے لیے امیدوار نہیں ہو سکتا، صرف صدارت کے لیے امیدوار ہو سکتا ہے۔ میں جانتا تھا کہ دوسری دفعہ کا مقصد یہ ہے کہ جو شخص لائف ممبر ہو گیا ہے، وہ دوبارہ سکریٹری کے عہدے کے لیے الکشن نہیں لڑ سکتا۔ مگر اس دفعہ کے الفاظ اس مطلب کا ساتھ نہیں دے رہے تھے، اس لیے مجھے یقین تھا کہ الکشن کے موقع پر ہمارے دوست کا نام سکریٹری کے لیے نامنظور ہو جائے گا، اس لیے الکشن سے پہلے ان دونوں دفعات میں مناسب ترمیم ضروری تھی مگر دقت یہ تھی کہ ہاؤس میں ہماری اکثریت اقلیت میں بدل گئی تھی اس لیے کوئی اہم ترمیم ہاؤس سے منظور کرانا مشکل تھا، مگر اس کے علاوہ اور کوئی شکل بھی نہیں تھی، اس لیے ہم نے ہمت کر کے دستور پر نظر ثانی کے لیے ایک کمیٹی کی تشکیل کے لیے ہاؤس میں تجویز رکھی۔ چالاکی یہ کی کہ کمیٹی میں مخالفین کی تعداد زیادہ رکھی تاکہ کسی کو کوئی شبہہ نہ ہو اور یہ تجویز اور کمیٹی دونوں منظور ہو جائیں۔ ہاؤس میں نظر ثانی کی تجویز کی مخالفت کی گئی، مگر میری احتیاط کام آئی اور دونوں تجاویز منظور ہو گئیں۔ کمیٹی کا کنوینر ظاہر ہے میں تھا، صدر مخالف گروپ کا رکھا اور اراکین میں بھی ان ہی کی اکثریت تھی۔ میں نے نظر ثانی شدہ دستور کا مسودہ تیار کر کے کمیٹی میں پیش کیا اور اس کے بعد ہاؤس میں پیش ہوا اور بالآخر منظور ہو گیا۔ میں نے بڑی ہوشیاری کے ساتھ مذکورہ بالا دونوں دفعات کو باقی رکھتے ہوئے اس اضافے کے بعد ان کا تضاد دور کر دیا کہ: بشرطیکہ سکریٹری لائف ممبر ہو گیا ہو۔ اس طرف کسی کا ذہن نہیں گیا اور جوں کا توں دستور منظور ہو گیا۔ مگر ابھی مشکل باقی تھی، وہ یہ کہ چھ ماہ کے اندر اندر ہاؤس کا کوئی فیصلہ بدلا جا سکتا تھا۔ الکشن کا زمانہ آگیا اور چھ ماہ کی مدت ابھی باقی تھی، اس لیے میں نے اس ترمیم کا کسی سے ذکر نہیں کیا اور حزب خلاف سے کوشش کرتا رہا کہ وہ میرے دوست کی تجویز پر اعتراض نہ کریں، مگر وہ لوگ تیار نہیں ہوئے، بالآخر ہاؤس میں نئے انتخابات کے لیے تجاویز پیش ہوئیں اور جب اس تجویز پر اعتراض کیا گیا تو ہم نے عرض کیا کہ دستور کی ترمیم شدہ دفعہ کے مطابق اگر کوئی شخص لائف ممبر نہ ہوا ہو تو وہ امیدوار ہو سکتا ہے۔ جب لوگوں کو اس ترمیم کا علم ہوا تو لوگوں نے دستور کی اس ترمیم پر دوبارہ غور کرنے کے ... ہاؤس کا جلسہ بلانے کا مطالبہ کیا، ہم نے بلانے سے انکار کر دیا۔ اب لوگوں نے شیخ الجامعہ سے شکایت کی، اس [illegible] ذاکر صاحب کہیں باہر گئے ہوئے تھے اور پروفیسر محمد مجیب صاحب قائم مقام شیخ الجامعہ تھے۔ مجیب صاحب

بحیثیت شیخ الجامعہ حکم دیا کہ ہاؤس کا جلسہ بلایا جائے اور قاعدے کے مطابق ترمیم پر دوبارہ غور کرنے کا موقع
جائے۔ ہم نے اس حکم کو ماننے سے انکار تو نہیں کیا مگر جلسہ بھی نہیں بلایا۔ اس عرصے میں ذاکر صاحب واپس
ئے اور ان کے سامنے یہ مسئلہ پیش ہوا۔ اب دونوں بزرگوں کے سوچنے کا فرق ملاحظہ ہو، مجیب صاحب نے
تور کے صرف الفاظ دیکھ کر ایک حکم دیا اور جمہوریت کی اسپرٹ پر غور نہیں کیا اور ذاکر صاحب نے جمہوریت کی
ح اور مقصد کو سامنے رکھ کر ایک فیصلہ کیا۔ انھوں نے دو باتیں فرمائیں : ایک یہ کہ واقعی ان دونوں
بات میں تضاد تھا اور اس کو دور کرنا ضروری تھا؛ انھوں نے مزید فرمایا کہ اگر ایک شخص سکریٹری منتخب ہو
، مگر مدت پوری نہ کرنے کی وجہ سے وہ لائف ممبر نہیں ہو سکا، تو آخر وہ دوبارہ الکشن میں امیدوار ہونے
ے کیوں محروم کر دیا جائے۔ دوسری بات انھوں نے یہ فرمائی کہ یہ ترمیم کسی شخص کو منتخب نہیں کرتی صرف کھڑے
نے کا حق دیتی ہے، اگر اکثریت کسی شخص کو سکریٹری بنانے کے لیے تیار نہیں ہے تو وہ بہر حال منتخب نہیں
گا۔ ان دو مختلف رولنگ میں جو بنیادی فرق ہے اس سے دو عظیم شخصیتوں کے طریقِ فکر کا اندازہ کر سکتے
یں؛ جہاں تک میرا سوال ہے، دونوں میرے استاد ہیں اور میرے لیے دونوں یکساں محترم اور معزز۔

ذاکر صاحب کی ایک خصوصیت یہ تھی کہ وہ لوگوں کے اعتراضات کا جواب نہیں دیتے تھے۔ وہ کہتے
، اس سے کوئی مفید نتیجہ نہیں نکلتا، بلکہ ضد اور بدمزگی میں اور اضافہ ہوتا ہے۔ ۳۷-۱۹۳۶ء میں جب بنیادی
ی تعلیم کی اسکیم شائع ہوئی جسے عرفِ عام میں "وردھا اسکیم" کہتے ہیں، تو ذاکر صاحب اور جامعہ پر مسلم لیگ
طرف سے سخت اعتراضات کیے گئے، مگر ذاکر صاحب بالکل خاموش رہے اور جامعہ کے لوگوں کو سخت ہدایت کر دی
وئی شخص جواب نہ دے۔ ان کا کہنا تھا کہ جو بھی اعتراض کیا جائے، اس پر غور ضرور کرنا چاہیے، اگر کوئی اعتراض
یح ہو تو اسے مان لینا چاہیے مگر بحث سے بچنا چاہیے۔ جس طرح پورے ملک میں یہ اسکیم مابہ النزاع تھی، اسی
ح جامعہ کے طلبا اور اساتذہ میں بھی تھی۔ اس زمانے میں غلام احمد پرویز صاحب "طلوعِ اسلام" کے نام سے
ماہانہ رسالہ نکالتے تھے، اس میں انھوں نے وردھا اسکیم کے خلاف مضامین کا ایک سلسلہ شروع کر رکھا تھا
ر انھیں اور ان کے حلقے کو شکایت تھی کہ اگر یہ اعتراضات غلط ہیں تو ذاکر صاحب جواب کیوں نہیں دیتے؟ اسی
ح کی باتیں جامعہ کے وہ طالب علم بھی کہتے تھے جن کے والدین پرویز صاحب کے حلقے اور حکومتِ ہند کے سکریٹریٹ
تعلق رکھتے تھے اور مجھ جیسے لوگ ذاکر صاحب کے اس عبد فلسفے سے متفق نہیں تھے؛ اس لیے میں نے
ویز صاحب کے اعتراضات کے جواب میں ایک طویل مضمون لکھا اور وہ حضرت جوش کے ماہانہ رسالہ "کلیم" میں

شائع ہوا۔ میں نے یہ مضمون یہ سمجھ کر لکھا تھا کہ پرویز صاحب ایک طالب علم کا جواب نہیں دیں گے۔ ذاکر صاحب نے ایک روز مجھے دیکھ لیا تو بلا کر فرمایا کہ اس مضمون کی ضرورت کیا تھی، اس طرح کی بحثوں میں اُلجھنا نہیں چاہیے، اس کے علاوہ اعتراض کرنے والوں کو مخالفت کو جاری رکھنے کا موقع ملتا ہے، اگر آپ جواب میں ایک صفحہ لکھیں گے وہ دس صفحے لکھیں گے، آپ خاموش رہیں گے تو کچھ دنوں میں وہ بھی خاموش ہو جائیں گے۔ میں نے عرض کیا کہ آپ اطمینان رکھیں کہ پرویز صاحب مجھ جیسے چھوٹے آدمی کو جواب نہیں دیں گے اور مجھے اپنے ساتھی طالب علموں کو خاموش کرنے کے لیے یہ مضمون لکھنا ضروری تھا۔

ذاکر صاحب میں مروّت بہت تھی، اتنی زیادہ کہ کبھی کبھی محض مروّت میں وہ کر گزرتے جو ان کے اصول اور طبیعت کے بالکل خلاف ہوتا۔ دلّی میں ایک مشہور انجینئر تھے، جنھوں نے دِلّی کے فسادات کے بعد مہاجروں کے کاموں میں ذاکر صاحب کے ساتھ کام کیا تھا۔ اس زمانے میں بھی جب لوگ ان کے خلوص پر شبہہ کرتے تو ذاکر صاحب کہا کرتے کہ میں ان سے اچھی طرح واقف ہوں، میں یہ بھی جانتا ہوں کہ ان کی ایک جیب میں پاسپورٹ اور دوسری جیب میں پاکستان کا ویزا تیار رکھا رہتا ہے، وہ کسی وقت بھی پرواز کر سکتے ہیں، مگر جب تک وہ اس کٹھن کام میں ساتھ دے رہے ہیں میں انکار کیسے کر سکتا ہوں۔ بعد میں انھوں نے اپنی اس "خدمت" کی دوگنی قیمت وصول کرنی شروع کی تو اس سے ذاکر صاحب پریشان بھی ہوئے اور ان کی اچھی خاصی بدنامی بھی، مگر جب ان کے بے تکلف دوست احباب ذاکر صاحب سے اس کی شکایت کرتے تو فرماتے: "اچھوں کے تو سب ساتھی ہوتے ہیں، بُروں کا بھی تو کوئی ہو۔"

ذاکر صاحب کے پاس سفارش کے لیے بہت سے لوگ آتے: ان کے ساتھ ان کا سلوک یا ہوا کبھی کچھ ہوتا، کبھی کچھ مگر شاذ ہی ان کی مدد کرتے۔ میں نے ایک مرتبہ اپنے ایک دوست کے لیے سفارش کی جنھوں نے دلّی کی ایک جگہ کے لیے درخواست کی تھی اور ذاکر صاحب اس کی سلکشن کمیٹی کے چیرمین ہوا کرتے تھے۔ میں نے امیدوار کے بارے میں کہا تھا کہ وہ بہت قابل ہیں۔ ذاکر صاحب نے فرمایا کہ آپ کا امیدوار یقیناً اتنا ہی اچھا ہوگا، جتنا آپ نے فرمایا ہے، مگر دعا کیجیے کہ دوسرے امیدوار گدھے ہوں، کیونکہ ہو سکتا ہے کہ کوئی امیدوار آپ کے امیدوار سے بھی زیادہ قابل ہو۔ ایک صاحب نے جو میرے ہم وطن اور علی گڑھ کے اولڈ بوائے تھے، ذاکر صاحب کی وائس چانسلرشپ کے زمانے میں علی گڑھ سے ایم۔ ایس سی کیا تھا، انھوں نے ذاکر صاحب سے، جب اب صدر جمہوریہ تھے، یہ شکایت کی کہ فلاں پوسٹ کے لیے ان کا سلکشن ہو گیا تھا، مگر محض تعصب میں

میں مجھے اَن فٹ کر دیا گیا، اگر آپ فلاں سے اشارۃً بھی فرما دیں تو میرا بگڑا کام بن سکتا ہے، ذاکر صاحب نے پوری شدت سے ان صاحب کے کہنے سے انکار کر دیا۔ وہ جذبات میں بہت کچھ کہہ دیتے تھے۔ اگر مخاطب جامعہ کا یا علی گڑھ کا طالب علم رہ چکا ہو۔ یہ صاحب بہت مایوس آئے اور ہر ایک سے ذاکر صاحب کی بُرائی کرتے تھے، مگر ذاکر صاحب نے کیا کیا؟ انھیں یہ بات یاد تھی، جب متعلق افسر سے کسی موقع پر ملاقات ہوئی تو صرف اس قدر فرما دیا کہ ذرا فلاں معاملے کو دیکھ لیجیے گا؛ ان کے ساتھ کوئی زیادتی تو نہیں ہوئی۔ اتنا اشارہ ہی کافی تھا، ان کا کام بن گیا۔ ایک صاحب ذاکر صاحب کے پاس سفارش کے لیے آئے، اس وقت ذاکر صاحب کو سخت بخار تھا اور موسم بھی اچھا نہیں تھا۔ انھوں نے ذاکر صاحب سے ملنے کی خواہش کی؛ جو لوگ وہاں موجود تھے، انھوں نے انھیں سمجھانے کی کوشش کی اس وقت ملاقات مناسب نہیں ہے، مگر وہ اس کے لیے بالکل تیار نہیں تھے، یہ گفتگو برآمدے میں ہو رہی تھی اور ذاکر صاحب لیٹے ہوئے کمرے میں تھے، جب انھوں نے دیکھا کہ آنے والے صاحب اپنی ضد پر اڑے ہوئے ہیں، تو اسی بخار کی حالت میں باہر آ گئے اور فرمایا کہ چلیے کہاں چلنا ہے میں تیار ہوں۔ ذاکر صاحب کی یہ کیفیت اس وقت ہوتی تھی جب وہ انتہائی غصّے میں ہوں، کبھی تو ان کی یہ کیفیت سمجھ میں آ جاتی تھی اور کبھی بالکل سمجھ میں نہیں آتی تھی اور مخاطب اس غلط فہمی میں ہوتا تھا کہ وہ نارمل حالت میں پوری سنجیدگی کے ساتھ کہہ رہے ہیں۔

ذاکر صاحب کے غصّے پر ایک اور بات یاد آ گئی۔ غالباً ۶۵ء کی جنگ کا زمانہ تھا اور وار فنڈ کے لیے چندے وصول کیے جا رہے تھے، ایک جلسے میں ذاکر صاحب کو شرکت کے لیے دعوت دی گئی جس میں بڑے چندوں کے اعلانات کیے جانے والے تھے۔ نہ جانے کیسے اس جلسے میں میں بھی پہنچ گیا۔ جلسے کی کارروائی بہت تاخیر کے ساتھ شروع کی گئی۔ جلسہ ایک وسیع شامیانے کے اندر رکھا گیا تھا اور جو اسٹیج تیار کیا گیا تھا کچھ اس قسم کا تھا جیسا رام لیلا کے لیے گاؤں وغیرہ میں بنایا جاتا ہے، منتظمین بھی کچھ اچھے ذوق کے نہیں تھے، مجھے حیرت تھی کہ ذاکر صاحب جیسا خوش مذاق آدمی یہاں کیسے آ گیا۔ یہ صحیح تھا کہ وہ حکومتِ ہند کے ایک اہم عہدہ دار تھے، "وار فنڈ" کی اہمیت بھی اپنی جگہ مسلّم، مگر ذاکر صاحب کی شخصیت بھی تو کوئی چیز ہے؟ میں اسی قسم کی باتیں سوچ رہا تھا کہ جلسے کی کارروائی ختم ہوئی اور منتظمین جلسہ نے ذاکر صاحب سے کچھ فرمانے کی درخواست کی۔ ذاکر صاحب بادلِ ناخواستہ اٹھے اور اسٹیج کی طرف روانہ ہوئے۔ ہر پروگرام کے بعد اسٹیج کا پردہ کھینچ دیا جاتا تھا، یہاں لطیفہ پیش آیا کہ جب ذاکر صاحب زینہ چڑھ کر اسٹیج کے دروازے پر پہنچے تو وہ صاحب جو آگے آ گئے تھے، انھوں نے

پردہ ہٹانے کی کوشش کی، نہ جانے کیا غلط فہمی ہوئی کہ اسٹیج والوں نے اسے روکنے کی کوشش کی، اس پر تھوڑی سی کشمکش ہوئی جس کو دیکھ کر جلسے والے ہنس پڑے۔ خیر جب پردہ ہٹا اور ذاکر صاحب اسٹیج پر پہنچے اور تقریر شروع کی تو ان کا چہرہ دیکھنے اور تقریر سننے کے قابل تھی۔ انھوں نے فرمایا کہ میں اس شرط پر آیا تھا کہ مجھے کچھ کہنا نہیں ہوگا، مگر اب جب مجھ سے کچھ کہنے پر اصرار کیا گیا ہے تو جو کچھ میں کہوں گا اسے سننا پڑے گا۔ اس کے بعد جلسے کی تاخیر اور نہایت بھونڈے انداز میں چندوں کے اعلانات پر بڑی کھری کھری سنائی۔ ان کی ایسی تقریر میں نے کبھی نہیں سنی تھی۔

ذاکر صاحب میں ایک خاص بات یہ تھی کہ وہ الم غلم ہر چیز پڑھتے تھے، اپنی انتہائی مصروفیات کے باوجود نہ جانے کہاں سے اس کے لیے وقت نکال لیتے تھے۔ پروفیسر مجیب صاحب، جو ذاکر صاحب کے گہرے اور مخلص دوستوں میں سے ہیں اور جامعہ سے جانے کے بعد وہی ذاکر صاحب کے جانشین مقرر ہوئے، ان کے بالکل برعکس تھے اور ہیں۔ وہ سوائے کسی ایک انگریزی روز نامے کے کوئی اخبار یا رسالہ نہیں پڑھا کرتے تھے، خاص طور پر اردو کے اخبارات و رسائل تو بالکل نہیں پڑھا کرتے تھے۔ اس سے فائدہ اٹھا کر میں پوری آزادی کے ساتھ جو چاہتا تھا لکھا کرتا تھا۔ اگر کوئی میری شکایت کرتا تو مجھ سے پوچھتے تھے اور مشورہ دیتے تھے کہ اختلافی اور نزاعی امور پر نہ لکھوں۔ مگر یہ ناممکن تھا کہ جامعہ کا کوئی شخص کوئی چیز لکھے اور ذاکر صاحب کو فوراً اس کی اطلاع نہ ہو جائے۔ ذاکر صاحب نے جب جامعہ کی باگ ڈور سنبھالی تو ایک شرط یہ رکھی تھی کہ اب کوئی شخص عملی سیاست میں حصہ نہیں لے گا؛ اگر کسی کو حصہ لینا ہو تو جامعہ سے استعفا دے کر حصہ لے سکتا ہے۔ چنانچہ بعض لوگوں نے ایسا کیا بھی۔ مگر بالکل ابتدا میں جب کچھ لوگ جامعہ کو تعلیمی ادارے سے زیادہ تحریک خلافت کا ایک ذیلی ادارہ سمجھتے تھے۔ مگر بعد میں یہ خیال لوگوں کے ذہن سے نکل گیا اور سبھی لوگ تعلیمی خدمت میں لگ گئے اور عملی سیاست کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھتے تھے۔ چنانچہ ۴۲ء کی تحریک میں کچھ لوگوں نے گاندھی جی سے شکایت کی کہ اتنے اہم موقع پر جامعہ ملیہ کے لوگ جنگ آزادی سے بالکل بے تعلق ہیں۔ گاندھی جی نے جامعہ کی پالیسی کی تائید کی اور فرمایا کہ وہ لوگ جو کام کر رہے ہیں وہ بھی جنگ آزادی کا ایک اہم حصہ ہے، اگر وہ سیاست میں شریک ہو جائیں گے تو تعلیم کا یہ ضروری اور مفید کام تباہ ہو جائے گا۔ ۱۹۳۶ء کے عام انتخابات میں ریاست بہار کے موجودہ گورنر جناب قدوائی صاحب کی خواہش پر میں نے مسلمان کے ایک چچا کے الکشن میں کچھ کام کیا تھا، میں نے اخفا کی پوری کوشش کی تھی، رخصت کی درخواست میں لکھا تھا کہ ایک ضروری کام سے وطن جا رہا ہوں۔ مگر ذاکر صاحب کو اطلاع مل گئی اور جب میں واپس آیا تو بڑی محبت سے سمجھایا اور الکشن جیسی سرگرمیوں کے ضرر رساں پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ جب وہ

ریاست بہار کے گورنر کی حیثیت سے پٹنہ آ گئے، تو میں سمجھا تھا کہ اب فضول چیزیں پڑھنا چھوڑ دی ہوں گی، مگر مجھے تعجب ہوا جب اسی زمانے میں کسی موقع پر جامعہ گئے اور ایک عصرانے میں ان سے ملاقات ہوئی تو فوراً ہی سوال کیا کہ کہیے، آج کل کون سے مسائل زیرِ غور ہیں؟ اس زمانے میں میں نے ہفتہ وار اخبار "ہماری زبان" میں "عام فہم زبان"، "اُردو میں انگریزی الفاظ کا استعمال" اسی قسم کے بعض مسائل پر بحث چھیڑ رکھی تھی۔ ذاکر صاحب کا اشارہ ان ہی بحثوں کی طرف تھا۔ یہاں کا حال تو مجھے معلوم نہیں، مگر نائب صدر جمہوریہ اور صدر جمہوریہ کے زمانے کا مجھے اچھی طرح علم ہے کہ ان کے پاس جو اخبار، رسالے اور کتابیں جاتی تھیں، جب تک ان پر ایک نظر ڈال نہیں لیتے یا ان کے مطالعہ سے وہ ہٹائی نہیں جاتی تھیں، بہت سے لوگ اپنی تصانیف اور تخلیقات پر ان کی رائے بھی معلوم کرتے تھے اور عام طور پر وہ لوگوں کی حوصلہ افزائی فرمایا کرتے تھے، جس کی وجہ سے بعض لوگ بڑی غلط فہمی میں مبتلا ہو جاتے اور بعض لوگ ان کی ایسی رایوں سے انعامات یا ترقی یا کسی اور قسم کی منفعت کے مواقع پر فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے تھے۔

ذاکر صاحب عام طور پر لوگوں کے خطوط کے جوابات ضرور دیتے تھے اور نائب صدر جمہوریہ ہونے تک وہ خود اپنے ہاتھ سے جواب لکھتے تھے، اس کے بعد چونکہ خطوط کی تعداد بہت بڑھ گئی تھی، اس لیے سکریٹری کو خطوط لکھا دیتے یا ہدایت دیدیتے مگر دستخط خود کرتے تھے، ان کے سکریٹری کو یہ اختیار نہیں تھا کہ مولانا اجمل خاں صاحب کی طرح یہ لکھ دیتے کہ مولانا نے آپ کا خط دیکھ لیا ہے، انھوں نے یہ فرمایا ہے، وہ فرمایا ہے۔ میری معلومات کے مطابق اس کے خلاف صرف ایک مثال ہے جو بذاتِ خود بڑی دلچسپ مثال ہے اور اس سے ذاکر صاحب کی مخصوص مزاجی کیفیت کا اندازہ بھی کیا جا سکتا ہے۔ ایک صاحب نے ذاکر صاحب کو لکھا کہ میرے پاس آپ کے اتنے خطوط ہیں، آپ اجازت دیں تو انہیں شائع کرا دوں۔ ذاکر صاحب نے اپنی عادت کے خلاف اس خط کا جواب لکھا نہیں لکھوایا، اور اس پر خود دستخط نہیں کیے، سکریٹری کے دستخط سے بھیجا گیا۔ ذاکر صاحب نے جہاں یہ لکھا کہ ان خطوط کے جو وہ بھیج چکے، اب مالک وہ نہیں ہیں، مکتوب الیہ خود ہیں، وہ جو چاہیں کریں، وہاں یہ وضاحت بھی کر دی کہ یہ خط وہ خود اس لیے نہیں لکھ رہے ہیں کہ ان کے پاس یعنی مکتوب الیہ کے پاس جس قدر خطوط ہیں ان میں ایک اور کا اضافہ نہ ہو جائے۔

ذاکر صاحب کی زندگی اور عمل میں بعض لوگوں کو تضاد نظر آتا ہے، مگر جہاں تک میں سمجھتا ہوں، ایسا نہیں ہے۔ یہ غلط فہمی صرف اس لیے پیدا ہوتی ہے کہ کبھی وہ ایک بات پر زور دیتے ہیں اور کبھی دوسری بات پر، اور یہ غلط فہمی بھی صرف ان کو ہوتی ہے جو ذاکر صاحب کے مزاج، ان کی طبیعت اور ان کے چند خیالات سے پوری

طرح واقف نہیں ہوتے اور وہ بظاہر دو متضاد باتوں میں مطابقت یا تطابق پیدا کرنے سے قاصر ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر علی گڑھ کا ایک واقعہ پیش کرتا ہوں: وہ جب مسلم یونیورسٹی کے وائس چانسلر کی حیثیت سے علی گڑھ تشریف لے گئے، تو کچھ دنوں کے بعد ہوسٹلوں کا معائنہ کیا اور طالب علموں سے باتیں کیں۔ وہ ایک کمرے میں گئے، تو اس کی دیواریں تصاویر سے بالکل خالی تھیں۔ انھوں نے فرمایا کہ بھئی، کچھ تو ان دیواروں پر لگائیے، کچھ نہیں تو کسی ایکٹر یا ایکٹریس کی تصویر ہی لگا لیجیے یا ایسا کلنڈر لٹکا لیجیے جس میں تصاویر ہوں۔ کسی اور کمرے میں گئے، تو وہاں سستے قسم کا کوئی کلنڈر تھا جس پر بازاری یا بھونڈی تصویر بنی ہوئی یا کسی ایکٹر یا ایکٹریس کی تصویر لگی ہوئی تھی تو وہاں فرمایا: یہ کیا بدمذاقی ہے، اگر آپ کو ایسا ہی شوق ہے تو کوئی اچھی سی تصویر لگائیے، کسی آرٹ کا نمونہ ہو، یا کسی مشہور ادیب یا لیڈر کی یا کسی سائنس داں کا فوٹو لگائیے۔ ان کے ان مشوروں کو بہت سے لوگوں نے متضاد قرار دیا، لیکن اگر غور فرمائیے تو ایسا نہیں ہے۔

مجیب صاحب کے زمانے میں جامعہ میں ایک بحث یہ چھڑی تھی کہ ذاکر صاحب بہت زیادہ جمہوریت پسند تھے اور مجیب صاحب ایسے نہیں ہیں۔ خود مجیب صاحب کا خیال اس کے بالکل برعکس تھا۔ وہ فرماتے تھے کہ ذاکر صاحب کے زمانے میں مجلس تعلیمی (اکیڈمک کاؤنسل) اور مجلس منتظمہ (اگزیکیوٹو کمیٹی یا گورننگ باڈی) کے جلسے بمشکل سال میں ایک دو ہوتے تھے اور میرے زمانے میں ہر ماہ پابندی سے ہوا کرتے ہیں اور اس میں جو فیصلے ہوتے ہیں ان پر عمل کیا جاتا ہے۔ مجیب صاحب کا یہ ارشاد بالکل صحیح تھا، مگر جو لوگ یہ بات کہتے تھے اس کی وجہ کچھ اور تھی۔ ذاکر صاحب کا طریق کار یہ تھا کہ وہ جامعہ کی اہم شخصیات سے تمام اہم معاملات میں مشورہ کرتے تھے اور اس کے لیے اکثر ان کے گھروں پر چلے جاتے تھے، مگر اسی کے ساتھ یہ بھی واقعہ ہے کہ وہ کرتے وہی تھے جو مناسب سمجھتے تھے۔ لیکن وہ اشخاص جن سے وہ مشورہ کرتے تھے، یہ تو بھول جاتے تھے کہ ذاکر صاحب نے کیا کیا، ان کی خوشی اور اطمینان کے لیے اس قدر کافی تھا کہ انھوں نے مجھے اس قابل سمجھا کہ میرا مشورہ لیا اور اس کے لیے میرے غریب خانے پر تشریف لائے۔ اولاً تو مجیب صاحب کے زمانے میں جامعہ کے حالات بھی بڑی حد تک بدل گئے تھے اور مسائل میں کئی گنا اضافہ ہو گیا تھا، اس کے علاوہ ان کے مزاج اور طبیعت کے خلاف تھا کہ ائتلافی اور اختلافی لوگوں کے گھروں کا چکر لگائیں یا انفرادی طور پر مشورہ کریں، اور اگر ایسا وہ کرتے تو اتنی کتابیں اور مضامین نہ لکھ پاتے جو انھوں نے لکھی ہیں۔ جامعہ تو بہر حال اسی طرح چلتی جس طرح ان کے زمانے میں چلی، مگر علمی و ادبی دنیا ان کتابوں اور مضامین سے محروم رہ جاتی جو

مجیب صاحب کی دین ہیں۔

ذاکر صاحب کے علی گڑھ چلے جانے کے بعد، بہت دنوں تک یہ مسئلہ زیر بحث رہا کہ انہوں نے جامعہ کو کیوں چھوڑا اور علی گڑھ کیوں گئے؟ بعض لوگ ان پر الزام لگاتے تھے کہ انھوں نے جامعہ کے ساتھ بیوفائی کی ہے اور بعض طنز کرتے تھے کہ ارے صاحب، وہ تو شروع ہی سے علی گڑھ جانے کے لیے بے چین تھے، اب تک اس کا موقع نہیں ملا تھا، جب دیکھا کہ میدان صاف ہے تو چلے گئے، مولانا آزاد کا تو محض بہانہ ہے۔ میرا اپنا خیال ہے کہ ذاکر صاحب نے جو کچھ کیا اپنے ذاتی مفاد کے لیے نہیں کیا، بلکہ قوم، ملک اور تعلیم کے وسیع تر مفاد کی خاطر کیا اور اپنے ساتھیوں کی مرضی اور مشورے پر علی گڑھ گئے۔ یہ بات میرے نزدیک صحیح ہے کہ جامعہ کے حالات سے کسی حد تک بیزار اور اس کے بڑھتے ہوئے مسائل سے کسی قدر دل برداشتہ ہو گئے تھے، اور ایسا کیوں نہ ہوتا، انسان تھے "پیالہ و ساغر" نہیں تھے۔ تقریباً چوتھائی صدی تک جامعہ کی سربراہی کی تھی اور انتہائی نازک حالات میں اس کی رہنمائی کی تھی اور ایسے لوگوں کے نخرے برداشت کیے تھے جن کی بازار میں کوئی قیمت نہیں تھی۔ یہ صحیح ہے کہ جامعہ میں کام کرنے والوں کی تعداد اچھی خاصی تھی، ان میں سے بہت سے لوگ علی گڑھ چھوڑ کر آئے تھے، ضروریاتِ زمانہ کے لحاظ سے تنخواہیں سب کی کم تھیں، مالی پریشانیاں سب کو تھیں، مگر شکایت وہی زیادہ کرتے تھے جو بہت معمولی اور چھوٹے تھے۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ ابتدائی اسکول کے ایک استاد نے عید کے موقع پر ذاکر صاحب کو بہت سخت خط لکھا اور اپنی مالی پریشانیوں کا ذکر کیا۔ یہ پریشانیاں کس کو نہیں تھیں، مجھے جامعہ کے کاغذات میں مجیب صاحب کا ایک پرچہ ملا۔ جس میں انھوں نے جامعہ کے خازن کو لکھا تھا کہ مجھے فوری طور پر دس روپے کی سخت ضرورت ہے۔ مجیب صاحب گھر کے بہت امیر تھے، ان کے والد جب تک زندہ رہے ان کی مالی امداد کیا کرتے تھے: ان کی زندگی کا ایک معیار تھا، جس کو ہر حالت میں برقرار رکھا، مگر کبھی ایسا موقع بھی آ جاتا تھا کہ دس روپے کے لیے انھیں پرچہ لکھنا پڑتا مگر ذاکر صاحب کی شرافت اور ذمہ داری کا احساس دیکھیے کہ ابتدائی اسکول کے استاد صاحب کی شکایت کا بظاہر ذرا بھی بُرا نہ مانا اور ان کے گھر جا کر ان کی خدمت میں کچھ رقم پیش کی۔ ایسے واقعات اکثر و بیشتر پیش آتے رہتے تھے۔ اس کے علاوہ کام کی یکسانیت بھی انسان کے قویٰ کو شل کر دیتی ہے۔ سب سے اہم بات یہ کہ ان کے معتمد علیہ ساتھیوں نے اس کی ذمہ داری لی تھی کہ وہ جامعہ کو اسی طرح چلاتے رہیں گے اور مستقبل نے یہ ثابت کر دیا کہ ذاکر صاحب کے جانے کی وجہ سے جامعہ پر کوئی اثر نہیں پڑا۔ مجیب صاحب کو ذاکر صاحب کے مشورے برابر حاصل ہوتے رہے، خصوصاً جب تک وہ علی گڑھ میں رہے۔ بعد میں

وہ امیر جامعہ مقرر ہو گئے تھے، اس طرح جامعہ سے ان کا تعلق پھر قائم ہو گیا تھا۔
ایک وقت ایسا بھی آیا کہ کچھ لوگوں نے مجیب صاحب اور ذاکر صاحب کے درمیان غلط فہمی پیدا کر دی اور
دونوں دوستوں کے درمیان تعلقات کسی حد تک کشیدہ ہو گئے۔ غالباً میرے یہ الفاظ، صحیح صورت حال کے اظہار
کے لیے صحیح نہیں ہیں؛ مجھے کہنا یہ چاہیے کہ کچھ لوگوں نے کوشش کر کے ذاکر صاحب کو مجیب صاحب کی طرف سے
بدظن کر دیا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب باہر کے کچھ لوگوں نے جامعہ کے اندرونی معاملات میں دلچسپی لینی شروع کی اور مجیب
صاحب پر کچھ الزامات لگائے۔ ان لوگوں میں ریاست بہار کے ایک ایم۔ پی بھی تھے، جو سب سے زیادہ سرگرم تھے۔
ان الزامات کی وجہ سے مجیب صاحب نے استعفا دیدیا تھا، مگر تحقیقاتی کمیٹی نے ان کو تمام الزامات سے بری کر دیا اور
انھوں نے اپنا استعفا واپس لے لیا۔ اس وقت مجھے یاد نہیں کہ ذاکر صاحب کو جو شکایت پیدا ہوئی تھی، وہ ان الزامات
سے پہلے کی تھی یا بعد کی۔ بہرحال جامعہ میں جب یہ خبر پھیلی کہ ذاکر صاحب کو مجیب صاحب سے شکایت ہے اور خوش
نہیں ہیں تو میں نے اسے بالکل بے بنیاد سمجھا، کیونکہ میں تصور بھی نہیں کر سکتا کہ ان دو مخلص دوستوں کو ایک دوسرے
سے کوئی شکایت بھی ہو سکتی ہے۔ مگر جب ذاکر صاحب کا مجیب صاحب کے نام خط آیا تو اس افواہ کی تصدیق کرنی
پڑی۔ ذاکر صاحب نے جو کچھ لکھا تھا، اس کا خلاصہ یہ تھا کہ جامعہ کے اہم معاملات میں مجیب صاحب ان سے کوئی مشورہ
نہیں کرتے اور جامعہ سے ان کو بالکل بے تعلق کر دیا ہے۔ یہ بات اپنی جگہ بالکل صحیح تھی، لیکن اس کی وجہ یہ نہیں تھی
کہ مجیب صاحب ذاکر صاحب سے مشورہ کرنا اپنے لیے کسر شان سمجھتے تھے یا ڈرتے تھے کہ ان کے اقتدار میں کوئی کمی
آجائے گی، یا یہ کہ ذاکر صاحب جامعہ کے معاملات میں مداخلت کریں گے۔ ان میں سے کوئی بات نہیں تھی، بلکہ اس کی
صرف دو وجہیں تھیں اور یہی وجہیں مجیب صاحب نے ذاکر صاحب کو لکھی تھیں۔ ایک یہ کہ مجیب صاحب جامعہ کے حالات کو
اور نزاعی مسائل میں ان سے مشورہ مانگ کر خواہ مخواہ کے لیے ان کو پریشان کرنا نہیں چاہتے تھے۔ ظاہر ہے
اتنے فاصلے سے ذاکر صاحب مجیب صاحب کی پریشانیوں میں ان کی کوئی مدد نہیں کر سکتے تھے اور جو مسائل وہاں
پیدا ہوتے تھے ان میں کوئی مشورہ دینا بھی ان کے لیے مشکل بلکہ ناممکن تھا۔ دوسری وجہ کا تعلق خود ذاکر
صاحب کے ایک اصول سے تھا جسے ہم عدم مداخلت کا نام دے سکتے ہیں۔ ذاکر صاحب کا یہ بنیادی اصول
تھا کہ جب وہ کسی کو کوئی کام سپرد کر دیتے تھے تو پھر اس میں کوئی مداخلت نہیں کرتے تھے، بلکہ اس پر مکمل اعتماد
اور بھروسا کرتے تھے۔ یہی اصول مجیب صاحب کا بھی تھا؛ ممکن ہے انھوں نے یہ بات ذاکر صاحب سے
سیکھی ہو، مگر انھوں نے بھی اس پر مکمل طور پر عمل کیا۔ اسی وجہ سے یہ سمجھنے میں وہ بالکل حق بجانب تھے کہ

ب نے جب جامعہ کی ذمہ داری مجھے سپرد کر دی ہے تو وہ یہ پسند نہیں کریں گے کہ اس کے معاملات میں کسی قسم کا
دیں۔ اس لیے اس خارزار میں انھیں گھسیٹنا مناسب نہیں ہے۔
اس میں شبہہ نہیں کہ ذاکر صاحب اور مجیب صاحب کی دوستی اخلاص اور اصول پر تھی، مگر دونوں کے مزاج اور
ت میں کسی نہ کسی حد تک فرق تھا۔ اس لیے کبھی کبھی غلط فہمی کی صورتیں پیدا ہو جاتی تھیں یا دونوں کے خوشگوار
ات میں عارضی طور پر کوئی رکاوٹ پیدا ہو جاتی تھی۔ مثلاً مجیب صاحب سرکاری عہدہ داروں سے بہت
ہ ملنا جلنا پسند نہیں کرتے تھے یا کم از کم ملاقات کے لیے خود اپنی طرف سے اقدام کرنا پسند نہیں کرتے تھے۔
ہ جب ذاکر صاحب صدر جمہوریہ مقرر ہوئے اور وہ راشٹرپتی بھون میں منتقل ہو گئے تو ایک عرصے تک مجیب
ب ان سے ملنے کے لیے نہیں گئے۔ وہ ذاکر صاحب کو رفیق کار اور دوست سے کہیں زیادہ اونچا مرتبہ
تے تھے، ان کے انتہائی عقیدت مند تھے اور ان کی حیثیت مجیب صاحب کے دل میں ایک مرشد کی سی تھی۔
اشٹرپتی ہونے کے بعد وہ کہتے تھے کہ اب وہ حکومت کے اعلیٰ عہدہ دار ہیں، جب وہ بلائیں گے، تبھی جاؤں گا۔
مر ذاکر صاحب نہ جانے کیا سوچتے تھے، بہرحال کچھ عرصے کے بعد ذاکر صاحب نے خط لکھا کہ یہ گومگو کی حالت
تک رہے گی، نہ آپ آتے ہیں، نہ بلاتے ہیں۔ اس خط کا آنا تھا کہ برف پگھل گئی اور مجیب صاحب کا
ں ختم ہو گیا۔ مگر ابھی ایک واقعہ ہونا باقی تھا!
کوئی بیرونی مہمان دلی تشریف لائے تھے اور راشٹرپتی بھون میں ان کے ایٹ ہوم کا پروگرام ایمرجنسی
ے طے پایا کہ دعوت نامہ چھپوا کر بھیجنا ممکن نہیں تھا، اس لیے مدعوئین کو فون پر اطلاع کی گئی۔ مجیب صاحب کو
ا بشیر زیدی صاحب نے راشٹرپتی بھون ہی سے اطلاع کی اور یہ بھی وضاحت کر دی کہ ریسپشن آفس کو اس کی اطلاع ہو گی
ر انھیں کوئی زحمت نہیں ہو گی۔ مجیب صاحب وہاں پہنچے تو غلطی سے فہرست میں ان کا نام نہیں تھا، وہ فوراً واپس
گئے۔ ذاکر صاحب کو فوراً ہی اس حادثے کی اطلاع ملی اور انھوں نے فوراً ان کی تلاش میں گاڑی دوڑائی، مگر
یب صاحب ہاتھ نہیں لگے، اس کے بعد راشٹرپتی بھون کے تمام ذمہ دار افسروں کو حکم دیدیا گیا کہ مجیب صاحب جب بھی
ر جس وقت بھی آئیں انھیں روکا نہ جائے۔ اس کے علاوہ ذاکر صاحب نے مجیب صاحب سے فرمایا کہ جب بھی آنا چاہیں
شتے کے وقت بلا تکلف آجایا کریں، یہ وقت میرا اپنا ہوتا ہے، اطمینان سے بات ہو سکتی ہے۔
مجھے اس وقت جو باتیں یاد آرہی ہیں، ان میں صرف ایک ہی قابل ذکر بات رہ گئی ہے، وہ یہ کہ وہ کیا
سباب تھے جن کی بنا پر ذاکر صاحب کو قبل از وقت علی گڑھ چھوڑنا پڑا۔

ذاکر صاحب جب علی گڑھ گئے تھے تو یونیورسٹی کے انتظام کو بہتر بنانے اور اس کے علمی و تعلیمی معیار کو بڑھانے کے لیے ان کے ذہن میں بہت سی اسکیمیں تھیں۔ اسی کے ساتھ وہ یہ بھی چاہتے تھے کہ یونیورسٹی پہ فرقہ پرستی کا جو الزام ہے، قطع نظر اس کے کہ وہ صحیح ہے یا نہیں، مگر ایسی فضا پیدا کی جائے کہ کسی کو انگلی اٹھانے کا موقع نہ ملے۔ تعلیمی معیار کو بلند کرنے کے لیے وہ چاہتے تھے کہ چوٹی کے پروفیسر رکھے جائیں جو اپنے میدان کے فرد وحید ہوں۔ اسی سلسلے میں دو غیر مسلم پروفیسر رکھے گئے، ایک معاشیات کے اور ایک فزکس کے۔ اس کو سب نے تسلیم کیا ہے کہ یہ دونوں پروفیسر اپنے اپنے مضمون کے مانے ہوئے تھے، مگر بعد میں ان میں فزکس کے پروفیسر، شدید اختلافات کا باعث ہو گئے۔ ان اختلافات نے ایسی ناگوار شکل اختیار کر لی کہ ذاکر صاحب بالکل مایوس ہو گئے اور مجبور ہو کر استعفا دیدیا۔ ان کے استعفا کے بعد پروفیسر رشید احمد صدیقی صاحب نے ایک طویل اور بہت ہی جذباتی خط ذاکر صاحب کو لکھا تھا، جسے میں نے ذاکر صاحب کے کاغذات میں دیکھا ہے۔ انھوں نے بڑی ہی لجاجت اور اصرار کے ساتھ درخواست کی تھی کہ ذاکر صاحب اپنا استعفا واپس لے لیں اور یونیورسٹی کو چھوڑ کر نہ جائیں، انھوں نے تمام اساتذہ کی طرف سے ان کو یقین دلایا تھا کہ وہ ان کے ساتھ مکمل تعاون کریں گے اور آئندہ ان کو کسی قسم کی شکایت کا موقع نہیں دیں گے۔ مگر دل ایک ایسا نازک شیشہ ہے جو ایک مرتبہ ٹوٹ جائے تو دوبارہ اس کا جڑنا ناممکن ہے۔ اسی طرح ذاکر صاحب راجیہ سبھا کی صدارت سے مایوس اور بیزار ہوئے تو نائب صدر جمہوریہ کی مدت کے ختم ہونے کے بعد دوبارہ اس کے لیے کسی حالت میں تیار نہیں تھے۔ ذاکر صاحب گاندھی جی کے معتمد علیہ ساتھیوں میں سے تھے۔ علمی و تعلیمی میدان میں ان کا مرتبہ بڑا اونچا تھا، بین الاقوامی حیثیت کے مالک تھے۔ مگر سیاسی اختلافات کی سطح افسوسناک حد تک پست تھی، خود اس پارٹی کے اندر بھی جس کی راجیہ سبھا میں بھاری اکثریت تھی۔ ذاکر صاحب شاید سب کچھ برداشت کر سکتے تھے، مگر پست ذہنیت اور خود غرض لوگوں کو برداشت کرنا ان کے لیے قطعاً ناممکن تھا۔ ان نامساعد حالات میں ذاکر صاحب نے جو کچھ کیا، وہ ان کی عظمت، بلندی اور خلوص کا نتیجہ تھا، ورنہ ہمارا سماج ایسا نہیں کہ ذاکر صاحب جیسا حساس اور نازک مزاج اتنے سارے کام کر سکتا جو انھوں نے انجام دیئے ہیں، صرف تعلیم کے میدان ہی میں نہیں، جو ان کا اپنا میدان تھا، سیاست کے میدان میں بھی جس سے وہ دور بھاگتے تھے!

(۴ نومبر ۱۹۸۰ء کو خدا بخش لائبریری میں سنایا گیا) ●●

# بیگم انیس قدوائی

● بیگم انیس قدوائی (پ ۱۹۰۶ء) اُردو کی ممتاز ادیبہ جو انرگ
ولایت علی بمبوق" کی صاحبزادی اور رفیع احمد قدوائی کی چچا زاد بہن اور بھاوج —
رفیع احمد قدوائی کے بھائی شفیع احمد قدوائی سے شادی ہوئی جو ۱۹۴۷ء میں مسوری کے
فرقہ وارانہ فساد میں شہید ہوئے۔ شوہر کے انتقال کے بعد فرقہ وارانہ فساد سے متأثر لوگوں
کی خدمت میں مشغول ہوگئیں اور ۱۹۵۶ء میں کانگریس کے ٹکٹ پر راجیہ سبھا کی ممبر نامزد ہوئیں۔
راجیہ سبھا کے لئے پھر دوبارہ نامزد کیا گیا۔ انور جمال قدوائی (شیخ الجامعہ) ان کے چھوٹے بھائی ہیں۔
"آزادی کی چھاؤں میں"؛ "اب جن کے دیکھنے کو" اور "نظرِ خوش گزرے"
ان کی اہم تصانیف ہیں۔ ذاکر صاحب پر یہ مضمون ان کی آخری تحریری یادگار ہے۔
۱۶ جولائی ۸۲ء کو ۷۵ سال کی عمر میں ان کا انتقال ہوگیا۔

○

مرحومہ کے دو یادگار خطوط جو اس مضمون سے متعلق ہیں، اقتباساً نقل کیے جاتے ہیں:

"سلام علیک: اپنے پیر کے درد کی وجہ سے کسی طرح طبیعت ہی حاضر نہ ہوئی۔ پرسوں
سے بہتر ہوئی تو لکھنا شروع کیا۔ مسودہ صاف کرنے کا بھی وقت نہ تھا۔ یونہی بھیج رہی ہوں۔ ذاکر
صاحب پر تو بہتر سے بہتر مقالے پڑھے جائیں گے۔ میری یادداشت بھی اب پہلے جیسی نہیں رہی۔
بڑا پھیکا اور سطحی مضمون ہے۔ پھر بھی نذرِ عقیدت تو ضرور ہی ہے۔ شریک نہ ہو سکی اس کا افسوس ہے۔"

"اخلاق میاں نے بھی مجھے بلایا تھا۔ لیکن اپنے پیر کے درد اور آنکھ کی کمزوری کی وجہ سے اب
میں سفر سے بہت گھبراتی ہوں۔ ویسے بھی بقول حافظ شیرازی:

چون پیر شدی حافظ از میکدہ بیرون شو

پر اپنی عمر کی وجہ سے عمل کرنے لگی ہوں۔ اگر جمال آرہے ہوتے تو شاید میں بھی ارادہ کر لیتی۔
اکیلے ہمت نہ پڑی۔ اخلاق کو دعائیں اور معذرت کہہ دیجیے۔ اللہ بلانے والوں کو سلامت
رکھے۔ آپ سب کا شکریہ۔"

خیر طلب
انیس قدوائی

●●

○

خُدا شرے برانگیزد کہ خیرے مادراں باشد، جب میری بدقسمتی مجھے دہلی لائی تو اتنی خوش قسمتی بھی ساتھ ساتھ چلی آئی کہ ان سب قدآور شخصیتوں کو جن کے دُور کے جلوے نے ساری عمر مرعوب رکھا تھا اپنی آنکھوں سے اُنھیں دیکھ لوں اور ان کے ساتھ چھوٹا موٹا کام بھی کرلوں۔ اس لئے:

نازم از زندگی خویش کہ کارے کردم

ان اہم ترین ہستیوں میں ایک ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب بھی تھے جو اس زمانہ میں شیخ الجامعہ تھے۔ شفیق الرحمٰن قدوائی مرحوم کی چندہ جمع کرنے والی سفارت اور بادہ بکی کے بہت سے لوگوں کے جامعہ ملیہ میں کام کرنے کی وجہ سے شمالی ہند کے قصبات میں عام طور پر جامعہ ملیہ اور شیخ الجامعہ متعارف تھے۔

مجھے تو خیر رفیع بھائی کی دی ہوئی ایک دعوت میں خود اپنے گاؤں 'میسوی' میں انھیں دیکھنے کا اتفاق ہوا تھا، اس لئے صورت آشنا بھی تھی۔ ان دنوں سخت پردہ کی وجہ سے محفل میں شریک ہونا کیا' کھلے عام بالاخانے سے دیکھنا ناممکن تھا۔ خدا بھلا کرے بزرگوں کا ——— انھوں نے کوٹھے پر کچھ جھلی والی کھڑکیاں لگوا دی تھیں۔ جانتے ہوں گے کہ یہ عورتیں بغیر تاک جھانک کے تو رہ نہیں سکتیں۔ کبھی جھلی کی جھری سے باہر کا نظارہ کرلیں تو کچھ حرج نہیں اور واقعی مردانے میں کوئی مجمع ہو تو بغیر دیکھے ہمیں چین نہیں آتا تھا۔ یوں میں نے ذاکر صاحب کو بھی دیکھ لیا تھا۔

کئی سال بعد دہلی میں پہلی بار گاندھی جی کے یہاں ان کو دیکھا تو پہچان گئی۔ گاندھی جی کہہ رہے تھے: ذاکر صاحب قرول باغ جا کر دیکھ لو، کچھ سامان تمہارے جامعہ کا لوگوں نے بچا لیا ہے۔ مجھے نہیں معلوم کہ وہ پھر گئے' یا نہیں گئے۔ البتہ گاندھی جی کے کہنے پر جب پناہ گزینوں کے کیمپ گئی تو وہاں ایک دن بپھرے ہوئے مجمع میں گھرے ہوئے حیران پریشان کھڑے تھے۔ پرانے قلعہ میں دو ایک بار اور جلسوں جلوسوں میں اکثر ملنے کا اتفاق ہوا۔ لیکن دُوری و اجنبیت برقرار رہی۔

مقبرہ میں ذاکر صاحب کی بھیجی ہوئی طالب علم اور ٹیچروں کی ایک پوری ٹیم کام کر رہی تھی۔ صبح جامعہ کی ایک وین نوجوان کی پوری کیمپ پہنچا جاتی، دوپہر میں کچھ بالٹیوں میں دال اور گٹھڑ میں بندھی روٹیاں لے کر آتی اور شام کو ان سب تھکے ہاروں کو واپس لے جاتی تھی۔

ہم اناڑی سوشل ورکر اس وقت گھبرا اٹھے جب کہرا اور سردی بڑھی۔ بارش نے بے سروسامانو کو ٹھٹھرا دیا اور یہ فکر ہوئی کہ ان کے لئے گدّے کمبل کہاں سے لادیں گے۔ ایک روز دیکھا کہ اسی وین میں جوٹ کے گدّے پیال بھر کے چلے آ رہے ہیں۔ اس انتظام نے دل خوش کر دیا۔ انھیں دنوں چند لاوارث بچّوں کی رہائش و تربیت کا سوال پیدا ہوا اور مجھے جامعہ ملیہ جانا پڑا۔

اوکھلے کے اوبڑ کھابڑ میں درختوں اور پھول پتیوں سے گھرا ہوا جامعہ ملیہ اسکول بہت اچھا لگا۔ ذاکر صاحب کے گھر گئی۔ ان کی وضع قطع دیکھ کر جس سادہ زندگی کا تصور کیا تھا بالکل ویسے ہی دیکھا۔ فرش پر ایک نمدہ بچھائے کاغذات میں گھرے بیٹھے تھے۔ تخت پر مخملیں قالین بچھائے گاؤ تکیہ سے لگی بیگم تشریف فرما تھیں اور پاس میں ان کا تو مند بلا جو خوب کوفتے کھا کھا کر موٹے ہوا تھا گھر کا نگہبان بنا ہوا آرام کر رہا تھا۔ گھر میں فرنیچر نام کی بس چند چیزیں تھیں۔ بیگم نے ذاکر صاحب کی مدد وقت سے بے نیاز ہو کر مسکراتے ہوئے مجھے خوش آمدید کہا اور اس مخلصانہ انداز سے کچھ میری ہمت اور بڑھ گئی۔ اپنی آمد کا مدعا بیان کیا۔ پڑھائی اوڑھائی تو ان دنوں تقریباً بند تھی۔ اس لئے ذاکر صاحب نے ایک گھر ماسٹر اور چپراسی کا انتظام کر کے مجھے دوسرے ہی دن بچوں کو لانے کے لئے کہہ دیا۔

ظاہر ہے اپنی امانت رکھانے کے بعد اکثر جانے آنے کا سلسلہ رہا اور ہر بار اس خانقاہ کے مکینوں سے متأثر ہو کر لوٹی۔

ذاکر صاحب کا سب سے بڑا کارنامہ یہ تھا کہ مغل اعظم کی طرح انھوں نے بھی اپنے گرد کچھ نورتن اکٹھے کئے تھے۔ وہ جرمن خاتون جو آپا جان کہلاتی تھیں اور اسکول کے بورڈنگ کی نگراں تھیں چند ہی دن پہلے انتقال کر چکی تھیں۔ مگر بچّوں کے ٹیچر اور مصنّف مدعولوی صاحب موجود تھے۔ بچّوں کے شاعر شفیع الدین نیّر، آرٹ اینڈ کرافٹ کے دیولے، کلام صاحب جامعہ کے ارکنک ہائیڈ۔ فاؤسٹ کے مترجم عابد صاحب اور بہت سے لوگ جنھوں نے اپنی زندگیاں جامعہ کو دے رکھی تھیں۔ پوری مستعدی سے جامعہ ملیہ کو حیات و موت کی کشمکش سے نکالنے پر لگے ہوئے تھے۔

اور خود ذاکر صاحب جامعہ کے احاطہ میں گشت کرتے ہوئے کوڑا کرکٹ کلاس میں پھٹے ہوئے کاغذ سب اپنی جیب میں ٹھونستے جاتے تھے۔ جب جیب بہت بھر جاتی تو کوڑے کو بالٹی میں لوٹ دیتے۔ جسے دیکھ کر طلبا اور ٹیچر بھی شرمندہ ہو جایا کرتے تھے۔

ایک خاص بات ان میں یہ تھی کہ وہ پٹھان سے زیادہ انسان نظر آتے تھے۔ مجھے معاف کیجئے، پٹھانوں کے بارے میں اودھ کے شیخ زادوں کا نظریہ ۔۔۔ تنا ہوا گھونسا، اٹھا ہوا ڈنڈا اور کڑی کمان سے ملتا تھا۔ کیونکہ ملیح آباد کے پٹھانوں نے کچھ ایسا تاثر ان کے اندر پیدا کر دیا تھا۔ لیکن ذاکر صاحب کو دیکھ کر تعجب ہوا، وہ تو ایسے دھیمے، میٹھے، پرسکون تھے کہ مجھے بھی سنے سنائے نظریہ کو بدلنا پڑا۔ بلکہ جو بچا تھا اس پر سے بھی یقین اُٹھ گیا۔ نہ اُن کی چڑھی ہوئی مونچھیں تھیں نہ بیچ سے مانگ نکلی ہوئی طرار ڈاڑھی۔ چہرہ پر خشونت کا کیا ذکر، یہاں تو رحم و مروّت کی بارش ہو رہی تھی۔ ایک موقع پر برسبیل تذکرہ جب انہوں نے بیگم کو کھری پٹھانی کہا، تب خیال آیا کہ ارے یہ بھی تو اسی قبیلہ سے اور جنگجو خاندان کے فرد ہیں۔

ایک بار فریدآباد کے سرحدی پناہ گزینوں کے لئے جھونپڑیوں میں انہوں نے آٹھ اسکول شروع کرائے۔ لیکن شورش پسندوں نے ذراسی بات لے کر ان کے دروازہ پر مظاہرہ کرا دیا۔ میں نے سوچا کہ آج تو اُن کی پٹھانی رگ ضرور پھڑک اٹھے گی۔ لیکن حیرت پڑ گئی جب انہوں نے دروازہ بند کر لیا اور پوری خاموشی سے سب کچھ سُنتے رہے۔ نہ سرزنش کی اور نہ بُرا بھلا کہا۔ شانتی ہونے پر سمجھا بجھا کر معاملہ رفع دفع کر دیا۔

ہندوستان کی صدارت دو معلّموں کے حصہ میں آئی اور دونوں نے اپنی علمی قابلیت سے دنیا کو متاثر کیا۔ لیکن پتا نہیں یہ کیسے نئی نسل کے معمار سیاسی جھمیلوں میں پھنس گئے۔ ذاکر صاحب علی گڑھ کے وائس چانسلر بنے تو خیر ٹھیک تھا۔ ایک ایجوکیشنسٹ کی پارلیمنٹ کی ممبری بھی غیر مناسب نہ تھی۔ لیکن گورنر، وائس پریسیڈنٹ اور پھر صدر جمہوریہ بننا ہم سب کے لئے تو فخر کا باعث ہوا مگر خود ان کو پٹری بدلنا راس نہ آیا اور اُبھرتا ہوا تعلیمی معیار ایک دم لڑکھڑا کر تنزل کی طرف مائل ہو گیا۔

سب سے پہلے جامعہ ملیہ کے ذریعہ ان کے دور میں بچوں کا لٹریچر، بچوں کا تعلیمی میلہ، بچوں کے پارک کا نمونہ ملک کے سامنے آیا۔ بالغ آدمیوں کا پورا کورس عوام تک پہنچا۔ بچوں کے بینک اور بچوں کی پارلیمنٹ کا نظریہ جامعہ ملیہ ہی نے پیش کیا۔ بلکہ ایک دن کی حکومت نے ان کے اندر احساس ذمہ داری کی داغ بیل ڈال دی۔

وہ سادے یارانِ نجد کے گرد سے تھے اس لئے ان سے مل کر بہت کچھ میں نے سیکھا۔ سوشل ورک
میں تعلیم، خوش سلیقگی اور خلوص کے سبق لینے کے ساتھ ساتھ تجربوں کی قدامت۔ خطاطی کے نمونے
ہر ٹیڑھی میڑھی چیز کے اندر تلاشِ حسن کی تعلیم بھی ان سے ملی اور ۱۹۵۰ء کے بعد اپنی آئندہ زندگی میں ان
سب سے مجھے اور میرے ساتھیوں کو بہت مدد ملی۔

ذہنی وسیع القلبی اور جذبۂ خلوص کی بدولت وہ ہر کام کرنے والے کے لئے نشانِ راہ
بن جایا کرتے تھے۔

اتنی مرنجان مرنج طبیعت کی وجہ سے کسی بات پر اٹھانا اور بہ جبر دھر دل سے منوا لینا ان کے
لئے ناممکن ہو جایا کرتا تھا اور شاید یہی وجہ تھی کہ اردو کے لئے بیس لاکھ دستخط انہیں کے ذریعہ پیش کرانے
کے بعد جب خود ان کے ایامِ صدارت میں داد رسی نہ ہوئی اور ساری محنت ردی کی ٹوکری کی نذر ہو گئی تو جامعیان
کو اس سے خاصی شکایت پیدا ہو گئی لیکن ان کے خلوص نیت پر شک نہیں ہوا۔ یہ سمجھ کر صبر کر لینا پڑا،

ط رموزِ مملکت خویش خسرواں دانند۔

سادگی کی انتہا تھی کہ جانتے بوجھتے ہوئے امرتسر اسٹیشن پر اپنے پیروں قتل گاہ کی سمت چل پڑے
خود دشمنوں سے ہاتھا پائی کی نہ گالی گلوچ۔ بقول فیضی:

جس دھج سے چلا مقتل میں کوئی وہ شان سلامت رہتی ہے ÷ یہ جان تو آنی جانی ہے، اس جاں کی کوئی بات نہیں

اس مخلص دوست کا خدا بھلا کرے جس نے دوڑ دھوپ کر کے ان حضرات کو بچا کر ہم سب پر اور مملکت پر احسان کیا
پھر جب شنکر اچاریہ ذاکر صاحب کی ملاقات پر کچھ حضرات نے ناک بھوں چڑھائیں اور سراسر الزام اس دوست پر رکھا
جو پھول پھل ناریل سمیت انہیں اچاریہ کے قدموں میں لے گیا تو سب متعجب رہ گئے کہ یہ سب کیسے ہوا۔ جس شخص نے کسی شاہ
و پیرزادہ کی قدم بوسی نہ کی ہو، کبھی کسی مزار پر فاتحہ نہ پڑھا ہو، وہ ایک سادھو کے چرنوں میں بیٹھنے کیسے چلا گیا۔

لیکن ان کے پرانے مزاج شناس جانتے تھے کہ اپنی ہوشیاری و پرکاری کے باوجود کسی کی دل آزاری ان سے
دشوار تھی۔ بس لے ان کی سادگی پر سوچ کر مطمئن ہو جائے گی۔ چون ندیدند حقیقت رہ افسانہ زدند

ذاکر صاحب کی یاد کے ساتھ رہروانِ راہ کو علم و عمل اور خدمتِ خلق کا ہر میدان دکھاتا رہا ہے جو نصف
صدی تک ہندوستان پر چھایا رہا اور اب حماقت بنتا جا رہا ہے۔

پھر بھی مجھے فخر ہے۔ میں نے انہیں دیکھا، ان کے ساتھ کام کیا۔ کچھ عرصہ کارزارِ حیات میں ایک وسیع ال
استاد سے عمل اور پر خلوص ٹریننگ حاصل کی اور اس دورِ خانہ نشینی میں صرف ہدیۂ عقیدت ہی پیش کر سکتی ہوں

—— خدا انہیں اپنی رحمت سے نوازدے۔

# مشاہیر کی محسن کتابیں

- حبیب الرحمٰن خاں شروانی
- سید سلیمان ندوی
- عبد الماجد دریا بادی
- عبید اللہ سندھی
- مناظر احسن گیلانی
- میاں بشیر احمد
- بدر الدین علوی
- سید طلحہ
- سعید احمد اکبر آبادی
- سید نواب علی
- اعزاز علی (دیوبند)
- شاہ حلیم عطا
- عبد العزیز میمن
- عبد السلام ندوی
- خواجہ غلام السیدین
- ابو الحسن علی ندوی

۴۰ سال کے قریب ہوئے ماہنامہ الندوہ (لکھنؤ) کی عہد جدید کی چند اشاعتوں میں ایک سلسلہ مضامین 'مشاہیر اہل علم کی محسن کتابیں' کے عنوان سے مسلسل چھپا تھا۔ ۱۹۴۹ء میں محمد عمران خان ندوی نے اس پورے سلسلہ کو سید ابوالحسن ندوی صاحب کے ایک مضمون کے اضافہ کے ساتھ اس نام سے کتابی شکل میں شائع کرایا۔ آئندہ صفحات میں ان سارے مضامین میں ہر مضمون نگار نے جن کتابوں کا تذکرہ کیا ہے وہ سب یکے بعد دیگرے نقل کیا جارہا ہے۔

امید ہے مشاہیر کا یہ انتخاب دلچسپی سے پڑھا جائے گا۔ آئندہ ممکن ہوا تو اس کا دائرہ وسیع تر کیا جاسکے گا۔

# مشاہیر کی محسن کتابیں

(۱) حبیب الرحمٰن خاں شیروانی: اُردوئے معلّٰی، عودِ ہندی (غالب) آبِ حیات، صیلۃ الکبریٰ (آزاد)، المامون، الفاروق، سیرۃ النعمان، شعر العجم (شبلی)، مسلمانوں کی گزشتہ تعلیم (شبلی)۔

کنز العمال، مقالات الاسلامیین (اشعری)، بستان المحدثین (شاہ عبدالعزیز)، ازالۃ الخفا (شاہ ولی اللہ)، تذکرۃ الحفاظ (ذہبی)، طبقات (ابن سعد)، معارف (ابن قتیبہ)، مقدمہ شرح بخاری (ابن حجر عسقلانی) وفیات (ابن خلکان) —

حالاتِ مرزا مظہر (شاہ غلام علی)، حالات شاہ غلام علی (شاہ عبدالغنی)، فوائد الفواد (حسن دہلوی)، سلسلۃ العارفین۔

(۲) سید سلیمان ندوی: شبلی کی تصانیف، تقویت الایمان (شاہ اسمٰعیل شہید) عجالۂ نافعہ (شاہ عبدالعزیز)، بستان المحدثین (شاہ عبدالعزیز)، تذکرۃ الحفاظ (ذہبی)، مقدمہ فتح الباری (ابن حجر) وفیات (ابن خلکان)۔

الفہرست (ابن ندیم)، کشف الظنون (حاجی خلیفہ)، دلائل الاعجاز (جرجانی)، حماسہ، نقد الشعر، ملل و نحل (شہرستانی)، الملل و النحل (ابن حزم)، کشف الادلہ (ابن رشد)، حجۃ اللہ البالغہ (شاہ ولی اللہ)؛ ابن تیمیہ اور ابن قیم کی کتابیں۔

(۳) عبدالماجد دریابادی: مولوی اسمٰعیل میرٹھی کی ریڈریں، گلستاں، بوستاں، رقعاتِ قتیل، یوسف زلیخا، کیمیائے سعادت۔

ترکِ اسلام (ثناء اللہ امرتسری)، سرمۂ چشم آریہ (مرزا غلام احمد قادیانی)، نور الدین (حکیم نور الدین)، ماہ نامہ تحفۂ محمدیہ (محمد علی مونگیری)، الاسلام و تاریخ الاسلام (احسان اللہ عباسی)، شرر و منشی سجاد حسین کی تصانیف، الکلام و مقالاتِ شبلی، رسالہ الندوہ، مسز بیسنٹ اور ڈاکٹر بھگوان داس کی کتابیں، بھاگوت گیتا کا ترجمہ، سیرۃ النبی جلد اوّل۔

اکبر الہ آبادی، مولانا محمد علی اور مولانا محمد علی کا خاموش اثر۔

مثنوی معنوی مع مولانا امداد اللہ مہاجر مکی کے حاشیوں کے، مولانا محمد علی لاہوری کا ترجمۂ قرآن، محمد علی کی نظمیں، اقبال کی نظمیں، مکتوبات مجددی، عطار، جامی، شیخ جیلانی، غزالی، سہروردی کی تصانیف؛ لیکن سب سے گہرا نقش مثنوی کا تھا اور مکتوبات کا۔ Islam on the Cross Roads by Md. Asad مولانا اشرف علی تھانوی کی تصانیف، صحیح بخاری اور فتح الباری، مفردات القرآن، تاج العروس، لسان العرب۔

(۴) عبید اللہ سندھی: تحفۃ الہند (عبید اللہ)، تقویت الایمان از اسمٰعیل شہیدؒ، قبلہ نما (قاسم نانوتوی)، حجۃ اللہ البالغہ، الفوز الکبیر، فتح الرحمٰن، البدور البازغۃ (شاہ ولی اللہ)، عبقات (مولانا شہید)، تکمیل الاذہان (رفیع الدین) سطعات۔ (شاہ ولی اللہ دہلوی)

تفہیمات الٰہیہ، ازالۃ الخفا (شاہ ولی اللہ)، احکام القرآن (ابوبکر رازی)، علم الہیئت (ایاس برنی)۔

(۵) مناظر احسن گیلانی: ۔ تفسیر کبیر؛ الہلال (مولانا آزاد)، احیاء العلوم (غزالی)، تصانیف شاہ ولی اللہ، تصانیف ابن عربی، عبقات (اسمٰعیل شہید)، مکتوبات شرف الدین یحییٰ منیری، میزان الکبریٰ (وہاب شعرانی)، تذکرہ اعظم (مفتی عبد اللطیف)، اقبال کا کلام، محمد علی کا کلام، مولانا تھانوی کی تصانیف، مولانا جامی کی غزلیں، رحمۃ للعالمین (قاضی سلیمان منصور پوری)

(۶) میاں بشیر احمد: الفاروق؛ محمد (کارلائل)، دیوان حافظ، لے مزارابل Les Misérables (ہوگو) Balluana (دنیا کے بڑے مفکرین)

(۷) بدر الدین علوی: اسمٰعیل میرٹھی کی ریڈریں، شمس التواریخ چار حصے، شاہ عبد القادر کا ترجمۂ قرآن مع تفسیر ابن عباس، سفرنامہ بلاد اسلامیہ از عبد الرحمٰن امرتسری، اصول عجیبہ، رسالۃ الفرائض، لٹریری ہسٹری (نکلسن)، عربین پوئٹری (لائل)، مفضلیات: مقدمہ (لائل)، عربین پوئٹری (کلارسٹن)، عربک لٹریچر (ہوارٹ)

تفسیر خازن، حاشیہ جمل، فتح الباری، عمدۃ القاری، اللمعات، مرقات المفاتیح، تہذیب التہذیب، فتح القدیر، عینی، عنایۃ، قاموس، امالی (قالی)، الکامل، اخبار الاخیار، اصول المقصود۔

(۸) سید طٰہٰ (اورنٹیل کالج لاہور): کتاب العمدہ (ابن رشیق)، الکتاب (سیبویہ)، مقامات حریری، جاحظ، اغانی، الامامہ والسیاسہ (ابن قتیبہ)، نہج البلاغہ، حماسہ، قصائد متنبی، المظہر (سیوطی)، کامل (مبرد)، فتح الباری، موطا، بخاری، مسند ابن حنبل، زاد المعاد، الاکلیل فی استنباط التنزیل (سیوطی)، تفسیر احمدی، تفسیر ابن عربی، احکام القرآن (جصاص)، مفتاح العلوم (سکاکی)، الطراز، دلائل الاعجاز، احیاء العلوم، مثنوی روم، رسالہ قشیریہ، عوارف المعارف، فتوح الغیب، مکتوبات مجدد، تفرقہ بین الاسلام والزندقہ (غزالی) حجۃ اللہ، صدری، شرح مواقف، شمس بازغہ، تحریر ابن ہمام، توضیح وتلویح، ابن تیمیہ کی تصانیف، شفاء العلیل (ابن قیم)، ابن خلدون۔

آب حیات، گلشن بیخار، گل رعنا، مقدمہ حالی، شعر العجم

(۹) سعید احمد اکبر آبادی: کامل (مبرد)، اغانی، نہایۃ الادب، صبح الاعشیٰ، البیان التبیین (جاحظ) حماسہ، مقاصد الفلاسفہ وتہافۃ الفلاسفہ (غزالی)، ابن سینا کی اشارات (امام رازی طوسی کی شرحوں کی مدد سے)؛ سقط الزند، لزوم مالایلزم (معری)، دیوان حسان بن ثابت۔

شبلی وسید سلیمان ندوی کی تصانیف خاص کر المامون، الغزالی، الفاروق، سیرۃ النبیؐ جلد اول (شبلی)، ارض القرآن، سیرۃ عائشہؓ، امام مالک، رسالہ معارف (سید سلیمان)، رسالہ زمانہ "رسالہ جامعہ" اور رسالہ "اردو"۔ ابن تیمیہ اور ابن قیم کی کتابیں۔

انقلاب فرانس (برک)، مقالات میکالے، اسپرٹ آف اسلام (امیر علی) دیوان حافظ، دیوان غالب۔

(۱۰) سید نواب علی: شاہ عبدالقادر کا ترجمۂ قرآن، کیمیائے سعادت، احیاء العلوم، المنقذ من الضلال، تذکرۃ الاولیاء (عطار)، مثنوی روم، فتوح الغیب، تفسیر سرسید، خطبات احمدیہ، اسپرٹ آف اسلام (امیر علی) _______ اور

امیر علی کی History of the Saracen

اور آرنلڈ کی Preaching of Islam

امام الغزالی، رسائل شبلی، تفسیر کبیر، تفسیر خازن، ابن کثیر، بیضاوی، تفسیر ابن جریر، طبقات ابن سعد، اصابہ، میزان الاعتدال، تفسیر جامی، مجمع البیان، صحیحین، کافی۔

(۱۱) اعزاز علی دیوبند: گلستاں، سکندر نامہ، بیضاوی، نور الانوار،

مقامات حریری، مفصل (زمخشری)، اوضح المسالک، شرح الفیہ (ابن عقیل) سیبویہ، تاریخ یمینی، کلام امراء القیس، سقط الزند (معری) دلائل الاعجاز، مطول، مختار الصحاح، منتہی الادب، لسان العرب مجلہ عدلیہ، الحج الواضحہ فی البینات الراجحہ، شرح وقایہ، شرح نقایہ (ملا علی قاری) ریاض الصالحین (نودی) تصانیف غزالی۔

(۱۲) شاہ حلیم عطا صاحب : تفسیر فتح العزیز، بخاری، الدین الخالص (صدیق حسن خاں) فتح الباری، مزہر (سیوطی) فقہ اللغہ (ثعالبی)، اذکار (نودی) التبیان فی آداب حملۃ القرآن، ریاض الصالحین (نودی) تلبیس ابلیس اور صفۃ الصفوہ (ابن جوزی)، الواسطہ بین الخلق والحق (ابن تیمیہ)، زاد المعاد (ابن قیم)، الاسماء والصفات (بیہقی)، قیام اللیل (محمد بن نصر مروزی)، صحیحین، موطا، شرح مسلم (نودی)، شفاء العلیل، (ابن قیم)، الغایۃ الامانی ——— (آلوسی زاد) الملل والنحل اور ابن حزم کی دوسری تصانیف۔

ابن جوزی، ابن تیمیہ، ابن قیم، ابن کثیر، ابن رجب، ابن الہادی، ابن حجر عسقلانی، محمد ابن ابراہیم وزیر یمانی، محمد بن اسماعیل امیر یمانی، محمد بن علی شوکانی، صدیق حسن خاں کی تصانیف۔

منہاج السنہ، الجواب الصحیح عن بدل دین المسیح، ابن تیمیہ کی اہم ترین کتاب المجموعۃ الرسائل اور ابن قیم کی زاد المعاد، تفاسیر یہ ابن کثیر اور کتب تواریخ میں البدایۃ والنہایۃ۔

(۱۳) عبدالعزیز میمن (پروفیسر مسلم یونیورسٹی علیگڈھ) : مفصل، کتاب سیبویہ، معلقات، دیوان متنبی، حماسہ، جمہرۃ اشعار العرب، مفضلیات، مقامات، سقط الزند، دیوان ابوالعتاہیہ، خزانۃ الادب، حماسہ (ابوتمام) حماسہ (البحتری)، وحشیات (ابوتمام)، حماسۃ الخالدین، حماسۃ لہ حماسۃ مغربیہ۔

قراضۃ الذہب (ابن رشیق)، رسالۃ الانکار (ابن شرف)، شرح المختار من اشعار بشار العمدہ (ابن رشیق)، الموشح فی ماخذ العلماء علی الشعراء (مرزبانی)، آمالی، کامل (مبرد) ادب الکاتب کتاب البیان والتبیین، امالی (ابوعلی القالی)

(۱۴) عبدالسلام ندوی : آمدنامہ، صفوۃ المصادر، کریما، مامقیماں، اللہ خدا بوستاں، گلستاں، اخلاق محسنی۔

شبنم شاداب، دیوان غنی، دیوان ہلالی، انوارِ سہیلی، سکندر نامہ، بہارِ دانش، مینا بازار۔
میزان، منشعب، زبدہ، پنج گنج، صرفِ میر، نحوِ میر، ہدایت النحو، قال اقول، صغریٰ، کبریٰ، میزان منطق، شرح تہذیب، شرح مطالع، ملا جلال، حجۃ اللہ، امور عامہ، حواشی مولانا عبد الحی فرنگی محلی، کافیہ، شرح جامی، قدوری، قطبی، میر قطبی، شرح وقایہ، میبذی، نور الانوار، ہدیہ سعیدیہ، ملا حسن، میر زاہد۔
گلدستۂ پیام یار، گلدستۂ پیام عاشق، گلدستۂ دامن گلچیں۔
الفاروق (شبلی)، مقدمہ شعر و شاعری، حیات سعدی، یادگار غالب (حالی)، حکیم محمد علی کے ناول، محمد حسین آزاد کے مضامین، عبد الماجد دریا بادی کی فلسفۂ اجتماع، فلسفۂ جذبات، تاریخ اخلاق یورپ۔
تفسیر کبیر (رازی)، شرح حکمت العین، شرح حکمت الاشراق، توضیح تلویح، ہدایہ، حماسہ، سبعہ معلقہ، متنبی، نقد الشعر، دلائل الاعجاز، قاضی مبارک، صدری، صحیح بخاری۔

(۱۵) **خواجہ غلام السیدین:** ترجمان القرآن (ابو الکلام آزاد)، مواعظ حسنہ (عبد العلی حربی) اقبال کا کلام، مسدس حالی، مراثی انیس، پریم چند کے ناول اور افسانے، حالی کی حیات جاوید، سرشار کا فسانۂ آزاد، فرحت اللہ بیگ کے مضامین، ٹیگور کی بعض ادبی اور قومی تصانیف، عبد الرحمٰن بجنوری کا مقدمۂ دیوان غالب۔

مغربی مصنفوں میں ڈکنس، گوئٹے، رسل، برنارڈ شا، ایچ۔ جی۔ ویلز، اناطول فرانس، رومارولاں، اپٹن سنکلر۔

(۱۶) **ابو الحسن علی ندوی:** منظوم فتوح الشام (عبد الرزاق کلامی)، مسدس حالی، رحمۃ للعالمین (قاضی سلمان منصور پوری)، الفاروق (شبلی)، آبِ حیات (محمد حسین آزاد)، گل رعنا (عبد الحی)، نیرنگ خیال (محمد حسین آزاد)، حالی، نذیر احمد، شرر اور رتن ناتھ سرشار کی چند کتابیں، یاد ایام (عبد الحی)، معرکۂ مذہب و سائنس (ڈریپر، مترجمہ: ظفر علی خاں)۔ مولانا حبیب الرحمن، شیخ تقی الدین ہلالی المراکشی، حبیب الرحمن خاں شیروانی، ڈاکٹر حکیم سید عبد العلی، اقبال، مولانا الیاس کاندھلوی، مولانا احمد علی کی تحریریں رسالۃ القریری (ابو الحسن علی القریری)، النظرات (منفلوطی)، شرح امام نودی، ابو داؤد کی الادعیہ زمخشری کی الزہد والرقائق، غزالی کی احیاء العلوم، الامامۃ و السیاسۃ (ابن قتیبہ) کلیلہ و دمنہ، مقفع

کتاب الاغانی (ابوالفرج اصفہانی)، جاحظ کے رسائل امیر شکیب ارسلان کی تحریریں، عبدالرحمن الکواکبی کی ام القریٰ، محی الدین قصوری کا سلسلہ مضامین سید احمد شہید کے بارے میں (رسالہ "توحید" امرتسر مرتبہ مولانا داؤد غزنوی ۲۷ - ۲۹)، زاد المعاد (ابن قیم)۔

محمد بن نصر مروزی کی قیام اللیل، ابن تیمیہ کی تفسیر سورۂ نور، ابن قیم کی الجواب الکافی، صاحب ہدایہ کے ایک شاگرد کی کتاب "تعلیم المتعلم"۔ والد مرحوم کی ارمغان احباب، مولانا محمد علی مونگیری کی ارشاد رحمانی، فوائد الفواد (حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء)، دار المعارف (شاہ غلام علی) تلبیس ابلیس۔

عبدالماجد دریا بادی کا "سچ"۔ ابوالاعلیٰ مودودی کا "ترجمان القرآن" "تنقیحات" اسلام ایٹ دی کراس روڈ (Islam at the Cross Roads) از محمد اسد۔

احمد امین کی فجر الاسلام جلد اوّل، ضحی الاسلام تین جلدیں، مولانا ابوالکلام کا تذکرہ، البلاغ اور ترجمان القرآن کی دوسری جلد، سید سلیمان ندوی کی خطبات مدراس۔ سرسید کے تہذیب الاخلاق کے فائل، حیات جاوید (حالی)، وقار حیات (اکرام اللہ خاں ندوی)، سید طفیل احمد کی حکومت خود اختیاری اور مسلمانوں کا روشن مستقبل۔

نزہت الخواطر (عبدالحی)، اقبال کا کلام، مذہب و عقلیات (عبدالباری ندوی)، ابن تیمیہ کی سورۂ اخلاص اور کتاب النبوات کے اشارات، شیخ احمد سرہندی کے مکتوبات، شاہ ولی اللہ کی ازالۃ الخفا، حجۃ اللہ البالغہ اور الفوز الکبیر، شاہ اسمٰعیل شہید کی منصب امامت۔

سید احمد شہید کے ملفوظات کا مجموعہ، صراط المستقیم (مرتبہ شاہ اسمٰعیل شہید)

●●

محمد عمران خان
خانہ امیر گنج ٹونک

# خدا بخش لائبریری کے چند اہم اور نادر مخطوطات

(۱)

## فاکہۃ البستان:-

اس کے مصنف مولانا محمد ہاشم بن عبدالغفور التتوی ہیں جو علماء سندھ میں ٹھٹھہ کے مشہور عالم
ہیں۔ مزید تصانیف کے مالک ہیں۔ اس کتاب میں فقہ کے اہم ذخیرے کو سامنے رکھتے ہوئے جانوروں
ت و حرمت سے بحث کی گئی ہے۔ اور اس سلسلہ میں جو کچھ انہیں حاصل ہو سکا ہے وہ تمام معلومات
جمع کر دی گئی ہیں۔ اس طرح کتاب کا ایک حصہ ذبح کے مسائل پر مشتمل ہے اور نہایت جامع حصہ ہے۔
ن کے سلسلے میں جہاں سے حصہ شروع ہوتا ہے وہاں ایک ایک جانور کو علیحدہ علیحدہ بیان کر کے سیر حاصل
کی گئی ہے۔

اس کتاب کا ایک نادر نسخہ ہمارے ذاتی کتب خانہ (کتب خانہ عرفانیہ ٹونک) میں بھی موجود ہے اور
چھا نسخہ ہے۔ اسے اردو میں ترجمہ کر کے شائع کرنے کا ارادہ بھی ہے۔ لیکن خدا بخش لائبریری کا نسخہ دیکھ کر
سرت ہوئی کہ یہ نسخہ مصنف کی زندگی کا لکھا ہوا ہے اور یہاں کے اندراج کے مطابق مصنف کا خود نوشت
۱۱۲۸ھ میں اس کی تصنیف شروع ہوئی اور ۳ رجب ۱۱۳۲ھ کو اس کی تکمیل ہوئی۔ کتابت کے بعد یہ
صاحب کی ملکیت میں آ گیا جو مصنف سے تعلق میں بہت قریب معلوم ہوتے ہیں۔ جن صاحب
ت میں پہنچا تھا، ان کی مہر ثبت تھی لیکن افسوس مہر محو کر دی گئی ہے البتہ اس پر جو نوٹ
ہے وہ صاف ہے۔ "قد تشرف بتملکہ صاحب الخاتم"
کے بعد یہ عبارت ہے:

"الجزء الاول من فاکہۃ البستان تصنیف الفاضل والمحقق العالم الفاضل
العارف الکامل المجود المتقی المحدث الفقیہ محمد الہاشم السندی البتوری"

مولدًا والتتوی مسکنا، سلمه المحیی الحی الذی لایموت ابدًا۔"

کتاب کے شروع میں تفصیلی فہرست شامل ہے۔ کتاب اس طرح شروع ہوتی ہے: "سبحانك لاعلم لنا الا ما علمتنا" الخ۔ پھر لکھتے ہیں:

" امابعد فیقول الافقر الراجی الی رحمة رب البلاد، قلیل البضاعة والزاد محمد الهاشم بن عبد الغفور التتوی اقامة البتور اقتی من حیث الولاد، ان هذه نبذة" الخ

اختتام جو مصنف کے ترقیمے کی حیثیت بھی رکھتا ہے، وہ اس طرح ہے:

" تمت الرسالة المسماة بفاکهة البستان بید مؤلفه الفقیر الحقیر محمد هاشم بن عبد الغفور رحمهما ربهما انه غفور شکور وغفر الله لکاتبه ولمن معه والدیهما ولجمیع المومنین والمؤمنات والمسلمین والمسلمات آمین یارب العالمین۔ قد تم هذه الرسالة الشریفة۔ یوم الاثنین من شهر رجب فی تاریخ ثالث منها اثنان وثلاثون ومائة والف۔"

یہ نسخہ ۲۵۷ اوراق پر مشتمل ہے۔

جانوروں اور اُن کی خصوصیات کے سلسلہ میں علامہ الدمیری کی کتاب "حیوٰۃ الحیوان" بہت مشہور ہے اور متعدد بار طبع بھی ہو چکی ہے۔ اس کتاب سے بھی فاکہۃ البستان میں بہت استفادہ کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں یہ ذکر غیر مفید نہیں ہوگا کہ حیوٰۃ الحیوان کا اُردو ترجمہ غالبًا اب تک نہیں ہوا ہے یا نہیں شائع ہوا ہے۔ اس کتاب کا اُردو ترجمہ ہمارے نسبی جد امجد مولوی فضل الحق صاحب ٹونکی خطیب جامع مسجد متوفی ۱۳۴۴ھ نے کیا ہے، جو دو ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے اور مترجم کے قلم سے ان کا اصل مسودہ ہے۔ امتداد زمانہ کے مطابق زبان میں کافی فرق ہے لیکن اسے بآسانی جدید زبان میں ڈھالا جا سکتا ہے۔

(۲)

مولانا عبد الحق صاحب خیر آبادی کی ایک تصنیف "التحفة الوزیریة فی المسائل النحویة" کا نسخہ دیکھنے میں آیا۔ مولانا کی تصانیف میں شاید اس کا ذکر ہو۔ لیکن یہاں اس لائبریری میں اس کا نسخہ دیکھنے کا شرف حاصل ہوا۔ مولانا عبد الحق صاحب خیر آبادی المتوفی ۱۳۱۶ھ خلیفہ والد بزرگوار

ولانا فضل حق صاحب خیرآبادی المتوفی ۱۲۷۸ھ کی طرح ٹونک کے رئیسوں سے بھی متعلق رہے ہیں۔ بلکہ غدر کی
باہی کے بعد دو سال ان کا قیام ٹونک میں رہا ہے۔ غالباً اسی زمانۂ قیام میں آپ نے یہ کتاب تصنیف کی اور
سے نواب وزیرالدولہ جانشین نواب امیرالدولہ بہادر (۱۲۵۰ھ / ۱۸۳۴ء تا ۱۲۸۱ھ / ۱۸۶۴ء) کے نام پر معنون کیا
ور اسی مناسبت سے اس کا نام "التحفۃ الوزیریہ فی المسائل النحویہ" رکھا۔ کتاب کی ابتدا اس طرح ہوتی ہے:

"یا مالک یوم الدین إیاک نعبد و ایاک نستعین ونصلی علی رسولک" الخ

وجہ تصنیف بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"وبعد فیقول العبد الفقیر الی اللہ الغنی الهادی محمد عبدالحق خیرآبادی اعاذہ اللہ عن ظلمات الجهل وهداہ الی نور العلم والفضل: انی مع قصور باعی فی البراعة وخیبة قدحی فی الصناعة وتراکم افواج الهموم علیّ، وتلاطم امواج الغموم لدیّ، حررت رسالة فی علم النحو وجعلتها تحفة للجناب المقدس المشتهر فی العرب والعجم، صاحب السیف والقلم، الواصل الی اخص معارج الشوکة والحشمة، البالغ اقصی مدارج الجلالة والعظمة، اعنی النواب وزیرالدولة امیرالملک محمد وزیرخان بهادر نصرت جنگ لا زالت اعلام علمه رافعة ورأیات دولته ناصبة، وسمیتها "بالتحفة الوزیریه فی المسائل النحویه" واللہ الموفق للصدق والصواب وبه الاعتصام فی کل باب، وها انا اشرع فی المرام لغایة الملک العلام ـ الکلمة دال علی معنی مفرد بالوضع، وینقسم" الخ

کتاب کا اختتام اس طرح ہے:

"هذا آخر بحث الحروف وصلی اللہ تعالی علی خیر خلقه محمد وآله واصحابه بعد کل لمح وطرف"

ابتدائی حصہ میں اور درمیان میں متعدد حواشی بھی پائے جاتے ہیں۔ ان حواشی سے اور اصل متن
کتاب سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ نسخہ اور اس کے منہیات خود مصنف کتاب کے قلم سے ہیں۔ کتاب پر گو کوئی ترقیمہ
نسخ نہیں لیکن ٹونک دارالعلوم میں مولانا کی کئی تحریرات نواب صاحب کے نام دیکھنے کا اتفاق ہوا ہے، طرز کتابت
در خط کی ہم آہنگی بھی اس پر دلالت کرتی ہے۔ حواشی کے ساتھ "منہ عفی عنہ" کی کشش اور طرز خصوصیت سے

اس کا ثبوت ہیں۔ حافظ اعظم

## (۳)

خدا بخش لائبریری کے ذخیرہ میں ایک کتاب "تذکرہ فی سفر آگرہ" مطالعہ کرنے کا موقع ملا۔ یہ کتاب بھی ٹونک سے متعلق ہے۔ نواب وزیر الدولہ کے بیٹے صاحبزادہ عبداللہ خاں صاحب نے ابتدائی عمر میں اسے ترتیب دیا ہے۔ جب کہ انہیں اپنے والد صاحب کے ساتھ آگرہ کا سفر کرنے کا موقع ملا۔ ۱۲۸۰ھ میں لارڈ کیننگ جب ڈھاکہ اور بنگالہ کی مہم سے واپس آ رہے تھے اُس وقت آگرہ میں رؤسا کا ایک اجلاس ہوا جس میں دوسرے رؤسا کے ساتھ نواب وزیرالدولہ والی ریاست ٹونک نے بھی بڑے تزک و احتشام کے ساتھ شرکت کی اور نواب صاحب کے فرمانے کے مطابق صاحبزادہ عبداللہ خاں صاحب نے یہ سفرنامہ بڑے اہتمام سے ترتیب دیا۔ زبان نہایت صاف و شستہ اور فارسی ادبیت میں ڈوبی ہوئی ہے۔ ساتھ ساتھ اشعار اور نظموں کی چاشنی بھی ہے سفر کی روداد کے ساتھ درمیان کی منزلوں کی بھی کافی تفصیلات ہیں۔ چنانچہ بیانہ، کروائی، فتح پور سیکری اور بالآخر آگرہ کی کافی تفصیلات اس سفرنامہ میں ملتی ہیں۔ پھر جن رئیسوں نے شرکت کی اُن میں خاص خاص ریاستوں کے کچھ تاریخی حالات ہیں۔ ۱۲۸۰ھ میں اس سفرنامہ کی تکمیل ہوئی۔ آخر میں کچھ تاریخی قطعات بھی ہیں جن میں ایک قطعۂ تاریخ، مولوی الٰہی بخش صاحب نازش خیرآبادی المتوفی ۱۲۸۶ھ کا بھی ہے۔ اس نسخہ کے کاتب حافظ عزیز الرحمٰن صاحب ٹونکی ہیں جو ٹونک کے مشہور خوش نویس گذرے ہیں اور اُستاد اصغر علی آبرو کے شاگردوں میں تھے۔ کتابت کا سال بھی یہی ہے۔ یہ نسخہ ۳۳۲ صفحات پر مشتمل ہے۔ ٹونک میں بھی اس سفرنامے کے کئی نسخے تھے لیکن افسوس آہستہ آہستہ سب ضائع ہو گئے۔ صاحبزادہ عبداللہ خاں صاحب کے پسر نائب المریاست صاحبزادہ عبیداللہ خاں صاحب کے کتب خانہ میں بھی اس کا نسخہ تھا، معلوم نہیں وہ کیا ہوا۔ اس سفرنامہ کا ایک نسخہ مرحوم حافظ محمود خاں شیرانی کے ذخیرہ کے ساتھ پنجاب یونیورسٹی لاہور کے کتب خانہ میں داخل ہو گیا، جو وہاں محفوظ ہے اور ذخیرۂ شیرانی کے مخطوطات کی جو فہرست وہاں سے شائع ہوئی ہے اُس میں اس نسخہ کی بھی کچھ تفصیلات ہیں۔ اسی طرح اُس میں صاحبزادہ عبداللہ خاں صاحب کی ایک دوسری تصنیف کا بھی نسخہ ہے اور اُس کی کچھ تفصیلات بھی اس فہرست سے معلوم ہوتی ہیں۔

ابتدا: الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام ...... اما بعد میگوید مخفی عباد خدا عبداللہ خان غفراللہ ذنوبہ ... وتام این رسالہ "تذکرہ فی سفر آگرہ" نہادم۔ شعر

نشد مرتب این رسالہ دلپسند ٭ در ہزار و دو صد و ہفتاد و ہفت الخ

اس رسالہ کا نمبر ۲۵۱۸ ہے اور ۲۲۲ صفحات پر مشتمل ہے۔

(۴)

**طبقات المفسرین :** للعلامہ شمس الدین محمد بن علی بن احمد الداؤدی المالکی تلمیذ الحافظ عبد الرحمن جلال الدین السیوطی (سلسلہ نمبر ۲۳۹۰ خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری) ۱۳۴ اوراق پر مشتمل ہے۔ حروف کی ترتیب پر مفسرین کے حالات لکھے ہیں۔ صاحب ایجاز البیان کے لئے لکھتے ہیں :

" محمود بن ابی الحسین النیشاپوری الغزنوی الملقب بیان الحق قال یاقوت کان عالماً بارعاً مفسراً لغویاً فقیہاً متقناً فصیحاً، لہ تصانیف ادعی فیہا الاعجاز، منہا خلق الانسان، جمل الغرائب فی تفسیر الحدیث، ایجاز البیان فی معنی القرآن وغیر ذلک۔ ومن شعرہ۔

فلا تحقرن خلقاً من الناس علۃ ٭ ولی الہ العالمین وما تدری
فذ والقدر عند اللہ خاف عن الوری ٭ کما خفیت من علمہم لیلۃ القدر" (ورق ۱۱۶ و ۱۱۷)

کسی صاحب نے ناقلی نمبر ڈال رکھے ہیں۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس میں ۱۳۴ مفسرین کے حالات ہیں۔ شاید کسی نے ابھی یہ کام کیا ہو۔ کتاب کے آخری ورق پر یوسف بن قزغلی کے نام پر ایک حاشیہ رشاد بن عبد المطلب مصری کے قلم سے اس طرح درج ہے کہ :

" الصواب قزاؤغلی ومعناہ بالترکیۃ ابن البنت اَی السبط۔ وہٰذا معنی قولہ سبط ابن الجوزی"

رشاد بن عبد المطلب عرب لیگ کی جانب سے مصر سے ۱۹۵۲ء میں ایک وفد کی شکل میں ہندوستان آئے تھے اور اس وقت مولانا آزاد کی معرفت ہندوستان کے مختلف کتب خانوں سے نادر کتابوں کی فوٹو گرافیاں جن کا انتظام وہ خود کر کے آئے تھے، لی تھیں۔ ٹونک کے کتب خانہ سے بھی کافی کتابیں اسی طرح حاصل کیں اور کئی روز ٹونک میں قیام رہا۔ اس زمانہ میں مولانا رشاد جب یہاں آئے ہوں گے اس وقت اس پر یہ نوٹ دیا ہوگا۔ اس نسخہ کے کاتب قاسم علی حیدرآبادی ہیں اور ۲۹ شعبان ۱۲۹۲ھ اس کی تاریخ کتابت ہے۔ غالباً کسی نادر نسخہ سے نقل کر لیا ہوا نسخہ ہے جو جدول شنجرفی، لوح کتاب قدرے طلائی و مینا کار ہے۔

(۵)

یہاں ایک تاریخ ہجرت پور فارسی کا نسخہ بھی دیکھنے میں آیا۔ یہ مختصر تاریخ ہے۔ اس میں راجہ درجن سال ملک ہجرت پور اور انگریزوں کے درمیان جو نزاع ہوا ہے اس کی تفصیل بیان کی گئی ہے۔ اس کے مرتب انند لال سے

کا مستوفی ہیں جو ۱۲۴۰ھ میں بھرت پور سے متعلق تھے۔ ادیب آدمی معلوم ہوتا ہے، فارسی بہت اچھی اور ادیبانہ ہے۔ ۴۴ اوراق پر مشتمل ہے۔ پیش نظر نسخہ کے کاتب کوئی قادر بخش ہیں اور ۱۲۴۷ھ کا لکھا ہوا نسخہ ہے۔ مکمل نسخہ ہے۔

ابتدا: "حمد بے حد قدیم و صادق است مستدیم کہ حکومت بالغہ قادر کارساز تعالی الخ

پھر لکھتے ہیں: "بندۂ خاکسار، ذرۂ بیمقدار اننداری مدت سنہ یکہزار دو صد چہل بیاوری بخت بیدار، سعادت" الخ

اختتام: "والحمد للہ والمنۃ کہ این تازہ حکایت بعین عنایت آن سرو گلستان امارت بہ ضبط کتابت در آمد و در عرصہ یک ہفتہ باتمام رسید۔ بیت:

از بزرگان دعا طمع دارم ٭ زانکہ من بندۂ گنہگارم"

بھرت پور کی تاریخیں عام طور پر ملتی نہیں ہیں۔ اس لحاظ سے نسخہ نادر اور اچھا ہے۔

(۶)

یہاں "آئین نامہ" مرتبہ منشی لبا دن لال شاداں کا قلمی نسخہ بھی دیکھنے میں آیا۔ ۱۲۵۰ھ کا مکتوبہ ہے۔ اسی سال نواب میر خان صاحب والی ٹونک کا انتقال ہوا ہے اور انہی کے حالات میں یہ کتاب ترتیب دی گئی تھی۔ ان کا طریقہ تھا کہ اپنی زندگی میں اس کے متعدد نسخے تیار کراتے رہتے اور مختلف متعلق حضرات اور رؤسا کو بھیجتے رہتے تھے۔ یہ نسخہ بھی اسی طرح کا تیار شدہ معلوم ہوتا ہے۔ نسخہ دیکھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ اسے مصور بھی کرانا چاہا ہے۔ جگہ جگہ مصوری کے لئے جگہ چھوڑی ہوئی ہے اور حاشیہ پر نوٹ ہے کہ یہاں کس کی تصویر بنائی جائے گی۔ یہ نسخہ ۱۴۸ اوراق پر مشتمل ہے۔ عطاء اللہ نومسلم ساکن دہلی اس کے کاتب ہیں۔

(۷)

تفسیر واحدی کے بھی یہاں کئی نسخے دیکھنے میں آئے۔ علامہ واحدی پانچویں صدی کے مفسر ہیں انہوں نے تین تفسیریں لکھی ہیں۔ ایک نہایت طویل ہے۔ اس کا نسخہ کبھی دیکھنے میں نہیں آیا۔ دوسری تفسیر بسیط ہے۔ اس کے نسخے ٹونک اور رامپور وغیرہ میں محفوظ ہیں۔ تیسری تفسیر، تفسیر وجیز ہے (یہ شاید کبھی طبع بھی ہوئی ہے)۔ اس کے دو نسخے اس لائبریری میں ہیں۔ ٹونک اور رام پور کے کتب خانوں میں بھی اس کے نسخے محفوظ ہیں۔ تفسیر وسیط بھی ہے۔ یہاں اور ٹونک کا نسخہ قدرے محشی بھی ہے۔ یہاں ایک نسخہ تفسیر واحدی کے نام سے ہے اور ایک جلد ہے۔ شاید یہ تفسیر وسیط واحدی کی ہو۔

# غالب، یاس یگانہ اور حسرت عظیم آبادی

[ غلام رسول حسرت عظیم آبادی (ب ۱۲۴۳ھ) شاد عظیم آبادی کے شاگرد تھے۔ ۱۳۵۴ھ (۱۹۳۶ء) میں دیوان مرتب ہوا۔ اسی دیوان سے یہ دلچسپ ورق نقل کیا جا رہا ہے ]

غالب: شب ہوئی پھر انجمِ رخشندہ کا منظر کھلا — اس تکلف سے کہ گویا بتکدہ کا در کھلا

یاس: واں نقاب اٹھی کہ صبحِ حشر کا منظر کھلا — یا کسی کے حسنِ عالمتاب کا دفتر کھلا

حسرت: چاک پھر سینہ کیا داغوں کا پھر منظر کھلا — درد پھر دل میں ہوا اور زخم کا پھر نشتر کھلا

غالب: منہ نہ کھلنے پر ہے وہ عالم کہ دیکھا ہی نہیں — زلف سے بڑھ کر نقاب اس شوخ کے منہ پر کھلا

یاس: اشکِ خوں سے زرد چہرے پر ہے اک طرفہ بہار — دیکھیے رنگِ جنوں کیا میرے منہ پر کھلا

حسرت: اور رنگِ حسن دونا ہو گیا وقتِ عتاب — یہ نقابِ سرخ کتنا آپ کے منہ پر کھلا

غالب: گرچہ ہوں دیوانہ پر کیوں دوست کا کھاؤں فریب — آستیں میں دشنہ پنہاں ہاتھ میں نشتر کھلا

حسرت: قتلِ عاشق اس قدر منظور ہے اس شوخ کو — تیغ رکھتا ہے کمر میں، ہاتھ میں نشتر کھلا

یاس: بند آنکھیں ہو گئیں بیتاب ہو ہو کر گرے — سامنے پیاسوں کے کس نے رکھ دیا ساغر کھلا

حسرت: چشمِ میگوں دیکھ کر ساقی کی دل بیخود ہوا — میں نے یہ سمجھا کہ ہے رکھا ہوا ساغر کھلا

غالب: گو نہ سمجھوں اس کی باتیں گو نہ پاؤں اس کا بھید — پر یہ کیا ہے کہ مجھ سے وہ پری پیکر کھلا

حسرت: راز کی باتیں کہیں کب لاکھ گو پوچھا کیے — نامہ بر ہرگز نہیں تیرا پری پیکر کھلا

یاس: چپ لگی مجھ کو گناہِ عشق ثابت ہو گیا — رنگ چہرے کا اڑا، رازِ دلِ مضطر کھلا

حسرت: دکھ سہا گو لاکھ لیکن رنگِ رخ بدلا نہیں — مرتے مرتے بھی نہیں رازِ دلِ مضطر کھلا

غالب: بزمِ شاہنشاہ میں اشعار کا دفتر کھلا — رکھیو یا رب یہ درِ گنجینۂ گوہر کھلا

حسرت: پھر امنڈ آئی ہماری چشمِ تر یادش بخیر — آج پھر یا رب درِ گنجینۂ گوہر کھلا

غالب: کیوں اندھیری ہے شبِ غم ہے بلاؤں کا نزول — آج ادھر ہی کو رہے گا دیدۂ اختر کھلا

حسرت : کٹ گیا دن ہجر کا خوشیاں مناؤ مژدہ دو
شب ہوئی وہ چاند نکلا دیدۂ اختر کھلا

یاس : خنجر قاتل سے جنت کی ہوا آنے لگی
اور بہار زخم سے فردوس کا منظر کھلا

حسرت : فصل گل آئی ادھر، صحن چمن رنگیں ہوا
داغ دل سے اس طرف فردوس کا منظر کھلا

غالب : در پہ رہنے کو کہا اور کہہ کے کیسا پھر گیا
جتنے عرصہ میں مرا لپٹا ہوا بستر کھلا

حسرت : ضعف ہو تیرا برا، اس در پہ میں جانے کو تھا
وائے ناکامی مرا لپٹا ہوا بستر کھلا

یاس : نیم جاں چھوڑا تری تلوار نے اچھا کیا
ایڑیاں بسمل نے رگڑ دیں صبر کا جوہر کھلا

حسرت : اس حسیں کو یاد آتی ہیں وفائیں اب مری
خاک ہو جانے پہ میرے صبر کا جوہر کھلا

یاس : صحبت واعظ میں بھی انگڑائیاں آنے لگیں
راز اپنی میکشی کا کیا کہیں کیونکر کھلا

حسرت : داغ ہائے دل کو رکھا سات پردوں میں نہاں
راز الفت کا تمہاری غیر پہ کیونکر کھلا

غالب : اسکی امت میں ہوں میں میرے رہیں کیوں کام بند
واسطے جس شہ کے غالب گنبد بے در کھلا

یاس : ہاتھ الجھا اب گریباں میں تو گھبراؤ نہ یاس
بیڑیاں کیونکر کٹیں زنداں کا در کیونکر کھلا

حسرت : قدسیوں میں ہوگا پھر کیونکر نہیں اس کا شمار
جس پہ اے حسرت کرامات ساقی کوثر کھلا

(فسانۂ محبت معروف بہ دیوان حسرت
صفحہ ۳۸۳ - ۸۴

وسیم احمد اعظمی
ریسرچ یونیٹ (یونانی)
(سی سی آر یو ایم)
خدا بخش لائبریری پٹنہ

# تصحیح و اضافہ

## (۱)

# زبدۃ الطب

مفتاح الکنوز، جلد ۳، نمبر ۳۲۸، پروگریس نمبر ۳۵۶

اصل کتاب کے آغاز سے قبل تین اضافی تحریریں ملتی ہیں۔ اول الذکر دونوں تحریریں زبدۃ الطب کے بارے میں مصنف، سن تالیف، و سن کتابت سے متعلق معلومات پر مشتمل ہیں۔ آخرالذکر تحریر کتاب کی شیرازہ بندی سے متعلق ہے۔ اضافی تحریر ۱ کے راقم ابوالقاسم ہیں، وہ لکھتے ہیں:

"این کتاب 'زبدۃ الطب' از ابتدا تا شروع کتاب معالجات جزویہ، تصنیف سید اسمٰعیل جرجانی است کہ برای سلطان علاء الدین تکش خوارزم شاہ تصنیف نمودہ۔ و معالجات جزویہ تصنیف ابوالحسن مختار بن حسن مشہور بہ ابن بطلان است، نامش 'تقویم الصحۃ' است کہ سید مذکور با کتاب خود تضمین ساختہ۔ تصنیف 'تقویم الصحۃ' در سن ۴۴۰ چہارصد و چہل ہجری و تصنیف سید بالا، در سن ۵۰۹ پانصد و نو ہجری است"

اضافی تحریر ۲، اضافی تحریر ۱ کے بعد کی لکھی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔ راقم الحروف کا نام مذکور نہیں ہے۔ اس کی عبارت اس طرح ہے:

"این کتاب ہفتاد سال بعد تقریباً بعد از تصنیف نوشتہ شدہ، مصنفش تا آخر معالجات کلیہ سید اسمٰعیل جرجانی مصنف کتاب ذخیرہ خوارزم شاہی است۔ و مصنف معالجات جزویہ است ابن بطلان نصرانی صاحب کتاب تقویم الابدان"

فہرست ساز خدا بخش لائبریری نے عربی مخطوطات کی مطبوعہ فہرست مفتاح الکنوز، جلد سوم صفحہ الف میں، اس جلد میں شامل نوادر کا اجمالی تعارف کراتے ہوئے اس نسخہ کے بارے میں لکھا ہے:

"زبدۃ الطب در فن طب است، مؤلفہ سید اسمٰعیل الجرجانی این کتاب برای سلطان خوارزم در سال ۵۰۰ھ یعنی چہل سال بعد وفات مؤلف نقل شدہ بود"

اضافی تحریر ۱ کے مطابق 'زبدۃ الطب' کی تصنیف ۵۰۹ھ میں ہوئی اور یہ درست نہیں ہے کیونکہ جرجانی کا انتقال ۵۳۱ھ میں ہوگیا تھا۔ اسی طرح اضافی تحریر ۲ کے مطابق یہ نسخہ جرجانی کے

کے انتقال کے ۷۰ سال بعد نقل کیا گیا حالانکہ اسکی کتابت محمود السمنانی کے ہاتھوں ۶۷۰ھ میں ہوئی مزید اضافی تحریر ۲ سے پتہ چلتا ہے کہ معالجات جزویہ ابن بطلان کی تالیف ہے جو "تقویم الابدان" کا بھی مصنف ہے۔ حالانکہ "تقویم الابدان فی تدبیر الانسان" کا مؤلف ابن جزلہ ہے۔

فہرست ساز کے خیال میں یہ نسخہ ۶۷۰ھ میں مؤلف کے انتقال کے ۴۰ سال بعد سلطان خوارزم شاہ کے لئے نقل کیا گیا۔ جرجانی کے سن وفات ۵۳۱ھ کے حساب سے گویا یہ نسخہ انتقال کے تقریباً ایک سو انتالیس سال بعد لکھا گیا ــــــ ہمیں نفس مخطوطہ میں کہیں بھی اس طرح کے اشارات نہیں ملتے جو اضافی تحریر ۱ و ۲ نیز فہرست ساز کی تحقیق کی تصدیق کر سکیں ــــــ مفتاح الکنوز صفحہ ۱۹۳ جلد سوم میں ابن بطلان کو "بالسین" لکھا گیا ہے جو درست نہیں ہے مزید معالجات جزویہ کو اس سے منسوب کر دیا گیا ہے جب کہ مخطوطہ کے ابواب کی تقسیم اور اس کی عبارت کے مطابق یہ بھی جرجانی ہی کی تالیف ہے۔

اضافی تحریر ۱ معالجات جزویہ کو ابن بطلان کی تالیف تقویم الصحۃ قرار دیتی ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ تقویم الصحۃ ابن بطلان کی تالیف ہے۔ سید اسمٰعیل جرجانی نے تقویم الصحۃ کو ذخیرۃ الطب میں شامل کرنے کا ارادہ کیا تھا، لیکن اس نسخہ میں تقویم الصحۃ کو شامل نہیں کیا گیا ہے۔ کیونکہ "تقویم الصحۃ" کا ایک قلمی نسخہ حیدر آباد دکن میں موجود ہے، جو بڑی تقطیع کے ۴۸ صفحات پر مشتمل ہے۔ جس میں ادویہ کے مزاج اور افعال و خواص کا ذکر ہے اور یہاں کے نسخہ میں ادویہ سے متعلق مباحث شامل نہیں ہیں!!

●●

عابد رضا بیدار

(۲)

# ایک مخطوطہ، دو اندراج

۶۲۱۷-۱۸-۱۹ نمبر کی کتابیں گیا کے خلفر نواب صاحب کے تحفہ کے طور پر لائبریری کو ایک ساتھ ملیں۔ فی الحال بحث ۱۷، اور ۱۹ کے بارے میں ہے۔ قاسم صاحب ۱۹۶۳ء تک دونوں کرم زدہ اور بودہ حال میں پہنچی تھیں۔ پہلی ۶۲۱۷ کے بارے میں مزید یہ بھی بیان ہے کہ ناقابلِ مرمت ہے۔ ۶۲۱۷ پر جس کتاب 'حکایات الصالحین' کا اندراج تھا، وہ کسی مرحلے پر خارج کر دی گئی یا خود خارج ہو گئی اور اگلا اندراج کرنے والے نے اُسے physically دیکھنے کی ضرورت محسوس نہ کی۔ اس اگلے اندراج میں جو ۱۹۵۵ء میں ہوا! اوراق کی تعداد کا اندراج نہ پایا جانا اس خیال کی توثیق کرتا ہے۔

۶۲۱۹ مخطوطہ میں دو کتابیں شامل تھیں سکندر نامہ اور تحفۃ العراقین؛ مل کر ۱۰۸ ورق کا اندراج تھا۔ یعنی احمد صاحب کے مرتبہ رجسٹر کا معاملہ ہے۔ قاسم صاحب کے رجسٹر میں بھی یہ دونوں کتابیں درج ہیں۔ انہوں نے اتنا مزید کیا ہے کہ سکندر نامہ کے ۲۶ ورق اور تحفۃ العراقین کے ۸۲ ورق الگ الگ لکھ دیئے ہیں جو دونوں مل کر ۱۰۸ ہی ہو جاتے ہیں۔

وہ اوراق جنہیں ۶۲۱۷ نمبری اندراج میں 'ناقابلِ مرمت ٹھہرایا گیا تھا' اتنا کہ اس کے اوراق کی تعداد کے اندراج کو بھی قابلِ اعتنا نہیں سمجھا گیا ——— نہ اندراج اوّل کے موقع پر، نہ اندراج دوم پر، وہ کسی مرحلہ پر خارج ہو جانے کے باوجود عملی اخراج ریکارڈ پر نہ لائے جانے کے سبب جب تیسرے ہاتھ پر پہنچیں، تو اس پورے عمل کو نظر میں رکھ کے نتیجہ مرتب کرنے کے بجائے انہوں نے یہ بہتر سمجھا کہ ایک چھلانگ کے بعد کے نمبر ۶۲۱۹ میں شامل ایک کتاب کو اس خارج شدہ نمبر پر لے آئیں۔ چنانچہ ۶۲۱۷ نمبر ڈال کر اسے کتاب نمبر ۶۲۴۳ ٹھہرا کے اصل اندراج 'حکایات الصالحین' کی جگہ 'قران السعدین' کر دیا گیا۔ سہولت پسندی کے تحت ۶۲۱۹ ایک نمبر سمجھ میں آیا۔ اس لئے ایک نمبر پر ایک کتاب کے اصول کے تحت بظاہر مسئلہ حل ہو چکا تھا۔ لیکن دوسرے ہی لمحہ مزید اطلاع سامنے تھی کہ ۶۲۱۹ پر تو دو آئٹم پہلے سے درج ہیں 'سکندر نامہ' اور 'قران السعدین' ——— تو دوسرے کا کیا ہوگا۔ فوراً ہی حل نکالا گیا کہ یہاں بھی درج ہے 'خود' وہاں بھی۔ پرانے زمانے میں اقطاب و ابدال کے بارے میں سنا جاتا تھا کہ وہ بیک وقت دو جگہوں

پر موجود پائے جا سکتے تھے، لیکن ایک کتاب کے بارے میں کوئی کیسے مان لیتا کہ یہ دونوں جگہ بیک وقت موجود ہو سکتی ہے۔
اس اعتراض سے بچنے کے لیے ایک صورت نکال لی گئی۔ پہلے اندراج ملاحظہ ہوں:

| قدیم پروگریس نمبر | قدیم کتاب نمبر | سید اطہر شیر کا مرسل نمبر | نام کتاب | مصنف | اوراق | سطور | خط |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۲۱۷/ | ۲۹۴۳ | ۲۵۲۹ | تحفۃ العراقین | خاقانی شیروانی | ۸۲ | ۱۵ | نستعلیق |
| (۲) ۶۲۱۹/ | ۲۹۴۶ | ۲۹۳۰ | " | " | " | " | " |

ــــ دو نمبروں پر ایک ہی کتاب کی الجھن رفع کرنے کے لیے کچھ فرق کرنا ضروری تھا۔ نام میں فرق نہیں ہو سکتا تھا، مصنف میں، نہ سطروں میں، نہ خط میں۔ لیکن اندراج کے تین خانے اور باقی تھے: ایک سنہ کتابت جس میں (تاریخ کتابت چونکہ مخطوط میں درج نہیں تھی اس لیے سب کچھ مرتب کی صوابدید اور تخمین پر مبنی تھا) ایک جگہ تخمینی صدی ۱۳ لکھ دی اور فرق کرنے کے لیے دوسری جگہ ۱۱۔ کیفیت کے خانے میں بھی آزادی تھی، ملتے جلتے دو تین لفظ موجود تھے ایک اندراج کے تحت 'کرم خوردہ' لکھ دیا، دوسرے کے تحت 'بوسیدہ'۔ ان دونوں خانوں کے لیے تو جتنا [illegible] ہو جا سکتا تھا، اس سے کام لیا گیا لیکن پھر بھی کسی کو شبہ ہو سکتا تھا کہ ۱۳ اور ۱۱ کی تخمین اور بوسیدہ اور کرم خوردہ کا بیان لازماً امتیاز پیدا نہیں کرتا خصوصاً جب خط اور اوراق کیا سطور کی تعداد بھی ایک سی ٹھہر چکی ہو۔ اس لیے اس کے بعد جو آخری خانہ 'امید بچا تھا اس میں پوری دیدہ دلیری کے ساتھ تین تین چار چار سنٹی میٹر کا فرق لے آیا گیا۔ ایک کا ناپ ۲۴ × ۱۵ / ۱۸½ × ۹ لکھ دیا گیا دوسرے کا ۲۱ × ۱۲ / ۱۳ × ۶½ اور اب فہرست نگار صاحب مطمئن ہو گئے کہ فریب مکمل ہو گیا۔

واقعۃً 'حکایات الصالحین' کے اگر کچھ بوسیدہ اوراق قاسم صاحب کو ملے بھی تھے تو وہ ضائع ہو گئے، صرف اندراج یادگار رہ گیا۔ اس طرح ۲۹۴۳ نمبر Redundant ہو گیا (جس پر فہرست ساز نے ۲۹۴۶ کو منتقل کرنے کی ناکام کوشش کی ہے)۔ جہاں تک 'قران السعدین' کا سوال ہے یہ ایک ہی نسخہ ہے، دو نہیں (جو اصلاً ۲۹۴۶ پر ہی تھا اور اب فہرست ساز کی کرشمہ سازی سے بیک وقت ۲۹۴۶ نمبر پر بھی ہے اور ۲۹۴۳ پر بھی)۔

●●

محبوب حسین - خدابخش لائبریری پٹنہ

(۳)

# فوائد ضیائیہ

پُرانے فہرست نگار نے اس مخطوطہ نمبر ۸۱۷۸، پروگریس نمبر ۳۴۶۶۶ کو 'بلاغ المبین' درج کیا ہے۔ مختلف مقامات سے مخطوطہ دیکھا گیا تو معلوم ہوا کہ یہ "فوائد ضیائیہ" ہے المعروف بہ شرح جامی، نہ کہ "بلاغ المبین"۔ چونکہ بلاغ المبین کا ٹائٹل مخطوطہ پر لگا ہوا تھا، یہی اندراج کر دیا گیا۔ مخطوطہ کی عبارت دیکھنے کی زحمت گوارا نہ کی گئی۔ اگر اصل ٹائٹل پیج کو پلٹ کر حمد و نعت پر ہی نظر ڈال لی جاتی تو مضمون سامنے آجاتا جس سے اندازہ ہو جاتا کہ 'بلاغ المبین' اس کتاب کا ٹائٹل ہرگز نہیں ہے۔ 'بلاغ المبین' فارسی زبان کی کتاب ہے اور 'فوائد ضیائیہ' عربی کی۔ مخطوطہ کا اصل ٹائٹل آخر میں موجود ہے۔

واضح ہو کہ یہ مخطوطہ دسنہ لائبریری سے آیا ہے۔ دسنہ کے رجسٹر پر دیکھا تو وہاں بھی اس مخطوطہ کا نام 'بلاغ المبین' ہی پایا۔ 'این خانہ ہمہ آفتاب است'

●●

**پس نوشت :-** اُوپر کی عبارت میں نے ۱۵ مئی ۱۹۷۸ء کے ایک اندراج سے نقل کی تھی۔ لیکن کچھ الجھاو ابھی باقی تھا۔ میں نے اپنی جستجو جاری رکھی یہاں تک کہ آج (۲ مئی ۱۹۸۲ء کو) خان صاحب کی روح سے رجوع کئے بغیر ہی بحمداللہ یہ مسئلہ پوری طرح حل ہو گیا اور تازہ ترین تحقیقات کی روشنی میں دونوں کتابوں 'بلاغ المبین' اور 'فوائد ضیائیہ' کا سراغ مل گیا۔

بات یوں ہوئی کہ دسنہ سے کتابیں لانے کے لئے جن افسران کو بھیجا گیا وہ عربی، فارسی اور اُردو کے لوگ نہ تھے، بنابریں وہاں سے اس لائبریری میں جو کتابیں ٹرک پر آئیں ان کی پیکنگ بہت عجلت میں کی گئی ہوگی جس سے غیر مجلد کتابوں کے اوراق آپس میں گڈمڈ ہو گئے۔

واقعتہً دسنہ سے دو کتابیں آئیں، ایک فوائد ضیائیہ تھی اور دوسری 'بلاغ المبین'۔ بلاغ المبین فارسی کی کتاب ہے۔ شاہ رفیع الدین کی تصنیف۔ خدابخش لائبریری میں ان دونوں مخطوطات کی آمد کے بعد پروگریس رجسٹر لکھنے والے صاحب اور ان کے بعد ہینڈ لسٹ بنانے والے صاحب دونوں نے فوائد ضیائیہ کو اُلٹ پلٹ کر نہیں دیکھا، اس کے اوپر بے شک بلاغ المبین کا پہلا ورق غلطی سے لگا ہوا تھا۔ لیکن دوسرے ورق کو باضابطہ فوائد ضیائیہ شروع ہوتی ہے اور تا اختتام موجود ہے۔ یہ بھی دیکھنا تھا کہ بلاغ المبین (پہلا ورق) فارسی میں ہے، جبکہ فوائد ضیائیہ تمام و کمال عربی میں ہے۔

اصل بلاغ المبین بھی —— یعنی پہلے ورق فوائد ضیائیہ کو بخش کے، دوسرے ورق سے —— لائبریری میں موجود تھی لیکن غلطی سے اس کا اندراج بھی مندرجہ بالا فہرست سازوں نے عربی میں کر دیا تھا جبکہ جیسا کہ فارسی مخطوطہ ہے۔ اس بلاغ المبین کا سر بے تن تھا میں نے اس کا تن بے سر تلاش کر لیا ہے۔ اب یہ دونوں مخطوطے میرے ٹیبل پر خوشی میں باہم بغلگیر ہو رہے ہیں اور زبان حال سے مجھے دعائیں دے رہے ہیں۔ آپ سے امید ہے کہ ان کی مسرت میں شریک ہوں گے اور ان بے زبانوں کی دعا پر آمین کہیں گے۔

●●

(۴)

محبوب حسین، خدا بخش لائبریری، پٹنہ

# کتاب الوصلة الی الحبیب فی وصف الطیبات والطیب

(کیٹلاگ نمبر ۹۶ - ایچ ایل نمبر ۲۱۹۳ - اوراق = ۱۸۲ - س ۹)

اس مخطوط کا موضوع ہے: "الأغذیة والأشربه وما یتعلق بها"

لائق وفائق کیٹلاگر (ڈاکٹر عظیم الدین احمد) نے اس مخطوط کو Dictionaries of medicine کے تحت رکھا ہے۔ میرا خیال ہے کہ موصوف نے اس مجبوری سے اس کو عنوان مذکورہ میں داخل کر دیا کہ اس موضوع پر صرف یہی ایک کتاب اُن کو ملی اور ایک کتاب کے لئے لائق کیٹلاگر نے کوئی علیحدہ عنوان قائم کرنا مناسب نہ خیال کیا۔ مخطوط میں درج ذیل عنوانات سے بحث ہے:

(۱) پانی کو خوشبو کرنے کا طریقہ اور جو ادویات اس میں مستعمل ہوں گی۔ (۲) پینے کی چیزوں کا بیان (۳) حلوہ کی قسمیں، اجزاء اور تیار کرنے کا طریقہ (۴) روٹی، سکھ، نان ختائی وغیرہ کے اقسام، ان کے اجزاء ترکیبی اور تیاری کا نسخہ (۵) غسل کا پانی، صابون و شیمپو وغیرہ (۶) دہان کا ذائقہ درست کرنے کے لئے عرقیات اور دوسری چیزیں۔

کیٹلاگر صاحب نے سن کتابت کا اندازہ ۱۶ ویں صدی لگایا ہے۔ میرا اندازہ بھی یہی ہے

مصنف:۔ کمال الدین ابو القاسم عمر ابن احمد العقیلی الحلبی ۵۸۸ھ (۱۱۹۳ء) میں بمقام حلب پیدا ہوا۔ حدیث، فقہ، معانی و بلاغت اور تاریخ میں کافی شہرت کا مالک ہوا۔ تاتاریوں کے مظالم سے مجبور ہو کر مصر کی طرف رحلت کر گیا۔

تعلیم:۔ دمشق، بغداد اور فلسطین میں تعلیم حاصل کی۔ حلب میں اس کے علم و فضل کی شہرت اس درجہ بڑھی کہ یہ "ذی الاصحاب الامام العالم" کے نام سے پکارا جانے لگا۔ ۶۶۰ھ ۱۲۶۲ء میں بمقام مصر وفات پائی۔ حلب کی ایک ضخیم تاریخ لکھنا شروع کی تھی؛ ملا علی قاری طبقات حنفیہ میں لکھتے ہیں کہ وہ تاریخ مکمل ہو کر ۴۰ جلدوں میں ختم ہوئی۔ لیکن ذہبی نے اس کا خلاصہ زبدۃ الحلب کے نام سے تالیف کیا۔

مخطوط کے آخر میں ایک مہر پائی جاتی ہے: "الفقیر محمد بن شیخ محمود الواثق بالملک المعبود"

اس کے بعد ۶ ذی علم اصحاب کی تحریریں ہیں، جنہوں نے اس کتاب کا مطالعہ کیا۔ ●●

وسیم احمد اعظمی
(ریسرچ اسسٹنٹ یونانی)
(سی۔سی۔آر۔یو۔ایم)
خدابخش لائبریری پٹنہ

(۵)

# اٹھارہ رسائل کی جگہ بارہ

عربی مخطوطات کی مطبوعہ فہرست مجمل مفتاح الکنوز ص ۲۵۶، ج ۲ میں ہینڈلسٹ ر ۲۶۳۱ کے تحت ایک مجموعہ کا اندراج ہے جو ایک سو سولہ اوراق پر مشتمل ہے۔ مطبوعہ فہرست مجمل کے مطابق اس میں بارہ رسائل شامل ہیں، جن کی تفصیل یہ ہے:

ہینڈلسٹ ر ۲۶۳۱/۱ التعلیقات

ر ۲۶۳۱/۲ مقالـة ـ الشیخ منصور محمد بن محمد طرخون الفارابی

ر ۲۶۳۱/۳ رسـالـة ـ

ر ۲۶۳۱/۴ التلویحات ـ شہاب الدین یحیٰی بن حبش السہروردی

ر ۲۶۳۱/۵ رسالة فی الحروف ـ الشیخ الرئیس ابوعلی الحسین بن عبداللہ بن سینا

ر ۲۶۳۱/۶ رسالة فی تحقیق الزاویه ـ 〃 〃

ر ۲۶۳۱/۷ رسالة فی بیان معنی الفلسفه ـ

ر ۲۶۳۱/۸ الرسالة النیروزیه ـ الشیخ الرئیس ابوعلی الحسین بن عبداللہ بن سینا

ر ۲۶۳۱/۹ اجوبة المسائل العشرة ـ 〃 〃 〃

ر ۲۶۳۱/۱۰ رسالة فی النفس 〃 〃 〃

ر ۲۶۳۱/۱۱ رسالة فی الکلیات ـ قطب الدین محمد بن محمد الرازی

ر ۲۶۳۱/۱۲ رسالة فی العقائد ـ جلال الدین محمد اسعد الصدیقی الدوانی

لیکن اس مجموعہ میں ۱۲ کی بجائے ۱۸ رسائل ہیں۔ مطبوعہ فہرست مجمل میں جن رسائل کا اندراج نہیں ہو ا ہے وہ رسائل جن کا اندراج ہے، لیکن اطلاعات نامکمل ہیں ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔

مطبوعہ فہرست مجمل میں ۲۶۳۱/۱ کے تحت "التعلیقات" کے مصنف کا نام درج نہیں ہے حالانکہ مخطوطہ پر مصنف کی حیثیت الشیخ الرئیس ابوعلی الحسین بن عبداللہ بن سینا کا نام درج ہے۔ ۲۶۳۱/۲ کے تحت

مخطوطہ کا نام "مقالۃ" تحریر ہے، جو ایک مجمل اطلاع دیتا ہے۔ حالانکہ مخطوطہ میں "مقالۃ الشیخ ابی نصر الفارابی رحمہ تعالیٰ فی الجمع بین رای افلاطن وارسطاطالیس" تحریر ہے۔ اس سے مقالہ کی نوعیت واضح ہوجاتی ہے۔ ب ۲۶۳۱/۳ کے تحت مخطوطہ کا نام "رسالۃ" درج ہے۔ حالانکہ مکمل نام "رسالۃ فی المبادی التی بہا قوام الاجسام والاعراض التی بہا ستہ اصناف" ہے۔ ب ۲۶۳۱/۸ کے تحت "الرسالۃ الفیروزیہ" تین اوراق پر مشتمل بتایا گیا ہے۔ جب کہ یہ صرف ایک ورق پر مشتمل ہے۔

مندرجہ ذیل وہ رسائل ہیں جو اس مجموعہ میں شامل ہیں لیکن فہرست نگار نے انہیں نہ گنتی میں لیا نہ اندراج میں:

| ہینڈلسٹ | رسالہ | مصنف | ورق |
|---|---|---|---|
| ب ۲۶۳۱/۳ | رسالۃ لامعلوم الاسم | الفارابی | ورق ۴۷ ب تا ۴۸ الف |
| ب ۲۶۳۱/۴ | " " | " " | ورق ۴۸ الف تا ۵۰ الف |
| ب ۲۶۳۱/۷ | " " | محمد بن محمد بن الحسن الطوسی | ورق ۶۹ الف تا |
| ب ۲۶۳۱/۸ | رسالۃ فی علم الواجب | محمد بن محمد | ورق ۹۷ الف |
| ب ۲۶۳۱/۹ | اربعۃ وعشرون مسائل | نصیر الدین الطوسی | ورق ۹۸ الف تا ۱۰۱ الف |
| ب ۲۶۳۱/۱۲ | رسالۃ لامعلوم الاسم | | ورق ۱۰۶ الف تا ۱۰۸ ب |

رشید حسن خاں
دہلی یونیورسٹی۔ دہلی

# "تدوینِ متن کے مسائل" کے بارے میں

## (۱)

جرنل کا شمارہ ۱۲-۱۶ ملا۔ شکر گزار ہوں۔ بلا تکلف کہتا ہوں کہ یہ کارآمد نمبر ہے، خاص کر ایم فل اور پی۔ ایچ۔ ڈی کے طلبہ کے لیے۔ جو کمی تھی وہ آپ کے مفصّل تبصروں نے پوری کر دی۔ اس طرح اصولی بحثیں بھی آگئیں اور عملی مشقیں بھی فراہم ہو گئیں۔ البتہ ایک بات یہ ضرور ہے کہ دیوانِ راغب والا تبصرہ ۳۰۳ کی رائفل سے چڑیا کے شکار والی بات ہو گئی۔ جو لوگ غیر مکلّف ہیں، وہ نہ آپ کے مخاطب ہونے کی اہلیت رکھتے ہیں نہ ہمارے۔ دوسرا تبصرہ بالکل درست اور برحق!

البتہ املا کا مسئلہ آپکی توجہ کا اب تک طلبگار ہے۔ کاتب صاحب نے اصل کی پابندی نہیں کی اور مصحح نے بھی بے پروائی کی۔ مثلاً آپ میرا ہی مضمون لیجیے: ص ۳۴ "اسی لیے" "کام کرنے والے کے لیے" (ایضاً) "اس وقت انہی" (ایضاً)

ص ۳۶، س ۷: "انہوں" ص ۳۹، س ۸: "بجائے" س ۹: "انہی"۔ س ۱۲: "گنجائش"۔

ایک جگہ کتابت یا یادداشت کی ایک غلطی نے میرا مفہوم ہی بدل دیا۔ میں نے کہا تھا کہ ۲۸۰ لفظوں میں سے تین لفظ ایسے تھے جن کی تصحیح کما حقہٗ نہیں ہو سکی۔ لیکن یہ جملہ جس طرح معرضِ تحریر میں آیا ہے، اس سے بات بدل گئی (ص ۱۳۳ س ۵)

ص ۳۹، س ۲۲: "آج شناسا نہیں" غالباً "ہم" چھوٹ گیا ہے۔ البتہ اسی صفحہ پر ایک غلطی ایسی ہے جس کا ذمہ دار میں خود ہوں۔ س ۵ پر "پانچ نسخے ایسے ضرور موجود ہیں" میں "پانچ" کی جگہ مجھے "چار" لکھنا چاہیے تھا۔

میرا خیال یہ ہے کہ اس خاص نمبر کو آپ (اپنے معمول کے مطابق) کتابی صورت میں بھی چھاپ دیجیے۔ یہ نصابی ضرورتوں کے کام آئے گا۔ اس کی بڑی ضرورت ہے۔ غلط نامہ ضرور آخر میں شامل کر دیجیے گا۔

اس تدوین نمبر کو دیکھ کر مجھے خیال آیا کہ کیوں نہ آپ اسی انداز کا اور اسی پیمانے پر ایک تحقیق نمبر بھی مرتب کر دیں۔ یعنی پہلے ایک مذاکرہ ہو اور پھر اسی کے مقالات اور مباحث کو اسی طرح ایک خاص نمبر میں مرتب کر دیا جائے، اس طرح تکمیل ہو جائے گی۔ لیکن ان مباحث موضوعات کا تعین کر دیا جائے، تاکہ تکرار نہ ہو مفاہیم کی، (جو اس نمبر میں ہوئی ہے) مثلاً اس طرح: (۱) تحقیق، تنقید اور تدوین کی تعریف (۲) روایت اور شہادت کا فرق اور ان کے احکام (۳) تحقیق کی زبان (۴) کیا تحقیق مثبت اور منفی ہوتی ہے (جیسا کہ بعض نابالغ لکھتے ہیں) (۵) تحقیق اور اخذِ نتائج اور اس کے حدود۔ وغیرہ۔

رئیس نعمانی
پرشین اکیڈمی، لکھنو

۲

**تدوین اور طبع موزوں:** سرسری نظر میں آپکا مقالہ پسند آیا شاید اسکی وجہ یہ ہو کہ بہت دنوں سے یہ موضوع خود میرے ذہن میں کلبلا رہا تھا جس پر آپنے قلم اٹھایا اور سلیقے سے مضمون لکھا۔ یہ علمی و ادبی تاریخ کے ناخوشگوار ترین واقعات میں سے ہے کہ اکثر نااہلوں کو مواقع اور وسائل مہیا ہو جاتے ہیں (مثال کے طور پر آپکے "سیمنار" میں بعض ایسے لوگ بھی شریک کئے گئے جو کسی طرح ڈگری اور لکچررشپ حاصل کرنے میں کامیاب ہو جانے کے باوجود نہ فکری نثر لکھ سکتے ہیں اور نہ شعر کو موزوں پڑھ سکتے ہیں)

جرنل ۱۶، ص ۱۲۱ پر " فی القیمۃ سعیھم مشکور باد" میں قیم قیمت کی جمع نہیں ہے بلکہ " قیامت " کے املا کی ایک شکل ہے جس میں " ی " پر اشباعی زبر ہوتا ہے یہ " فی " ۔ " اللقی " اور ضمیر " ہ " سے مرکب نہیں ہو سکتا ________ ۔ اس لیے کہ اس صورت میں لقی پر " ال " کا استعمال عربی قواعد کی رو سے درست نہیں ہوگا ۔ دوسری بات یہ ہے کہ " سعیھم مشکور " قرآن کی ایک آیت سے ماخوذ ہے ۔ اور وہ آیت قرآن میں جس جگہ آئی ہے، وہاں کئی آیات سے " قیامت " ہی کا ذکر چل رہا ہے اور سعیھم مشکور بھی اسی ذیل میں وارد ہوا ہے ۔ اور اسی لیے شاعر نے " فی القیمہ " کہا ہے جو اس وقت کے رائج املا کے مطابق " فی القیمہ " لکھا ہے ۔ اور قرآنی رسم الخط میں آج بھی اس کا املا یہی ہے ۔

ڈاکٹر کلیم سہسرامی
سابق صدر شعبہ اردو، مگدھ یونیورسٹی، بودھ گیا (بہار)

# قمر گیاوی وغیرہ کے بارے میں

①

آپ کے 'جرنل' کے (۱۰-۱۱) شمارے میں قمر گیاوی پر آپ کا مختصر نوٹ نظر سے گزرا، مجھے تعجب ہے کہ آپ کو یہ التباس[1] کس طرح ہوا کہ قمر صاحب مولانا محمد مسلی مرحوم سے انتقال (۱۹۳۱ء) تک زندہ تھے۔ موصوف آخری عمر میں نیا مکان بنا کر سہسرام ہی میں مستقل سکونت پذیر ہو گئے تھے اور میرے پڑوس کے محلے میں تھے۔ ۱۹۶۰ء تک میں اُن سے ملتا رہا ہوں۔ زبان و بیان اور فن شعر کے بہت سے نکات بھی ان سے سیکھنے کا مجھے فخر حاصل ہے۔ 'فرہنگ آصفیہ' کے غالباً پہلے ایڈیشن پر ان کی تقریظ پڑھنے کے لائق ہے اور اسی نسخے میں سید احمد دہلوی کی تحریر قمر صاحب سے متعلق موجود ہے، جس سے زبان و بیان اور لغت نویسی کے فن پر موصوف کی قدرت و صلاحیت کا بآسانی اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ قمر صاحب کی شخصیت اور اہلیت پر ایک الگ مضمون کی ضرورت ہے۔ اُن کا نادر کتابخانہ اب بھی محفوظ ہے کہ جس میں قلمی اور مطلّا و مذہب نسخے بھی تھے۔ آپ دلچسپی لیں تو سہسرام کے کسی سرکاری افسر کے ذریعہ اُن کا کتابخانہ آپ کے یہاں منتقل ہو سکتا ہے۔

②

"آپ کے جرنل کا دسواں شمارہ بعد مطالعہ کے بعد لطف آگیا، جن لوگوں کو قاضی صاحب نے بخش دیا تھا، ان کی طمانیت آپ نے بخشی۔ ان حضرات کے مضامین میں نظر بالکل نہیں ہیں، آپ کا مقالہ "تدوین و طبع موزوں" عملی تحقیق کی اچھی مثال ہے۔ اسی قسم کا ایک مضمون حضرت قمر گیاوی کا لکھا ہوا میرے پاس اب تک محفوظ ہے، اس میں بہار کے اکثر اساتذہ اور شعرا کے کلام کی تنقید پیش ہے۔ اور ایک علاحدہ مستقل مضمون بھی نظر سے ہے۔

چند جگہ مجھے آپ سے جزوی اختلاف ہے، مثلاً انگریزی الفاظ کا استعمال "کنفیوژن" (ص۸۳) "چیک کی جا سکتی ہیں" (ص۸۶)، میرے خیال میں یہ مفہوم ادا کرنے کی اردو میں صلاحیت ہے۔ اگر یہ کام آپ انجام نہ دیں گے، تو دوسروں سے کیا توقع کی جائے (ص۹۶)، ذکر بعضی اشخاص میکدہ پارسی ... ۶۰۔ ایرانی اس طرح لکھتا ہے "ذکر بعضی (از) اشخاص میکدہ پارسی۔"

---

[1] التباس نہیں، صحیح تاریخ کا علم نہ ہونے کے سبب یہ تعین کی ایک کوشش تھی کہ کم سے کم اس وقت تک قمر ضرور زندہ تھے (ادارہ)

مسترت حسین آزاد (رامپور)

# رسالہ "ادیب" الٰہ آباد کے بارے میں

خدا بخش لائبریری جرنل تقریباً دیکھ لیا۔ آپ نے بہت اچھا اور کام آنے والا مواد جمع کر دیا ہے۔ لیکن ایک بات سمجھ میں نہیں آتی۔ آپ نے لکھا ہے کہ "ادیب" جنوری ۱۹۱۰ء سے جولائی ۱۹۱۳ء تک کا انتخاب ہے حالانکہ انتخاب میں شماروں کی جو تفصیل دی گئی ہے اس میں جولائی ۱۹۱۳ء کا کوئی شمارہ نظر نہیں آتا۔ آخر اس کی کیا وجہ ہے؟ یہ تو ممکن ہے کہ جولائی ۱۹۱۳ء کے شمارہ کا کوئی مضمون آپ نے انتخاب کے لائق نہ سمجھا ہو اس لیے فہرست میں بھی ذکر کرنا مناسب نہ سمجھا ہو۔ اس کے علاوہ کوئی دوسری بات سمجھ میں نہیں آتی۔

ڈاکٹر رینڈر پرشاد سکسینہ بدایونی نے بھی رسالہ "ادیب" پر ایک تعارفی مضمون لکھا ہے، جو "قومی زبان" اپریل ۱۹۷۴ء میں شائع ہوا ہے، اس میں انہوں نے لکھا ہے کہ ادیب کا آخری پرچہ جون ۱۹۱۳ء میں شائع ہوا ہے۔ پہلے تو میں یہی سمجھا کہ غالباً سکسینہ صاحب سہواً ایسا لکھ گئے ہیں، کیونکہ آپ کے لکھنے کے مطابق آخری شمارہ جولائی ۱۹۱۳ء کا ہوا۔ لیکن فہرست میں اس ماہ کے شمارہ کا کوئی ذکر نہ ہونے کی وجہ سے سکسینہ صاحب کے مضمون کی طرف پھر خیال جا رہا ہے۔ آپ اصل وجہ سے مطلع فرمائیں۔ ممکن ہے سمجھنے میں مجھ ہی سے کہیں غلطی ہو رہی ہو۔

●●

○

**ادارہ:-** سکسینہ صاحب کا خیال اور آپ کا شبہ صحیح ہے جولائی غلطی سے لکھا گیا۔ اسے جون ۱۹۱۳ء پڑھا جائے۔

محمد عمر سیفی
امیر گنج، ٹونک

# غزلیات سلمان ساوجی - استدراک
## کے بارے میں

جرنل ۱۶ میں پروفیسر ڈاکٹر سید امیر حسن عابدی کے مضمون غزلیات سلمان ساوجی، پر آپ کا نوٹ بعنوان "استدراک" نہایت مناسب رہا۔ کوئی کوئی شعر حاشیہ نمبر پا جانے کے باوجود رہ گیا۔ مثلاً ص ۶، ص ۲۸، ص ۴۷، ص ۶۸، ص ۸۸، ص ۱۰۸، ص ۱۲۹ پر نمبر غلط لگ گیا، جبکہ ۱۴۰ پر لگا تھا۔ ص ۱۳۲ رہ گیا۔ شعر ص ۱۳۶ پر نمبر رہ گیا۔ ۱۳۹، ۱۴۷، ۱۴۸ استدراک میں چھوٹ گئے۔ ۱۶۴، ۱۶۵، ۱۶۸ اور ۱۶۹ پر نمبر تو پڑ گئے مگر تشریح و استدراک میں نہ آسکے۔ علیٰ ہذا، آگے کچھ ایسا ہی ہوا ہے۔ غالباً غیر ضروری سا تھا اس لئے عمداً چھوڑ دیا گیا۔

---

ادارہ: اشعار پر نمبر صرف سہولت اور اشارے کے لیے ڈالے گئے تھے تاکہ ہر صفحے پر کسی بھی شعر کی تلاش میں آسانی ہو، یہ نمبر لازماً اس امر کا اظہار نہیں کرتے کہ اس پر کوئی نوٹ بھی دیا جا رہا ہے۔ البتہ متعلقہ شعر اس ربط سے فوراً تلاش ہو سکتا ہے۔

ئی کتابیں

## علم کا مقام اور اہل علم کی ذمہ داریاں - از سید ابوالحسن علی ندوی

یہ وہ خطبہ ہے جو کشمیر یونیورسٹی کے ساتویں کانوکیشن منعقدہ ۲۹ اکتوبر ۱۹۸۱ء میں ڈاکٹر آف لٹریچر کی اعزازی ڈگری پیش کئے جانے کے موقع پر پڑھا گیا۔

---

یہ خوشی کی بات ہے کہ ہماری جامعات نے جو قدیم کے مقابلہ میں جدید علم کا سرچشمہ خیال کی جاتی ہیں مدرسوں سے وابستہ علماء کی قیمت بھی پہچاننی شروع کردی ہے۔ اگرچہ یہ اس وقت ہوا جب مدرسوں سے وابستہ ایک ہندوستانی عالم دین کی ممالک میں بڑے پیمانے پر پذیرائی شروع ہوئی ——— اس مختصر خطبہ سے جو کل ۱۶ صفحات پر مشتمل ہے ایک طویل اہم اقتباس "جرنل" کے صفحات میں محفوظ کردینا مناسب ہوگا، جو درج ذیل ہے:

"جامعات کا پہلا کام سیرت سازی ہے، یونیورسٹی ایسا کیریکٹر بنائے جو اپنے ضمیر کو بقول اقبال ایک کف جَو کے عوض بیچنے کے لئے تیار نہ ہو، آج کل کے فلسفے اور نظام یہ سمجھتے ہیں کہ اس بازار میں سب کی قیمت مقرر ہے کوئی بت ہے نہیں خریدا جاسکتا، تو زیادہ قیمت پر خرید لیا جائے گا! ایک جامعہ کی حقیقی کامیابی یہ ہے کہ وہ سیرت سازی کرے، وہ ایسے صاحب علم افراد پیدا کرے جو اپنے ضمیر کا سودا نہ کرسکیں، جن کو دنیا کی کوئی طاقت، کوئی تحریک، کوئی غلط دعوت و تحریک کسی دام خرید نہ سکے، جو اقبال کے الفاظ میں پورے اعتماد و افتخار کے ساتھ کہہ سکیں:

کلاہ تیرا کہ ہے جوہر نہیں میں | غلام طغرل و سنجر نہیں میں
جہاں بینی مری فطرت ہے لیکن | کسی جمشید کا ساغر نہیں میں

غرض یہ ہے کہ ہماری جامعات سے ایسے نوجوان نکلیں جو اپنی زندگیاں حق و صداقت اور علم و ہدایت کے لیے وقف کرنے کے لیے تیار ہوں، جن کو کسی کے لیے بھوکا رہنے میں وہ لذت آئے جو کسی کو پیٹ بھر کر کھانے اور "خورد و نوش" میں آتی ہے، جن کو کھونے میں وہ مسرت حاصل ہو جو بعض اوقات کسی کو پانے میں نہیں ہوتی، جو اپنی جوانی کی بہترین توانائیاں، ذہن کی بہترین صلاحیتیں اور اپنے خالق کا بہترین عطیہ جس سے ان کی جھولی بھر دی گئی ہے انسانیت کو تباہی سے بچانے کے لیے صرف کریں۔ دانش گاہوں کو سوچنا چاہیے کہ وہ اعلیٰ صلاحیت کے لوگ کتنی تعداد میں پیدا کررہی ہیں؟ میں صفائی سے کہتا ہوں کہ اب کسی ملک کی تعریف نہیں کہ وہاں بڑی تعداد میں یونیورسٹیاں ہیں، یہ کوتاہ نظری اب بہت پرانی ہوگئی ہے۔ سوال یہ ہے کہ شوق میں جستجو کی راہیں علم و اخلاق کے پھیلانے اور برائیوں، بداخلاقیوں، سفاکی و درندگی، دولت

قوت کی پرستش کو رد کرنے کے لیے کتنے آدمی اپنی زندگیاں وقف کرتے ہیں؟ اپنی قوم کو صاحب شعور، جذبہ اور باضمیر قوم بنانے کے لیے کتنی تعداد میں نوجوان موجود ہیں جو اپنی ذاتی سربلندی اور ترقی سے آنکھیں بند کرکے اس مقصد کے لیے اپنے کو وقف کرتے ہیں۔ اصل معیار یہ ہے کہ کتنے نوجوان ایسے ہیں جو دنیا کی تمام آرام اور ترقیوں سے آنکھیں بند کرکے کسی گوشے میں ٹھوس علمی و تعمیری کام کر رہے ہیں!!

شریفانہ انسانی زندگی گزارنے کا بنیادی فن، خدا ترسی، انسان دوستی، ضبط نفس کی صلاحیت، ذاتی مفاد پر اجتماعی مفاد کو ترجیح دینا، کرامتِ انسانیت کا احترام، انسانی جان و مال، عزت و آبرو تحفظ کا جذبہ، حقوق کے مطالبہ پر ادائے فرض کو ترجیح، مظلوموں اور کمزوروں کی حمایت و حفاظت اور ظالم و طاقتوروں سے پنجہ آزمائی کا حوصلہ، ان انسانوں سے جو دولت و جاہت کے سوا کوئی جوہر نہیں رکھتے، عدم وابستگی، ہر موقع پر اور خود اپنی قوم اپنی جماعت کے مقابلے میں کلمۂ حق کہنے کی جرأت، اپنے اور پرائے معاملہ میں انصاف اور ترازو کی تول، کسی دانا و بینا طاقت کی نگرانی کا یقین اور اس کے سامنے جواب اور حساب کا کھٹکا، یہی صحیح خوشگوار و بے خطر اور کامیاب زندگی گزارنے کی بنیادی شرطیں اور ایک اعلیٰ و خوش اسلوب معاشرہ، اور ایک طاقتور محفوظ و باعزت ملک کی حقیقی ضرورتیں اور اس کے تحفظ کی ضمانتیں ہیں۔ اس کی تعلیم اور اس کے لیے مناسب ماحول مہیا کرنا دانش گاہوں کا اوّلین فرض اور اعلیٰ حصول تعلیم یافتہ نسل اور ملک کے دانشوروں کی پہلی ذمہ داری ہے اور ہم کو ان جیسے تمام مواقع پر دیکھنا چاہیے کہ اس کام کی تکمیل میں ہماری دانش گاہیں کتنی کامیاب اور ان کے سند یافتہ افراد و فضلا کتنے مبارکباد ہیں؟ اور آئندہ ان مقاصد کے حصول اور تکمیل کے لیے ہم کیا عزائم رکھتے ہیں؟ اور ہم نے اس سلسلے میں کیا منصوبے سوچے ہیں؟

قاضی عبد الودود (بار۔ ایٹ۔ لا)
پٹنہ

# تبصرہ

## فرہنگ آصفیہ (۵)

[ اگر صفحہ کے شمار کے بعد کوئی نشان اختصاری نہ ہو، تو لغت آصفیہ میں بطور لغت شامل نہیں۔ شمار کے بعد "بس" ہے تو اس سے یہ مراد ہے کہ لغت بغیر سند ہے اور "س" ہے تو اس کے یہ معنی ہیں کہ سند ہے، مگر ناکافی۔ ق = قافیہ]

### (۶۲) دیوان ناجی، مرتبہ ڈاکٹر فضل الحق ۱ تا ۱۳۶

۱ بہبہا "عباس لے کے مشک چلا ہے فرات پر" ص۲۱۲ "کیا ڈر ہے موت سیں (سیتی چاہیے، ورنہ مصرع ناموزوں) اُسے بہبہا (کذا) ہے یہ" ۲ اتفاقاً قافیۂ ناقا وغیرہ۔ "تعبیر میں سختیوں کے آگو یہ اتفاقاً" ص۲۱۴، تنوین کے ساتھ قافیۂ ناقا (ناقہ) نہیں ہو سکتا۔ اتفاقا مثلِ املا ہے۔ ۳ نستارنا (ماضی دیوان میں) "ای عزیزاں دکھا کے چہرہ و رخ" ص۹ "آہ مہرو نے مجھ کو نستارا" ۴ پھاٹنا = پھٹنا "رشک سیں دل کلی کا جاوے پھاٹ" ص۷ ۵ پشیمانی کھینچنا "کھینچتا ہے دل پشیمانی ہنوز" ص۱۰۵ ۶ آشیانی = آشیانہ والا "دام میں بوالہوس کے آیا نہیں" ص۲۴۲ "کیونکہ یہ باز آشیانی ہے" ۷ ہات = ہاتھ (بطور قافیہ) "موت ناجی کی پیارے اب تمہارے ہات ہے" ص۲۵۸ ۸ رشوت خور "جب سے حبشی ہوا ہے رشوت خور" ص۲۳۴ "بس" "سب نے ٹھہرادیا ہے کالا چور" ۹ تلاوا "کم ڈوبتا ہے لشکر جب گرد ہو تلاوا" ص۷ "بس" ۱۰ صاحب (بکسرۂ با) قران "سکّے ہے مہر خاں میں اس صاحب قراں کا" ص۶ "بس" نستاما = چمکارا (آصفیہ) باپ دعوا یا نستارا" ص۷ "بس" ۱۲ وہ بالفتح = گو بالضم "میں دیا پھولوں کا دوناں یا کو مُرجھ گیا" ص۱۲ اگھیرا "ہر اک مہرو سما جاتا ہو میرے دل کی وسعت میں" ص۱۹ "بس" "الٰہی روز محشر تلک ہو آباد یہ گھیرا" ۱۳ معترض ہوا "کوئی بوسہ نہ تھا اس لب کا معترض تھا وہ جلوا" ص۲۱ "س" ۱۵ ماسا (حاشیہ میں آسا) = عصا "بھولا قیام نماز سجود میں توڑ ماسا" ص۲۳، ۱۶ شیوہ لینا کسی امر کا "شیوہ لیا ہے تم نے زکات فری کا" ص۲۴ ۱۷ دبکانا "حبش ناجی کا دل غیرت سیں انگا ما سا دبکایا" ص۲۵

۵۲ شکیل 'خوشنما ہو شکل میں دیکھا نہیں ایسا شکیل' ص۱۳۷ 'س، ۵۳ دودھیل 'لات
مٹھو ملی کی گھائی جو پالے دودھیل' ص۱۳۹ 'س، ۵۴ لئیل 'اور بہتا ہمنہارا دن کا جا اہوتی ہو لئیل' ص۱۳۹ ۵۶
ارذل 'لگن کا داغ کھا کر پوی کی خود مر گیا ارذل' ص۱۴۱ ۵۷ وقر 'مسکین یتیم سوں کا اس میں وقر نہیں' ص۱۴۸
'بس، ۵۸ انبیاؤں (جمع الجمع بسیاق اردو) 'سرتاج انبیاؤں کا ختم رسل کتیں' ص۱۵۲ (رسل جمع)
۵۹ جواہر بکسرہا (اصل میں بفتحہا) 'کہ جا بجا ابر و دیکھو سیں گر بکھری جواہر (ق) ہوں' ص۱۶۰، ۶۰
ببری (مطبوعہ میں بیری) 'مجھ کوں دیکھو ہو شیر کی نظروں' ص۱۶۱ 'بس' جب ستی ببریاں
دکھائی ہیں' ۶۱ چوائی (مطبوعہ میں جوائی) 'شوخ چنچل بڑی چوائی ہیں' ص۱۷۱ ۶۲ اسلوب 'جو دل کو کھینچ بکر
کا اسلوب جاتی ہیں' ص۱۶۶ ۶۳ اعمالوں (جمع الجمع) 'چھوٹیں گر حشر کر دن اپنے ہی اعمالوں سیں' ص۱۶۹ ۶۴ امولا
'بہامت دیکھ یو جا یہ سب موتی امولے ہیں' ص۱۷۳، ۶۵ بتیاں (جمع) 'تو برگ نرگس اوپر بجا ہے لکھوں
جو اپنے سجن کوں بتیاں' ص۱۷۵ ۶۶ رتیاں (جمع) لگے ہو کانٹا نظر میں سونا کٹیں گی کیسو یہ کالی
رتیاں' ص۱۷۷ 'بس' ۶۷ پھتیاں (جمع) 'بنا و بنتا نہیں ہے ناتی جو اس سجن کوں لگاؤ پھتیاں' ص۱۷۷
۶۸ پہلوان بہ ہائے متحرک و لام ساکن) 'یہ سند ہاتھ لگی مجھ کوں پہلوانوں سیں' ص۱۷۹ 'س'
۶۹ ڈنڈ بیل 'کہ جاتی ہو وہیں پکڑ اک ڈنڈ بیل کے تئیں' ص۱۸۳ 'بس' ۷۰ جزدان 'آج لڑکا
بول گو مکتب میں کل جزدان کو' ص۱۸۹ 'بس' ۷۱ مزاحم 'کب خط مزاحم ہو کلاہ بشری کو' ص۱۹۱
'س' ۷۲ واشگاف 'ہم سیں دو حرف واشگاف کرو' ص۱۹۲ ۷۳ رکت (خون) 'یہ پیک نئیں کسو کا
گویا رکت ہو یارو' ص۲۰۲ 'بس' ۷۴ وہ بالفتح = وہ بالضم 'انصاف سیں بعید ہے یا رب نہ یہ نہ وہ
(قافیہ رہ) ص۲۰۴ ۷۵ فردی 'مول بڑھتی جس قدر گوہر کا ہو فردی سیں ہے' ص۲۱۶ ۷۶ جان کندنی
'مہ مہری وو کوہکن سیتی جان کندنی کو' ص۲۱۸ 'بس' ۷۷ سرس 'سوز سیں ایک پانی مٹھا ترا
سرس ہے' ص۲۲۰ ۷۸ کماہی 'دل میں میرے تڑپ کماہی ہے' ص۲۲۳ ۷۹ ایاغی 'مئے وحدت کا وہ ایاغی ہے' ص۲۲۴
۸۰ ناخواندی (مونث) 'جو لڑکا ماہ پیکر نکتہ فہم اور خوش طبیعت ہو۔ 'بجلی ہے اس سے جو میری مجلس میں
ہو نا خواندی' ص۲۲۵، ۸۱ ماندی (مؤنث) 'کہ ہو دھتی ہو اوس کی طبع سوں کیں درد میں
ماندی' ص۲۳۵ 'س، ۸۲ گھاٹنا = گھٹنا 'کہ پہنچا مصر کو تئیں کارواں بحق رہی گھاٹنے' ص۲۳۸، ۸۳
بھونرالی جامن 'کنول کھل جائے گا جو دیکھ لو جامن ہے بھونرالی' ص۲۲۹، ۸۴ ہچی (قافیہ سچی) 'کہ مجھ اپنے
لب سیں دی ہچی' ص۲۵۰، ۸۵ چپل (مطبوعہ چپل) ۸۶ چھندی 'ہے کٹیلا چپل بڑا چھندی'

فرش کوچکتر بود موافق نشستن کہ آنرا گسترا بندہ ، عابدانِ ہنود پرستش سازند ۴ آٹھو ر
۵ آٹھر = جای ماندن بہایم ۶ آٹھواں = روز ہشتم بعد چولی کہ مردمان آن روز بجای معیّن
شوند۔ آصفہ میں آٹھواں کا میلا ، دریای لطافت میں آٹھوں پہر ۷ اٹھوانس = ہشت پہلو ۸ ا
بالف مقصورہ آصفہ میں بالف ممدودہ ۹ آٹھلاپن = شوخی وشرارت اسپ .. کہ سوار او
آن سبب از پشت خود بیندازد۔ (مصرع "آٹھلاپن ہے سمند ناز کا") اپوک (چوک سے) ۱۱ ا
رنگ کبوتر ۱۲ ادنگھائی = انگھائی ' ادنگھ سے ۱۳ ایڑ بھیڑ = خریدن وفروختن اجناس
واسباب .. وکنایہ از تباہی وسرگشتگی ۱۴ اچھوتا پنڈا ۱۵ آکھلی = گو دِ نشیب راہ ،
کہ پیل ازان صدمہ خورد ۱۶ آگ پر لکڑی سیدھی کرنا ۱۷ آگ دبانا ۱۸ آگ کا درخت
مدار کا درخت ۱۹ آگا تاگا = محاورۂ زنان ۲۰ آگے چھوڑ پیچھے دوڑ ' آصفہ 'بس'۔
۲۱ آلھا ۲۲ آنکھ مچولا ۲۳ ابری تفتا = رنگی باشد از کبوترانِ سبزہ ۲۴ اپنایت ' آصفہ میں
اپنائیت ۲۵ اجود = دوا .. ۲۶ ادرسا = قماش .. ۲۷ ادلا = گوشت ساقِ حیوا
باشد کہ آن ریشہ ندارد ۲۸ ادھ پئی ۲۹ ادھیا = نصف ماہانہ بود کہ بشرط نوکری بکسی داد
کنند۔ ۳۰ اڈّیان = درپاپوشہای ٹاٹبانی کہ پارچہ ہای بانات بجای پاشنہ دوزند۔
۳۱ ادھیلی ۳۲ اِرّا = قسم زبون ترلیٰ ؛ ۳۳ اڑّابہ = اسبابِ خیمہ وتوپ و مانند آن ؛
آن بار کردہ دہند و زگاوان کشیدہ برند ۳۴ اراک = درخت .. ۳۵ اردلی اتزنا
گاییدن چند کس باشد یک زن را در یک جلسہ ۳۶ اردلی بازار = بازاریست ندلکھ
واصل این لغت آنست کہ ہرگاہ پادشاہان ہند سفر میکردند ، در ہر مقام بازاری برای خرید اجناس
واسباب ضروری برای مردمان سواری مقرر میشد ۳۷ اڑا گوڑی = ضد وشرارت ۳۸ اڑبڑ
ناہمواری ونشیب وفرازِ راہ ۳۹ اڑ = خللِ معدہ .. ۴۰ اڑم = انبار ہر جنس ۴۱ اسکا
انگریزی لفظ .. ۴۲ اسگند = بیخیست اندک تلخ ، وبہترین آن ناگوری است ۴۳ اکپولہ
۴۴ اکرنگ = یکرنگ ۴۵ اکلیل الملک = گیاہ قیصر ۴۶ اک منزلا ۴۷ اکھنڈ = اسپ
کہ دندانِ شیر شکستہ باشد ۴۸ باجن = ساز نواختن ۴۹ باران کوٹ ۵۰ بارگیر = کسی
براسپ خود نوکر کناند ۵۱ باڑھیا (باڑھ سے) ۵۲ بازی ہرنا ۵۳ بازی ہروانا۔

۵۴ بالاکپی = ایک آلہ .. ۵۵ بالوکی دوات ۵۶ بانخ آصفہ میں بانجھ ۵۷ بالی بھولی
۵۸ بانا = چیزی از رشتہ بافند، و در پای کبوتران گردان دارند .. ۵۹ باندا = مرض درخت
.. ۶۰ باندغلام ۶۱ باندھنوں، آصفہ میں باندھنو ۶۲ باہرا = دسنی درچوب بازی ۶۳ بائی =
بازی .. ۶۴ بتبر = برندۂ موی پا ہای اسپ وشتر ۶۵ تباس پھپتی ۶۶ تبام، آصفہ
یں بوتام ۶۷ بتر بازی ۶۸ بٹ ٹرائی = امتحان سنگ ترازو ٹرائی انگریزی لفظ معلوم
ہوتا ہی ۶۹ بٹوائی ۷۰ بٹے بازی (زبانوں پراسی طرح)، آصفہ میں ٹبابازی ۷۱ بجھاوٹ =
تیزکردن کارد وشمشیر ۷۲ بجھایا پانی ۷۳ بجھرا = ظرف .. ۷۴ بجونگرا ۷۵ بنجی = بوریکوچک
۷۶ بدبومرد ۷۷ بدبورنڈی ۷۸ بدھاہوا = مسرور ۷۹ بڈہرا بڈہری = گیاہ ۸۰ براچینتا
۸۱ براد = بیزاری ۸۲ بہرانا = پاشیدن ۸۳ برنا ۸۴ برفیا = برف فروش ۸۵ برک،
انگریزی لفظ = کسی کہ قابل کار کردن نباشد ۸۶ برکہ، عربی = حوض ۸۷ برگد کی ڈاڑھی
۸۸ برنگا = تختہای کوچک .. ۸۹ بروٹ = مرض .. ۹۰ برہا = جای کہ درآن آب از
چاہ وتالاب آمدہ وروان شدہ درکشت وزراعت رسد۔ بکسر یا بزبان قصیہ سرا ییدن الفاظ
فزان ۹۱ بریتا = رسن گندہ .. ۹۲ بڑدنکھا = نیشکر .. ۹۳ بڑباگڑ = شیرہ .. ۹۴
بڑبڑیڑی (کذا) = بزرگان اموات ،، کہ فاتحہ آنہا در ہر تقریب شادی التزام زنانست ۹۵
بڑہنیا = کبوتر .. ۹۶ بڑچچی ۹۷ بڑسول = قرص سفید کہ از شکر سازند ۹۸ بڑکا ۹۹
بڑکتا ننا بڑیل ، آنچہ برای پختہ کردن سقف وبام اندازند از ریزہ ہای خشت وسفال -

●●

particulars given in the three inscriptions" and ignoring the usual hyperboles, one can say that the warrior saint's name was Ibrahim, the son of Abu Bakr; that he was a Syed, popularly called Ibrahim Bayyu; that he was entitled Saif-ud-Daulat; and that he was the Maqta of Bihar. See also Dr. Ahmad's fn. No. 3 on p. 38 of the above book about the Mahoris.

9. See also a note of Dr. Z. A. Desai in Epigraphica Indica, (Arabic and Persian) in 1955-56 and also the Urdu book already referred to regarding the word Bayyu.
10. Sirat-i-Firozshahi, translated and edited by the present writer.
11. Chandayan, edited by Dr. Parmeshwarilal Gupta.
12. Journal of Bihar and Orissa Research Society, 1919 p.p. 31-43

—:o o:—

an one account for the date, 1415=1355, of Sanskrit inscrption, wo years after the clearly stated date of his death, Sunday 13th ilhijja, 753 (20th January, 1353) ?

Was not Malik Mubarak. the warrior Chief and the Lord of Jalmau (U.P.), quite different from the husband of Ruqayya and aid to be the nephew of Malik Bayyu ? (e) The Urdu book gives he translation of a Farman granted by emperor Muhammad Shah n the 6th year and renewed in the 13th year of his accession in 143 A.H. The grantee, Badrus Salam; is said to have been a lirect descendant, on the daughter's side, of Malik Ibrahim Bayyu, nd the word Saiyed occurs in it. A son of Badrus Salam, named Darvesh Ali was given the offices of 'Qaza' (Judiciary), Ihtesab censorship of morals), and Khitabat (sermonisation). Keeping n view the great distance of time between the 14th and 18th enturies, and the transformation that takes place of facts and events at the hands of those who have a tendency for magnification and laudation of their ancestory, one may be pardoned for not taking such thingverys seriously.

---

**leferences—**


1. Peer-Pahari is named after Syed Ahmed called Peer-Pahar. See Blochmann's note JASB 1873.
2. Buchanan's an account of the District of Patna in Bihar 1811-12.
3. Vide Quraishi's Ancient Manuments in the Province of Bihar and Orissa : also A.S. of Indian Seres 1931.
4. Ravenshaw's article in JASB VIIIth, 1839.
5. Epigraphica Indica (1892) gives the text of one inscription.
6. Dalton ET : Ethnology of Bengal. It records a current tradition, which is exactly similiar to that found in the case of other saintly personages. e. g. see the writer's paper in Bengal, past and present, Calcutta, on the mausoleum of **Mamu-Bhanja** at Jaruha, Hajipur.
7. Martin's Eastern India 1838.
8. Dr. Q. Ahmad writes in his valuble book, Corpus of Arabic and Persian Inscriptions of Bihar "piecing together the

Malik Mubarak (d) About the campaigns, the first was led by Malik Bayyu in 749 under the directions of emperor Muhammad Tughlaq against some Hindu refractory chieftains of Chai champa in Hazaribagh region. The second compaign was led against Bithal who is said to have been a petty ruler of Bihar who had oppressed and fleeced the Mahuri Merchant of Mathura who subsequently settled down in Bihar and still commemorate the relief offered to their ancestors. The third and the most important compaign was led against Hans Kumar, who was probably a Cheru Chief with his strong hold in Rohtas. On the occasion of a visit to Nalanda Bargaun the Hindu Chief had killed the son of a muslim lady on whose complaint Malik Ibrahim was sent to Bihar to Chastise the Rajah. After repeated and bitter struggles the Rajah was killed; but his people who had dispersed, took the Malik unawares from behind and killed him, suddenly coming out from their ambush. The corpse of the warrior saint was brought and burried on the hill top of Biharsharif. There is a bare reference to the successful raids against the Chakwar pirates on the Begusari side of the Ganges But the family records of the Chakwar bear witness to the struggle.

Both the authors have drawn upon the observations of Hazrat Arshad of Jaunpur in his late 17th century book, Ganj-i-Arshadi, which we have already considered. There are several questions well worth consideration, why is there a complete absence of all references in contemporaneous Sufic Literature to Malik Bayyu ? Why are the verses on the mausoleum completely devoid of any reference to his descent from the Prophet of Islam, or his death as a *shaheed* or martyr ? The verses are only partially helpful, viz, the Maqta of Bihar, Malik Saif Daulat (the sword of the state), Safdar Saf Shikan (the breaker and the arranger of ranks). Madar-i-Mulk Ibrahim Bubkr (Malik Ibrahim son of Abu Bakr and the pivot of the realm). The day and date given in it is 13th Dhul Hijja 153 A.H. Dr. Qeyamuddin rightly observes that there are good reasons to believe that Ibrahim Bayyu served under Muhammad Tughlaq, but he died in the time of his successor Firoze Shah Tughlaq. Dr. Ahmad has described Malik Ibrahim as the governor in Magadh on behalf of FirozeTughlaq. Can the Maqta of the Persian and Mandaleshwar of the Sanskrit inscription be taken as analogoues ? How

Safar, has a reference under the date 1st Jamadi I 782 A.H. It tells us that "Salah Mukhlis, Naib-i-Ghaib-i-Daud Khan" came to offer his congratulations to Makhdum Sharafuddin on the occasion of the first (Ghurra) of the month. He had brought some sweet smelling flowers in a towel (Rupak) for the saint; but the latter issued his 'Farman' that it should be distributed among those who were present in this assembly. The word 'Ghaib' or 'Ghaibat' requires further thought. Did it mean that Salahuddin (son of Mukhlis) deputised for Daud in the latter's absence, was the compiler of Munis-ul-Muridin and the same engineer who built the fort for Firoze Shah in the Saran district ? Much depends upon the establishment of the identity of Asadul Haq-wa-d-din Daud Khan referred to in these inscriptions. Was he the eldest son of Malik Ibrahim Bayyu ?

The two books; Riyadh-un-Naim by one who claimed direct descent, in the twentieth generation, from Malik Bayyu, and the larger work, Tarikh-i-Malik, represent attempts in modern periods to furnish a biographical sketch of the life and activities of their alleged ancestor who lies buried on the hill in Bihar. Besides the three inscription of the mausoleum, with six and twelve verses on slabs fixed on the eastern and southern entrance, and twelve more on a slab which was removed to Calcutta museum, the writers of these books in Urdu have banked upon two genealogical tables or Shajara they found in the Zafarabad and Islampur Khanqahs. The present writer had seen the Islampur Shajara which did not appear to be very old. The light shed on the warrior saint in these two books come to the following points (a) Malik Bayyu was directly descended, in seventh generation, from Ghaus-i-Pak, Abdul Qadir Jilani, who was a Hasani Husaini Saiyed, and the founder of the Qadri Order of Sufis. (b) Malik Bayyu came from But Nagar in the vicinity of Ghazni whence came also Bibi Ruqayya, said to have been the grand daughter of Jaliluddin, one of the four brothers of the celebrated Makhdum Sharafuddin Maneri (c) Besides seven sons, Malik Bayyu had left two daughters, one of them, Bibi Mahinyan, was married to Zafarabadi Saint, Sadruddin Chiragh-i-Hind, not a Saiyed like Saaduddin Aftab-i-Hind, who was connected by marriage with the ruling chief of the Saiyed dynasty of Bengal; and the other was the wife of his brother's son, named

scattered, scarce inscriptional stone slabs, the most important and complete is that which belongs to a mosque, dated 765 or 13 by, and is now attached to the chiraghdan of a tomb in Ambair Dargah. It says that the sacred structure had been raised during the "Ayalat" (Governorship) of Asadul Haque wa-d-Din Ulugh-i-Azam Daud Khan". Was this Daud, the eldest of the seven sons referred to in Ganj-i-Arshadi; and should he be taken as the successor of Malik Bayyu ? What about the Chaghtai title given to him ? Was it due to the dignified position he occupied ? An earlier in-scribed stone slab, transferred from Bihar to Calcutta museum, refers to the time (Waqt) of Khanzada Sulaiman (bin) "Ulugh Daud Khan"; Another fragmentary stone which Dr. Qeyamuddin brought out from the debris piled up in the Dargah of Shah Qumais, Bihar, giving, like the others, the name of the reigning Sultan Firoze Shah Tughlaq, tells us about the identity and connection of these personages with Malik Bayyu. Can it be taken as a fact, as has been done by some scholars, that Daud was the son and successor of Malik Ibrahim Bayyu and ruled from 753 to 765 as Governor of Bihar, and he was succeeded by his son, Malik Sulaiman, and the latter had a son, Malik Sirajuddin mentioned in an undated inscription in the Dargah of Shah Qumais. We can concede that the juxtaposition of name is indicative of *ibniat or kunia* (that is patronym taken from father). But we need stronger and more certain evidences to fortify the facts of the alleged cnnections between them and the main subject of this paper.

Reference has been made above to the inscriptional stone attached to the gate of a Dargah in village Tajpur Basahi in the old Saran district. This partially mutilated black basalt stone was originally attached to a strong Fort (Hisn-i-hasin) built by Sultan Firoze Tughlaq in 774 in old Saran. It is worth-while to mention here that the builder or engineer who built this Fort, names himself as Salah Mukhlis Daud Khani, and it was the same person who compiled an important Malfuz of Makhdum Sharafuddin Maneri, named Munis-ul-Muridin, and it contains the same date 775. His honoured spiritual guide was so pleased that he took off from his head his own turban and put it on his head. Salah Mukhlis was really Salahuddin son of Mukhlis Khan who described himself as Daud Khani. Another Malfuz, called Malfuz-us-

said to have been a high class noble. Neville, the compiler of the old Jounpur Gazetteer refers to a rare work, Manaqib-i-Darweshia, only a few pages whereof were fortunately shown to the present writer by a representative of the family. It appears that there was 'Musaharat' (Marriage relationship) between the family of Malik Ibrahim Bayyu and the well known contemporary saint, Sadruddin 'Chiragh-i-Hind Zafarabadi (Jaunpur). This lends some support to the claim of honoured ancestry put forward by Malik community for the warrior saint of Bihar.

Buchanon, the English traveller, in his report of 1811-12, tells us that he visited the mausoleum on the Bihar hillock which he described as a structnre of rather crude construction. a quadrangular with sloping walls and a clumsy dome. Surprisingly enough, Buchanon, has made no mention of the Persian Inscriptions on the mausoleum and on the sides. He refers to twenty five houses of people claiming intimate connection with, and attached to, the tomb. They described themselves as the hereditory 'Mujavirs' or 'Khuddams' (Custodians, Keepers, Servants), devotedly employed for lighting and cleaning the mausolsum and the surrounding area which was studded with pucca tombs.

The writer feels indebted to his ex-pupil and friend, Dr. Ved Prakash of Guru Gobind Singh Collego for supplying the copies of certain archival documents in the Patna Secretariat Library, consisting of 'Rubakars' or court proceedings, and also of a 'Mahzarnama' or petition with attested signatures of all those who were present on the occasion. The documents bore the dates, 1847-48. The petitioner, Panah Ali and some others, claimed to have enjoyed the 'Muhtarifa', that is duties levied on certain trades and occupations on yearly or monthly basis, for services rendered in connection with the Mazar of Syed Ibrahim alias Malik Bayyu, built 51o years back. The difference of a decade and a half must be taken as an approximate estimate. Some may take the use of the word Syed here as conjecfural rather than real; but the persistence of the traditions, still cnrrent, cannot be ignored.

We may now turn to the evidences furnished by epigraphic sources, and also certain allusions in Sufic literature which may be clothed by some with a sense of actuality. Of the scanty, stray

went together for we have at least some rare cases in the history of Khaljis of Delhi; one is that of Syed Wahiduddin, and another is that of Qutbuddin Quraishi, and both were called Malik. The difficulty in settling the question of lineage and position arises when we are confronted with the question of the immediate successor of the warrior saint, who had the epithet of Ulugh-i-Azam added to his name. Will not one be justified in presuming that he was one of the best representatives of the central Asian adventurers who came sometime during the reign of Md. Ibn Tughlaq; that the Sultan deputed him to protect the weak and the distressed against the strong and the refractory chiefs, oppressors, pirates and plunderers, and by sheer force of his right arms he swept over the whole of Bihar, north and south, chastising and vanquishing a Chero chief of Rohtas, the Chakwar pirates of Samoh in Begusarai region, and some tribal chiefs in Chhotanagpur area ? It is the long continued and persistent local traditions which may lead one to such suppositions or presumptions. But presumptions cannot be treated as actuality. Why is it that nowhere in any of the epigraphs, there is not the slightest indication of his career and achievements, the manner his death as also of his Arab origin and antecedents ?

There is very little beyond the names of Malik Bayyu and some others in the Jain temple Sanskrit inscription of Rajgir, and in the Awadhi poem, Chandayan of Mulla Daud. The former, noticed by P. C. Nahar, in J.B.O.R.S., Patna, in 1919, is dated 6th day of Asarh, 1412 V.S., corresponding to 1355, that is two years later than the date of the inscriptions of the Bihar mausoleum. It first eulogises the reigning sovereign, "Sultan Phiroj Saha of Dilli, the ruler of the world, and the protector of the good, with his lotus feet and the shoots of rays emanating from jewels of his turban. The 2nd and 3rd names which occur in the inscription are those of the "Mandaleshwar (Governor) Malika Bayyu", and of his "Sewaka" (Assistant), a new name, Masarat-ud-Dina (Nusrat-uddin) who probably deputised for him in Rajgir. As for Chandayan which is a story of Lorik and Chanda, composed by Maulana Daud (Daud Kab Jo Chanda Gayee) in 781 (Baras Sat Sai Ho Ekasi), under the auspices of Khan-i-Jahan Jouna Sah, the Prime Minister, (Jauna Sah Ojir Bakhana) of "Sah Phiroz Dilli Surtana." It mentions Malik Baya along with his son Malik Mubarak, who i

not Daud but Malik Mubarak who has been mentioned as the eat noble and son of Malik Baya "Malik Baya Put Udharan hiru; Malik Mubarak tahan Ke Meeru". He is 'randhir in yudh' (war), a Sringar (adornment) of the royal army, and, he is superb th in war and liberality.

Despite all these facts and allusions, we have still much out Malik Baya or Bayyu that is hazi, mazi and bewildering. ere is a good deal of confusion about his origin and antecents, earlier habitation, racial extraction, motives, purposes and casions of his advent in India, the great deeds that he rformed, and the circumstances that led to his death. The epiaphical or inscriptional evidences tell us of something as to who was, what was he like, his virtues and his fight for his faith; t not as to when and whence he came and why ? We are not a position, on the basis of all that we have, to say, what his cient lineage and honoured ancestory was which the local tradins, still current among those who claim direct descent from n, ascribe to him.

فہرست مندرجات جلد ۱ : نامۂ شت[1] مہ آباد ص۱ ۔ نامۂ جی افرام ص۵۱ ، نامۂ شای کلیو ص۷۴ ، نامۂ یاسان ص۹۰ ، نامۂ گلشاہ[2] ص۱۰۶ ، نامۂ سیامک ص۱۱۵ ، نامۂ ہوشنگ ص۱۲۳ ، نامۂ تہمورس ص۱۲۹ ، نامۂ جمشید ص۱۳۸ ، نامۂ فریدوں ص۱۵۶ ، نامۂ منوچہر ص۱۶۴ ، نامۂ کیخسرو ص۱۶۹ ، نامۂ زرتشت ص۱۷۶ ، پیغامِ سکندر ص۲۲۳ ، نامۂ ساسان نخست ص۲۲۶ ، نامۂ ساسان پنجم ص۲۹۸ ، اصل کتاب ص۳۰۵ سطر ۲ میں ختم ہوتی ہے ۔ اس کے بعد ص۳۰۵ تا ص۳۱۶ ملاّ فیروز کی عبارات ہیں جن کے اقتباسات اوپر درج ہو چکے ہیں ۔ آخر میں ۴ صفحوں کا غلط نامہ ہے ۔

جلد ۲ سے معلوم ہوتا ہے کہ کتاب ۱۸۱۸ء میں شائع ہوئی تھی ۔ ملاّ نے سب سے پہلے سر جان مالکم سے خطاب کیا ہے جن کے نام یہ کتاب معنون ہے ۔ دیباچہ (ص۱ تا ص۱۱) میں سر ولیم جونس نے دساتیر کی نسبت دبستان کے حوالے سے جو کچھ لکھا تھا وہ اور مارکوئس ہیسٹنگس نے ترجمۂ ملاّ کے متعلق وابستگان فورٹ ولیم کالج سے ۱۸۱۷ء میں جو کچھ کہا تھا نقل ہوا ہے ۔ ترجمۂ ڈنکن کے بارے میں دیباچے سے یہ اطلاعات ملتی ہیں : ڈنکن تقریباً ۵ سال ملاّ کی مدد سے ترجمہ کرتے رہے ۔ لیکن نامکمل تھا کہ صحت خراب ہوگئی اور وہ ملاّ کو ساتھ لے کر ISLE OF FRANCE جانے اور بعد تکمیل ترجمہ کو ملکہ وکٹوریہ کی نذر کرنا چاہتے تھے لیکن قضا نے مہلت نہ دی اور وہ بمبئی ہی میں فوت ہو گئے ۔ ان کا ترجمہ ان کی دوسری چیزوں کی طرح انگلستان بھیج دیا گیا ۔ ملاّ نے یہ بھی لکھا ہے کہ انگریزوں کے ہندوستان فتح کرنے کے موضوع پر ان کا رزم نامہ منظوم موسوم بہ جارج نامہ قریب الاختتام ہے ۔ انگریزی ترجمہ ۲۰۳ صفحوں میں آیا ہے اور فرہنگ دساتیر نے ۱۸ صفحے لئے ہیں ۔ جلد ۲ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ کچھ کم ۴۰۰ نسخوں کے خریدار اشاعت سے قبل ہی پیدا ہو گئے تھے ۔ ۱۰۰ نسخوں کی خریداری حکومت بمبئی نے کی تھی اور ۵۰ باشندگان انگلستان نے جن کے نام درج نہیں ۔ وہ خریدار جن کے نام کتاب میں ہیں ان میں سے ۱۹ اپنے ناموں سے زرتشتی معلوم ہوتے ہیں ۔ ۲ مسلمان اور باقی عیسائی جن میں سے بعض کے سوا ظاہراً سب یورپی ہیں ۔ خریداران ذیل علی الخصوص قابل ذکر ہیں ۔ ہز رویل ہائی نس پرنس ریجنٹ (۲ نسخے) ، مارکوئس ہیسٹنگس گورنر جنرل (۶) لورڈ بشپ کلکتہ مسٹر ارسکن (۳) ٹرنر میکن[3] ۔

---

۱ ۔ شت تعظیمی لفظ ، دساتیری فہرست میں آباد کی طرح ہر پیمبر کے نام سے قبل ۔ ۲ ۔ یعنی کیومرث

۳ ۔ ناشر شاہنامہ فردوسی ۔

(۱) فیروز ۱۱۲۷ یزدگردی میں بروچ میں پیدا ہوئے۔ ۸ سال کے تھے کہ ان کے والد ملا کاؤس اپنے گھر والوں کے ساتھ ہجرت کر کے سورت آ گئے اور ۲ سالہ فیروز کو ساتھ لے کر ایران گئے۔ فیروز نے وہاں علوم مذہبی کی تحصیل کی اور "زند و پہلوی و اوستا و فارسی" سیکھی اور "مراتب موبدی" کو اتمام پر پہنچایا۔ ملا نے اس کے بعد "نجوم، منطق، فلسفہ، حکمت، الٰہیات و صرف و نحو" کی طرف بھی توجہ کی اور آخر میں بغداد وغیرہ میں ۱ سالہ اقامت کے بعد ۱۱۴۹ یزدگردی میں سورت واپس آئے۔ مگر تھوڑے ہی زمانے کے بعد بمبئی میں توطن گزین ہو گئے۔ "حکومت انگلستان" نے چار سو روپے ماہانہ ان کی مدتِ عمر کے لئے ان کے واسطے مقرر کر دیئے تھے۔ ملا کی وفات بتاریخ ۸ اکتوبر ۱۸۳۰ء واقع ہوئی۔ یہ حالات آقای رشید شہمردان[1] کی کتاب فرزانگان زرتشتی سے ماخوذ ہیں۔

(۲) آذر کیوان کا نسب نامہ دبستان مذاہب میں یوں درج ہے: "آذر کیوان ابن آذر گشسپ ابن آذر زردشت، ابن آذر برزین، ابن آذر خورین، ابن آذر ابین، ابن آذر بہرام ابن آذر نوش، ابن آذر مہتر ابن کہتر آذر ساسان کہ او را پنجم ساسان گویند، ابن مہتر آذر ساسان کہ چہارم ساسانش میخوانند ابن کہین آذر ساسان کہ مشہور بسوم آذر ساسان است۔ ابن .. دوم آذر ساسان ... ابن ... آذر ساسان نخست ابن خرد داراب ابن بزرگ داراب ابن بہمن ابن اسفندیار .. "

ڈاکٹر محمد معین ص۳۲ نے "آذر کیوان و پیروان او" (مجلۂ دانشکدۂ ادبیات شمارہ ۳ سال ۴) میں آذر مہتر کی تصحیح "آذر مہر" سے کی ہے اور لکھا ہے "نام پدران آذر کیوان تا آذر مہر ہمہ نامہای آتشکدہاست کہ در فرہنگ ہای پارسی بعنوان 'ہفت آتشکدہ' یاد شدہ اند و این ہفت آتشکدہ بصورتی کہ نقل کردہ اند وجود خارجی نداشتہ" ص۳۲۔

واضح رہے کہ اس نسب نامے میں مسلسل ۵ ساسان آئے ہیں۔ آقای محمد معین اس سلسلے میں لکھتے ہیں: "مؤلف دساتیر پنج ساسان را از خود ساختہ است و این امر سوابقی دارد، از جملہ در فارسنامہ ابن البلخی میخوانیم:

"... اردشیر بن بابک[2] بن ساسان بن بابک، بن ساسان ابن بابک بن ساسان بن بہمن بن

۱- میرے کرمفرما ہیں اور باوجود زرتشتی ہونے کے نقشبندی سلسلے میں مرید ہیں۔ ۲- فارسنامہ اور مجمل التواریخ و القصص کا بیان ایک نہیں۔

ندیار" مؤلف مجمل التواریخ والقصص گوید" بہمن را پسری بود نام وی ساسان چون بہمن پادشاہی
ز راداو، ننگ آمدش ازین کار و بدو رجائی رفت ... و از وی پسری ماند ہم ساسان نام بود تا پنجمین
رہمان ساسان نام ہمی نہادند" یہ صحیح ہے کہ ۵ ساسان پہلے سے کتابوں میں چلے آتے تھے۔
ان کا تعلق تاریخ سے نہیں، اساطیر سے ہے۔ مزید یہ کہ ان کا مفروضہ زمانہ عہد خسرو پرویز کے
ے پہلے ختم ہوگیا تھا۔ اس عہد میں کوئی گمنام شخص ساسان نام کا ہو تو ہو، لیکن کوئی ایسا شخص جس کا
زمانے کی کتابوں میں ذکر آیا ہو اور اس عہد کے اہم معاملات سے اس کا سروکار رہا ہو، نہ تھا۔
محمد معین کا قول ہے کہ "ناگفتہ خود پیداست کہ این شجرۃ النسب مجعولست، وشاید نام پدر
صحیح نقل کردہ باشند" ساسانوں سے قطع نظر یہ کب ممکن ہے کہ آذر کیوان اور ساسان پنجم کے
یان آٹھ ہی پشتیں ہوں۔ دبستان میں جو نسب نامہ ہے، وہ کیسا ہی کیوں نہ ہو، باحتمال قوی خود
ر کیوان اس کا ذمہ دار ہے۔

دبستان میں آذر کیوان کے متعلق مرقوم ہے : ۵ سال کی عمر سے کم خواری اور شب بیداری شروع
در یافت کے وقت اس کی غذا کا وزن ایک درم رہ گیا تھا۔ ۲۸ برس خم نشین رہا اور اواخر
یا ایران سے ہند آیا اور کچھ دن پٹنہ میں مقیم رہ کر ۱۰۲۷ھ میں فوت ہوا۔ ۸۵ سال کی عمر ہوئی۔
راہ سلوک میں حکمائے ہند و ایران و یونان نے خواب میں "اقسام حکمت" اس کے سپرد کئے۔ ایکدن
ے گیا جو کچھ پوچھا گیا اس نے اس کا جواب دیا۔ لوگ "ذو العلوم" کہنے لگے۔ ہیبر صاحب نے ایک سید صوفی
روایت کی کہ آذر کیوان کو برا نہ کہو، وہ ایک خدا رسیدہ شخص ہے۔ اس کا مرید یہ سنکر کہ ہیبر صاحب
ر کیوان کے مداح ہیں اس سے ملنے گیا۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ حال ہی میں اصطخر سے آیا ہے۔
ر کیوان کو یہ سب معاملہ پہلے ہی معلوم تھا۔ وہ گوشت کھانے اور جاندار کو مارنے اور آزار دینے سے
ع تھا۔ اس کا دعویٰ تھا کہ اس کی روح اس کے جسم سے جب چاہتی ہے باہر نکل آتی ہے۔ اس نے اپنے
ن مشاہدات کو منظوم کیا ہے :

بجو زابد اہسا[1] برگزشتم روان      رسیدم سوی پاک فرخ روان الخ

---

۱۔ دبستان (نول کشور ۱۸۸۸ء) میں ابدا ہیا (متن)
ن در اصل ابدا ہیا سیم ہے اور آذر کیوان کی نظم میں اسی طرح ہے۔ اس نظم میں مشاہدات کا ذکر ہے۔

اکبر کے زمانے میں آذر کیوان ہندوستان طلب کیا گیا۔ لیکن اس نے عذر کیا اور اپنی کتاب بھیج دی، "در ستایش واجب الوجود و عقول و نفوس و سماوات و کواکب و عناصر و در نصائح بادشاہ مشتمل بر چہاردہ جزو۔ ہر اوّل سطر آن پارسی بحت دری بود و تصحیف آن عربی میشد، چون قلب میکردند ترکی بود، چون تصحیف آن میخواندند ہندی میگشت"۔ ابوالفضل کو اعتقاد تمام آذر کیوان سے تھا۔ اس کے دوسرے مسلمان معتقد بھی تھے، از انجملہ ابوالقاسم فندرسکی۔

آذر کیوان کا حال دبستان کے علاوہ چہار چمن[1] میں تھا، لیکن اس کتاب کا چوتھا چمن جس میں یہ تھا، غائب ہے۔ اس بات کا کوئی قابلِ قبول ثبوت نہیں کہ عہدِ اکبری میں اس سے ہندوستان آنے کی استدعا کی گئی تھی، یا فندرسکی اس کے معتقد تھے۔ صاحبِ دبستان یا دوسرے دساتیریوں کی شہادت کا عدم و وجود برابر ہے۔ ۱۴ جزو کی ایسی کتاب کہ عربی، فارسی، ترکی، ہندی سب میں پڑھی جا سکے، نہ کبھی لکھی گئی، نہ لکھی جا سکتی ہے۔

ڈاکٹر محمد معین کا قول ہے کہ آذر کیوان اواخر قرن دہم ہجری میں اپنے مریدوں کے ایک گروہ کے ساتھ ہند گیا اور پٹنہ میں مقیم ہوا۔ پٹنہ جانا مسلّم، لیکن اس کا ثبوت موجود نہیں کہ وہ اواخر قرن مذکور میں ہند آیا تھا۔ آذر کیوان نے بہت سی کتابیں لکھی ہوں گی، لیکن اس نظم کے سوا جس کا ذکر آ چکا ہے کوئی چیز جو خود اس کے نام سے ہو، موجود نہیں۔

اس کا قطعی طور پر ثابت کرنا ممکن نہیں۔ لیکن قرائن قوی اس پر دلالت کرتے ہیں کہ خود آذر کیوان دساتیر کا مصنف ہے۔ نامۂ ساسان پنجم میں یہ عبارت ملتی ہے:

"در تخمۂ تو پیغمبری ہمیشہ ماند" دساتیر ص۳۰۴

آذر کیوان کے معتقدین نہ صرف اسے بلکہ اس کے بیٹے کو بھی نبی لکھتے ہیں۔ یہ پیشینگوئی کہ ساسان پنجم کی نسل سے نبی آئندہ بھی ہوتے رہیں گے اس غرض سے تھی کہ دعوے کا موقع مل سکے۔

(۳) فرزانہ بہرام آذر کیوان کے قیام پٹنہ کے زمانہ میں شیراز سے آیا اور ریاضت میں مشغول ہوا۔ پارسی و پہلوی و عربی سے جیسا چاہیے واقف تھا اور منطق و طبیعات و ریاضیات و الٰہیات سے بخوبی آگاہ۔ چہار چمن میں وہ کہتا ہے "بیاوری حضرت کیوان بملک ملکوت و جبروت و لاہوت[2] رسیدم و تجلّیات آثاری و افعالی و صفاتی و ذاتی وصول یافتم"۔ فرزانہ بہرام تاجر پیشہ تھے۔ لوگوں کا

---

۱۔ چہار چمن طبع ہو چکی ہے۔ لیکن اس میں چوتھا چمن الحاقی ہے، اصل غائب ہے۔ میں نے بمبئی اور پونا میں بہتوں سے اس کے متعلق دریافت کیا، کسی کے پاس موجود نہیں پایا گیا۔ ۲۔ ان بزرگوں میں انکساری کی کمی نہیں

رہے کہ کیمیاگر تھے۔ تجارت لئے چھپانے کی غرض سے تھی۔ بمقام لاہور ۱۰۴۳ میں وفات پائی (دبستان ملاکا)

(۴) دبستانِ مذاہب کے مصنف نے اپنے حالات تو دیئے ہیں لیکن کسی جگہ اپنا نام نہیں لکھا۔ مُلّا
نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ میر ذوالفقار علی اس کے مصنف ہیں۔ مآثر الامرا نے ذوالفقار اردستانی
کو اس کا مصنف لکھا ہے۔ یہ قول بھی ہے کہ کیخسرو پسر آذر کیوان اس کا مصنف ہے۔ میں اس سے متفق
۔ یہ بخوبی ممکن ہے کہ اس نے کبھی اپنے کو میر ذوالفقار علی اور کبھی صرف ذوالفقار کہا ہو ۔۔ موبد تخلص
ک شاعر کا دیوان فارسی کتابخانۂ خدا بخش میں موجود ہے اور اس کتاب خانے کی طرف سے شائع
یرے نزدیک اس میں شبہے کی بہت کم گنجائش ہے کہ یہ موبد ہی دبستانِ مذاہب کا مصنف ہے خواہ وہ آذر کیوان کا بیٹا ہو نہ ہو۔

(۵) برہان قاطع پہلی فرہنگ ہے جس میں خاص دساتیری الفاظ ملتے ہیں۔ لیکن دساتیر کا
ایک آدھ جگہ ہو تو ہو۔ یہ بھی صحیح نہیں کہ بیشتر دساتیری الفاظ اس میں موجود ہیں۔ اس فرہنگ میں
فات کے شمول کا نتیجہ یہ ہوا کہ یہ بعد کی فرہنگوں میں بھی داخل ہوئے اور انکی خاصی تعداد نظم و نثر
ں میں ایران و ہند دونوں ممالک میں مستعمل ہونے لگی۔ علی اکبر دہخدا کے لغت نامہ تک میں دساتیری
ظ مثل آرش و آرشی بغیر حوالۂ دساتیر آگئے ہیں۔ ایرانی شعرا مثل فرصت و ہدایت وغیرہ کے یہاں
دساتیری الفاظ ملتے ہیں اور غالب کی دستنبو تو ان سے مملو ہے۔

(۶) یہ بات کہ عہد شاہجہاں تک دساتیر ایک بہت مشہور کتاب تھی غلط محض ہے۔ دساتیر کی
کتابیں قرن یازدہم میں لکھی ہیں ان سے اور برہان قاطع سے قطع نظر دساتیر کا نام تک کہیں نہ آیا اور
ں کے خاص الفاظ و مطالب کہیں ملتے ہیں۔ اس کی اشاعت کے بعد ہی مستشرقین مغرب نے اس کی مجہولیت
اتفاق اعلان کیا۔ نہ کشتی البتہ دو گروہوں میں تقسیم ہو گئے۔ ایک گروہ اس کی اصلیت کا قائل
ور دوسرا اسے جعلی قرار دیتا تھا۔ بالآخر اورنٹیل کانگریس کے اجلاس جینوا میں شہریار جی دادا بھائی بروچا
مقالہ اس کے خلاف پڑھا اور اس کے بعد سے شاید ہی کوئی زردشتی ہو جو اس کی اصلیت کا قائل
ان کے مقالے کا ایک اقتباس آقای شہمردان کے الفاظ میں یہ ہے :۔

"پس از مطالعات دقیق دساتیر باین نتیجہ میرسم کہ این کتاب ہیچ وجہ نمیتوان جزو کتاب مذہبی مزدیسنا
آورد، زیرا مندرجاتش نہ با مندرجات اوستا برابر است و نہ با مندرجات کتب پہلوی دورۂ
سانیان و یقیناً محصول دورۂ اخیر می باشد ۔ ہر چند تعلیمات این کتاب باقتالیم ۔۔ زردشت نیز

مشابہت ندارد، بلکہ تعلیمات ہنود، بودا و مذہب افلاطونی متمایل است۔ چنانچہ خوردن گوشت حرام
و ریاضت و زہد و فاقہ کشی و تجرد و ترک دنیا ما موعظ مینماید۔ دساتیر از نقطۂ نظر تقویم و اساطیر و
تاریخ و کتب مذہبی مزدیسنا مغائرت تامی دارد و دبان آسمانی آن تحریفی است از السنۂ پہلوی پارسی و ہندی۔

(۷) زردشتیوں کے کتب مقدس میں زردشت سے قبل کے پیمبروں کی طرف اشارہ ہو، لیکن کسی کو بطور پیمبر نہیں
بتایا اور نہ یہ زردشتی عقیدہ ہے کہ زردشت کے بعد کوئی نبی آئیگا۔ زردشتی مذہب میں زردشت کو مرکزی حیثیت حاصل
ہے اور دساتیری پیمبروں میں اسے کوئی خاص اہمیت حاصل نہیں۔ زردشتی و دساتیری عقاید بھی مختلف ہیں۔ پھر
اس کی کیا وجہ ہے کہ زردشتیوں کے ایک گروہ نے اسے اپنی کتاب مقدس تسلیم کیا؟ اس کا راز اسکی فرضی قدامت میں
مخفی ہے جس پر سر ولیم جونس نے بہت زور دیا تھا۔

دساتیر کے مطابق آبادیوں کی حکومت (اسکے بعد جی افرامی وغیرہ آئے) "سوزاد" سال رہی اور سوزاد
سال ۳۰ ہزار مہاسنگ برس ہوتا ہے (دساتیر ص۵۶) یہ کس طرح ممکن تھا کہ ملا فیروز وغیرہ دنیا کی قدیم ترین کتاب کے
مصنف ہونے کے فخر سے زردشتیوں کو محروم کر دیتے۔ رہے دساتیری اور زردشتی عقائد کے احکام کے اختلافات تو
صاحب دبستان نے اس کے باوجود دساتیر کو قبول کرنے کے لیے زمین ہموار کردی تھی۔ دساتیری فن تاویل میں بڑی
مہارت رکھتے تھے۔ لفظوں کے الٹ پھیر سے وہ کوئی دعوٰی ایسا نہیں جسے ثابت نہ کر سکتے ہوں جو دبستان میں ہے۔
آبادی کہتے ہیں کہ زردشت کا مدار رمز و اشارات پر ہے۔ حقیقت کو صرف خواص سمجھ سکتے ہیں۔ عوام سے
ایسی باتیں کہنی چاہئیں جو ان کے فہم کے ماوراء نہ ہوں۔ بعض آبادیوں کا قول ہے کہ زند دو قسم کی تھی۔ ایک صحیح اور
بے رمز جسے مہ زند کہتے تھے اور دوسری مرموز جسے صرف زند کہتے ہیں۔ پہلی نامۂ آباد کے مطابق تھی۔ لیکن یہ
تسلط بیگانگاں مثل ترکان و رومیان کے بعد غائب ہوگئی اور زند کا بھی ایک بڑا حصہ ضائع ہوگیا۔ عہد اشکانیاں
میں زند پر عمل تھا، لیکن اردشیر ساسان دوم کا مطیع تھا اور مہ زند پر عامل۔ نوشیرواں کے عہد میں بھی اسی پر عمل تھا۔
آبادیوں کا عقیدہ ہے کہ "اگرچہ دین زردشت از گشتاسپ تا یزدگرد رواج تمام داشت، اما بادشاہان تاویل
کردہ آن را با شریعت آذر ہوشنگ یعنی مہ آباد مطابق می ساختند"

(۸) آجکل زردشتیوں کے دو گروہ ہیں۔ ایک دساتیر کو عہد اکبری سے قبل کی کتاب نہیں مانتا۔ دوسرا ایسے جعلی
کر جعلی ہونے کے باوجود یہ اس قدر جدید نہیں اور واقعی خسرو پرویز کے عہد یا اس کے کچھ بعد کی ہے۔ اس گروہ کے دلائل بہت کمزور ہیں۔



(بشکریہ نقوش اپریل — جون ۱۹۶۶ء)

پروفیسر سید امیر حسن عابدی
دہلی یونیورسٹی

# سلمان ساوجی کی کچھ اور غیر مطبوعہ غزلیں

نسخۂ خدا بخش سے جرنل نمبر ۲۱ میں سلمان ساوجی کا غیر مطبوعہ کلام پیش کیا گیا۔

دیوان سلمان ساوجی کا ایک بہت عمدہ اور قدیم قلمی نسخہ سالار جنگ میوزیم میں موجود ہے جس کی کتابت ناصر بن بندہ چہر نے محرم ۷۹۱ھ (۱۳۸۹ء) میں قاہرہ میں تمام کی تھی۔ غالباً یہ سلمان کے کلام کا سب سے قدیم نسخہ ہے جو ان کی وفات کے تقریباً چودہ سال بعد لکھا گیا۔ اس نسخہ میں قصیدے، غزلیں، قطعے اور رباعیاں دی ہوئی ہیں جبکہ خدا بخش والے نسخہ میں صرف غزلیں ہیں۔ اس نسخہ میں چھبیس غزلیں ایسی ہیں جو اب تک دیوان کے مطبوعہ نسخوں میں شامل نہیں کی گئی ہیں۔ ان میں سے صرف یہ دو غزلیں خدا بخش کے نسخہ میں موجود ہیں: "آنجا کہ عشق آمد کجا نیز خرد را جا بود" اور "خواہیم چون زلیخا یوسف دگر خریدن"۔ البتہ خدا بخش والے نسخہ میں دوسری غزل کا مقطع نہیں ہے۔ جبکہ سالار جنگ میوزیم کے نسخہ میں یہ مقطع بھی موجود ہے:

سلمان بنام و نالہ کشش قلم کر خواہد — این ناچار ستردن و این نالہ ہا دریدن

لیکن حسب ذیل غزلیں ایسی ہیں جو نہ خدا بخش کے نسخہ میں موجود ہیں اور نہ مطبوعہ نسخوں میں:

۱

بی گل رویت ندارد رونق بستان ما
بی حضورت هیچ نوری نیست در ایوان ما

گر بسامان سر کویش رسی ای باد صبح
عرضه داری شرح حال بی سر و سامان ما

در دل ما پاس غم بشکست غم در دل بماند
چیست یاران چاره غمهای بی پایان ما

در فراقت چیست گویی زندگانی را سبب
سخت رویی فلک یا سستی پیمان ما

دوستان گویند دل را صبر فرما پید صبر
چون کنم ای دوستان دل نیست در فرمان ما

در فراق دوست دل خون گشت خواهد شد بباد
دوستان بهر خدا جان شما و جان ما

در فراقش چند چندین شب شبی خوابم ربود
می شنیدم در شکر خواب از لب جانان ما

بار هجر ما که کوه از بر ندارد طاقت او جوست
چون تحمل میکند کو هی دل سلمان ما

۲

من کجا دریابم آن کس را که عقلش درنیافت — جز دل مسکین وصالش را کسی دیگر نیافت

بی غلط گفتم که بود آنکس که در عشقش گرفت — بار دل را بر خود و از باغ وصلش بر نیافت

چون برم من جان ز دست آنکه هر کس کو نهاد — در رهش پا زیر پای خود بغیر سر نیافت

مرغ جانم را که دل بال و توان تن پر است — می فرستادم برش بیچاره بال و پر نیافت

منت هر دریای هستی کو بها دان چیست عشق — هر که شد غواص آن دریا بجز این گوهر نیافت

کعبهٔ وصل ترا می جست راهی در درون — سالها گردید گردش عقل و آخر در نیافت

چشم سلمان است در خود ماه رخسارت چو نور — هیچ چشمی در جهان نوری چنین درخور نیافت

۳

ای جهان را چو مه عید مبارک رویت — عید صاحب نظران طاق خم ابرویت

گیسوی تو شب قدرست و در او منزل الروح — خود که داند بجهان قدر شب گیسویت

گوشهٔ ماه ز برقع بنما تا چو هلال — شود انگشت نمای همه عالم رویت

۴

جان من می رقصد از شادی مگر یار آمدست — می جهد چشمم همانا وقت دیدار آمدست

جان بیارم باستقبال آمد تا به لب — قوتی از تو مگر در جان بیمار آمدست

می رود اشکم که بوسد خاک راهش را بچشم — بر لبم جان نیز پنداری بدین کار آمدست

زان دهان می خواهد از بهر امان انگشترت — جان زار من که زیر لب بزنهار آمدست

تا ندیدم روی خوبت را ندیدم روز نیک — از فراقت روز بر من چون شب تار آمدست

در فراق رویت ای نور دو چشم من ببین — تا بروی من چها زین چشم خونبار آمدست

بی تو گر می خورده ام در سینه ام خون بسته است — بی تو گر گل دیده ام در دیده ام خار آمدست

گر نسیمی زان خط عنبر بمن گذاری کرده است — همچو چنگ از هر رگم صد نالهٔ زار آمدست

روز بر چشمم سیه گردیده است از غم چو شب — در خیالم زان زمان کان زلف و رخسار آمدست

گر بلا بسیار شد سلمان چه شد مردانه باش — بر سر مردان بلای عشق بسیار آمدست

۵

ما را بجز از عشق تو در خانه کسی نیست — بنمای رخ از پرده که بیگانه کسی نیست

بردار ز هم سلسله تا خلق بدانند — کز سلسله داران تو دیوانه کسی نیست

فرزانه تر از دوم اگر زاهد و صوفی ست
ای دوست بدوران تو فرزانه کسی نیست

در خلوت دل ساختمت منزل و آنکس
کز دل نکند منزل جانانه کسی نیست

خمار بده باده باغیار که خامست
مطرب مزنش ره که در آن خانه کسی نیست

سرگشته بسی اند ولی آنک چو پرکار
دارد قدمی ثابت و مردانه کسی نیست

دل گرمی پروانه ده ای شمع که در عشق
امروز بجانبازی پروانه کسی نیست

سلمان مطلب یار که بسیار بجستند
زین جنس درین منزل ویرانه کسی نیست

یاری که بکامت برساند زلب خود
در دور تو جز ساغر و پیمانه کسی نیست

۶

سرو خواند با تو خود را راست لعلها راست نیست
سرورا این حسن و رعنایی که قد رسواست نیست

راستی را سرو بس رعناست اما اینک باد
در سر افکندست یعنی با تو هم بالاست نیست

قصد جانم میکنی من خود فدایت کرده‌ام
گر تو پنداری که تقصیری که هست از ماست نیست

۷

چشم مخمور تو تا در خواب مستی خفته است
از خمار چشم مستت عالمی آشفته است

سنبلت را بس پریشان حال می‌بینم مگر
باد صبح از حال من با وی حدیثی گفته است

چشم بد دور از گل رویت که در گلزار حسن
هرگز از روی تو نازکتر گلی نشگفته است

دیده باریک بینم در شب تاریک هجر
بس که بر یاد دلت در های غلطان سفته است

دل چو در محراب ابروی چشم مستت دید گفت
کافر سرمست در محراب بین چون خفته است

خاک راهت خواستم رفتن بمژگان عقل گفت
نیست حاجت کش صبا عمدا بگیسو رفته است

عاقبت هم سر بجایی میزند این خون دل
کز غم عشق تو سلمان در درون بنهفته است

۸

دولت وصل آن صنم روی بما نمی‌کند
سرو روان او مرا کام روا نمی‌کند

عمری و گفته‌ای اگر صبر کنی وفا کنم
عمر عزیز چون کنم عمر وفا نمی‌کند

گفته بدم رها کنم شیوه عشق و عاشقی
عشق بکار خود مرا باز رها نمی‌کند

۹

نه تنها بسر کوی تو ما را بار می افتد
که هر روزی صد آن منزل ازین صد بار می افتد

بوایت بازشبگیری چنان مست است در بستان
که چون زلفت ز مستی بر گل و گلزار می افتد

بلطف مردم چشم شماتت کم کن ای دشمن
چه شاید کرد مردم را ازین بسیار می افتد

۱۰

دلی کہ شیفتۂ زلف دلربا باشد ... ہمیشہ زار و پریشان و مبتلا باشد

بلی عجب نبود گر بود پریشان حال ... گدا کہ در طلب وصل بادشا باشد

بہانۂ تو رقیب است و نیست این مسموع ... رقیب را چہ محل گر ترا رضا باشد

جفای دشمن و جور رقیب و طعنۂ خلق ... خوش است بر دل اگر دوست را وفا باشد

اگر ترا گذری بر من ضعیف افتد ... و یا ترا نظری بر من گدا باشد

از آن طرف نپذیرد کمال تو نقصان ... وزین طرف شرف روزما... باشد

نگار گشت بخون جگر رخ سلمان ... بترس زانکہ بد و نیک را جزا باشد

۱۱

کار شد تنگ برین دل خبر یار کنید ... دوستان بہر خدا چارۂ این کار کنید

سیل عشق آمد و این بخت گران خواب مرا ... گر خبر نیست ازین واقعہ بیدار کنید

اثری کرد ہوا در من و بیمار شدم ... بدو چشمش کہ علاج من بیمار کنید

شیخنا زان طرف صومعہ کاری نگشود ... بعد ازین روی بہ خمخانۂ خمار کنید

در رخش ہر چہ من ای مدعیان می بینم ... گر ببینید شما ہمچو من اقرار کنید

در جمال رخ او ای مہ و مہر ار نگرید ... ہر دو چون سایہ بجودش پس دیوار کنید

من بچشم خوشش آوردہ ام اقرار مباد ... کہ بسلمان نظر از دیدۂ انکار کنید

۱۲

در خرابات مرا دوش بدوش آوردند ... بی خودم بردہ آن یار فروش آوردند

شہسواری کہ نیامد بہمہ کون فرو ... بدر خانۂ خمار فروش آوردند

دوش بر دوش فلک میزدم امروز کہ دوش ... مستم از کوی خرابات بدوش آوردند

مطربان دیر لب از پردۂ اسرار بتی ... تا چہ گفتند کہ نی را بخروش آوردند

در نی خشک دمیدند ہی از آتش تو ... خون خام خم خمار بجوش آوردند

ساقیان داروی بیہوشی می دردادند ... دل بیہوش مرا باز بہوش آوردند

شاہدان اینہمہ دلہای پریشان را جمع ... بتماشای گل روی تو دوش آوردند

چشم و ابروی تو از گوشۂ خود سلمان را ... در خرابات کشان از بن گوش آوردند

۱۳

آن دم کہ باد صبح بزلف گذر کند ... مشک ختن بخون جگر چہرہ تر کند

اگر نہ زانکہ سنبل زلف تو مشک را ... ہر دم زروی رشک چو خون در جگر کند

ہر دم کہ از صفای جمال تو دم زنم ... صبحم سر از دریچۂ انفاس بر کند

هر گه که مهر روی تو در خاطر آورم          خورشید سر ز روزن اندیشه در کند
دارم شکسته بسته چو زلف تو می که او          هر دم هوای صحبت روی چو خور کند
کار من از تو راست بزر میشود چو زر          آری چو زر بود همه کاری چو زر کند
مویت نهاد سر به کمرگاه تو مگر          آمد مگر که دست هوس در کمر کند
سرگشته بند و لیست چه سوداست در سرش          آن به که این خیال کژ از سر بدر کند
دل خواست تا حکایت زلف تو سر بسر          معلوم رای آصف جمشید فر کند
لیکن چنین حدیث پراگنده چون کسی          در بندگی خواجهٔ نیکو سیر کند
خورشید آسمان وزارت که آسمان          خاک درش بمرتبه کحل بصر کند
اعظم غیاث دولت و دین آنکه روزگار          نامش وزیر مملکت بحر و بر کند
تا رایت مظفر سلطان خاوری          هر شام عزم مملکت باختر کند
بادا ز قدر رایت چنانک او          هر روز فتح عرصهٔ ملک دگر کند

## ۱۴

میکشم خود را و بازم دل بسویش میکشد          مو کشان زلفش مرا در خاک کویش میکشد
می برد حسنش بروی دلستان هر جا دلیست          ور نمی آید دل مسکین بمویش میکشد
ما چو بید از بادی لرزیم از آن غیرت که باد          می جهد در روی او برقع ز رویش میکشد
گل چو می داند که بلبل را فغان از عشق اوست          هر چه دل گوید صداع گفت و گویش میکشد
می کشیدم کوزهٔ دردی ندست ساقی          کین زمان هر صوفی صافی سبویش میکشد
شمهٔ از حال من شاید که این گل بشنود          این تن مسکین نه بیماری بویش میکشد
نوی او هست از دهانش تنگ تر وین ناتوان          باد بر دل تنگ تنگ از دست خویشش میکشد
از دوی نیست سلمان را بغیر از روی دوست          چون کند چون دوست خط بر آرزویش میکشد

## ۱۵

آن پری کیست که از عالم جان روی نمود          وین چه حوریست که بر ما در فردوس گشود
دل پروانهٔ غم شمع من از من بستد          می پیمانهٔ جان لعل تو بر من بنمود
گرچه آواز رباب است مخالف با شرع          راستی آمده تحقیق بعشاق نمود
در دل تیرهٔ ما گشت نهان خورشیدی          روی خورشید بگل چون نتوانیم اندود
ما چو هودیم بر آتش بکش از ما دامن          گر ز ما دود بر آید چه زیانت ز آن دود
عمر ما گم شد و عشقت فزون پنداری          کانچه کم گشت ز عمرم همه در عشق فزود

آنچنان نازکی ای گل که اگر با تو نسیم      دم زند روی تو چون لاله شود خون آلود
دیدهٔ ما بخیال لب عنابی تو      بسکه انجام زجاجی صفی می پالود
مدعی چند کنی عیب که مستست فلان      این چنین ست و چنین بود و چنین خواهد بود
بنشستیم زپس پردهٔ تقوی عمری      ناگهان باد هوا آمد و پرده بر بود
سود سلمان همه اینست که سر بر در تو      سود سرمایهٔ خود را چو زیان کرد چه سود

۱۶

دل پیش زخم تیغ تو جان را سپر کند      از زخم تیغ دوست کسی چون حذر کند
آن را در آید از در دل آن جهان جان      کز دل مراد جان و جهان را بدر کند
ما راست همچو دیده عزیزی که نیست کسم      آن نور دیده را که بهر دم نظر کند
سرمست چشم دوست بود سر گران هنوز      چون نرگس آن زمان که سر از خاک بر کند
زان جورها که میکند آن خوشتر آیدم      چندانکه گویمش که مکن بیشتر کند
سلمان تواند از سر هر دو جهان گذشت      آسان و مشکل از سر کویت گذر کند

۱۷

نسیم برو و بوی جان و دلستان بمن آور      سلام من برسان و جواب آن بمن آور
نوای بلبل معنی مصورتی که توانی      بگلستان برو برگی ز گلستان بمن آور
صباش می برد از آستین عبیر بدامن      تو هردمی کن و گردیش ز آستان بمن آور
دواش اگر بفرستد به طالبان دواده      ز درد دش آنچه بیابی همان چنان بمن آور
بدیده گرد سر کویش از برای دل من      تلطفی کن و برچین یگان یگان بمن آور
ترا در آن دهن تنگ یار هست مجالی      حکایتی بنهانی از آن دهن بمن آور
نصیب من همه بیمست اگر غمیم فرستد      مبر زمان متعلل همان زمان بمن آور
دل شکستهٔ سلمان که نیست نام و نشانش      بجوی در سر زلفش از و نشان بمن آور

۱۸

ما دهان لعل لبش می میدهد هشیار باش      چشم مستش رهزن خوابست هان بیدار باش
گر بدین عشق او اقرار داری عشق او      منکر عقل ست و دین از عقل و دین بیزار باش

عیسی نفس دوای بخشد و جان میدهد　　گر تو داری این هوس گه مرده گه هشیار باش

۱۹

بدست خود دل خود در کمند زلفت افکندم　　بصد بند دگر خود را و دل را بر تو می بندم

ز دست دوست می گریم ولیکن رغم دشمن را　　چو ابر نوبهاری در میان گریه می خندم

تو دل در بند آن داری که جانم در کمند آری　　بحق زلف دلبندت که من دایم در آن بندم

جز از بار دلم باری مرا حاصل نشد هرگز　　ز چندین دانهٔ گوهر که در عالم پراکندم

ز کوه محنت سلمان غم فرهاد کاهی دان　　که گر او کوه کند از غم من بیچاره جان کندم

۲۰

آتش سودا اگر در دل سودای من　　شعله ازین سان زند وای دل و وای من

مایهٔ سودای ماست زلف تو لیکن چه سود　　زانکه پراکنده گشت مایهٔ سودای من

نالهٔ من هر شبی سر بفلک میکشد　　تا بچه خواهد کشید نالهٔ شبهای من

قصهٔ خوناب دل گر نکنم چون کنم　　می رسد از دل بلب جوشش دریای من

از سر رحمت مگر هم تو شوی دستگیر　　ورنه چه برخیزد از دست من و پای من

بس که رگ جان من زد غم عشقت چو چنگ　　غیر رگ و پوست نیست هیچ بر اعضای من

دل چو قبا بسته ام در قد و بالای تو　　عشق قدت جامه ایست راست ببالای من

۲۱

ای آنکه رخ و زلف تو آرایش دیده　　گردیده بسی دیده و مثل تو ندیده

از گوشه بسی گوشه نشین را که ببینی　　در میکده با چشم سیاه تو کشیده

چشمت باشارت دل من برد و فدایت　　چیزی که اشارت کنی ای دوست بدیده

زلف تو بپوشید سراپای قدت را　　آن شعر قباییست بقد تو بریده

سربسته حدیثیست سراپای تو چو مویت　　فی الجمله حدیثیست بگوش تو رسیده

هر لحظه بدل میکنی از دیده اشارت　　دل می طلبی از من دل داده بدیده

چشمم بمژه قصهٔ شوق تو نوشته　　دل خون شده وانگه ز سر خامه چکیده

نامه سخن بوالعجبم می شنواند　　سلمان همه عمر آن سخن از کس نشنیده

۴۲

داردسر سودای باز این کاسه سودائی — دل رفت دگر جای آه از دل هرجائی

گفتند بصبر از دل اندوه توان بردن — آری بتوان لیکن کو صبر و توانائی

ای صبر همی گفتی روزیت بکار آیم — چون کار برفت از دست اکنون بچه کار آئی

بردار حریف انگشت از حرف خطای من — کین حرف نمی گنجد در دفتر دانائی

در آینه گر خود را بینی بروی از خود — آن به که تو خود خود را با آینه ننمائی

چون شمع ندارد صبر از دود که بنشیند — آرام کجا گیرد پروانهٔ سودائی

در عشق تو بدنامیست اندیشه ز بدنامی — در عهد تو رسوائیست اندیشه ز رسوائی

چندین چه کنی سلمان در سینه نهان مهرش — خورشید جهان آرا تا کی بگل اندائی

۴۳

ای نسیم صبح بوی جانفزا می آوری — من نمی دانم که این بو از کجا می آوری

ای نسیم از خاک کوی یار حاصل کرده ای — تا چنین داری که از باد صبا می آوری

گلبن باد آورش ما را نمی بخشید بوی — هم تو باری کز درش بوئی بما می آوری

گلستان شوق را نشو و نمای میدهی — بلبلان بی نوا را در نوا می آوری

ناتوانی را نکه راهی بس دراز و پیچ پیچ — از سر زلف چنینم زیر پا می آوری

رفته بود از جا دل ما بازش آوردی بجا — خاک کویش بر طریق خون بها می آوری

خون ما را ریختی در انتظار اکنون بیا — راستی را شرط دلداری بجا می آوری

گر زدی لطف یکدم میکنی در کار ما — وقت ما چون صبح از آن دم باصفا می آوری

قاصد سلمان و یکدم نمیگیری قرار — روز و شب یائی بری پیغام یا می آوری

۴۴

باز بیمار خود دم ساختی و خوش کردی — خون من ریختی و جان مرا پر دردی

شرط کردی که دل سوختگان را نبرم — دل من بردی و آن قاعده یاد آوردی

خیز و چون گرد زنش دست بدامن بخشان — کاش بر تو نشاند از در بر گردی

چه صبا نیست بریدی که برد نامه بدوست — خنکا باد صبا گر نکند دم سردی

ق

مهر دیا گر صفت در عقب او سلمان — به از آن نیست که اندر عقب او گردی

زیر بحر انجش اگر عارف صاحب ذوقی — ترک درمان کن اگر صادق تنها دردی

عابد رضا بیدار

# غیر مطبوعہ سلمان ساوجی کہاں تک غیر مطبوعہ ہے

## ——— استدراک

[ ڈاکٹر سید امیر حسن عابدی نے نسخۂ سالار جنگ سے سلمان ساوجی کی جو ۲۴ غزلیں غیر مطبوعہ قرار دیکر جرنل میں اشاعت کے لیے بھیجیں وہ ان کے بیان پر اعتماد کر کے چھاپنے کے لیے دیدی گئیں۔ یہ فارم چھپ چکا (جو اس جرنل نمبر ۲ میں شاملِ اشاعت ہے) تو خیال آیا کہ احتیاطاً کلیات سلمان کا مطبوعہ نسخہ خود بھی دیکھ لیا جائے۔ دیکھنے پر پتا چلا کہ ۲۴ میں سے ۱۴ غزلیں طبع شدہ ہیں۔ ۲۴ غزلوں کا فارم چھپ چکا تھا اس لیے چیکنگ کے اس نتیجہ پر افسوس بھی ہوا۔ لیکن پھر خیال آیا کہ ایک تو تحقیق کا کام کرنے والوں کو اس مثال سے یہ سبق بھی حاصل ہو جائے گا کہ جلد بازی تحقیق کے منافی ہے۔ دوسرے اس طور پر طبع شدہ غزلوں کی نشاندہی کے ساتھ وہ اہم اختلافات نسخ و قرأت سامنے آجائیں گے جو آئندہ لوگوں کے لیے کام آسکیں گے ]

کلیات سلمان ساوجی' آوستا کی ترتیب و تصحیح سے انجمن ایران کی طرف سے شائع ہو چکا ہے۔ ڈاکٹر عابدی کی دریافت کردہ ۲۴ غزلوں میں سے ۱۴' اس مطبوعہ کلیات میں موجود ہیں جنکی تفصیل درج ذیل ہے :

(۱) یہ غزل مطبوعہ نسخے میں (ص ۲۵۳ پر) موجود ہے اس معمولی فرق کے ساتھ کہ مطبوعہ میں ساتویں شعر میں قافیہ 'جانان' کے بجائے 'سلطان' ہے

مطبوعہ کی مدد سے ایک غلطی کا ازالہ بھی ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹر عابدی نے مقطع، مصرع ثانی اس طرح لکھا ہے ؎ چوں تحمل میکند کو ہی دلِ سلمان ما۔ یہ کوہی دراصل گوی' ہے۔ 'کوہی' یوں بھی یہاں مہمل ہے۔

(۲) دوسری غزل بھی مطبوعہ (ص ۲۸۷ پر) موجود ہے۔ دو جگہ معمولی اختلاف ملتا ہے۔ دوسرے شعر کے مصرع ثانی میں (؏ باد دل را بر نو نوا از باغ وصلش بر نیافت)۔ مطبوعہ میں بر کی جگہ آن ہے؛ چوتھے شعر کے دوسرے مصرع میں (؏ میغرستادم پرسش بیچارہ بال و پر نیافت)، پرسش کی پرسش' ہے لہ پانچواں شعر، پہلا مصرع' البتہ' ڈاکٹر عابدی کی قرأت میں فی الحال مہمل ہے ؎ منت در در آیی ہستی کو بدٔ زال چیست عشق) مطبوعہ متن کی روشنی میں اس کی تصحیح ہو جاتی ہے جو اس طرح ہے:

ع ہست در دریای ہستی گوہری آن چیست عشق

اس پانچویں شعر کا دوسرا مصرعہ : ع ہر کہ شد غواص آن دریا جز این گوہر نیافت ، مطبوعہ

' جز این ' کی جگہ ' بجز ' ہے۔ مقطع میں دونوں مصرعوں میں اختلاف ہے :

چشم سلمان است در خور راہ رخسارت چو نور — ہیچ چشمی در جہان نوری چنین در خور نیافت

مطبوعہ نسخہ میں ' است ' کے بجائے ' راست ' ہے ۔ ' رخسارت ' کی جگہ ' رخسارش ' اور چنین کی بجائے

(۳) یہ غزل مطبوعہ کلیات میں (ص ۲۸۶) موجود ہے :

تیسری غزل کے دوسرے شعر کے پہلے مصرع میں ( ع گیسوی تو شب قدر ہست و درد و منزل )

مطبوعہ میں (ص ۲۸۶) ' درد ' سے قبل ' و ' نہیں ہے ۔

(۴) یہ غزل مطبوعہ کلیات میں (ص ۲۸۷) موجود ہے :

چوتھے شعر کا پہلا مصرع ڈاکٹر عابدی کے یہاں اس طرح ہے : ع زان دہان میخواہد از بہر آماد

مطبوعہ میں یہ مصرع اس طور سے ہے : ع زان دہان میخواہد از بہر زبان انگشتری ۔

پانچویں شعر کے پہلے مصرع میں ( ع تا ندیدم روی خوبت ما ندیدم روز نیک ) ' ندیدم ' کی

مطبوعہ میں ' بدیدم ' ہے اور ' نیک ' کی جگہ ' خوب ' ،

آٹھویں شعر کے دوسرے مصرع میں ( ع ہچو چنگ از ہر رگم صد نالۂ زار آمدست ) ' رگ '

کی جگہ مطبوعہ میں ' رگ من ' ہے ۔

نویں شعر کا دوسرا مصرع ( در خیالم زان زمان کان زلف و رخسار آمدست ) مطبوعہ میں ا

ہے : ع در خیالم کان زمان آن زلف و رخسار آمدست ۔

مطبوعہ کلیات میں اس غزل کے مقطع کے بعد وہ شعر ہے جو عابدی ورژن میں چھٹا شعر ہے ۔

خیال میں مطبوعہ کی ترتیب یہاں غلط ہے ۔

(۵) مطبوعہ کلیات میں (ص ۲۸۱) مقطع اور مقطع کے بعد کا شعر موجود نہیں ہے ۔

دوسرے شعر کے پہلے مصرع میں ( ع بردار ز رہ سلسلۂ تا خلق بدانند ) ' مہ ' کی جگہ مطبوعہ میں

تیسرے شعر کے پہلے مصرع میں ( ع فرزانہ تر مردم اگر زاہد و صوفیست ) مطبوعہ میں

کی جگہ ' بر ' ہے ۔

پانچویں شعر کے پہلے مصرع (ع خمار مدہ بادہ باغیار کہ خاست) مطبوعہ صورت میں اس طرح ہے:

ع خمار باغیار مدہ بادہ کہ خاست۔

چھٹے شعر کے پہلے مصرع میں (ع گشتہ بسی رند ولی آنکہ چو بیکار) مطبوعہ میں 'اند' کی جگہ 'ماند' ہے اور 'آنکہ' کی جگہ 'آنکہ'۔

(۶) تینوں شعر مطبوعہ کلیات میں نہیں ہیں۔

(۷) مطبوعہ کلیات میں یہ غزل (ص ۲۸۳) موجود ہے۔ اختلافات درج ذیل ہیں۔

ساتویں غزل کے پہلے شعر کے دوسرے مصرع میں (ع آز خمار چشم مستت عالمی آشفتہ است) مطبوعہ میں 'از' کی جگہ 'در' ہے۔

دوسرے شعر کے دوسرے مصرع میں (ع باد صبح از حال من بادی حدیثی گفتہ است) 'دی' کی جگہ 'او' ہے۔

چوتھے شعر کے دوسرے مصرع میں (ع بسکہ بر یاد دلت درہای غلتاں سفتہ است) مطبوعہ میں 'در یاد لبت' ہے جو بہتر ہے۔

پانچویں شعر کے پہلے مصرع میں (ع دل چو در محراب ابر چشم مستت دید گفت) 'ابر' مطبوعہ میں ابرو ہے جو یقیناً صحیح ہے۔

چھٹے شعر کے دوسرے مصرع میں (ع نیست حاجت کش صبا صد رہ بگیسو رفتہ است) 'بگیسو' کی جگہ مطبوعہ میں "بمژگان" ہے جو بہتر ہے۔

(۸) یہ تین شعر مطبوعہ کلیات میں نہیں پائے جاتے۔

(۹) ایک غزل اسی ردیف و قوافی کے ساتھ مقطع سمیت مطبوعہ کلیات میں (ص ۳۳۷) پائی جاتی ہے۔ ایک مطلع بھی ہے لیکن یہ تینوں شعر اس میں موجود نہیں۔

(۱۰) یہ غزل مطبوعہ (ص ۳۰۱) میں موجود ہے۔ پہلے شعر کے پہلے مصرع میں (ع دلی کہ شیفتۂ زلف دلربا باشد) مطبوعہ میں 'زلف' کی جگہ 'روی تو' (دوسرے شعر کے دوسرے مصرع میں مطبوعہ میں 'یاد شا' کی جگہ 'پادشا'؛ یہ فرق نظر انداز کیا جا سکتا ہے)

تیسرے شعر کے پہلے مصرع میں (ع بہانۂ تو رقیبیست و نیست این مسموع) 'رقیبیست'

ہے اور مطبوعہ میں بھی یہی ہے۔ 'رقیبیست' پڑھنے سے مصرع ناموزوں ہو جاتا ہے۔

چوتھے شعر کے دوسرے مصرع میں (دوست را آن وفا باشد) 'را وفا' کی جگہ مطبوعہ میں 'با وفا' ہے

چھٹے شعر کے دوسرے مصرع (ع دز نیطرت شرف روز ما... باشد) میں نصف آخر کو

کے مطابق اس طرح پڑھا جائے گا اور اس طرح وہ لفظ بھی پورا ہو جائے گا جو ڈاکٹر عابدی سے پڑھا نہ جا سکا تھا

"روزگار ما باشد"۔ مقطع میں مطبوعہ میں 'زانکہ' کی جگہ 'ازانکہ' ہے۔

(۱۱) یہ غزل مطبوعہ کلیات میں (ص ۳۰۳) موجود ہے۔ مندرجہ ذیل اختلافات کے ساتھ :

چوتھا شعر، پہلا مصرع (ع شیخنان از طرف صومعہ کاری نگشود)، لفظ شیخنان (جو ڈاکٹر

کے لیے غالباً پریشان کن تھا) مطبوعہ میں شیخان ہے۔ مزید برآں 'صومعہ' کی جگہ 'کعبہ جو' ہے۔

ایسا اختلاف ہے جو نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔

پانچویں شعر کے پہلے مصرع میں (ع در رخش ہر چہ من از معنیاں می بینم) مطبوعہ میں 'ہر'

کی جگہ 'آنچہ' ہے۔

چھٹا شعر (ع در جمال رخ ادای مہ و مہر از نگرید + ہر دو چون سایہ بسجود ش پس دیوار کنید

مطبوعہ میں 'جمال و رخ' ہے۔ واو کے اضافے کے ساتھ ؛ اور 'سجود' 'ش' کی کمی کے ساتھ۔

(۱۲) یہ غزل مطبوعہ (ص ۳۷۲) میں موجود ہے۔ اختلافات درج ذیل ہیں :

پہلے شعر کا پہلا مصرع (ع در خرابات مرا دوش بدوش آوردند) مطبوعہ میں 'در' کے بجائے 'ا

سے شروع ہوتا ہے۔ پورے شعر کے تناظر میں 'در' یوں بھی بے محل ٹھہرتا ہے۔ 'از' ہی ہونا چاہیے۔ لیکن

دونوں کتابت میں اکثر اس طرح لکھ دیے جاتے ہیں کہ ایک پر دوسرے کا دھوکا ہو سکتا ہے۔

دوسرے شعر کے پہلے مصرع میں (ع شہسواری کہ بنیاد بہمہ کون فرد) مطبوعہ میں 'نیاد' کی

جگہ 'نیاید' ہے۔ یہ ایک فرق ہے جسے نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔ لیکن آخری لفظ مخطوطہ کی قرات میں

پڑھا گیا۔ یہ مطبوعہ میں اپنی صحیح شکل میں موجود ہے یعنی 'فرود'۔

تیسرے شعر کے پہلے مصرع میں (ع دوش بر دوش فلک میزتم امروز کہ دوش) مطبوعہ میں

بجا طور پر 'فلک' کی جگہ 'ملک' ہے۔ 'دوش فلک' یہاں بے محل ہے، اسے غلط قرات کا نتیجہ قرار

دیا جا سکتا ہے۔

چوتھے شعر کے پہلے مصرع (مطربان زیر لب از پردہ اسرار بتی + تا چہ گفتند کہ نی را بخروش آوردند) میں لفظ 'بتی' ، دراصل اگلے مصرع کے 'نی' ہی کی تکرار ہے۔ اور مطبوعہ میں 'بنی' ہے (= بہ + نی) 'بتی' یہاں بالکل مہمل ہو جاتا ہے۔ یہ قرارت کی غلطی ہے۔ یہ امر کہ یہ 'نی' ہی کا سلسلہ چھڑا ہوا ہے، اگلے شعر سے مزید موثق ہو جاتی ہے۔

اگلے یعنی پانچویں شعر کے پہلے مصرع میں (ع در نی خشک دمیدند و می از آتش تر) مطبوعہ میں صحیح چھپا ہے۔ 'واو' دراصل 'دال' ہے اور 'از' واقعتہً 'ز' ہے۔ 'آتش تر' کی وجہ سے ڈاکٹر عابدی کو غلط فہمی ہوئی اور 'دمی' کو 'و + می' پڑھا۔ حالانکہ اس سے 'دمیدند' بغیر خبر مفعول کے رہ جاتا ہے۔

ساتویں شعر کے دوسرے مصرع میں (ع تماشای گل روی تو دوش آوردند) مطبوعہ میں 'گل' غالباً 'پوش' ہے۔

(۱۳) یہ قصیدہ یا مدحیہ قطعہ مطبوعہ کلیات میں نہیں ہے۔

(۱۴) (۱۵) (۱۶) یہ غزلیں بھی مطبوعہ میں نہیں ہیں۔

(۱۷) یہ غزل مطبوعہ (ص ۳۴۷) میں موجود ہے لیکن 'یگان' اور 'زمان' قوافی کے دو شعر مطبوعہ کلیات میں نہیں ہیں پہلا شعر مطبوعہ میں اس طرح ہے جو موزون بھی ہے اور بامعنی بھی:

نسیم صبح برو بوی دلستان بمن آور ؛ سلام من برسان و جواب آن بمن آور

ڈاکٹر عابدی کی قرارت ناموزون بھی ہے (پہلا مصرع) مہمل بھی (دوسرا مصرع) ۔ اور بے قافیہ بھی!

دوسرے شعر کے پہلے مصرع میں مطبوعہ میں 'نوانی' کی جگہ 'نودانی' ہے؛ تیسرے شعر میں مطبوعہ میں 'گردشیں' کی جگہ 'گردی' ہے؛ چوتھے شعر میں 'دواش اگر' کی جگہ مطبوعہ میں 'دوای گر' ہے؛ اور اسی شعر کے دوسرے مصرع میں 'ہمان چنان' کی جگہ 'ہم آنچنان'۔ یہ سب معمولی اختلافات ہیں۔ چھٹے شعر میں البتہ قوافی صاف اشارہ کرتے ہیں کہ قافیہ 'دہن' کی جگہ 'دہان' ہونا چاہیے۔ مطبوعہ میں بجا طور سے اسی طرح ہے۔ مقطع میں مطبوعہ میں 'اندنشان' کی جگہ 'از آن نشان' ہے۔

(۱۸) یہ تینوں شعر مطبوعہ میں نہیں ملتے۔

(۱۹) یہ غزل کلیات مطبوعہ میں (ص ۳۷۸) موجود ہے۔ لیکن خاصے ترمیم و اختلاف کے ساتھ دونوں جگہ پانچ پانچ شعر ہیں۔ لیکن: مطبوعہ کا مطلع بدلا ہوا ہے اور اس طرح ہے:

بہ زنجیر سر زلفت کہ من دایم در آن بندم ؛ کہ چون خود را بفتراک سر زلف تو در بندم

دوسرا شعر دونوں جگہ یکساں ہے۔ تیسرے شعر میں جزئی اختلاف ہے یعنی پہلے مصرع میں 'جانم' کی جگہ مطبوعہ میں 'جانہا' ہے اور مصرع ثانی میں 'بحق زلف دلبندت' کی جگہ 'بحق دوستی جانا' ہے؛ چوتھا شعر البتہ مطبوعہ میں بالکل مختلف ہے' جو اس طرح ہے:

بگویت چون صبا با آنکہ جانہا دادہ ام عمری ٭ بگردی از ندرت راضی بیوی از تو خرسندم

مقطع دونوں جگہ یکساں ہے۔

(۲۰) مطبوعہ کلیات میں (ص ۳۸۳) یہ غزل موجود ہے۔

پہلے شعر کے پہلے مصرع میں (ع آتش سودا اگر در دل سودائی من) مطبوعہ میں 'سودائی' کی جگہ 'شیدائی' ہے اور یہی ہونا بھی چاہیے کہ 'دل سودا' مہمل ہے۔ دل سودائی، جس کا محل ہے وزن میں نہیں آتا مگر 'دل شیدا' وہی معنی دیتا ہے۔

پانچویں شعر میں جزئی اختلاف ہے یعنی مصرع ثانی میں 'برخیزد' کی جگہ مطبوعہ میں 'میخیزد' ہے۔

(۲۱) یہ غزل مطبوعہ (ص ۴۰۰) ہے، اختلافات بالکل معمولی ہیں:-

پہلے شعر کے پہلے مصرع میں 'آنک' کی جگہ مطبوعہ میں 'آنکہ' ہے۔ تیسرے شعر کے پہلے مصرع میں 'بردوفدایت' مطبوعہ میں واو کی کمی کے ساتھ 'بردفدایت' ہے۔ اور مقطع میں دوسرے مصرع میں 'آن' کی جگہ مطبوعہ میں 'این' ہے۔

(۲۲) یہ غزل مطبوعہ میں نہیں ہے۔

(۲۳) یہ غزل مطبوعہ کلیات میں (ص ۴۲۰) موجود ہے؛ اختلافات اس طرح ہیں:-

پہلے شعر کے دوسرے مصرع میں مطبوعہ میں 'صبا' کی جگہ 'ہوا' ہے، جو بہتر بدل نہیں ہے؛ تیسرا شعر مطبوعہ کلیات میں موجود نہیں ہے؛ پانچویں شعر کے پہلے مصرع میں مطبوعہ میں 'زانک' کی جگہ 'زانکہ' ہے اور 'دراز' اور 'پیچ پیچ' کے درمیان میں ایک واو بھی ہے اور یہی صحیح بھی ہے۔ اس شعر کے دوسرے مصرع میں مطبوعہ میں 'جبینم' کی جگہ 'جبینش' ہے؛ چھٹے شعر میں جا — اور — دل کے بیچ میں مطبوعہ میں 'واو' کا اضافہ ہے جو بے محل ہے۔

(۲۴) یہ غزل بھی غیر مطبوعہ ہے۔

نثری تمہید کے ذیل میں جو شعر (سلمان بنام الخ) غیر مطبوعہ کی حیثیت سے پیش کیا گیا ہے وہ مطبوعہ

ت میں (ص ۳۸۴) موجود ہے۔

○

لہ یہ کہ غزل نمبر ۶، ۸، ۹، ۱۸ (تین تین شعر پر مشتمل)، مدحیہ قطعہ نمبر ۱۳، غزل نمبر ۱۴، ۱۵، ۱۶، ۲۲ اور ۲۴
طبوعہ رہی ہیں اور ڈاکٹر عابدی کی دریافت ہیں۔
غزل نمبر ۵ میں دو شعر نئے سامنے آئے ہیں۔ غزل نمبر ۱۷ میں بھی دو نئے اشعار کا اضافہ ہوا ہے۔
طرح غزل نمبر ۱۹ میں بھی دو شعر نئے ہیں۔ غزل نمبر ۲۳ میں ایک شعر نیا ہے۔
اس طرح سلمان ساؤجی کی ۶ مکمل غزلیں، چار (تین تین اشعار پر مشتمل) ادھوری غزلیں اور سات
ار (بقیہ غزلوں میں) نئے سامنے آئے ہیں جو امید ہے قدر کی نگاہ سے دیکھے جائیں گے۔

اعتماد کو ٹھیس لگ ہی چکی تھی۔ نسخۂ سالار جنگ کی 'غیر مطبوعہ' یافت کی یہ کیفیت پا کر
فوراً خیال آیا کہیں نسخۂ خدا بخش کے ساتھ بھی یہی بے احتیاطی نہ برتی گئی ہو۔ مقابلہ کیا تو وہی کیفیت پائی
گئی، بلکہ اس سے دو چند۔ ڈاکٹر عابدی نے سلمان ساؤجی کے نسخۂ خدا بخش سے جرنل ۱۲ میں ایسی
غزلیں شائع کرائی تھیں جو ان کے خیال میں 'غیر مطبوعہ' تھیں۔ یہ تعداد میں ۳۰ غزلیں تھیں۔ مطبوعہ کلیات
دیکھا گیا تو ۵ کو چھوڑ کر بقیہ سب کی سب طبع شدہ نسخہ میں موجود پائی گئیں۔ عام حالات میں اس طرف کبھی
خیال بھی نہ جاتا کہ جرنل کا بیسواں شمارہ شائع ہوتے وقت بارھویں کے مشتملات کو اس نظر سے
دیکھا جائے۔ اگر ڈاکٹر عابدی نسخۂ سالار جنگ سے ماخوذ 'غیر مطبوعہ' غزلیں اشاعت کے لیے نہ بھیجتے
تو یہ چھان بین کا باب ہی نہ کھلتا اور جرنل ۱۲ کی پیشکش پر بھروسا کر کے لوگ ان غزلوں کو غیر مطبوعہ
ہی سمجھ لیتے۔ اس کے لیے ڈاکٹر عابدی کا شکریہ ادا کرنا بھی ہم پر واجب ہے کہ انھوں نے اس طور سے
اس 'یافت' کی دریافت میں مدد دی:

نسخۂ خدا بخش سے منقول 'غیر مطبوعہ' غزلوں (جرنل ۱۲) کا معاملہ اس طور پر ہے:

(۱) پیرما تدبیرما: یہ غزل مطبوعہ کلیات میں (۲۵۵) موجود ہے۔

ع رہ نخوا باشمت و درد سالخوردہ پیرما

— عابدی قرأت میں یوں ہے: "رہ نخوا باشمت، در سالِ خوردہ پیرما"

ع ما کہ از دور ازل مستیم و عاشق تاکنوں — عابدی قرات: 'تسلیم' جو غلط ہے۔

ع من غلام ہندوان سرو آزادم کہ او — عابدی قرات: 'ہندوی آن' جو صحیح ہے۔

ع ای کہ میگوئی مشو دیوانہ غافل مشو — عابدی قرات: آی کہ میگوئی مشو دیوانہ ای

(۲) گل آب ۔ گلاب (مطبوعہ ص ۲۶۰) اختلافات:

ع خاک درت شربتیست صافی و عالم شراب — عابدی قرات: مشربیست جو غلط ہے۔

(۳) شباب ۔ خراب (مطبوعہ ص ۲۶۰):

ع بشنود بوی بہار از پیش بردار نقاب — عابدی قرات: برآرد۔

ع کو چو چشمت برنمی دارد سر از مستی و خواب — عابدی قرات: 'گو' جو غلط ہے۔

ع مدعی منعم کن در عاشقی زیرا کہ ہست — عابدی " : نیست "

عقل را با پیچ و تاب زلف خوبان پیچ و تاب — عابدی 'پیچ تاب' غلط ہے۔

ع ای بہار عالم جان گل برون آمد نخواہد — عابدی : آمد

ع نسخۂ حسن رخت را عرضہ کن از جویبار — عابدی : عرض

ع سایۂ لطف الہی دیدۂ سلمان کہ ہست — عابدی : دوندی (کذا)

(۴) خوشتر ست ۔ دیگر ست ، (مطبوعہ ص ۲۷۳)

ع بادشاہ ما بنام ایزد، ہمایون اختر است — عابدی : نیامیزد

ع چون صباحش بر نفس نور و صفای دیگر ست — عابدی : چو ..... در خور ست

(۵)(۶)(۷)(۸) یہ چاروں غزلیں مطبوعہ نہیں ہیں۔

(۹) میگردد ۔ یہ غزل مطبوعہ کلیات میں موجود ہے (ص ۳۰۳)

ع روی پنہاں کن از من کہ مہرویان را } پہلے مصرع میں ۔ عابدی: پری رویان، جو مہرویان فرو

کار حسن از نظر اہل نظر میگردد } دوسرے مصرع میں ۔ کار حسن نظر از اہل نظر میگردد

تا کجا ... دریوزہ کند + ... ہمدرد میگر — عابدی : دریوزہ کند صحیح ہے۔ موزنہ قطعاً مہمل ہے۔

(۱۰) تیغ از ... جلاب و شکر میگردد — عابدی : حلاب جو غلط ہے

(۱۱) خواند ۔ داند (مطبوعہ ص ۳۳۸)

پہلے شعر میں سیاہی، تہ سپیدی میں 'ز' کی جگہ مطبوعہ میں 'و' ہے؛ تیسرے شعر میں 'آریخ' کی جگہ
'آنچہ'۔ پانچویں شعر میں 'نشناند' کی جگہ 'بنشاند' ہے۔ مقطع سے قبل شعر کے پہلے مصرع میں 'شیریں گوید' کی
جگہ 'گوید شیریں' ہے جو مناسب ہے۔ مقطع میں 'چنیں' کی جگہ 'جبیں' ہے اور 'بدین' دال سے۔

(۱۲) یہ غزل مطبوعہ نہیں ہے۔

سحرم۔ خبرم۔ یہ غزل ص۳۸۳ پر طبع شدہ موجود ہے: اس معمولی اختلاف کے ساتھ کہ پہلے
شعر میں 'کو' کی جگہ 'کر' ہے؛ اور چوتھے شعر میں 'ہوای کزدم' میں 'ہوای' کی جگہ 'نوای' ہے جو مناسب ہے۔

(۱۳) رفتم۔ یہ غزل مطبوعہ دیوان میں (ص۳۶۳) موجود ہے۔

(۱۴) دلم۔ مقابلم: یہ غزل مطبوعہ دیوان میں (ص۳۸۱) موجود ہے۔ جس سے بعض غلط قراءتوں
کی تصحیح ہو جاتی ہے۔ یعنی: تیسرے شعر میں 'بردہ' کی جگہ 'بودہ' ہے، جو بہتر ہے؛ چھٹے شعر میں
'بگسلم' کی جگہ 'نگسلم' ہے، جو ایک غلط قراءت کی تصحیح کرتا ہے؛ ساتویں شعر میں خاصا اختلاف ہے۔

(۱۵) ندہم: (مطبوعہ ص ۳۸۱) دوسرے شعر میں 'پرست' کی جگہ دونوں مصرعوں میں 'بدست'
ہے، جو مہمل کو با معنی کر دیتا ہے۔ چوتھے شعر میں 'بخدا مانده بر' کی جگہ "بخدا تا ندہد" ہے جو صحیح ہے۔
چھٹے شعر میں مار کی جگہ بار ہے (اور سمن کی جگہ سخن جو صحیح نہیں) اور 'بادگل' کی جگہ 'بارگل'۔ آخری
شعر میں کیست (عہدی) کی جگہ بست ہے۔

— دندان ندہم: یہ شعر غیر مطبوعہ ہے۔

(۱۶) ظالم: یہ غزل (ص۳۸۰) مطبوعہ ہے: اختلاف معمولی ہے۔ پہلے شعر کے دوسرے مصرع میں: نی نیم = کی جگہ
نی تم اور آٹھویں شعر کے دوسرے مصرع میں جلالم کی جگہ = ملالم) ہے۔

(۱۷) بتستن۔ بشکستن: (مطبوعہ ص ۳۸۳) چند اختلافات: چوتھا شعر: شاہداں (= زاہداں)؛
چھٹے شعر میں 'روزی' پر ڈاکٹر عابدی کو شبہ تھا۔ مطبوعہ میں روزی ہی ہے اور ٹھیک ہی ہے۔ مقطع میں
'دالی' قطعاً غلط ہے۔ مطبوعہ میں بجا طور سے 'جدائی' ہے۔

(۱۸) نتواں: (مطبوعہ ص ۳۹۴)۔ مقطع سے قبل کے شعر میں قدرے اختلاف ہے یعنی "گر باین
حسن صفا" کی جگہ پہلے مصرع میں "گر باین حسن صفا" ہے اور مصرع ثانی میں 'چنین' کی جگہ 'چناں' ہے۔

(۱۹) گزیدن۔ کشیدن (مطبوعہ ص۳۸۳) چوتھے شعر میں 'نبرد' کی جگہ مطبوعہ میں 'نپرسد' ہے۔

(۲۰) زمود من - مقصود من : یہ غزل غیر مطبوعہ ہے۔

(۲۱) میباید شدن : یہ غزل غیر مطبوعہ ہے۔

(۲۲) جانان داشتن - زندان داشتن : یہ غزل غیر مطبوعہ ہے۔

(۲۳) آرزوی من - دست خوی من : یہ غزل غیر مطبوعہ ہے۔

(۲۴) من - ختن (مطبوعہ ص ۳۹۳)

(۲۵) بر من از غم تو - بر تن از غم تو (مطبوعہ ص ۳۹۵)

(۲۶) سوئی - روئی (مطبوعہ ص ۴۱۴) : چھٹا شعر مطبوعہ میں ناقص ہے۔ عابدی والے متن میں پورا ہے۔ آخر سے پہلے شعر میں دونوں مصرعوں میں ہر دو جگہ 'کوی' کی جگہ 'گوی' ہے۔

(۲۷) بخواری - بزاری : (مطبوعہ ص ۴۱۳) : تیسرے شعر میں 'نگویم' کی جگہ جو مہمل تھا، مطبوعہ میں 'بگویم' ہے۔ مقطع سے قبل کے شعر میں مطبوعہ میں 'نگذاری' کی جگہ 'نگذاری' ہے۔ اسی طرح مقطع میں بھی 'لب پاری' کی جگہ 'نسپاری' ہے۔ مقطع میں مصرع اولی میں 'آنرا' کی جگہ 'جانرا' ہے۔

(۲۸) بینی : (مطبوعہ ۴۱۴) : پہلے شعر میں 'قدرت' کی جگہ 'رویت' ہے۔ تیسرے شعر میں 'جانان' کی جگہ 'جانا' ہے (یہ اختلاف اور جگہوں پر بھی نظر آیا) چوتھے شعر میں 'روی ہویت' کی جگہ 'زلف ورویت' ہے۔

(۲۹) مشوی - بجوی (مطبوعہ ص ۳۹۷) یہ غزل مطبوعہ میں واو کی ردیف میں ہے۔ دوسرے شعر میں 'سرگشت' کی جگہ 'دلکشت' ہے۔ چھٹے شعر میں 'روی بگوید' مطبوعہ میں 'روشن بگوید' ہے۔

— 'شمع الخ' والا شعر غیر مطبوعہ ہے۔

(۳۰) بر میکند - دیگر میکند : (مطبوعہ ص $\frac{۲۹۷}{۲۹۸}$): مطبوعہ میں تیسرے شعر میں '[عشق می]' کی جگہ 'جان ہمی' ہے۔ مقطع سے قبل کے شعر میں 'دوبہا[ی]' کی جگہ 'درایتہا' ہے۔ مندرجہ ذیل تین شعر الحاقی ہیں۔ 'ہر زمان الخ'، 'با کمال الخ' اور 'شرح سودای الخ'۔

---

۳۰ غزلیں جو ڈاکٹر عابدی نے جرنل ۱۲ میں نسخۂ خدا بخش سے نقل کی ہیں ان میں پانچ (کردہ، آوردہ، باید بود، گرید) غیر مطبوعہ ہیں بقیہ ۲۵ غزلیں سب کی سب (سوائے اس کے کہ 'ندیم' والی غزل میں 'دندان خدم' والا شعر اور مشوی (= مشو) والی غزل میں 'شمع' سے شروع ہونے والا شعر غیر مطبوعہ ہیں) مطبوعہ ہیں۔

وسیم احمد اعظمی
ہی یونٹ، خدابخش لائبریری پٹنہ

## خدابخش لائبریری میں
# قسطا بن لوقا البعلبکی کے مخطوطات

قسطا بن لوقا البعلبکی (۸۲۰ – ۹۱۲ء)[1] کا شمار اپنے عہد کے مشہور فلسفی، طبیب اور مترجم
ا میں ہوتا ہے۔ یونانی، سریانی اور عربی لسانیات کے زبردست عالم کی حیثیت سے بھی اس کا مقام بہت بلند ہے۔
لف علوم و فنون پر اس کی تصنیفات کی تعداد باسٹھ[۶۲] تک پہنچتی ہے[2]۔ اس عظیم دانشور کے بہت سے مخطوطات
ہندستان کی مختلف لائبریریوں میں محفوظ ہیں۔ ان میں خدابخش لائبریری پٹنہ، رضا لائبریری رام پور اور آصفیہ
یدرآباد شامل ہیں۔

خدابخش لائبریری میں قسطا کی تصانیف و تراجم کے چھ مخطوطات ملتے ہیں جن میں دو کا تعلق فنِ
ب سے ہے اور بقیہ چار کا علم ہیئت سے۔ رضا لائبریری رامپور میں پانچ مخطوطات کی نشاندہی کی گئی ہے،
ن میں ایک فنِ طب سے متعلق ہے اور بقیہ چار وہی ہیں جن کے دوسرے نسخے خدابخش لائبریری میں محفوظ ہیں البتہ
ں قدر فرق ضرور ہے کہ خدابخش لائبریری کی مطبوعہ فہرست مخطوطات' مفتاح الکنوز' ج ۲ میں ان کو بجا طور سے
لم ہیئت کے ضمن میں درج کیا گیا ہے (رامپور کے مطبوعہ کیٹلاگ ج ۵ میں علم ہندسہ کے ذیل میں)۔ آصفیہ حیدرآباد
یں جس ایک طبی مخطوط "کتاب فی تدبیر بدن فی سفر الحج"[3] کی نشاندہی کی گئی ہے وہی مخطوط رضا لائبریری
امپور میں بھی ہے۔ خدابخش لائبریری کے دونوں طبی مخطوطے ان سے مختلف ہیں ——— خدابخش لائبریری کے
لطوطات کا اجمالی تعارف درج ذیل ہے:

**کتاب الاکر:**۔ (ہینڈ لسٹ نمبر ۳۵۱۱) علم ہیئت سے متعلق یہ مخطوط ۵۰ صفحات پر مشتمل ہے۔

---

۱۔ المنجد ۲۔ عیون الانباء فی طبقات الاطباء لابن ابی اصیبعۃ الجزء الاول ص ۲۴۵

۳۔ مطبوعہ فہرست آصفیہ ص ۸۲، ج ۲ میں اس کی تفصیل یوں درج ہے: "رسالہ مختصر بزبان عربی برای ابو محمد حسن بن مخلد تصنیف کردہ دران طریق حفظ صحت و علاج امراض کہ انسان را در سفر عارض شود و طبیب موجود نباشد بیان کردہ" مزید تحریر ہے: — "ابن طاؤس متوفی ۶۵۸۹ در کتاب خود کہ مسمیٰ است بہ "الاصان من اخطار الاسفار والازمان" لفظ بلفظ در باب ثالث عشر کتاب مذکور نقل نمودہ، چنانچہ در خاتمہ ہمیں رسالہ مذکور است"

اس کا اصل مصنف تھاؤ ذوسیوس الیونانی[1] ہے۔ اس کے عربی ترجمے کے فرائض دو مترجموں نے انجام دیئے ہیں۔ مخطوطہ میں ہے کہ اس کے ترجمے کی ذمہ داری ابوالعباس احمد بن المعتصم متوفی ۸۶۶ء نے قسطا بن لوقا کو سونپی تھی[2]۔ تعمیل حکم میں قسطا بن لوقا نے تیسرے مقالے کی پانچویں شکل تک کے تراجم کیے۔ اس کے بعد کا ترجمہ کسی اور نے کیا ہے (نام کی نشاندہی مخطوطہ میں نہیں کی گئی ہے) ترجمے کی اصلاح کے فرائض مشہور حرانی مترجم ثابت بن قرہ (۸۳۶ – ۹۰۱) نے انجام دیئے ہیں۔

علم ہیئت سے متعلق یہ بیش قیمت مخطوطہ تین مقالات پر مشتمل ہے۔ پہلے مقالے میں ۲۲، دوسرے میں ۲۳ اور تیسرے میں ۱۴ شکلیں ہیں۔ شکلیں نہایت واضح لعد صاف ہیں۔ امتداد زمانہ کا ان پر زیادہ اثر نہیں ہوا ہے۔ مخطوطہ خط نستعلیق میں ہے۔ کاتب کا نام اور سنہ کتابت تحریر نہیں ہے۔ تقریباً دسویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے۔

**کتاب المساکن** :۔ (ہینڈ لسٹ نمبر ۳۵۱۵) علم ہیئت سے متعلق یہ مخطوطہ ۱۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ اصل مصنف تھاؤ ذوسیوس یونانی ہے جس کا عربی ترجمہ قسطا بن لوقا نے کیا ہے۔

مخطوطہ میں مختلف خطوں اور علاقوں میں سکونت پذیر لوگوں کے مسکن کا جائزہ لیا گیا ہے اور علم ہیئت کے مبادیات کو مد نظر رکھتے ہوئے ان کے اثرات پر گفتگو کی گئی ہے ــــ مخطوطہ کے مطابق یہ ۱۲ شکلوں پر مشتمل ہے شکلوں کی تشکیل و تفہیم کے مباحث تو ملتے ہیں لیکن ان کے بنانے کی جگہ خالی ہے۔ حواشی میں توضیحات بھی درج ہیں مخطوطہ خط نستعلیق میں ہے۔ کاتب کا نام اور سنہ کتابت تحریر نہیں ہے۔ تقریباً دسویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے۔

**کتاب فی المطالع** :۔ (ہینڈ لسٹ نمبر ۳۵۱۷) علم ہیئت سے متعلق یہ مخطوطہ ۴ صفحات پر مشتمل ہے۔ اصل مصنف البسقلاوس[3] ہے۔ جس کا عربی ترجمہ قسطا بن لوقا نے کیا ہے اور لسانی تصحیح مشہور مترجم ابو یوسف یعقوب الکندی (متوفی ۸۷۳ء) نے کی ہے۔

مخطوطہ تین مقدموں، ایک صدر اور ۱۵ شکلوں پر مشتمل ہے۔ خط نستعلیق ہے۔ کاتب کا نام

---

۱۔ مشہور مہندس اور ریاضی داں جسے اقلیدس سے زیادہ مرتبہ دیا جاتا ہے۔
۲۔ مطبوعہ فہرست مجمل مفتاح الکنوز میں اس کا مترجم ابوالعباس احمد بن المعتصم کو قرار دیا گیا ہے جو غلط ہے۔
۳۔ یونانی ریاضی داں جو اقلیدس کے بعد گزرا ہے۔

[و] سنہ کتابت تحریر نہیں ہے ۔تقریباً دسویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے ۔

کتاب فی جرمی النیرین :۔ (ہینڈلسٹ نمبر ۲۰۲۵۳) علم ہئیت سے متعلق یہ مخطوط ۱۹
[صفح]ات پر مشتمل ہے ۔اصل مصنف ارسطرخس ہے جس کا عربی ترجمہ قسطا ابن لوقا نے کیا ہے ۔مگر مخطوط میں کہیں بھی
[ا]یسے اشارات نہیں ملتے جن سے اندازہ ہو سکے کہ اس کا مترجم قسطا ابن لوقا ہی ہے ۔ اسی مخطوط کا ایک اور نسخہ جو رضا
[لائ]بریری رامپور میں محفوظ ہے ،اس کو بھی قسطا ابن لوقا ہی سے منسوب کیا گیا ہے (ارسطرخس اسکندریہ کا مشہور ماہر فلکیات تھا)
مخطوط میں اجرام سماویہ زیر بحث ہیں ۔ تحریر ہے کہ چاند اپنی ضیا کے لئے سورج کا محتاج ہے ۔ مخطوط
کے آغاز میں ۷ شکلوں کی نشاندہی کی گئی ہے لیکن اس میں صرف ۵ شکلیں ہی ملتی ہیں اور ایک کی جگہ خالی ہے ۔
مخطوط خط نستعلیق میں ہے ۔ کاتب کا نام اور سنہ کتابت تحریر نہیں ہے ۔ تقریباً دسویں صدی ہجری
کا معلوم ہوتا ہے ۔

کتاب فی حفظ الصحۃ وازالۃ المرض :۔(ہینڈلسٹ نمبر ۲۱۵۲) فن طب سے متعلق یہ
[م]خطوط ۲۸ صفحات پر مشتمل ہے اور فی الحال ، فصول اور ناقص الآخر حالت میں ہے ۔اس میں فن کے مبادیات
کو مد نظر رکھتے ہوئے معالجہ سے متعلق اطبا ء کی ذمہ داری اور حاضر دماغی ، متقدمین اطبا ، جالینوس ، بقراط اور
ابن سینا کے نظریات ، نوعیت مرض اور مریض کے مزاج نیز ادویہ کے استعمال کے اوقات وغیرہ مباحث
پر پُر مغز گفتگو کی گئی ہے ۔
مخطوط مذکورہ کو قسطا بن لوقا کی تصنیف قرار دیتے ہوئے خدا بخش لائبریری کیٹلاگ[۱۸] ج ۴
میں مخطوط کی بابت مندرجہ ذیل عبارت کی نشاندہی کی گئی ہے :-

"کتاب فی حفظ الصحۃ وازالۃ المرض ، لقسطا بن لوقا"

کیٹلاگ کے مطابق اس کے علاوہ اور کوئی دوسرا ذریعہ نہیں ہے جس سے یہ ثابت ہو سکے کہ یہ قسطا
[اب]ن لوقا کی ہی تصنیف ہے ، کیونکہ اس طرح کا کوئی دوسرا نسخہ اب تک دریافت نہیں ہو سکا ہے ۔
میں نے مخطوط کا بالاستیعاب مطالعہ کیا ، لیکن مذکورہ بالا عبارت مجھے کہیں بھی نہیں ملی ۔ نہ ہی
یہ معلوم ہو سکا کہ کتاب کا اصل نام "کتاب فی حفظ الصحۃ وازالۃ المرض" ہے ۔ ممکن ہے کیٹلاگ
[مر]تب کی ترتیب کے وقت یہ عبارت مخطوط میں کہیں واضح رہی ہو یا کوئی اضافی ورق اس طرف نشاندہی کرتا رہا ہو ۔
لیکن فی الحال اس طرح کی کوئی عبارت یا تحریر اصل مخطوط یا کسی اضافی ورق میں نہیں ملتی ، اس لئے قسطا بن لوقا

کی طرف یقینی طور پر اس کا انتساب میرے خیال میں مبادیات تحقیق کے خلاف ہوگا۔ مزید اس کتاب کا ذکر تذکروں میں نہیں ملتا مخطوط عربی خط نسخ میں ہے۔ کاتب کا نام اور سنہ کتابت تحریر نہیں ہے۔ تقریباً سترہویں صدی عیسوی کا معلوم ہوتا ہے۔

**کتاب فی الوبا و اسبابہ:** ـ (ہینڈ لسٹ نمبر ۲۱۵۳) فن طب سے متعلق یہ مخطوط ۲۸ صفحات پر مشتمل ہے۔ مخطوط کی عبارت کے مطابق اس کو قسطا بن لوقا نے خوارزم شاہ ابو العباس مامون بن مامون کے حکم سے تصنیف کیا تھا۔ اس میں متعدی امراض، ان کے اسباب اور تحفظی تدابیر کا بیان ہے۔ بعض مباحث میں اطبائے قدیم کے اقوال و نظریات سے بھی گفتگو کی گئی ہے۔ مباحث کی تفصیل درج ذیل ہے:

الجملة الاولی فی حاجة الانسان الی الهوا ولزوم الهوا ابدا و مقدار تاثیرة فیه[1]

الجملة الثانیة فی اختلاف الاهویة و انواع التغایر التی تعرض له[2] و اصناف الهوا الوبی والمضر لبدن الانسان[3] و انحاء مضارة[4] و اسباب هذه الاشیاء

الجملة الثالثة فی معرفة کل واحد من هذه الانحا و تمییز بعضها من بعض و تحصیل العلامات الدالة علی واحد واحد منها۔

الجملة الرابعة فی تدبیر جمیع اصناف الوبا علی الاطلاق و کل واحد منها خصوصا و تلاحق اندازة و تدبیر الابدان الصحیحة حتی لا تقع فیه و معالجة قد وقع فیه۔

اس مخطوط کو خط نسخ میں الحسن بن علی الطبیب کے ربیع الاول ۹۴۷ھ کے کتابت کردہ ایک نسخے سے محمد محمد الشربینی المطبب نے ۱۳ شعبان ۱۰۵۳ھ میں نقل کیا ہے۔ مخطوط کے آخر میں ابن ابی اصیبعہ کے الفاظ میں قسطا بن لوقا کی نامکمل سوانح حیات تحریر ہے۔

---

۱۔ تفصیل بحث میں " لہا " تحریر ہے۔ ۲۔ تفصیل بحث میں " بالبدن الانسانی " تحریر ہے۔ کیٹلاگ میں " بالبدن الانسان " بغیر " یا " تحریر ہے۔ ۳۔ تفصیل بحث میں " مایضرہ " تحریر ہے۔ ۴۔ کیٹلاگ ج ۳ میں " یقع " " بالیا " تحریر ہے۔ حالانکہ مخطوط میں اجمالی اور تفصیلی دونوں بحثوں میں " بالنسا " تحریر ہے۔

یس نعمانی (لکھنؤ)

# محسن کتابوں وغیرہ کے بارے میں

جرنل ۱۹ پیش نظر ہے:

ص ۷۶ : شاہ رفیع الدین کی ایک کتاب کا نام "تکمیل الاذھان" چھپا ہے، عمران خان صاحب کی کتاب
ں بھی اسی طرح ہے اور غالباً یہ غلطی وہیں سے چلی ہے۔ شاہ رفیع الدین کی کتاب کا صحیح نام غالباً "تشحیذ الاذھان"
ہے۔ تکمیل الایمان شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی کتاب کا نام ہے۔ عبیداللہ سندھی صاحب نے یہ مضمون اپنے
کسی شاگرد کو املا کرایا ہوگا اور اس شاگرد کو التباس ہوا جس کو عمران خان صاحب نے مارک کئے بغیر شائع کر دیا۔
مندرجہ ذیل کتابوں کے نام محمد عمران خاں کے یہاں صحیح چھپے تھے، جرنل میں غلط چھپے ہیں :-

ص ۷۷ : سیوطی کی کتاب کا نام : المظھر کے بجائے "المزھر"؛ صدری غلط، صدرا صحیح (ص ۷۹
پر بھی اسی طرح)؛ شرح موافق غلط، شرح مواقف صحیح؛ تفسیر جامی غلط، صحیح نام تفسیر معانی ہے۔

اس پیاس اور اس بیداری کا جیسا اظہار دبستانِ مذاہب کی شکل میں ہوا، اس سے بہتر ممکن نہ تھا لیکن یہ ایک معروضی مطالعہ تھا۔ اس میں وہ اپنے ذاتی افکار و عقاید کو منعکس نہیں کر سکتا تھا ورنہ معروضیت کا توازن کھو بیٹھتا۔ اس کے لیے اظہار کا راستہ اُس نے فنِ شعر میں تلاش کیا اور دیوان کی صورت میں وہ سترھویں صدی میں دانشوری کی ایک اہم دستاویز محفوظ کر گیا! اس دانشوری کے پرت مطالعہ کے بعد آپ پر خود ہی کھلتے چلے جائیں گے، میں چند اشاروں پر اکتفا کرتا ہوں:

دانشوری اور ابلہی کے مختلف جہات پر کسی ایک شاعر نے بھی ہیچ کے اور پلٹ پلٹ کے اتنا اور ایسا کچھ ابھی تک نہیں لکھا جتنا اور جیسا موبد لکھ گیا۔ چند شعروں سے اندازہ کیجیے:

زیرکی اندوہ را و عاقلی ایذا بود — ابلہی دنیا فزا و ابلہان جنت فزا

ابلہی دارد صبوح راتن آسان در وطن — بوعلی از دانش خود میگریزد جا بجا

پای فرعون است بر تخت تن آسانی بخواب — باید بیضا شناسی میکند موسای ما

من گنگ خواب دیده و عالم تمام کر — بی بہرہ من ز گفتن و قوم از شنیدن اند

موبد زبان دراز مکن زانکہ ابلہان — از گفتہای خود ہمہ در لب گزیدن اند

ہندستان کے عہد ما بعد کے عظیم ترین دانشور شاعروں کی پیشرو آواز جس صفائی سے دیوانِ موبد میں سنائی دیتی ہے دوسری کسی جگہ مشکل سے ملے گی۔ اس سلسلے میں پہلے موبد کا ایک قطعہ ملاحظہ ہو پھر چند

جمعی از پروانگان گفتند با پروانۂ — رو برای ما خبر آر از چراغ خانۂ

زین سخن پروانۂ بیرون شد و ہم باز گشت — گفت دیدم گشتہ روشن شمع در کاشانۂ

زان میان پروانۂ خندید و گفت ای بیخبر — یا نۂ پروانۂ یا گفتی در دروغ افسانۂ

از گدائی و شہی فرقی جز این ظاہر نشد — سنگ شہ را بر سر و درویش را زیر سر است

این کعبہ و تبخانہ دو جلوۂ یک ذات است — این جا حجر الاسود آنجای جگنات است

موبد ما آن کز اوّل خسرو آزادہ ہاست — تا کہ ترک مذہب و ملت نکرد اصلا نرست

## تین

رستگان رانکر دین ومذہب وارشاد نیست — آنکہ او در بند آزاد نیست ہم آزاد نیست

جز وجود گو ہر عرفان درین فانی سرا — آدمی را بہر غیر از خورد و مرد و زاد نیست

دوزخ و رنج وعذاب قبر بدخوئی بود — خلق نیکو بود خواہد حور و غلمان شما

زراست وعدہ گوید دیدار دوست زاہد — موبد ترا خدا داد امروز چشم فردا

از مسلمانی وطاعت میگریزم زاہدان — تا نگردد از وجودم تنگ جنت بر شما

برای خویش خواہد ہر کسی کس — ز بہر کس نخواہد کس کسی را

چون کشور خوبی ہمہ را محبوب ست — ہر راہ بسوی خانۂ مطلوب ست

پوبندۂ ہیچ کیش گمرہ نبود — از ہر رہ و ہر کو کہ در آیی خویست

واقف ز دین احمد امی فقیہ نیست — انعامان مجوی رہ انبیا نہ را

از سجدہ و قدسیان ہمگی آدمی شدند — باشد خدای آدم و ہم آدمی خدا

بگذشت ثلث عمر اطاعت ولی چہ سود — چون زین دوگانہ روی نپویم یگانہ را

غسل و تیمم تو نمازی نمی شود — باحرص ز آب زمزم و از خاک کربلا

وقت نماز مرتبۂ آدمی بود — دریاب وقت را کہ مبادا شود قضا

پا بر فراز عرش نہ و دست زن بدوست — بگذار کفش جسم نشیب آشیانہ را

نی مسلمانم نہ مومن زین سبب روز جزا — حشر من جز با خدا با دیگری نبود روا

بہشت چیست جز ادراک مطلب موبد — صراط دقت معنی کہ در کلام منست

موبد کے بارے میں اشعار میر کی طرح میں یہ تو نہیں کہتا کہ پستش بغایت پست و بلندش بغایت بلند
ن جا بجا وہ اچھا خاصا فضول گو نظر آتا ہے، اور کبھی کبھی تو شبہ ہوتا ہے کہ یہ شخص محض اپنے چھلکتے
ے جام علم کی نمائش کر رہا ہے۔ اس کے باوجود جہاں جہاں وہ سنجیدہ ہے اور راست اظہار پر
ا گیا ہے، اپنے معاصروں سے بڑھ گیا ہے۔ کس کا جگرا ہے کہ ہندستانی دانشوروں کے ارتقا کی
ازل کی مختصر ترین تاریخ میں بھی ان اشعار میں سموئی ہوئی کنواری فکر کو نظر انداز کر سکے! ●●

O

**اہلِ نظر فارسی دانوں کی خدمت میں :** غلط نویس کم سواد کاتب کے ہاتھوں ریش ریش اور داغ داغ اس مشکل پسند لیکن بڑے شاعر کے دیوان کے اس تنہا خطی نسخہ کے متن کی اشاعت صحیح قرأت کے ساتھ منظور ہے۔ یہ تنقیدی متن تیار کرنے کے لیے تمہیدی مرحلے کے طور پر اس عکسی اشاعت کے ساتھ ساتھ ایک پروف نسخہ بھی الگ سے چھاپ لیا گیا ہے، جو اہلِ نظر کے آخری مشوروں کے بعد اشاعت پذیر ہوگا۔ عکسی اشاعت تو اس جرنل میں شامل ہے۔ یہ تمہیدی (پروف) نسخہ تحفۃً ہند و پاک کے تمام اہلِ نظر فارسی دانوں کی خدمت میں ان کی فرمائش پر بھیجا جا سکتا ہے جو اس کام میں شرکت کرنا پسند کریں گے اور جن کی فرمائش لائبریری کو موصول ہوگی۔ پھر انھیں یہ زحمت کرنی ہوگی کہ پروف کاپی اور اس اصل (عکسی اشاعت) کو سامنے رکھ کے پروف کاپی کے حاشیہ پر اپنی تصحیحات اندراج کرتے جائیں۔ ان کی تصحیحات موصول ہونے پر ان کے نام اور شکریہ کے ساتھ تنقیدی متن میں درج کی جائیں گی۔ اس طور پر یہ دیوان جس کا تمہیدی نقش تیار کر دیا گیا ہے، ایک مشترکہ پنچایتی کام ہوگا، اپنی نوعیت کا پہلا کام، ——— جو آپ اندازہ کر سکیں گے کہ اس دیوان کے باب میں ضروری تھا!

پروف کاپی کی 'تصحیحِ اغلاط' کے سلسلہ میں یہ امر ملحوظ رکھنا ضروری ہے کہ 'نقطوں شوشوں کی طباعتی اغلاط' ایسی جو قاری خود ہی بآسانی درست کر سکے، ان کی طرف توجہ دلانا ضروری نہیں ہے۔ تصحیح ان واقعی اغلاط کی کرنی ہے جو غلط کتابت یا غلط قرأت کے نتیجہ میں پروف کاپی میں راہ پا گئی ہیں۔ تصحیح کا کام جاری ہے اور اس میں اہلِ نظر کی شرکت کی توقع بھی جاری ہے۔

اہلِ نظر کے مشوروں کا ہمیں نومبر تک انتظار رہے گا۔ دیوان کا یہ تنقیدی متن ان مشوروں کی روشنی میں دسمبر ۱۹۸۲ء میں شائع کر دیا جائے گا۔

●●

# دیوان موبد

(نسخۂ خطی)

مخزونۂ

خدابخش لائبریری، پٹنہ

نفس کاوسی بکام خویش کردن آسمان
کر عقاب همت مرغ قفس باشد ترا
در راه کرت کعبه و دیر است چه پروائی
خود مسلک رندانه نیست جز این راه رهنما

بجز رستم نگردد تاج و تخت خسروانی را | که تنها نیست خواهی زود باشد کوز خانی را
بنفس خویشتن باکاه آسیاب آسیا بودم | کنار شعوه یابی دستگیر یاران نانی را
مکر عرفان پرستی بیوفائی های دنیا را | بیابان جان سپاری ساز شهریاران جانی را
بسی جادو و آئین دیو سپید روزی آید | شبستان می کند کاوس چشمان کیانی را
ازین دیو سپید جهل پیری گشته ویرانم | درین مازندران عمر کاوس جوانی را
ازین دیو سپید ریش شیخ مکر می سوزم | مرا زاولاد رستم خسرو مازندرانی را
برون از خانه تن مرگ خواهد کرد جانا | جزین معنی سپید ایم نامیری و خانی را
جوانی میرود آزرده غم شد زان قد پیرم | تو رضع سیکم شاید که گردانم جوانی را
خمیدن از سبب آنست که عمر بیهوده | زدوش فکند خواهد بیرا زندگانی را
بجوب از خویشتن میزند گرند زندگی | عصا منبود برای تکیه در نفس فانی را

زشیخ العقلا محمدی خلق وسو | بیشک ملک الملوک اقلیم د ق

از حاسه بنر طرازا و املا یو ر | یونان هنر شد است و مصر حکما
تا بر دیت امتحان شد سکان نظام | پهلوانی زامره از شکست دنها

جانشه دارائی بالای والای ترا | چرخ اطلس کمر باد از خیاط قضا
فی مسلمانم نه من زین سبب رو جزا | حشر من جز با خدا با دیگری نبود روا
بهر حق مانده ام چو کفر و دین خریدارم نبود | کس ز خاوندش نگیرد شد چو کالا نام را
از مسلمانی و طاعت میگریزم زاهدا | تا نکرد از وجودم ننگ جنت بر شما
آتش دوزخ شود خوش فرق من برهند جنوف | شد کتا هم رستگاری بخشش جیل اشقیا
بیش آه گرم من دریوزه دوزخ زکال | نیز دمس گرمی چه باشد دوزخ افسرده را
هر زمان پرسی ز موبد کیست بیچون و چرا
گفت بیچون و چرا او راست از چون و چرا
منطق آمد عالمم ذهن از خطا | شد خطا موجود دیدن جز خدا
پنج قسم آمد نظم او را نیز دی | کلیات خمس این شد مو بدا

[illegible]

زرد شاه از غم زابل دو جام زهر کیست　　　می چشم است پان دیده مهر نیل الماس نیست
زاغان و ذات تیر پاکست و کو کنار آبادان　　　گفت سیبی درخت بجز کست لیکن بر و سر
بگوشم قلقل مینای جمرانی حدیث آمد　　　خطا یاقوت مس بنده می چه باده نابست
بروز رزم در ایران و زبانی است دوش تو　　　بتوران در رست خوان سر و هو مان بگهر است
غبار خاک ادم راه سوی اعجاز علی آرد　　　مکو از آتش زاد دشت حمی جون معالم است

لب سبزان هندی راز می اب بهشت مو بد
سیه چشمان کابل را مل کارنگ سر خاست

انعام طلب باقی بجی از شده است　　　یا مسجد بساز بوم و برلم نشده است
بی یاد خدا بهر عیش و شغل خلق　　　هو بد حسمه مسجد تلنگانه شده است

از کینه یزید پر ندامت خاست است　　　حق حسین نیست عدل زشت یا لعنت
در شام از یزید پشیمان ندامت انجوان　　　کور یزید و نقش ندید است مروت

منجنیق آسمان به سنگ های خبر است　　　تا رک دارا نشان یا افسر اسکندر است

آتش آشوب مینو سر مو دیا باد و هوا　　　شد بکند رخاک جسم و کید تن خاکستر است
ن چه نوامش شام فرصت عدو بتان طلب　　　از سطول اطول دو ز مختصر بس خبر است
راز دان حق نخواهد گشت این راز فقیه　　　فخر رازی دیگر و مر فخر رازی دیگر است
خواستن شد گدیه نزد شاه اقلیم غنا　　　کاسه دست گدائی شاه را تاج سر است
مخلد بر پهلوی نادان درون پند حکیم　　　ماده قاسد کند در دار چه سودش بستر است
در گدائی و شهی فرقی جز این ظاهر نشد　　　سنگ شه را بر سر و درویش را زیر سر است
طبل رحلت روز و شب در هر کجا نوبت　　　کر نای کوچ هر کس نشنود هر یک کر است
امر باد دوری بجا دولت بلا ابر مبتلا　　　دور باش چوبداران دغل دور از کر است
پیشکان را زود بکش راه کوبان تیز　　　یعنی این دولت و ان شد در جای دیگر
چار بالش چار بال آمد پیر و از غنا　　　تا ندانی بی سبب بالش پر از بال و پر است
شکر لله است باقی میر میر دو لیک　　　غیر از این معنی نیاید هر که میر لشکر است
پشته هر جا که پای پشت کوه حریر است　　　هر کجا بینی نشینی او فقر قیصر است
جلوه معنی بیار هستی صورت بجست　　　پیش هر اختر شماری مشکل است خطر است
تخته از حیثیه غفلت بیار سند کند　　　حیدر آباد از کنون بر تخت های حیدر است
از جهانگیر بست شبها با سیان نفس سلیم　　　نیز شاه نار افغان بند اکبر است
درد دیدار است شب در دمش خار جابجا　　　در دو خواب است آنکه او را روز محمل بستر است

درمیان

درمیان حبیب و من حجاب   بر کنون رو بروی با یارم

درکسوت بوالبشر بعالم گشتم   انگشتری وجود حاتم گشتم
زین پیش مرا اگرچه آدم خوانند   کردند غلط کنون حسن آدم گشتم

ره دور است در بر و کعبه منزل   دو منزل را یکی کردیم و رفتیم

آشفته و آزرده و درمانده و رندم .   آتشکده دل دیده بود در جله سندم
فرسوده ز افلاس حیاتم که تو گوئی   شهزاده ایرانم و خانزاده سندم

قربان ابروان سیاه مست و فراخ چشم   شد روغن کمان تو نو چراغ چشم

از غنچه حدیث لب جانانه شنیدیم   وز چشمک نرگس سوی میخانه دویدیم
مژگان سیه مست تو شوخ جفا جو   ما مردم هشیار درین خانه ندیدیم

موبد نشنیده چه فرمود حکیم   هرچند بدست مال نزدیک کنیم

نا روی لئیم را نباید دیدن   نیکت بخیل وار کردار کنیم

درکشتی شریعت دانسته ناخدائیم   در خلوت حقیقت یکسر جدا نمائیم
زاهد ز ما خدا خوان عارف ز ما چه داند   از آن خدای پوشیم این با خدا نمائیم

ما هر کس ختم مقام را فهمیدیم   هم شهد شیخ و جام را فهمیدیم
حق کرد حرام باده چه که در جنت   بیت الله الحرام را فهمیدیم

گرچه از کابل بسی دوریم لیک از پرتگال   درمیان هند سیر آب ما ملا میکنیم

آرزو گر بودی به تو ریک جم   ناحق کردی شدی لب شب غم
آهو بکار شت و شد نکس طره تو   دین پس چه شوی که خشک بود این دم

جز حق که بود طبیب راز دردم   جز دوست که پاس دارد دردم
دانی که حکیم است عبث می نکند   پیدا کردم قلبش پیدا کردم

زسیم و زر و روی گفتند باز    جدا کانه هر یکی قصه ساز

چو الیسه و رحمتی پیل پیش    سخنها بگفتند از دین و کیش
یکی گفت دیگر گفت خام    دگر گفت از جامه و یخ تمام

گروهی ز دانشوران زین سبس    نشستند باهم بکر چند کس
یکی گفت هر پیل باشد روان    برانید آبست نهری روان
دگر گفت ساکن بود دیا بجهان    برانید خاک زمین بستان
یکی گفت هم ساکن است روان    تو غیر هوا پیل را خود مخوان
دگر گفت با خشم و لبس گذشت    برین لذین پیل خود انگشت
یکی گفت گوید بیت مست    کذا مست چیزی که پا هستی است
بود خرم بنیک وفی زیب پیل    پس این قول و [illegible] دلیل
دگر گفت چو پیل و دشمنی گشت    بجر رحمه [illegible] گذشتن
یکی خنجر بس خواه و دیر    یکی مست شمشیر نادک دور

یکی گفت

ز گفت هر پیل باشد سیاه    شبستان بشنید گشتش جایگاه
برانید راحت بود دیده نقش    بباید بینی که نه فهمید نقش
بپایان شد این رفع صاحب پیل    نمایشید داد ار رب خلیل

بنام آنکه آذر گرد روشن    برابر جسم آتش ساخت گلشن
چراغ آشنایی را برافروخت    بپروانه و سگانیکی سوخت
ز بسیار آشکاری ناشکارا    ز هی پنهان پیدا تر ز پیدا
نهان در پردهای آشکارا    نهان آشکارا دیده داری

[illegible] پیش نور محمد    چه گونه کون فسرده به موجود
رضا بصدق او صدیق اکبر    کهی پرتو از نور رشید انور
بحق علی عمر شنا بران نور    که نتوان [illegible] ز دیده دو نور
از آن تا نور ست ذو النورین پیدا    ملک [illegible] سرشته پیدا
نور [illegible] علی از آن نور بیا    [illegible] نور عین مسلم دانا

چنان کشور خدایش حکم فرمود — که گردان چاکری در دار بر زود
چنان پنداشت کز ایزد جدا ماند — سروش آسمان که گفتم باز برخواند
پس از یکچند گشت از جهت یکتا — نماند آن سیم و مال و جاه و دنیا
برافتاد از حصار کدخدائی — چو عشاق حنیف بینوایی
گمان بردایندم از ایزد جدا ماند — سروش آمد نخستین قصه برخواند
که در هر حال موبد با خدا است — چو عشاق حنیف بینوایی
گمان بردایندم از ایزد جدا ماند — سروش آمد نخستین قصه برخواند
که در هر حال موبد با خدایی — مدان گمی ز ذات او جدائی
به پنداری کس از ایزد جدا ماند — فنا داد و نام شد باقی خدا ماند
سخن زین آشکاراتر سرائیم — خدا موجود خود معدوم مائیم
هر آن چیزی که او هستی پذیرست — فروغ اوست ز آتش ناگزیرست
زر از زر شود جز زر نباشد — ز رست آن باره افسر نباشد
سعادت کیش مرد دانش اندوز — شبستان روان زین یافت نوروز
چو همت دید و پدید و گشت یکتا — زرش بگسست و بگذشت از گفتها
سر و سنستان نور دید و جدا شد — ز خود بیگانه با حق آشنا شد
به بی پیوند پیوستن چه نسبت — مراد از زنده و پیوند نیست



درین غلظو سر کردم آشکارا — ز رازستان بی انباز دارا
مطول گر نکردم مختصر را — دلی بخشد اشاراتم شفا ها
نجات منیت در قانون این فن — ز حسن حسن دانه جو و ز دانه خرمن
بنام نامی داراست کو هی — جهانگیر همایون حق پژوهی
خود دیدم سوز بخش سوگوارش — نهادم نام خرم نوبهارش
ز خرم نوبهار از گل بچینی — برادر افتش عیان تاریخ بینی

یکی کوه دیدیم سر در سحاب — نهان گشته در دور او آفتاب
منجم چو بالای این که رسد — کواکب نه بیند به بند در رصد
اگر کوه باشد رحیس را وند — ستون فلک گفتش این را سزد
ز بس بود وسعت رفعت این کوه است — برافراز او لا اخلا ملاست
کناری ما دامنش آشناست — بچشم مهان سدرة المنتهاست
فلک مرغزاریست در پای او — ستاره که هی سنگ در پای او
اگر خود دره را شبر که برد — عجب منیت گر با جل هم چرد
ز بس سیله خوش لشت او — روان حوت با ماهی آب جو
بلند که از ازین ره رصد — رصد تا نه آید روان بر بلند

خداوند تا مهر و ماه آفرید ‌ ‌ ‌ بجز یوگی اینجا کسی بدکه ید
تو گوئی بد تیر بزدای دست ‌ ‌ ‌ بجز یوگی اینجا که از دل نشست

بلشکر هندوان جسم پرور ‌ ‌ ‌ مسلمان وار سایم گشته بکبر
رت بیدار شب چون حق پرستان ‌ ‌ ‌ بیا دو دست بی برنگ دوستان
زکرما روز تا شب سایه جفتند ‌ ‌ ‌ ز سرما با کسی در شب نخفتند
یکی با خار کش تن کرده بیدار ‌ ‌ ‌ دگر از آتش افروخته نار
بغیر از ابله آسیبی کو ارا ‌ ‌ ‌ بشک کس به در و شیر پیدا
بزرگانی که از اهل تمیزند ‌ ‌ ‌ ز فضل خویش در مردم عزیزند
بغیر از کند مک شهری ندانند ‌ ‌ ‌ بجز از کائنات جو بجوانند
بغیر از کائنات جو بجوانند ‌ ‌ ‌ بجز از کند مک شهری ندانند

دل از شکر دگمین شکن از نان انبار است ‌ ‌ ‌ این بشه سو شیه که شهر ز محالات است

بر درگه شش چون رسیدم ‌ ‌ ‌ صد هند دران سواد دیدم
همه در دیده بساط مطلق از رد ‌ ‌ ‌ دیگر کوه سواد اعظم از نو

هر گونه سواد اعظم مو ‌ ‌ ‌ گسترده بری رخان دران کو
سرهای سران بیافتاده ‌ ‌ ‌ مسکینا با پران نهاده
از جان جبین و نقش اندر نک ‌ ‌ ‌ خاک مترات لوح از رنک
از اشک جو باده جو ملستان ‌ ‌ ‌ از روی چو گل زمین گلستان
از سجده هندوان دو و سنک ‌ ‌ ‌ شد خاک سیاه زعفران رنک
آن گنبد نور بخش انجم ‌ ‌ ‌ از پیکر شش جیب هفتم
از سنگ ابد بنای گنبند ‌ ‌ ‌ وز رنگ ازل صفای ستند
گردون گردان بگرد فرش ‌ ‌ ‌ ست جنگ ناران بدو گرش
خورشید فروغ چتر گنبند ‌ ‌ ‌ در آئینه فلک هویدا
از پرتو فیض ایزدی سوز ‌ ‌ ‌ کسند شد رنگ قلعه طور
تو گوئی شده محو آن تماشا ‌ ‌ ‌ نی ساخت شکسته مر عصارا
کشتی است برایش ایوان ‌ ‌ ‌ خورشید روان و جسم کیوان
والای وجود [illegible] هند و رند ‌ ‌ ‌ کالای سواد اعظم هند
کس [illegible] سواد آشنایی ‌ ‌ ‌ رخشنده روان روشنائی
چشم شب قدر راحت آموز ‌ ‌ ‌ جانش نور و رو دانش افروز
او گوهر کان حسن کاملی ‌ ‌ ‌ جسمش شده جان حسن کامل

# فصیح الدین بلخی

احمد یوسف

○

**فصیح الدین بلخی** انیسویں صدی کے اواخر کے آدمی تھے (پیدائش ۱۰ فروری ۱۸۸۵ء انھوں نے
کلکتہ یونیورسٹی سے امتیازی شان سے انٹرنس پاس کرنے کے بعد ۱۹۰۰ء میں منشی فاضل کا امتحان پاس کیا۔
کی وفات کے بعد تعلیمی سلسلہ جاری نہ رکھ سکے۔

۱۹۱۱ء سے ۱۹۱۲ء تک پوتامڑی اسکول میں معلم رہے، پھر ۱۹۱۲ء سے ۱۹۱۴ء تک نوٹ فیم کلا
میں معلم رہے۔ اس کے بعد جزیرۂ فجی کی عدالت عالیہ میں بحیثیت مترجم بحال ہوئے۔ لیکن خرابی صحت کی بنا پر وہا
زیادہ دنوں تک نہیں رہ سکے اور وطن واپس آ گئے۔ یہاں کوآپریٹو کورس کا امتحان دے کر ملازمت شروع کی۔
فوجی ملازمت کے سلسلے میں پہلی جنگ عظیم میں سیریا، مصر، فلسطین، دمشق، بیروت اور بیت المقد
وغیرہ میں رہے۔ وہاں سے واپس آئے تو سب ڈپٹی کے عہدے پر فائز ہوئے۔ ۱۹۲۱ء میں عدم تعاون کی تحر
سے متاثر ہو کر اس نوکری سے استعفا دے دیا۔ کئی برسوں تک سخت معاشی بحران میں مبتلا رہے۔ بالآخر ۲۶
میں ریاستی سرائے کیلا میں REVENUE OFFICER اور مجسٹریٹ کی حیثیت سے بحال ہوئے اور ۱
۱۹۴۷ء میں ریٹائر ہونے کے بعد پٹنہ یونیورسٹی میں شعبۂ مخطوطات کے ناظم مقرر ہوئے۔ ۱۹۶۰ء میں وہاں سے
بھی ریٹائر ہو گئے۔

تالیفات:-

۱۔ تاریخ مگدھ: سلسلۂ مطبوعات انجمن ترقی اردو (ہند) ۱۹۴۴ء۔ ۲۰ ابواب پر پھیلی ہوئی
۴۶۹ صفحات پر مشتمل صوبۂ بہار کی یہ تاریخ ۶۶۳ ق م سے شروع ہو کر ۱۹۴۳ء پر ختم ہوتی ہے۔

۲۔ انشاد شاد: قومی پریس بانکی پور، ۱۹۴۸ء۔ ۲۲ ص۔ شاد عظیم آبادی کی شاعری
کے نقائص بتائے ہیں۔

۳۔ تذکرۂ نسوانِ ہند: شمسی پریس پٹنہ، ۱۹۵۶ء۔ ۲۲۵ ص۔

۴۔ تذکرۂ ہندو شعرائے بہار: نیشنل بک سنٹر، ۱۹۶۲ء۔ ۲۶۹ ص۔
مقدمۂ کتاب کی تاریخ ۳۱ جولائی ۱۹۶۱ء (مصنف کا انتقال ۱۴ مارچ ۱۹۶۲ء کو ہوا) صاحبزاد

نادم بلخی نے ۱۶ اکتوبر ۱۹۶۲ء کی مونغہ "احوال ضروری" کے عنوان سے فصیح الدین بلخی صاحب کی مختصر سوانح عمری کا اضافہ کیا ہے۔ ایک تصویر بھی شامل ہے۔ اس میں ۱۲۰۰ھ سے ۱۳۸۰ھ تک کے بہار کے ابتدائی شعرا کے حالات مع نمونۂ کلام (اُردو فارسی) کے درج ہیں۔

رسائل میں شائع شدہ مضامین کی فہرست درج ذیل ہے:

(۱) شوق قدوائی اور شوق نیموی کا ایک شاگرد۔ شائع شدہ "کومل" ڈالٹین گنج اپریل ۱۹۶۲ء
(۲) امیر مینائی "صبح نو" اگست ۱۹۵۸ء (۳) مخالفت قیاسی "اشارہ" پٹنہ مارچ، اپریل۔ (۴) اطراف پورنیہ کے بعض صوفیائے کرام "انسان" پورنیہ نمبر ۱۹۵۶ء (۵) روضۂ وصال کی سرگزشت "تہذیب" دسمبر ۱۹۵۲ء (۶) عظیم آباد کا ایک جوان مرگ شاعر "تہذیب" اگست ۱۹۵۳ء (۷) اُردو قواعد و لغات کی تدوین "تہذیب" اپریل ۱۹۵۳ء (۸) تاریخ شعرائے بہار کا مولّف "اشارہ" فروری ۱۹۵۹ء (۹) اجاگر چند الفت "اشارہ" جنوری، فروری ۱۹۶۰ء (۱۰) پیاسوں کی تاریخی سرگزشت "کومل" ڈالٹین گنج ستمبر ۱۹۶۱ء (۱۱) شبلی نعمانی "صبح نو" اگست ۱۹۶۱ء (۱۲) موسیقی اور شاعری "معاصر" پٹنہ جولائی ۱۹۵۶ء (۱۳) راسخ عظیم آبادی "صنم" پٹنہ بہار نمبر ۱۹۵۹ء (۱۴) امیر مینائی اور داغ دہلوی کی قربت "صبح نو" مئی ۱۹۵۸ء (۱۵) فردوی پر ایک مسدس "معاصر" پٹنہ حصہ دوم ۱۹۵۴ء (۱۶) بابو رام نرائن موزوں "اشارہ" پٹنہ دسمبر ۱۹۵۹ء (۱۷) سرقہ اور توارد "اشارہ" پٹنہ (۱۸) صوبۂ بہار میں غالب کی مقبولیت "نگار" لکھنؤ (۱۹) عظیم آباد کا ایک خوش نویس شاعر "صدائے عام" خاص نمبر (۲۰) عظیم آباد میں شعرا کے مراثی [illegible] نواب امداد امام اثر۔
(۲۳) منیر و بہار میں مسلمانوں کی آمد "ندیم" بہار نمبر گیا ۱۹۳۳ء (۲۴) قلعۂ رہتاس کی تاریخ "ندیم" گیا (۲۵) مثنوی گوہر جوہری "اشارہ" پٹنہ (۲۶) شوق نیموی [illegible] مولوی شہاب الدین "صبح نو" پٹنہ۔

فصیح الدین بلخی کے وہ مضامین جو انسائیکلوپیڈیا آف اسلام میں شامل ہیں۔

۱۔ علی ابراہیم خان خلیل (؟) ۲۔ ملا غلام یحییٰ بہاری۔

ان کے کچھ اہم ریڈیو ٹاک درج ذیل ہیں:-

۱۔ صوبہ بہار کی تاریخی اہمیت ۲۔ بہار شریف کا میلہ ۳۔ محمود گاواں
۴۔ ملک بیا شرقی اور سپر ماحت ۵۔ اکبر کے دور میں فیضی اور ابوالفضل ۶۔ تاریخی کتابیں

فصیح الدین بلخی کی غیر مطبوعہ تصنیفات کی فہرست درج ذیل ہے:

۱۔ علم نجوم (سائز ۵ × ۱۰، صفحات ۱۰۹ ۲۔ تحریک وہابیہ بہار میں THE WAHABI MOVEMENT IN BIHAR ۳۔ آثار بلخیہ ۴۔ آثار قدیمہ ۵۔ دستور سخن۔

## غیر مطبوعہ کتابوں کی تفصیل:

### ۱- علم نجوم (مخطوطہ)

### باب اوّل

۱۔ فصل اوّل: تعداد اسمائے بروج ۲۔ فصل دوم: حالات بروج ۳۔ فصل سویم درجات بروج ۴۔ فصل چہارم: زمانہ وقیام بروج ۵۔ فصل پنجم: تعلقات بروج۔ ۶۔ فصل ششم: نوالسا ۷۔ فصل ہفتم: اعداد بروج ۸۔ فصل ہشتم: خواص بروج۔

### باب دویم — منازل یعنی نچھتّر

۱۔ فصل اوّل: تعداد واسمائے نچھتّر ۲۔ فصل دویم: بیان حروف متعلقہ نچھتّر ۳۔ فصل سویم: خواص نچھتّر۔

### باب سویم — تاثرات

۱۔ فصل اوّل: ایّام اوقات ولادت ۲۔ فصل دویم: خاصیت ماہ تولد ۳۔ فصل سویم: خاصیت بچھری ۴۔ فصل چہارم: خاصیت تاریخ یعنی تتر ۵۔ فصل پنجم: خواص روز ۶۔ فصل ششم: خواص نوانسا ۷۔ فصل ہفتم: خواص کرن۔

### باب چہارم — ستارگان

۱۔ فصل اوّل: تعداد اسمائے ستارگان ۲۔ فصل دویم: حالات ستارگان ۳۔ فصل سویم دوستی و دشمنی ستارگان ۴۔ فصل چہارم: خواص ستارگان ۵۔ فصل پنجم: سختی و نرمی ستارگا ۶۔ فصل ششم: مدارج ستارگان ۷۔ فصل ہفتم: جمعیت واستقامت ستارگان ۸۔ فصل ہشتم صورت وسیرت ستارگان ۹۔ فصل نہم: خواص از روے مدارج ستارگان ۱۰۔ فصل دہم: تعلقات ستار

### باب پنجم

۱۔ فصل اوّل: طریقہ کنڈلی بنانے کا ۲۔ فصل دویم: حقیقت طالع ۳۔ فصل سویم

امتحان صحت زائچہ (الف) امتحان اوّل۔ پدر مولود و قمر کا۔ (ب) مکان پیدائش (ت) امتحان مکان نو۔ (ث) امتحان تعداد عورت زچہ خانہ (ج) امتحان چراغ زچہ خانہ (ح) امتحان چارپائی حاملہ (خ) طریقۂ دریافت بابہ (د) امتحان صحت پرس کنڈلی (زائچہ سوال) ۴۔ فصل چہارم: اقسام خانہ ۵۔ فصل پنجم: منسوبات دروازخانہ ۶۔ فصل ششم: سرخیٔ مدارج ستارگان ۷۔ فصل ہفتم: خواص ستارگان مطابق دروازہ خانہ۔

مجموعی طور پر اس کتاب میں پانچ ابواب ہیں۔ ہر باب میں علم نجوم سے متعلق رموز و نکات پر تفصیل کے ساتھ روشنی ڈالی گئی ہے۔ جابجا ڈائگراموں اور جدول سے بھی کام لیا گیا ہے۔ اگر کبھی یہ کتاب شائع ہوئی تو اردو میں اپنی نوعیت کی منفرد تصنیف ہوگی۔

## زائچہ پیدائش جو بلخی صاحب نے خود ہی بنایا تھا

عطارد، مریخ و زہرہ
۹
۸
۱۱
ماہتاب
۷
۱۲
ذنب
۶
راس
۵
مشتری
۱
۳
۲
زحل
۴

۱۰ فروری ۱۸۸۵ء مطابق ۱۵ ربیع الثانی ۱۳۰۲ھ روز چہارشنبہ ۳ بجے شب مطابق پھاگن بدی ۱۰ سمبت ۱۹۴۱

۲۔ **تحریک وہابیہ بہار میں:** یہ کتاب انگریزی میں ہے اور اس میں کل ۲۳ ابواب ہیں۔ ابواب کی تفصیل درج ذیل ہے:

(1) The wahabi creed (2) Patna made a centre of the movement (3) character of Patna Muslims (4) Patna Maulavis join Syed Ahmad (5) The doctrine of Hijrat (6) War on the Frontier (7) The Balakot disaster (8) Maulavi Nasiruddin's defeat of Ghazni (9) Wilayat Ali and Enayet Ali as leaders (10) At kanpur (11) Resumption of activities in 1850 and Sermon in the Fort of Delhi (12) Non-cooperation, Passive resistance and paralell government. (13) Enayat Ali against the Britishers (14) Arrest of Wahabi leaders in 1857 (15) British Military expedition to the frontier (16) Maulavi Abdullah resumes leadership (17) Ambala Trial of 1864 (18) Patna Trial of 1869

(19) Confiscation of Properties and destruction of Graves (20) The After-Math (21) Arrest and Convictions of Amir Khan and Hashmat Dad Khan 1869-70 (22) Indiscriminate Proceedings (23) Release in 1884.

علاوہ ازیں صادق پور کے گھروں اور قبرستان کے نقشے وغیرہ خصوصی ماخذ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس کتاب کے پڑھنے سے برٹش سامراج کے مظالم کی بڑی سچی تصویر سامنے آجاتی ہے۔

کتاب کے آخر میں متعدد ضمیمے ہیں جو ۴۲ صفحات پر پھیلے ہوئے ہیں۔ امید ہے کہ یہ کتاب کلاسیکل پبلشنگ کمپنی نئی دلی سے جلد ہی شائع ہو جائے گی۔

۳- آثار بلخیہ :- بلخی صاحب کی یہ تیسری غیر مطبوعہ کتاب ہے یہ تاریخی نام ہے جس سے اس کا سال تالیف ۱۳۴۹ھ نکلتا ہے کتاب کی ابتدا میں بلخی صاحب کی تحریر سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اس میں حضرت ابراہیم ادھم بلخی، حضرت شمس مظفر بلخی، حضرت حسین نوشہ توحید بلخی جیسے نامور اولیا اور ان کے خاندان کا حال قلمبند کیا گیا ہے ساتھ ہی خاندان بلخیہ کا نسب نامہ بھی ہے۔

اس کے بعد کے باب میں شہر بلخ کے حالات اور حضرت ابراہیم ادھم بلخی کے واقعات ملتے ہیں۔ تیسرے باب کا عنوان ہے 'بلخیوں کی ہندوستان و بہار میں آمد'۔ آگے ایک چھوٹی سی سرخی ملتی ہے 'بلخی شاہزادے کا باغ'۔

چوتھے باب کا عنوان ہے "مولانا شمس بلخی"۔ پانچواں باب ہے 'مولانا بہاء الدین شمس مظفر بلخی' چھٹے باب کی سرخی ہے حضرت حسین ملقب بہ نوشہ توحید بلخی۔ ساتویں باب کی سرخی ہے مولانا حسن بلخی۔ آٹھویں باب کی سرخی ہے 'مخدوم احمد بلخی ملقب بہ لنگر دریا بلخی'۔ نویں باب کی سرخی ہے 'مخدوم ابراہیم المعروف بہ سلطان بلخی'، اس باب میں مخدوم محمود بلخی اور مخدوم ابراہیم بلخی کا بھی ذکر آیا ہے اور لکھا ہے حافظ بلخی، مخدوم ابراہیم بلخی کے منجھلے بیٹے تھے۔ آپ ہی کی اولاد سے [illegible] کا نظم و نسق دیکھتی۔ اس کے بعد مخدوم شاہ حبیب بلخی، مخدوم محمود بلخی ابن ابراہیم بلخی کا مختصر ذکر ہے۔ دسویں باب کی سرخی 'مخدوم درویش بلخی'۔ اس کے بعد دو چھوٹے چھوٹے ابواب ہیں۔ ان کی سرخیاں یوں ہیں: "مولوی محمد ابن قاضی طہارت التوحید بلخی و مولوی حمید الدین بلخی متخلص بہ [illegible]"۔ یہاں پر کتاب ختم ہو جاتی ہے۔ محسوس ہوتا ہے کہ مصنف اور بھی کچھ لکھنا چاہتا تھا [illegible] کے بعد کے لوگوں کے حالات لکھنے والے تھے

## فصیح الدین بلخی کا نسب نامہ پدری

حضرت عبد مناف
|
حضرت ہاشم
|
حضرت عبدالمطلب
|
حضرت ابوطالب
|
حضرت علیؓ
|
حضرت امام حسینؓ
|
حضرت زین العابدین
|
حضرت امام علی اصغر
|
سیدنا قاسم
|
امیر سید محمد
|
سید زید
|
سید اسحٰق
|
سید احمد
|
سید یعقوب
|
سید محمد
|
سید ناصر الدین
|
سید امیر سلطان
|
سید سلطان ابراہیم ادہم بلخی قدس سرہٗ
|
سیدنا محمود بلخی
|
سیدنا رکن الدین بلخی
|
سید حمید الدین بلخی
|
سیدنا اسمٰعیل بلخی *

* سیدنا شمس الدین بلخی
(در زمانہ سلطان محمد تغلق عہدہ دیوان شاہی پائی)
|
مولانا قوام الدین بلخی — مولانا سید مظفر بلخی (خلیفہ مخدوم جہاں) — مولانا [illegible] بلخی
|
حضرت مخدوم حسین نوشہ توحید بلخی
|
مخدوم حسن بلخی فردوسی
|
مخدوم احمد لنگر دریا بلخی
|
مخدوم ابراہیم المعروف بہ سلطان بلخی
|
مخدوم شاہین بلخی
|
مخدوم ابراہیم بلخی
|
مخدوم عنبی بلخی
|
حضرت دیوان معین الدین بلخی
|
حضرت دیوان معمور شاہ بلخی
|
حضرت دیوان فخر اسلام بلخی
|
حضرت نعیم اللہ بلخی
|
قاضی سید طہارت التوحید بلخی
|
سید واجد بلخی
|
مولوی سید ڈاکٹر غیاث الدین بلخی
|
حفیظ الدین بلخی — عزیز الدین بلخی — نظام الدین بلخی — فصیح الدین بلخی
|
نادم بلخی

## فصیح الدین بلخی کا نسب نامہ مادری

ملا رکن الدین منیری از اولاد حضرت مخدوم تاج فقیہ در قصبہ منیر شریف
|
ملا عبدالشکور
|
ملا عبدالحکیم
|
ملا عبدالحلیم
|
ملا عبدالرقیب
|
ملا غلام شرف
|
ملا غلام یحییٰ
|
قاضی کمال الحق
|
قاضی امین الحق
|
قاضی واعظ الحق
|
مولوی سید عبدالحق — بی بی مدینہ زوجہ امیر الدین بلخی
|
بی بی ہاجرہ زوجہ ڈاکٹر غیاث الدین بلخی
|
حفیظ الدین بلخی — عزیز الدین بلخی — نظام الدین بلخی — فصیح الدین بلخی ⁂
|
نادم بلخی

⁂ فصیح الدین بلخی کی دو شادیاں ہوئیں۔ پہلی بیوی زیادہ دنوں تک بقید حیات نہیں رہیں۔ دوسری بیوی سے تین اولاد ہوئی، جن میں صرف ایک نادم بلخی رہ گئے۔

۴- **آثار قدیمہ** : اس کتاب کا ذکر فصیح الدین بلخی نے اپنی کتاب تاریخ مگدھ کے مقدمہ میں کیا ہے۔ یہ مخطوط مجلد ہے اور خوش نویس کی تحریر میں ہے۔ سائز ۸ × ۱۲ ہے اور صفحات ۲۴۳ ہیں۔ اس مجلد مخطوط میں کل ۲۰۰ سرخیاں اس طرح ہیں : "عظیم آباد کے جغرافیائی حالات۔ گنگا ندی ، سون ندی، پن پن ندی، مور بر دردیا ندی، پھلگو، متھواس میانہ اور شکری ندی، پہاڑی، عام کیفیت، نباتات، شمار فصل، ربیع، گوبی، آلو کی کاشت، اشجار وغیرہ۔

**قصبہ منیر کا حال** : ۷۹۸ھ کی مسجد، لنگر قلی خاں کی قبر ۹۸۳ھ، بڑی درگاہ اور سنگ صدر کا ذکر، بڑی درگاہ کی مسجد ۱۰۱۴ھ، چھوٹی درگاہ، مخدوم دولت کا مقبرہ ۱۰۳۲ھ، منبر کا کتبہ ۱۰۳۶ھ، چھوٹی درگاہ کی مسجد ۱۰۲۸ھ، مخدوم دولت کا مقبرہ، شاہ دولت کی وفات کا کتبہ ۱۰۱۷ھ، مقبرے کی تعمیر کا کتبہ ۱۰۲۵ھ، قصبہ منیر کی مسجد ۱۱۰۳ھ، دوسری مسجد کا کتبہ ۱۲۱۲ھ، بعض مشاہیر کا ذکر شیر پور کی مسجد ۱۱۵۷ھ، قصبہ داناپور کی بی بی گنج کی مسجد ۱۱۹۷ھ، شاہ محمد اکبر ابوالعلائی قدس سرہٗ کی خانقاہ، کھگول کی مسجد ۱۳۰۴ھ، لان سے شاہ درگاہ ارزان تک ، باقر گنج کی مسجد ۱۲۵۷ھ، تبارک علی کی مسجد ۱۲۰۵ھ، ایک مسجد کا کتبہ جو قبر پہ لگا ہوا ہے' ۱۰۴۰ھ، میں یہ محمد شاہ کے عہد میں تعمیر ہوئی، اجالت خاں کی مسجد ۱۲۰۴ھ، مسماۃ نورن کی مسجد ۱۲۲۳ھ، ٹھکنا پہاڑی، درگاہ شاہ ارزاں سے مزار کا کتبہ ۱۰۲۸ھ، درگاہ کا کتبہ ۱۰۵۲، شاہ سجادل کا مزار ۱۰۶۳ھ، شاہ شہباز کا مزار ۱۱۳۳ھ، شاہ بسنت کا مزار ۱۱۵۸ھ، شاہ کرم اللہ کا مزار ۱۱۶۱ھ، شاہ غلام حسین کا مزار ۱۲۱۱ھ، شاہ کریم بخش کا مزار ۱۲۵۲ھ، عباد اللہ شاہ کا مزار ۱۲۶۰ھ، کتبہ عیدگاہ ۱۲۵۸ھ، درگاہ کی مسجد ۱۰۷۰ھ، شاہ غلام علی کا مزار ۱۳۰۸ھ

**نمونیہ سے پچھم دروازے تک** : پکی سڑک انگلش روڈ کے انحراف کا حال، شاہ رستم کی قبر ۱۲۳۰ھ، کتبہ ۱۹۲۷، ایک لامعلوم شخص کی قبر اور گنبد، ڈنکے کی املی کی مسجد ۱۱۹۶ھ، ایک مسجد اور ایک لامعلوم قبر اور گنبد، مسجد ۱۲۱۷ھ شاہ باقر کے تکیے کا کتبہ، شاہ حمزہ علی کا کتبہ اور مزار ۱۲۲۶ھ، شاہ کالے کا مقبرہ ۱۱۲۴ھ، لان کی مسجد ۱۲۵۸ھ۔

عدالت کے احاطے میں میجر فاکس کی قبر ۱۷۶۴ء بی بی حاں کی مسجد ۱۲۱۲ھ، بی بی ماد کی قبر ۱۲۲۵ھ۔۔

متصل کٹرہ شائستہ خاں ۱۲۹۶ھ، چوک کی مسجد ۱۲۵۱ھ، خواجہ عنبر کی مسجد ۱۱۰۰ھ، علامہ سیف خاں کے متعلق مدرسہ کی مسجد ۱۰۳۸ھ، عدالت چہل ستون و کلا عظیم آباد، قلعے کے باہر ایک مسجد ۱۲۲۹ھ، خانقاہ مولوی کا قبر۔

**مغل پورہ کے کتبے:** منزلہ بیگم کی قبر ۱۲۱۳ھ، منزلی خانم کی قبر ۱۲۳۳ھ، سید کرامت کی قبر ۱۲۳۳ھ، شیخ احمد علی کی مسجد ۱۲۵۲ھ، شیخ بہاری کی مسجد ۱۲۴۸ھ، خواجہ عطاء اللہ کی قبر ۱۲۶۳ھ، شیخ محمد رفیع کی قبر، مولانا قوام علی کی قبر ۱۲۶۳ھ، علی حسین طلا بخو کی قبر ۱۳۲۰ھ، حاجی عباس کی قبر ۱۳۴۴ھ، منظر حسین کی مسجد ۱۲۴۰ھ، منظر حسین کی مسجد ۱۳۰۳ھ، میاں خاں کی قبر ۱۲۷۱ھ۔

**بجگی چوراہا، گلشن حیدری، کنگھیا ٹولہ، سنار ٹولی، شاہ کی املی، لودی کٹرہ اور دونڈی بازار کا حال:** یام صاحب کی مسجد ۱۲۴۳ھ، باقی کی مسجد ۱۲۰۵ھ، میر قطب الدین کی قبر ۱۱۸۳ھ، گورستان سید علی عظیم کی قبر ۱۲۳۴ھ، سید نظام الدین کی قبر ۱۳۰۵ھ، گمشتو بی بی کی قبر ۱۳۴۱ھ، گلشن حیدری و گلشن حیدر کی مسجد، امام باڑہ گلشن حیدری میں جڑا کتبہ ۱۲۵۰ھ، محبوب علی کی قبر ۱۲۶۱ھ، نواب یوسف علی خاں کی قبر ۱۳۱۴ھ، عبدالحق خاں کی قبر ۱۳۲۱ھ، قبر کلثوم بی بی، بشارت حسین کی قبر ۱۳۰۸ھ، محمد ذاکر کی قبر ۱۳۲۲ھ، سنار ٹولی میں مرزا معشوق کی قبر ۱۳۱۳ھ، محلہ باغ میر گلاب میں شاہ ولایت علی کی قبر ۱۲۲۱ھ، محلہ شاہ کی املی میں ایک مقبرہ ۱۲۱۲ھ، کشمیری کوٹھی میں فضل علی کی مسجد ۱۲۵۷ھ، کنگھیا ٹولہ میں چند کتبے، شیخ غلام یحییٰ حضور کی مسجد ۱۲۰۷ھ، شیخ غلام یحییٰ کی قبر، مرادالنساء کی مسجد ۱۲۳۴ھ، لودی کٹرہ میں دوسری مسجد ۱۲۲۳ھ، حکیم احمد حسین کی قبر ۱۱۹۸ھ، ایک گنبد کی مسجد یادونڈی بازار کی مسجد ۱۰۶۱ھ، ایک قبر کا کتبہ ۱۰۵۰ھ۔

**منگل روڈ کا حال:** پیار النساء کی قبر ۱۱۹۹ھ، منگل تالاب چوک شکار پور کی مسجد ۱۲۰۰ھ، چوک شکار پور کتبہ کی دوسری مسجد، حاجی تاتار کی مسجد، منشی کاظم علی کی مسجد ۱۲۴۱ھ، منشی کاظم علی کی قبر کا کتبہ ۱۲۴۸ھ، حاجی منظور علی خاں کی مسجد ۱۲۱۷ھ، محلہ ڈھول پورہ شیر شاہی محلہ محمد مراد شہید صوفی کا کتبہ ۹۴۹ھ، اشرف علی خاں کی قبر کا کتبہ ۱۱۸۶ھ، مرزا عزیز کی قبر ۱۲۴۳ھ، حسینی بیگم کی مسجد ۱۲۴۲ھ، قبر سید اقبال رضوی بنا سید حیدر علی رضوی المعروف بہ جمال حسین ۱۲۲۹ھ، نجف النساء بیگم کی قبر ۱۲۶۷ھ، ڈھائی کنگرہ کی مسجد ۱۰۲۰ھ، ڈھائی کنگرہ کی مسجد کا دوسرا کتبہ ۱۲۰۷ھ، محمد عادل کی قبر ۱۲۰۸ھ، میر افضل کا مقبرہ ۱۱۸۳ھ، میر اشرف کی وفات کا قطعہ تاریخ ۱۱۸۸ھ، میر غلام حسین کی

مسجد ۱۲۹۳ھ، افضل راج کی مسجد، شاہ منصور کی قبر۔

**نواب ہیبت جنگ کا مقبرہ:** واقع محلہ بیگم پور ۱۱۴۸ھ، افضل حسین کی قبر ۱۰۶۲ھ، حاجی علی بخش کی مسجد، کلثوم النساء کی مسجد، شاہ ملک کی مسجد، شاہ کرک کی مسجد ۱۳۵۴ھ، شاہ کیرک کی قبر، سرائے کی مسجد اور آمنے سامنے والی مسجد، عبدالرحمان سجاد کی مسجد ۱۱۵۰ھ، تھانہ مال اسلامی میں ایک قبر کا کتبہ بغیر نام و تاریخ، ڈلیس کوٹھی اور بزرگ کی قبر ۱۷۹۰ء، مسجد سیرہ میر کے پاس ایک لڑکے کی قبر ۱۲۱۹ھ۔ مسجد پیر ڈریا گنگا ندی کے کنارے، منجھلی بیگم کی قبر ۱۲۸۲ھ، شاہ ڈریا کی قبر، محلہ نون گولہ کی مسجد، شاہ قاسم علی کا مقبرہ، شاہ علی کا مقبرہ، شاہ علیم اللہ کی قبر ۱۱۵۵ھ، محمد حسین ولد مصنف سیر المتاخرین، غلام حسین کی قبر ۱۱۹۸ھ، باڑے کی مسجد ۱۲۰۷ھ، عالی النساء بیگم کی مسجد ۱۲۴۴ھ، بزرگ امجد کی مسجد ۱۱۰۳ھ، شاہ غلام حسین کی مسجد ۱۲۵۵ھ، مولوی نہال حسین کی قبر ۱۱۴۰ھ، فرزند علی کا امام باڑہ ۱۲۳۰ھ، گلن کا مقبرہ، کٹرہ مال اسلامی میں ایک قدیم مسجد، پولیس چوکی کے پاس، ایک مندر، باغ جعفر خاں، قدم رسول کی مسجد، نادر گنج محمد علی خاں کی قبر ۱۱۰۸ھ، نوری حیدر کا مقبرہ، بوا جی کی باؤلی، سبل پور کا حال، مخدوم شہاب الدین پیر جگجوت کا مزار (کچی درگاہ)، شاہ آدم صوفی (پکی درگاہ)، اللہ جلالی کی قبر ۱۲۳۸ھ، بجھلی کی مسجد ۱۳۱۰ھ۔

مجلد حصے کے علاوہ اس سائز پر قصبہ سہسرام کا حال درج ذیل ہے:

قصبہ سہسرام و عالمگیری مسجد، آثار قدیمہ سہسرام و تاراچنڈی مندر، حسین نور کا مقبرہ، حسین نور کے مقبرے کی مسجد، شیر شاہ کا مقبرہ، ایک عجیب صفت، عیدگاہ کے کتبے، دائرے جانب والا کتبہ، اندر بائیں کا کتبہ، دکھن جانب والا کتبہ، سرمست خاں کا روضہ، علاول خاں کا روضہ، صفدر جنگ کا قلعہ، حمام چندن پہاڑی کے پاس مسجد ۱۰۲۲ھ، ایک قبر کا کتبہ ۱۱۹۳ھ، مہدی حسین کی قبر ۱۲۰۱ھ، امام باڑے کا کتبہ ۱۱۹۱ھ، جانی بازار میں ایک مسجد ۱۱۰۵ھ، جانی بازار میں امام باڑہ ۱۲۰۰ھ، ارن رائے کی مسجد ۱۰۹۸ھ، ۱۲۹۷ھ کا عجیب کتبہ۔

اس کے بعد کاپی سائز پر آٹھ صفحات میں اورنگ آباد کا حال ہے۔

**قصبہ اورنگ آباد:** عبدالعلی خاں کی مسجد ۱۱۳۰ھ، موضع سرس شمس الدین خاں کی مسجد ۱۱۰۱ھ، غلام مصطفیٰ کی قبر ۱۲۱۸ھ، نواب غلام حسین کی لڑکی کی قبر کا کتبہ ۱۲۸۳ھ، قصبہ

اُو دِ نگل، مسماۃ فراست کی قبر ۱۲۶۶ء ہے

دستورِ سخن : تجلّی صاحب اس کتاب کا صرف پہلا صفحہ صاف کر سکے تھے ، باقی اوراق سودہ صورت میں ان کے پوتے سید ظفر تجلّی کے پاس محفوظ ہیں، جو ان پر تحقیقی مقالہ لکھ رہے ہیں۔

صاف شدہ حصّے کے مندرجات : اُردو کی ماہیت، وجہ تسمیہ، اردو کا ارتقا، حروفِ تہجی کی قسمیں، حروفِ تازی کی قسمیں اور اعراب وغیرہ سے بحث کی گئی ہے۔

اس کے بعد ایک سرخی، اصطلاحات کی ملتی ہے جس میں حذف و ترخیم، تخفیف، اشباع و ازالہ، تحریک و تسکین، قلب، تبدیل ابواب مترادف مشترک و توالی، قیاسی و سماعی اور اشتقاق سے متعلق لکھا گیا ہے۔

اس کے بعد "فصاحت" کی سرخی ملتی ہے۔

اس میں تنافر، اتصال، توالی، اضافت، ضعفِ تالیف، مخالفت قیاس، فک اضافت اور استعمال کا بیان ملتا ہے۔

اس کے بعد تکرار اور حشو کی سرخیاں ملتی ہیں۔

اس کتاب میں، حروفِ تہجی سے لے کر قواعد، فن عروض وغیرہ سے سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔

●●

وسیم احمد اعظمی

# خدابخش لائبریری میں ابن سینا کے مخطوطات

علی ابن سینا (۹۸۰ — ۱۰۳۷ء) کی تصانیف کی تعداد کے بارے میں محققین کا کافی اختلاف ہے۔ سب سے قدیم اور معتبر ماخذ ابو عبید عبد الواحد بن محمد فقیہ جوزجانی (متوفی ۴۳۸ھ) کی مرتب کردہ سوانح ابن سینا ہے۔[1] ابن ابی اصیبعہ، ابو الحسن بیہقی، شہرزوری اور ابن القفطی نے اسی سوانح کو بنیاد قرار دیا ہے۔ ابن ابی اصیبعہ نے اس سوانح کے حوالہ سے تصانیف ابن سینا کی تعداد ایک سو ایک[101] بتائی ہے۔ لیکن اس سوانح کے دوسرے نسخہ مطبوعہ قاہرہ میں دو کتابوں کا اضافہ ہے اور نسخہ مطبوعہ انجمن دوستداران ایران میں تین کتابوں کا اضافہ ہے۔ اس طرح ان کی تعداد ۱۰۶ ہو جاتی ہے ——— دوسرے تذکرہ نگاروں میں حاجی خلیفہ نے ۶۲، بروکلمان نے ۹۹، ذبیح اللہ صفا نے ۲۳۸، یحییٰ مہدوی نے ۲۴۲، جورج شحاتہ قنواتی نے ۲۷۶ اور سعید نفیسی نے ۴۵۶ کتابوں کو ابن سینا کی طرف منسوب کیا ہے۔[2] سعید نفیسی اپنی فہرست کے بارے میں لکھتے ہیں: "ممکن است در فہرست برخی نامہا تکرار نامی دیگری باشد. و یک کتاب یا رسالہ را بدو نام ذکر کردہ باشند۔"[3]

سعید نفیسی نے ابن سینا کے جشن ہزار سالہ کے موقع پر ابن سینا کی سوانح متعلق استنبول کا جو نسخہ (فوٹو کاپی) حاصل کر کے ایڈٹ کیا ہے اور اپنے فارسی ترجمہ کے ساتھ شائع کیا ہے اس میں تصانیف ابن سینا کی تعداد صرف ۹۵ ہے۔[4]

خدابخش لائبریری میں ابن سینا کے جو مخطوطات اس وقت فراہم ہیں،[5] ان کی تفصیل درج ذیل ہے:

## ۱۔ رسالہ فی تفسیر قل ھو اللہ احد: ہینڈ لسٹ ۲/۲۵۹۰ (عربی) ص نستعلیق

---

۱۔ اس سوانح کا کچھ حصہ خود ابن سینا کا املا کرایا ہوا ہے، اس حصہ کی انتہا اس شعر پر ہوتی ہے جب ابن سینا امیر قابوس سے ملنے کی سعیٔ ناکام کے بعد جرجان لوٹ آیا تھا اور وہیں ابو عبید جوزجانی اس سے وابستہ ہوا تھا۔

لما عظمت فلیس مصر واسعی     لما غلا ثمنی عدمت المشتری

اس کے بعد کا حصہ جوزجانی کا تالیف کردہ ہے۔ ۲۔ ملخص از رسالہ جودیہ ص ۳۲ از حکیم سید ظل الرحمن۔ ۳۔ ایضاً ص ۳۳

۴۔ اس کا اردو ترجمہ سنٹرل کونسل فار ریسرچ ان یونانی میڈیسن۔ نئی دہلی نے ۱۹۸۰ء میں شائع کیا ہے۔

۵۔ حکیم سید ظل الرحمن نے خدابخش لائبریری میں [illegible] کے نام سے ابن سینا کا ایک مخطوطہ [illegible] رسالہ جودیہ ص ۵۶ مطبوعہ فہرست خدابخش میں بھی اس کا اندراج ہے لیکن مخطوطہ موجود نہیں ہے۔ ہماری تحقیق سے معلوم ہوا کہ اصل نسخہ کو نہیں دیکھا گیا تھا بلکہ مطبوعہ فہرست پر ہی اکتفا کیا گیا تھا۔ (مکتوب بنام وسیم احمد)

گیارھویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے۔

۲۔ رسالہ فی تفسیر قُلْ اَعُوذُ بِرَبِّ الفلق :۔ ہینڈ لسٹ ۲۵۹۰/۳ (عربی) ۳ ص نستعلیق

اس میں تین صفحات ہیں۔ تقریباً گیارھویں صدی ہجری کا نسخہ ہے۔

۳۔ رسالہ فی تفسیر قُلْ اعوذ برب النّاس : ہینڈ لسٹ ۲۵۹۰/۴ (عربی) ۲ص

نستعلیق۔ اس میں دو صفحات ہیں۔ خط نستعلیق میں ہے۔ گیارھویں صدی ہجری کا نسخہ ہے۔

۴۔ تفسیر کا[1] ایک فارسی نسخہ ہینڈ لسٹ ۱۶۴۴ بھی ہے۔ اس میں سورۃ الاخلاص والمعوذتین

کی تفسیر بھی شامل ہے۔ خط نستعلیق میں ہے۔ کاتب کا نام اور سنہ کتابت درج نہیں ہے۔ تقریباً ۱۳ ویں صدی ہجری کا

۵۔ الارجوزۃ السینائیۃ[2] : ہینڈ لسٹ ۲۲۵۹/۳ (عربی) نستعلیق، کاتب چُنّی لال

اس میں تقریباً بارہ سو انتیس اشعار ہیں۔ ارجوزہ کا آغاز اس شعر سے ہوتا ہے :

الحمد للہ الملک الواحد رب السموات العلی الماجد

ارجوزہ کے ابتدائی ۱۵ اشعار حمد باری تعالی پر مشتمل ہیں ۔ ۱۶ ویں شعر سے باقاعدہ موضوع طب کا

آغاز ہوتا ہے۔ شعر یہ ہے : الطب حفظ صحۃ وبرء مرض من سبب فی بدن منہ عرض

موسیٰ ابن ابراہیم البغدادی نے "الجوہر النفیس" کے نام سے اس ارجوزہ کی جو شرح لکھی ہے اس کا

آغاز بھی اسی شعر سے ہوتا ہے ۔۔۔ ارجوزہ کے آغاز سے قبل چھ صفحات پر مشتمل ایک مضمون میں ارجوزہ کی

عروضی حیثیت پر فاضلانہ گفتگو کی گئی ہے۔ مزید پانچ صفحات پر مشتمل ابن سینا سے منسوب ایک مقدمہ ہے جو

اطبا کے طبی شعری سرمایہ کا سرسری جائزہ لینے کے بعد تحریر ہے :

" واتبعت سنن الحکماء فخدمت حضرۃ سیدنا الفقیہ الاجل القاضی

السنی المحل اطال اللہ بقاہ وادام عزہ وعلاہ ....... بھذہ الارجوزۃ المشتملۃ ....."

---

۱۔ اس مجموعہ کے آغاز و اختتام پر تین مُہریں ثبت ہیں، ایک مُہر کسی کتب خانہ میں اندراج کی نشاندہی کرتی ہے۔ امجد علی شاہ والی اودھ کی ہے، تیسری تقریباً غیر واضح ہے۔ صرف ۱۲۴۴ھ پڑھا جا سکتا ہے۔

۲۔ اس کا دوسرا نام " الارجوزۃ فی الطب " یا " الفیۃ الطبیۃ معروف بہ ارجوزۃ السینائیۃ بھی ہے۔ اختتام کی عبارت ہے : " تمت الارجوزۃ السینائیۃ بعون الخالق البریۃ " مطبوعہ فہرست مجمل مفتاح الکنوز ج ۱ میں " الارجوزۃ فی الطب " تحریر ہے۔ یہ مخطوطہ ۱۲۶۱ھ میں مطبع مصطفائی سے شائع ہو چکا ہے۔ ابن سینا کی فارسی کتب کے بارے میں بعض لوگوں کا خیال ہے کہ وہ اس کی عربی تصانیف کا ترجمہ ہیں۔ (جشن نامہ ابن سینا ص ۶۴)

ارجوزہ کا اختتام اس شعر پر ہوتا ہے :

وقد فرغت من جمیع العمل　　والآن اقطع[1] بقول مکمل

یہ ارجوزہ طب علمی و عملی پر منقسم ہے۔ اس میں کلیات، معالجات، حفظ صحت اور ادویہ وغیرہ کا ذکر ہے۔ اس ارجوزہ کی متعدد زبانوں میں شرحیں لکھی گئی ہیں۔ ان میں شرح ابن رشد، الجوہر النفیس شرح ابن طملوس، شرح عبدالحمید ابن حتبۃ اللہ، شرح محمد ابن اسماعیل اور شرح احمد بن محمد بن المنہار کافی مشہور ہیں۔ خدا بخش لائبریری میں الجوہر النفیس کا قلمی نسخہ بھی موجود ہے۔ لاطینی زبان میں بھی اس پر کام ہوا ہے۔ اردو میں حکیم عبدالعزیز بٹالوی نے جواہر النفیس کے نام سے اس کا ترجمہ مع شرح کیا ہے۔

۶۔ ترجمہ قول الحکیم تیاذق[2] فی حفظ الصحۃ[3] :۔ ہینڈلسٹ[4] ۲۵۵۹/۴، ۳ ص، نستعلیق، کاتب چنی لال کھتری ۱۱۲۵ھ فارسی و عربی مخطوط ہے۔ اس میں ۲۱ اشعار ہیں۔ ۱۱ اشعار عربی میں ہیں اور ۱۰ فارسی میں۔ حکیم تیاذق کے حفظ صحت سے متعلق اقوال کے عربی ترجمہ کا پہلا شعر ہے :

توق اذا استطعمت[5] ادخال مطعم　　علی مطعم من قبل فعل الہواضم

آخری شعر :۔ خصال بہا اوصی الحکیم تیاذق　　اخا العدل نوشیروان ملک الاعاجم

فارسی ترجمہ کا پہلا شعر ہے :

تا طعامی نگذرد از معدہ بالای آن　　ہر طعامی کان خوری باشد ترا عین زیان

آخری شعر :۔ پس بکن توفیر دائم بر بدن بشنو ز من　　کان بود بہر ستون، بہر قوای مردمان

۷۔ الارجوزۃ فی الفصول الاربعۃ[6] :۔ ہینڈلسٹ ۲۶۰۰/۴ (عربی) ۹ ص۔ اس میں ۱۳۸ اشعار ہیں۔ فصول اربعہ کی تعریف، افلاک کی گردش اور بروج وغیرہ سے پیدا شدہ عوارضات وامزجہ

---

۱۔ الجوہر النفیس ص ۳۱۱، از موسیٰ بن ابراہیم البغدادی، متوفی ۸۲۶ھ میں "اقطعہ" تحریر ہے۔

۲۔ حجاج بن یوسف، متوفی ۷۱۴ء کا طبیب خاص۔ ۹۰ ہجری میں "واسط" میں فوت ہوا۔ (تاریخ الاطبا ص ۱۲)

۳۔ حکیم سید ظل الرحمن نے اس کا نام "وصیۃ حفظ الصحۃ (قصیدہ میمنہ)" تجویز کیا ہے۔ (مقدمہ رسالہ جودیہ ص ۴۲)

۴۔ مطبوعہ فہرست مجمل میں اس کو ہینڈلسٹ ۲۵۵۹/۳ کے ساتھ شمار کیا گیا ہے۔ حالانکہ یہ ایک علاحدہ ارجوزہ ہے لیکن نسخہ مطبوعہ مصطفائی ۱۲۶۱ھ میں الارجوزۃ السینائیہ کے ساتھ ہے۔

۵۔ برلن کے نسخہ میں "اذا ما شئت" ہے۔ (مقدمہ رسالہ جودیہ ص ۴۲)

۶۔ مطبوعہ فہرست مجمل مفتاح الکنوز ص ۲۳۲، ج ۲ میں "رسالہ منظومہ لابن سینا" تحریر ہے۔ لیکن دوسرے تذکروں میں واضح طور پر "الارجوزۃ فی الفصول الاربعۃ" مذکور ہے۔

ا بیان ہے۔ آغاز مندرجہ ذیل شعر سے ہوتا ہے :

یقول راجی ربہ ابن سینا　　　ولم یزل بالله مستعینا

ور اختتام اس شعر پر:　محمد و آلہ و عترتہ　　　القائمین بعدہ بسنتہ

حکیم سید ظل الرحمٰن اس ارجوزہ کے ایک نسخے کی نشاندہی برلن کے کتب خانہ میں کرتے ہیں۔[1] ان کی
ریر کے بموجب اس ارجوزہ کا ابتدائی شعر یہ ہے :

اما الفصول اربع فی العام　　　دائرۃ فیھا علی الدوام

یکن یہاں کے نسخے میں ارجوزہ کا یہ پچیسواں شعر ادر ترمیم کے ساتھ اس طرح ہے :

ثم الفصول اربع فی العام　　　دائرۃ فیہ علی الدوام

طرح گویا یہاں کے نسخے میں ۲۴ اشعار زیادہ ہیں اور یہ نسخہ برلن کے نسخے سے زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔ مخطوطہ عربی نسخ میں ہے۔ کاتب
ا نام اور سنہ کتابت تحریر نہیں ہے۔ مطبوعہ فہرست مخطوطات مجل عربی مفتاح الکنوز، ج ۲، ص ۴۲۷ میں گیارہویں
صدی ہجری کا قرار دیا گیا ہے، لیکن میرے خیال میں اس سے زیادہ قدیم ہے۔

یہاں اس کا ایک دوسرا نسخہ ہینڈ لسٹ ۲۶۳۷/۳ بھی موجود ہے۔ یہ سات صفحات پر مشتمل ہے اور
۹ اشعار ملتے ہیں۔ ابتدائی شعر میں ترمیم کا پتہ چلتا ہے جو یہاں اس طرح ہیں :

یقول راجی عفو ربہ ابن سینا　　　ولم یزل بالله مستعینا

۲۵ ویں شعر میں بھی ترمیم ملتی ہے، شعر اس طرح ہے :

ثم الفصول اربعۃ فی العام　　　دائرۃ فیہ علی الدوام

یہ ارجوزہ مندرجہ ذیل پر ختم ہوتا ہے :-

وبعد ھذا انتظر الزمانا　　　معتدلا ایفا کما قد کانا[2]

ر ہینڈ لسٹ ۲۶۰/۱۲ میں اس کے بعد بھی ۳۹ اشعار ملتے ہیں۔ اس نسخے میں موسم سرما کا آخری شعر اسی کو
رار دیا گیا ہے جب کہ ہینڈ لسٹ ۲۶۰/۱۲ موسم سرما کے اختتام کے بعد دوسری بحث کا پہلا شعر قرار دیا گیا ہے۔
نسخہ خط نسخ میں ہے۔ کاتب کا نام اور سنہ کتابت تحریر نہیں ہے لیکن تقریباً بارہویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے۔

---

۱۔ مقدمہ رسالہ جودیہ ص ۱۵　　۲۔ ہینڈ لسٹ ۲۶۰/۱۲ میں مناسب ترمیم کے ساتھ شعر اس طرح ہے:

وبعد ھذا انتظر الزمان　　　معتدلا اذ کما قد کان

۸۔ الرسالۃ فی الفصد: ہینڈلسٹ ۲۵۵۹/۶ (عربی) ۳ص نستعلیق۔ یہ ۱۳ بابوں پر مشتمل ہے۔ اس میں فصد کی تعریف، اغراض و مقاصد، نقصانات، فصّاد کی ذمہ داریوں اور فصاد کھولنے کے بعد کے عوارضات کا ذکر ہے۔ کتابت نستعلیق میں ہوئی ہے۔ مخطوط تقریبًا تیرھویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے۔

یہاں اس کا ایک دوسرا نسخہ ہینڈلسٹ ۳۴۸۲ بھی موجود ہے، جو ۱۱ صفحات پر مشتمل ہے۔ چودھویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے۔

۹۔ الرسالۃ فی حفظ الصّحۃ: ہینڈلسٹ ۲۵۵۹/۷ (عربی) ۱۶ص۔ یہ ۱۳ ابواب پر مشتمل ہے۔ اس میں حفظ صحت اور اس کے مبادیات بیان کئے گئے ہیں۔ فصد، حجامت اور اسہال پر بھی ضمنی طور پر گفتگو کی گئی ہے۔ مخطوطہ خط نستعلیق میں ہے۔ خط کو مدنظر رکھتے ہوئے خیال گذرتا ہے کہ شاید اس کا کاتب بھی وہی ہے جس نے ہینڈلسٹ ۲۵۵۹/۶ کی کتابت کی ہے۔ اس طرح تخمینی طور پر اس کو بھی ۱۳ ویں صدی ہجری کا قرار دیا جاسکتا ہے۔

یہاں اس کا ایک دوسرا نسخہ ہینڈلسٹ ۳۴۸۳ بھی موجود ہے۔ یہ ۹ صفحات اور ۱۳ ابواب پر مشتمل ہے۔ خط نستعلیق میں ہے۔ ۱۴ ویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے۔

۱۰۔ الرسالۃ فی شطر الغب[۱]:۔ ہینڈلسٹ ۲۵۵۹/۸ (عربی) ۶ص نستعلیق۔ یہ ۶ صفحات اور ۶ فصول پر مشتمل ہے۔ اس میں شطر الغب کی شناخت، عوارضات اور اصول علاج کو بیان کیا گیا ہے۔ کاتب وہی ہے جس نے ہینڈلسٹ ۲۵۵۹/۶ و ۲۵۵۹/۷ کی کتابت۔ اس طرح یہ مخطوط بھی تقریبًا ۱۳ ویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے۔

یہاں اس کا ایک دوسرا نسخہ ہینڈلسٹ ۳۴۸۴ بھی ہے۔ یہ ۴ صفحات پر مشتمل ہے۔ خط نستعلیق میں ہے۔ کاتب کا نام اور سال کتابت تحریر نہیں ہے۔ اندازاً ۱۴ ویں صدی ہجری کا ہے۔

۱۱۔ الرسالۃ فی الحرارۃ الغریزیۃ[۲]:۔ ہینڈلسٹ ۲۵۵۹/۹ (عربی) ۵ص۔ جسم انسانی کی حرارتِ غریزیہ پر ایک فاضلانہ مضمون کے بطور متعارف ہے۔ خط نستعلیق میں ہے۔ کاتب کا نام اگرچہ تحریر

---

۱۔ مخطوطات کی مطبوعہ فہرست مجمل مفتاح الکنوز ص ۳۷۵، ج ۲ میں مصنف کے نام کا اندراج نہیں ہے۔ حالانکہ یہ ابن سینا کا مشہور رسالہ ہے۔

۲۔ چونکہ مخطوطہ میں رسالہ کا نام تحریر نہیں تھا۔ غالبًا اسی سبب مخطوطات کی مطبوعہ فہرست مجمل مفتاح الکنوز ص ۳۷۵، ج ۲ میں مصنف کے نام کا اندراج نہیں کیا گیا۔ یہ ابن سینا کے رسائل میں سے ایک ہے۔

نہیں ہے لیکن مجموعہ کی کتابت غالباً چنی لال نے امجد علی شاہ کے وقت میں ۱۲۶۱ھ کے قریب کی ہے۔ کیونکہ بعض مخطوطوں پر جو مہریں ثبت ہیں وہ واضح طور پر اس کی نشاندہی کرتی ہیں۔

یہاں اس کا ایک دوسرا نسخہ ہینڈلسٹ ۳۴۸۵ بھی ہے۔ یہ ۳ صفحات پر مشتمل ہے۔ خط نستعلیق میں ہے۔ ۱۴ ویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے۔

۱۲۔ الرسالۃ للشیخ فی الاسئلہ والجواب[۲]:۔ ہینڈلسٹ ۲۵۵۹/۱۵ (عربی) ۴ ص نستعلیق۔ یہ طب سے متعلق ان ۱۵ سوالوں کے جواب پر مشتمل ہے جو اس سے مختلف اوقات میں کئے گئے تھے۔ کتابت غالباً چنی لال نے ۱۳ ویں صدی ہجری میں کی ہے۔

یہاں اس کا ایک دوسرا نسخہ ہینڈلسٹ ۳۴۸۶ بھی ہے۔ یہ ۸ صفحات پر مشتمل ہے بطور فہرست مجمل مفتاح الکنوز ص۱۹۱، ج ۳ میں اس کا نام "مسائل معدودہ" درج ہے۔ خط نستعلیق میں ہے۔ ۱۴ ویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے۔

۱۳۔ الرسالہ الموسومہ بالفصول[۳]:۔ ہینڈلسٹ ۲۵۵۹/۱۶ (عربی) ۵۷ ص، اس میں ۸۷ فصول ہیں۔ اس میں ابن سینا کے ان خطبات کو جمع کیا گیا ہے جو انھوں نے درس میں دیئے تھے۔ خط نستعلیق میں اس کی کتابت چنی لال نے ۱۲۷۵ھ میں کی ہے۔

یہاں اس کا ایک دوسرا نسخہ ہینڈلسٹ ۳۴۸۷ بھی ہے۔ یہ ۳۱ صفحات پر مشتمل ہے۔ مطبوعہ فہرست مفتاح الکنوز ص۱۹۱، ج ۳ میں اس کا نام " رسالہ معرفۃ النفس والنبض[۴]" درج ہے۔ خط نستعلیق میں ہے۔ ۱۴ ویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے۔

---

۱۔ مخطوط میں "الرسالہ فی الحرارۃ" تحریر ہے۔

۲۔ مخطوطہ کے آغاز کی عبارت یہ ہے " ھذہ مسائل معدودۃ من املاء الشیخ الرئیس ابن علی سینا " مفتاح الکنوز ص۳۷۵، ج ۲ میں " رسالہ فی الاسئلہ والاجوبہ" تحریر ہے۔

۳۔ اختتام کی عبارت مندرجہ ذیل ہے، " تمت الرسالہ الموسومہ بالفصول المستفادہ من مجلس الشیخ الجلیل رئیس الحکماء ابن علی بن سینا "

۴۔ حکیم سید ظل الرحمٰن نے ابن سینا کے جن تین نادر مخطوطات کا ذکر کیا اور اس بات کی نشاندہی کی ہے کہ وہ صرف ہندوستان ... فی معرفۃ النفس و النبض " بھی ہے، اس کو وہ ابن سینا کے نادر رسا...

**۱۴۔ الرسالہ فی الھندباء:۔** ہینڈلسٹ ۳۴۷۹ (عربی) ۵ص۔ اس رسالہ کی تالیف کے محرکات میں، یہ بیان کیا گیا ہے کہ لوگوں نے ابن سینا سے ھندباء (کاسنی) کے منافع اور ھندباء غیر مغسول کے استعمال سے پیدا شدہ عوارضات کے بارے میں ایک رسالہ لکھنے کی فرمائش کی تو انھوں نے برجستہ یہ رسالہ لکھ ڈالا۔[1]

اس کو ڈاکٹر سہیل انور نے آستانہ سے شائع کرایا ہے۔ کتب خانہ مجلس شوریٰ میں یہی کتاب "رسالہ فی خواص الکاسنی" کے نام سے ہے ـــــــ خدا بخش لائبریری کا یہ مخطوطہ خط نستعلیق میں ہے۔ کاتب کا نام اور سنہ کتابت تحریر نہیں ہے۔ ۱۴ ویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے۔

**۱۵۔ الرسالۃ فی السکنجبین:۔** ہینڈلسٹ ۳۴۸۰ (عربی) ۴ص، نستعلیق۔ اس کو ابن سینا نے اپنے ایک معاصر[2] کے لئے سکنجبین کے فوائد پر لکھا تھا۔ اس میں سکنجبین سے متعلق قدیم یونانی اطبا کی آراء کا جائزہ لیا گیا ہے۔ ۱۴ ویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے۔ اس کا متعدد زبانوں میں ترجمہ بھی ہو چکا ہے اُردو ترجمہ حکیم تبارک کریم تکمیلی مرحوم نے کیا ہے۔

---

(پچھلے صفحہ کا حاشیہ)

"رسالہ فی النفس" اور رسالہ "فی النبض" کے علاوہ تیسرا رسالہ قرار دیتے ہیں اور کتب خانہ آصفیہ میں اس کی موجودگی کی نشاندہی کرتے ہیں، جب کہ خدا بخش لائبریری میں موجود "الرسالۃ الموسومہ بالفصول" اور "رسالہ معرفۃ النفس والنبض" ایک ہی رسالے ہیں۔ ایسی صورت میں جب تک نسخہ محفوظ آصفیہ حیدرآباد دیکھ نہیں لیا جاتا اس کی بابت حتمی طور پر کوئی بات نہیں کہی جا سکتی۔

۱۔ عبارت اس طرح ہے:۔ "سئل الشیخ الرئیس ابوعلی بن عبداللہ بن سینا رحمہ اللہ علیہ ان یملی کتاباً کاملۃ فی علۃ امرۃ باستعمال الھندباء غیر مغسول فاخذ الدرج وکتب ارتجالاً"

۲۔ عبارت اس طرح ہے:۔ "رسالۃ الشیخ الرئیس ابی الحسن بن عبداللہ بن سینا قدس نفسہ سألت یا ابا سعید اسعدک اللہ فی جمیع الرک ان ارسم لک جمل منافع الشراب المسمی سکنجبینا واعلمک الحق فی المساجۃ التی جرت بینک وبین نفر من الاطباء فی امر السکنجبین الساذج"

**۱۶- الادویۃ القلبیہ[1]:-** ہینڈ لسٹ نمبر ۳۳۸[2] (عربی) ۳۸ص، نستعلیق۔ اس میں قلب اور ادویہ قلبیہ کا جائزہ لیا گیا ہے۔ ابن سینا نے اس کو اپنی پہلی آمد ہمدان پر شریف سعید ابوالحسن علی بن حسین الحسینی کے لئے لکھا تھا ــــــ ابن سینا کے اس رسالہ پر متعدد زبانوں میں کام کیا گیا ہے۔ ہندوستان میں حکیم عبداللطیف فلسفی (متوفی ۱۹۷۰ء) نے اس پر کام کیا ہے اور ایک پُرمغز مقدمہ بھی سپرد قلم کیا ہے۔ بعض تذکرہ نگاروں کا خیال ہے کہ "القانون" کے بعد ابن سینا کی جس کتاب کی سب سے زیادہ پذیرائی ہوئی ہے وہ یہی ہے۔ نسخہ ۱۴ویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے۔

**۱۷- الرسالۃ فی القولنج:-** ہینڈ لسٹ نمبر ۳۴۸۸ (عربی) ۴۸ص، نستعلیق۔ اس میں تین مقالات ہیں جس میں امعاء، ان کے افعال، قولنج کی تعریف، اقسام اور اسباب و علامات کے علاوہ قولنج کے مریضوں کے تحفظ و علاج کا بھی ذکر ہے۔ ابن سینا نے اس رسالہ کو قید کے ایام میں قلعہ فردجان میں لکھا تھا۔ یہ رسالہ مکمل صورت میں نہیں پایا جاتا[3]۔ ۱۴ویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے ــــــ یہاں یہ بات بھی قابل غور ہے کہ ابن سینا جو قولنج کے علاج کا ماہر تھا، اور اس بنا پر شمس الدولہ کے دربار تک رسائی ہوئی تھی، مرض قولنج ہی میں فوت ہوا۔

**۱۸- رسالہ فی الکیمیا[4]:-** ہینڈ لسٹ نمبر ۲/۲۵۲۶ (عربی) ۹ص، نسخ ۹ فصلوں پر منقسم ہے۔ ابن سینا نے یہ رسالہ شیخ ابوالحسن سہل بن محمد السہیلی کی فرمائش پر لکھا تھا۔ مجموعہ ہینڈ لسٹ نمبر ۲۵۲۶ کے آخر میں کاتب کا نام سید اصغر حسن کشمیری تحریر ہے اور سال کتابت ۱۲۵۸ھ ہے۔ چونکہ مجموعہ کا خط ایک سا ہے اس لئے قوی احتمال ہے کہ کاتب نے ہر رسالہ کے اختتام پر نام لکھنے کی بجائے مجموعہ کے آخری رسالے پر نام لکھنا زیادہ مناسب تصور کیا ہو۔

---

۱- مطبوعہ فہرست مجمل مفتاح الکنوز ص ۱۹۱، ج ۳ میں "الاحکام الادویۃ القلبیہ" آئینہ سرگزشت ص ۳۱ میں "کتاب الادویۃ القلبیۃ" مقدمہ رسالہ جودیہ ص ۳۶ میں "الادویۃ القلبیۃ" اور ص ۳۶ پر "رسالہ فی احکام الادویۃ القلبیۃ" (کتاب الادویۃ القلبیۃ) لکھا ہے۔ انگریزی ترجمہ تفصیلی تعلیقات کے ساتھ حکیم محمد سعید صاحب اور حکیم عبدالحمید صاحب کے اہتمام سے ہمدرد (ہندوپاک) نے حال ہی میں شائع کیا ہے۔

۲- غالباً یہ وہی نسخہ ہے جس کی نشاندہی حکیم سید ظل الرحمٰن نے مقدمہ رسالہ جودیہ ص ۵۷ پر شفاء الملک حکیم سید مظاہر حسن پٹنہ کے ذاتی ذخیرہ میں کی ہے۔ میرے خیال میں موصوف نے شفاء الملک حکیم سید مظاہر احمد (متوفی ۱۹۵۸ء) کو غلطی سے شفاء الملک حکیم مظاہر حسن لکھ دیا ہے۔ شبہ اس لئے پیدا ہوتا ہے کہ یہ مخطوطہ اب شفاء الملک حکیم سید مظاہر احمد کے یہاں سے آکر خدا بخش لائبریری پٹنہ کے مخطوطات ــــــ میں موجود ہے نیز شفاء الملک کا خطاب یافتہ مظاہر حسن نام کا کوئی طبیب عظیم آباد میں نہیں گزرا۔ اس بارے میں میں نے حکیم محمد اسرار الحق مؤلف "تاریخ اطبائے بہار" سے بھی رجوع کیا تو انہوں نے بھی میری رائے سے اتفاق کیا۔ اس لئے شبہ کو اور بھی تقویت ملی۔

۳- عیون الانباء فی طبقات الاطباء، ورق ۱۷۹/ب قلمی نسخہ۔

۴- [illegible]

۱۹- رسالۃ مختصرۃ فی معرفۃ ترکیب الروح والنفس والجسد[1] : ہینڈ لسٹ ۲۵۲۶/۳

اس میں ۵ فصول ہیں جس میں تصعید، تحلیل، تجزیہ اور تدبیر وغیرہ کا ذکر ہے۔ کتابت غالباً سید اصغر حسن کشمیری کی ہے۔ اس لحاظ سے تقریباً ۱۲۵۰ھ میں کتابت ہوئی ہوگی۔ یہ ۹ صفحات پر مشتمل ہے۔

۲۰- القانون فی الطب : ابن سینا کی شہرۂ آفاق اور مہتم بالشان تالیف ہے۔ نظامی عروضی سمرقندی نے لکھا ہے کہ "اگر بقراط و جالینوس کو حیات نو مل جائے تو وہ ابن سینا کے قانون کے آگے سجدہ ریز ہوں"[2]۔ سر ولیم آسلر نے اسے "میڈیکل بائبل" کہا ہے[3] ــــ ابن سینا نے جرجان میں قیام کے دوران ابو محمد شیرازی کے مکان میں "القانون" لکھنا شروع کیا تھا جس کی تکمیل ہمدان میں ہوئی۔ القانون کی پذیرائی ابن سینا کی حیات[4] میں شروع ہوگئی تھی۔ اس کی شروح و حواشی کا آغاز بھی ابتدائی عہد سے ہوگیا تھا۔ دنیا کی تمام علمی زبانوں، لاطینی، فرانسیسی، جرمنی، ازبکستانی، انگریزی، عبرانی، فارسی اور اردو میں اس کے ترجمے ہوئے اور شرحیں لکھی گئیں۔ ایسا لگتا ہے کہ قرون وسطیٰ میں عربی میں اس کی شرح حاشیہ یا تلخیص معیار علم اور کمال فن کے لئے ضروری سمجھا گیا تھا۔ یہ کچھ اس عہد کا مزاج بھی تھا۔ لیکن کسی طبی کتاب کی نہ اس قدر شرحیں لکھی گئیں اور نہ اس کثرت و عقیدت سے کسی کا مطالعہ کیا گیا۔[4]

دس لاکھ سے زیادہ الفاظ پر مشتمل یہ تصنیف محض ایک کتاب نہیں ہے، بلکہ تمام طبی علوم کا مجموعہ ہے جس میں ہر شعبۂ فن پر تفصیلی بحث کی گئی ہے[5]۔ اس میں پانچ کتابیں شامل ہیں۔ پھر ہر کتاب کی متعدد قسمیں ہیں جن کو فنون، تعلیم، مقالات اور فصول وغیرہ میں تقسیم کیا گیا ہے۔

یہاں اس کے متعدد قیمتی نسخے موجود ہیں، جن کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

ہینڈ لسٹ نمبر ۲۱۶۰ "القانون" کے کتاب اول پر مشتمل یہاں کے "القانون" کا قدیم مخطوطہ ہے۔ اس میں ۴۴۲ صفحات ہیں۔ کاتب کا نام تحریر نہیں ہے۔ خط نسخ میں اس کی کتابت ۷۲۶ھ میں ہوئی۔ ناقص الآخر ہے۔

ہینڈ لسٹ نمبر ۲۱۵۴ "القانون" کے کتاب اول و ثانی[6] پر مشتمل ہے۔ اس میں ۳۲۰ صفحات ہیں۔ اس کی کتابت نفیس خط نسخ میں حسین بن محمد بن محمود الکرمانی نے ۱۰۱۲ھ میں کی ہے۔

---

(بقیہ حاشیہ پچھلے صفحہ کا) لیکن مخطوطہ میں یہ عبارت کہیں بھی مندرج نہیں ہے۔ مخطوطہ کی ابتدائی عبارت اس نام کی نشاندہی کرتی ہے "فصل مختصر فی معرفۃ ترکیب الروح والجسد" آئینہ سرگذشت صفحہ ۲۳ میں غالباً اسی کا نام "رسالہ الی السہلی فی امر مستور الکیمیا" تحریر ہے۔

۱- مخطوطہ میں صرف "معرفۃ ترکیب الروح والنفس والجسد" تحریر ہے۔

۲- چہار مقالہ مع حواشی گب ایڈیشن ص ۷۱

۳- بحوالہ مقدمہ رسالہ جودیہ ص ۴۹

۴- مقدمہ رسالہ جودیہ ص ۵

۵- 'معارف' جون ۱۹۶۵ء

۶- مطبوعہ فہرست مجمل مفتاح الکنوز ص ۲۵۳ ج ۱ میں اس کو صرف "جلد اول" قرار دیا گیا ہے، جو درست نہیں ہے، کہ اس میں "القانون" کی کتاب الثانی بھی شامل ہے۔

ہینڈلسٹ ۲۱۵۵، "القانون" کی کتاب ثالث[1] پر مشتمل ہے۔ اس میں ۴۳۸ صفحات ہیں۔ اس کی کتابت
[نفی]س خط نسخ میں حسین بن محمد بن محمود الکرمانی نے ۹۱۷ھ میں کی ہے۔

ہینڈلسٹ ۲۱۵۶، "القانون" کی کتاب الرابع والخامس[2] پر مشتمل ہے۔ ہینڈلسٹ ۲۱۵۵ کی کتاب الثالث
[کا] آخری صفحہ بھی اس میں شامل ہے۔ اس میں ۸۸۸ صفحات ہیں۔ اس کی کتابت نفیس خط[3] نسخ میں حسین بن محمد بن محمود الکرمانی
[نے] ۸ ربیع الآخر ۹۱۷ھ میں کی ہے۔

ہینڈلسٹ ۲۱۵۷، "القانون" کی کتاب ثالث اور رابع کی ناکمل جلد پر مشتمل ہے۔ اس میں
۹۱ صفحات ہیں۔ خط نستعلیق میں ہے۔ کاتب کا نام اور سنہ کتابت تحریر نہیں ہے۔ تقریباً ۱۲ویں صدی ہجری کا ہے۔

ہینڈلسٹ ۲۱۵۸، "القانون" مکمل ہے۔ اس میں ۹۲۰ صفحات ہیں۔ نفیس خط نسخ میں کتابت ہوئی ہے۔
[کات]ب کا نام اور سنہ کتابت تحریر نہیں ہے۔ تقریباً ۱۱ویں صدی ہجری کا ہے۔

ہینڈلسٹ ۲۱۵۹، "القانون" کتاب اوّل پر مشتمل ہے۔ اس میں ۲۲۲ صفحات ہیں۔ کاتب کا نام اور
[سا]ل کتابت درج نہیں ہے۔ تقریباً ۱۳ویں صدی ہجری کا ہے۔

ہینڈلسٹ ۲۳۰۱، "القانون" مکمل، اس میں ۱۳۲۶ صفحات ہیں۔ نفیس خط نسخ[4] میں اس کی کتابت
[...]ابن خلال بن امین المتطبب الصدیقی نے کی ہے۔ مفتاح الکنوز ۱۹۵، ج ۳ اور مخطوطہ پر حکیم سید مظاہر احمد
[کے] ایک نوٹ کے مطابق سال کتابت ۱۰ ربیع الاوّل ۸۷۳ھ ہے۔ لیکن میرے خیال میں "سبع عشر ربیع الاوّل" (۱۷
ربیع الاوّل) ہے۔ "سبع" کی "س" اور "ع" کے بالائی دائرہ کو دانستہ طور پر کھرچنے کے نشانات ملتے ہیں۔ "ب"
[کا] نقطہ اور "ع" کا زیریں حصہ واضح ہے۔ یہی نہیں بلکہ شفاء الملک حکیم سید مظاہر احمد کلیکشن میں جس قدر کتابیں
[مخط]وطہ) یہاں دیکھنے کو ملیں متعدد میں اس طرح کی تحریف یا سیاہی گرا دینے کا عمل ملا ہے۔

---

[1] مطبوعہ فہرست مجمل مفتاح الکنوز ۲۵۳، ج ۱ میں اس کو "جلد ثانی" لکھا گیا جو درست نہیں ہے۔

[2] فہرست " " " " میں اسے "جلد ثالث" لکھا گیا ہے۔ حالانکہ اس میں "القانون" کی کتاب الثالث
کا آخری ورق اور کتاب الرابع والخامس شامل ہیں۔ [3]۔ مفتاح الکنوز ۲۵۳، ج اول میں خط نستعلیق درج ہے حالانکہ یہ
نفیس خط نسخ میں ہے۔ [4]۔ اضافی ورق الف ۱ پر مندرجہ ذیل کتابوں کا نام مذکور ہے :- المجموع، الحاصل
المحصول، البر والاثم، القانون، الشفا، الارصاد الکلیہ، الانصاف، النجاۃ، الھدایۃ، الاشارات،
مختصر الاوسط، العلائی، لسان العرب، الادویۃ القلبیہ، الموجز، کتاب المعاد، کتاب المبدء والمعاد
فی الحکمۃ، الآلۃ الرصدیہ، عرض قاطیغوریاس، المجلاد، الاجزاء ــــ ورق الف ۱ پر تحریر ہے :ــ
[کتا]ب القانون فی الطب لابو علی الشیخ الرئیس ابن سینا مع بعض تالیفہ وھو علم المنطق وعلم الطبیعی و
الکلام" لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس میں صرف "القانون فی الطب" ہی ہے۔
مطبوعہ فہرست مجمل مفتاح الکنوز ۱۹۵، ج ۳ میں "خط نستعلیق" تحریر ہے جو درست نہیں ہے۔ کتاب نسخ میں ہے۔
[illegible]

ہینڈلسٹ نمبر ۷۰-۳۴۶۹ "القانون" کی کتاب الثالث[1] پر مشتمل ہے۔ اس میں ۵۹۶ صفحات ہیں۔ خط نستعلیق میں ہے۔ کاتب کا نام تحریر نہیں ہے۔ سنہ کتابت ۱۲ محرم الحرام ۱۲۶۰ھ ہے۔

ہینڈلسٹ نمبر ۷۱-۳۴۷۱ "القانون" کی کتاب الاول والثانی[2] پر مشتمل ہے۔ اس میں ۴۴۰ صفحات ہیں۔ خط نستعلیق میں ہے۔ کاتب کا نام اور سنہ کتابت تحریر نہیں ہے۔ چونکہ طرز تحریر ہینڈلسٹ نمبر ۷۰-۳۴۶۹ کی طرح ہے اس لئے ۱۲۶۰ھ کا معلوم ہوتا ہے۔

ہینڈلسٹ نمبر ۷۳-۳۴۷۲ "القانون" کی کتاب الرابع والخامس پر مشتمل ہے۔ اس میں ۳۸۴ صفحات ہیں۔ خط نستعلیق میں ہے۔ کاتب کا نام اور سنہ کتابت تحریر نہیں ہے۔ طرز کتابت ہینڈلسٹ نمبر ۷۰-۳۴۶۹ کا سا ہے اس لئے ۱۲۶۰ھ کا تصور کیا جا سکتا ہے۔

۲۱۔ **التدارک نوع خطاء التدبیر**[3]: ہینڈلسٹ نمبر ۳۴۹۳ (عربی) ص ۱۰۷، نستعلیق۔ اس میں ، مقالات ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں :- فی تعدیل انواع الخطا ، فی الھواء الحار ، فی مضاد الحمام الان یکون ھواء الحمام معتدلاً ، فی ذکر الاغذیۃ ، فی الشراب ، فی الحرکات ، فی امر الاستفراغ من الحوجہ الفصد ۔ مشہور ہے کہ اس کو ابن سینا نے ابوالحسن احمد بن محمد السہلی کی فرمائش پر لکھا تھا[4]۔ اس کی کتابت جمادی الآخر ۱۲۷۶ھ میں لکھنؤ میں ہوئی۔ کاتب کا نام معلوم نہیں ہو سکا۔

۲۲۔ **رسالہ کیمیا**: ہینڈلسٹ نمبر ۳۴۷۹ (فارسی) ص ۲۲، نستعلیق۔ اس میں کیمیا اور اس کے مادیات سے گفتگو کی گئی ہے۔ اس میں ۶ فصول ہیں۔ اس کے مباحث اور عربی طبی مخطوطہ ہینڈلسٹ نمبر ۲۵۲۶/۲ کے مباحث ایک سے ہیں، لیکن عربی مخطوطہ ۹ فصلوں پر مشتمل ہے اور اس فارسی مخطوطہ میں صرف ۶ فصول ہیں۔ یہ ۱۳ ویں صدی ہجری کا نسخہ معلوم ہوتا ہے۔

---

۱۔ مطبوعہ فہرست مجمل مفتاح الکنوز صفحہ ۱۹۲، ج ۳ میں اس کو کتاب القانون "الجزء الاول والثانی" تحریر کیا گیا ہے جو درست نہیں ہے اختتام بلکہ یہ ہے "تمت الکتاب الثالث من القانون"۔ ۲۔ مطبوعہ فہرست مجمل مفتاح الکنوز صفحہ ۱۹۲، ج ۳ میں کتاب "القانون" جزء الثالث تحریر ہے جو درست نہیں ہے۔ ۳۔ اس مخطوطہ کے متعدد نام ملتے ہیں مثلاً : "دفع المضار الکلیۃ عن الابدان الانسانیۃ"۔ "کتاب التدارک لانواع خطاء التدبیر"۔ "کتاب التدارک لانواع خطاء فی التدبیر" مقدمہ رسالہ جودیہ صفحہ ۱۲، صفحہ ۵۵، آئینہ سرگزشت صفحہ ۲۳ میں "مقالہ فی تدارک الخطاء الواقع فی التدبیر المطلق" تحریر ہے۔ ۴۔ مطبوعہ فہرست مجمل مفتاح الکنوز صفحہ ۱۹۹، ج ۳ میں ابن سینا کو اس مخطوطہ کا اور عبداللہ ابوالحسن السہلی کو اس کا مؤلف قرار دیا گیا ہے۔ جبکہ نفس مخطوطہ میں صرف اس قدر واضح ہے کہ یہ کتاب ابوالحسن احمد بن محمد السہلی کے لیے لکھی گئی تھی۔ حکیم سید ظل الرحمان کی تحقیق بھی یہی ہے (مقدمہ رسالہ جودیہ صفحہ ۱۲)۔

۲۳- رسالہ فی معاد النفس[1] :- ہینڈ لسٹ ۲۵۹۰/۴ (عربی) ص ۳، نستعلیق۔ ابن سینا نے اسے اپنے تلمیذ خاص ابو عبید جوزجانی کے لیے لکھا تھا۔ اس میں نفس سے متعلق مشکلات کا حل پیش کیا گیا ہے۔ ۱۲ویں صدی ہجری کا نسخہ معلوم ہوتا ہے۔

۲۴- کتاب المبداء والمعاد[2] :- ہینڈ لسٹ ۲۵۹۰/۵ (عربی) ص ۷۰، نستعلیق۔ اس مخطوطہ میں ۳ مقالات ہیں اور ہر مقالہ چند فصلوں پر منقسم۔ اس میں مبدأ اول، وحدانیت، تعدید صفات، بقاے نفس انسانی اور آخرت وغیرہ کے بیانات شامل ہیں۔ ابن سینا نے اس کو ابو محمد شیرازی[3] اور مجد الدولہ کی طرف انتساب کیا تھا۔ یہ نسخہ ۱۲ویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے۔

۲۵- رسالۃ الفردوس[4] : ہینڈ لسٹ ۲۵۹۰/۶ ، (عربی) ص ۲۴، نستعلیق۔ اس میں معاد کی ماہیت، وجود معاد، تناسخ، نیز موت کے بعد کے احوال و طبقات وغیرہ کا بیان ہے۔ اس مجموعہ کے ۲۵۹۰/۷ میں کاتب کا نام عبد الکریم تحریر ہے۔ چونکہ خط بالکل ایک سا ہے اس لیے خیال گزرتا ہے کہ ممکن ہے اس کی بھی کتابت عبد الکریم کے ہاتھوں ہی ہوئی ہو۔ تقریباً ۱۲ویں صدی ہجری کا نسخہ ہے۔

۲۶- اجوبۃ المسائل العشرۃ :- ہینڈ لسٹ ۲۵۹۰/۷ (عربی) ص ۶، نستعلیق۔ ابن سینا کا یہ عربی مخطوطہ ۶ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس میں ۱۰ سوالوں کے جواب ہیں، جو ابن سینا سے مختلف مواقع پر کیے گئے تھے۔ کتابت عبد الکریم نے ۹ ذی القعدہ ۱۱۳۹ھ میں انجام دی ہے ——— یہاں اس کا ایک دوسرا نسخہ[5] بھی موجود ہے جس کا ہینڈ لسٹ ۲۶۳۱/۱۴ ہے۔ یہ ۴ صفحات پر مشتمل ہے۔ خط نستعلیق میں ہے۔ کاتب کا نام اور سنہ کتابت درج نہیں ہے۔ تقریباً ۱۱ویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے۔

---

۱- مخطوطہ میں "رسالہ فی معاد امر النفس" تحریر ہے۔ ۲- مطبوعہ فہرست مجمل مفتاح الکنوز ص ۲۲۳ جلد دوم میں "رسالہ فی المبداء والمعاد" تحریر ہے۔ لیکن آئینہ سرگذشت ص ۳۰ میں اس کا نام "کتاب المبدأ والمعاد" تحریر ہے۔

۳- آئینہ سرگذشت ص ۳۰ جلال تذکرہ ابن سینا میں ابن سینا کو صرف ابو محمد شیرازی کا پڑوسی قرار دیتے ہیں اور اس کتاب کو ابو عبید جوزجانی کے لیے تصنیف کرنے کی بات کرتے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں" تذکرہ ابن سینا ص ۱۴۱ و ص ۱۵۰ از جلال ص ۱۵۳ در سکیشن خدا بخش لائبریری۔ ۴- مخطوطہ میں ایک اضافی تحریر میں "اضحیۃ فی امر المعاد" درج ہے۔ لیکن اس کے اختتام پر "الفردوس" واضح طور پر تحریر ہے: آئینۂ سرگذشت میں ص ۳۳ میں اس کا نام "الرسالۃ الاضحویۃ فی المعاد"

۵- اگرچہ دونوں نسخے ایک ہی ہیں۔ لیکن مطبوعہ فہرست مجمل مفتاح الکنوز ص ۲۱۹ و ص ۲۵۷ جلد دوم میں فن حکمت اور فن ہیئت میں شمار کیا گیا ہے۔

۶- مطبوعہ فہرست مجمل مفتاح الکنوز ص ۲۵۴، ج ۲، اس کا شمار ۲۶۳۱/۱۹ کے ضمن میں کیا گیا

۲۷- رسالہ فی تحقیق جوهر الاجسام السماویۃ[1]:- ہینڈ لسٹ ۸/۲۵۹۰ (عربی) ص ۱۰،
نستعلیق۔ اجرام سماویہ سے متعلق متعدد فصول ہیں۔ مباحث بڑے وقیع ہیں۔ مخطوطہ میں ابن سینا کا کہیں بھی نام نہیں ہے۔
اندازہ ہے کہ عبدالکریم کے ہاتھوں ۱۱۳۹ھ میں کتابت ہوئی ہے۔

۲۸- التعلیقات[2]: ہینڈ لسٹ ۱/۲۶۲۱، ابن سینا کا یہ عربی مخطوطہ منطق، طبیعیات اور
الٰہیات کے مباحث پر مشتمل ہے۔ اس میں ۱۸ صفحات ہیں، خط نستعلیق میں ہے۔ کاتب کا نام اور سال کتابت درج نہیں
ہے۔ تقریباً ۱۱ویں صدی ہجری کا ہے۔

۲۹- الرسالہ فی الحروف[3]: ہینڈ لسٹ ۱۰/۲۶۳۱ (عربی) ص ۴، نستعلیق۔ اس کو ابومنصور
محمد بن علی کی فرمائش پر لکھا گیا تھا۔ یہ ۶ فصول پر منقسم ہے۔ اس میں حروف کی پیدائش، تعریف اور حنجرہ و زبان وغیرہ
کی تشریح بیان کرتے ہوئے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ آواز ہوا کی لہروں سے پیدا ہوتی ہے اور اس کی ترسیل
بھی اسی کے ذریعہ ہوتی ہے۔ ۱۱ویں صدی ہجری کا نسخہ معلوم ہوتا ہے۔

۳۰- مختصر الحدود[4][5]: ہینڈ لسٹ ۵/۲۶۳۸ (عربی) ص ۵، نستعلیق۔ اس میں نقطہ،
حد، حرارت، برودت، یبوست، رطوبت، خشونت، صلب، اور سن وغیرہ کی تعریف بیان کی گئی ہیں۔ یہ نسخہ
۱۱ویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے۔

۳۱- رسالہ فی قوی روح الانسان[6]: ہینڈ لسٹ ۱۱/۲۶۳۱، ابن سینا کا یہ عربی مخطوطہ
فن حکمت میں ہے۔ ۶ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس میں روح کی تقسیم اور اسی سے متعلق مباحث ملتے ہیں۔ نفیس خط نستعلیق میں ہے
کاتب کا نام اور سنہ کتابت تحریر نہیں ہے۔ تقریباً ۱۱ویں صدی ہجری کا ہے۔

---

۱- نظام الدین گیلانی متوفی ۱۰۵۹ھ نے تذکرہ بوعلی سینا عربی ہینڈ لسٹ ۲۱/۲۶۳۱ میں اس کا نام "رسالہ فی معرفۃ الاجرام السماویہ" لکھا ہے۔ آئینہ سرگذشت ص۳۳ میں غالباً اسی کو "مقالہ فی الاجرام السماویہ" لکھا گیا ہے۔

۲- مفتاح الکنوز ص۴۵۶ ج ۲ میں مصنف کا نام درج ہونے سے رہ گیا جب کہ مخطوطہ میں ابن سینا کا نام واضح طور پر تحریر ہے، غالباً یہ مخطوطہ "تعلیقات استفادھا ابو الفرج الہمدانی الطبیب من مجلسہ وجوابات لہ" سے مختا

۳- اسی کو آئینہ سرگذشت ص۳۱ میں "مقالہ فی اسباب حدوث الحروف ومخارجہا" کے نام سے درج کیا گیا ہے۔ یہ رسالہ اصفہان میں لکھا گیا۔ ڈاکٹر پرویز ناتل خانلری نے اس کو نہایت اہتمام سے شائع کرایا ہے۔ معارف، ص۳۶۴، ۱۹۶۵ء۔

۴- مطبوعہ فہرست مفتاح الکنوز ص۴۵۶ ج ۲ میں اس کو ۵/۲۶۳۱ کے تحت درج کیا گیا ہے، جو میرے خیال میں درست نہیں ہے۔ ۵- آئینہ سرگذشت ص۳۱ میں اس کو "کتاب الحدود" لکھا گیا ہے۔

۶- مخطوطہ کی ایک اضافی تحریر کے مطابق اس کا نام "ترجمہ کلام ابن سینا" ہے۔

۷- مطبوعہ فہرست مجمل مفتاح الکنوز ص۴۵۶ ج دوم میں ۱۱/۲۶۳۱ کے تحت درج ہے۔ میرے خیال میں درست نہیں ہے

۳۲ - الاشارات والتنبیہات : ہینڈلسٹ ۱۸۵۵، ۱۶۸ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس میں منطق، طبیعات اور الٰہیات کے مباحث شامل ہیں۔ یہ ابن سینا کی آخری تصنیف ہے۔ جسے وہ نااہلوں سے محفوظ رکھنا چاہتا تھا[1]۔ سال کتابت ۵۲۰ھ ہے۔

ابن سینا کی اس کتاب کی ایک تلخیص فخرالدین رازی نے 'لباب الاشارات' کے نام سے کی ہے۔ بعد میں نصیرالدین محمد الطوسی نے پھر اس کی شرح 'حل المشکلات للاشارات والتنبیہات' کے نام سے کی، ابن النقف المسیحی نے بھی 'شرح الاشارات' کے نام سے اس کی شرح لکھی ہے[2]۔

یہاں ہینڈلسٹ ۲۶۳۱/۴۸ کے تحت فہرست 'الہباج والاغلاط الاشارات' بھی ہے[3] - یہ صرف دو صفحات پر مشتمل ہے۔ خط نستعلیق میں ہے۔ کاتب کا نام اور سال کتابت تحریر نہیں ہے۔ ۱۱ویں صدی ہجری کی ہے۔

۳۳ - الاشارات والتنبیہات (فارسی) : ہینڈلسٹ ۱۸۵۸ - ایک فارسی نسخہ بھی یہاں موجود ہے۔ یہ ناکمل حالت میں صرف ۵ صفحات پر مشتمل ہے۔ نفیس خط نستعلیق میں ہے۔ کاتب کا نام اور سال کتابت درج نہیں ہے۔ تقریباً ۱۱ویں صدی ہجری کا ہے۔

۳۴ - کتاب الشفا : ہینڈلسٹ ۱۹۰۴/۶ (عربی)، ص ۴۴۰ ۴۴۰ + ۴۸ ۲ + ۱۶۸ - نستعلیق۔ یہ کتاب منطق، طبیعات، ریاضیات اور الٰہیات (حکمت) میں ہے۔ یہاں اس کی تین جلدیں ہیں لکھی ہوئی ۱۳ویں صدی ہجری۔

کتاب الشفا ابن سینا کی مشہور ترین کتابوں میں سے ایک ہے۔ اس کو انہوں نے امیر شمس الدولہ کے دربار میں وزارت کے عہدے پر ہوتے ہوئے اپنے شاگرد ابوعبید جوزجانی کے لیے لکھنا شروع کیا تھا۔ دراصل ابوعبید جوزجانی نے ابن سینا سے درخواست کی تھی کہ وہ ارسطو کی کتاب کی شرح لکھے۔ جواب میں ابن سینا نے کہا مجھ کو اس وقت اس طرح کے کام کی فرصت تو نہیں ہے لیکن اگر تم پسند کرو تو ایک ایسی کتاب لکھوں جس میں وہ علوم جو میرے نزدیک درست ہیں ان کی ترجمانی کروں، نہ تو مخالفوں سے مناظرہ ہو اور نہ ہی ان کے خیالات کی تردید ہو، تو البتہ ہو سکتا ہے۔ چنانچہ ابوعبید جوزجانی نے اس پر اپنی رضامندی ظاہر کی اور ابن سینا نے اس کے لیے "کتاب الشفا" لکھنا شروع کیا اور تکمیل صرف قوت حافظہ سے کر ڈالی[4]۔

یہاں ہینڈلسٹ ۲۶۳۱/۴۷ کے تحت فہرست فنون الشفا

---

۱- آئینہ سرگذشت ص۳۵، شائع کردہ سنٹرل کونسل فار ریسرچ ان یونانی میڈیسن، نئی دہلی۔
۲- حکیم سید غلام مہدی کے غیر مطبوعہ مقالے "ابن القف" - "حیات اور کارنامے" سے ماخوذ۔
۳- اس کا اندراج مطبوعہ فہرست مجمل مفتاح الکنوز کی کسی بھی جلد میں نہیں ملتا۔
۴- ابن سینا نے اس کو ۱۸ جلدوں میں لکھا ہے "عیون الانباء فی طبقات الاطباء" ورق ۱۴۳ الف قلمی نسخہ۔
۵- آئینہ سرگذشت ص۱۸۔

کے نام سے ۴ صفحات پر مشتمل ایک مخطوطہ ہے۔ اس کی کتابت نفیس خط نستعلیق میں ہوئی ہے۔ کاتب کا نام اور سال کتابت تحریر نہیں ہے۔ تقریباً ۱۱ویں صدی ہجری کا ہے۔

• ہینڈ لسٹ[1] ۲۶۴۱/۱۲ ؛ الشفا کا ایک ورق ؛ دو صفحات پر مشتمل ہے۔ اس میں[2] حکمت کے اقسام اور ان کی ذیلی تقسیم کا بیان ہے۔ نفیس خط نستعلیق میں ہے۔ کاتب کا نام اور سال کتابت درج نہیں ہے۔ تقریباً ۱۱ویں صدی ہجری کا ہے۔

• یہاں ہینڈ لسٹ ۲۶۴۱/۱۳ کا فارسی نسخہ بھی موجود ہے، جو دو صفحات پر مشتمل ہے اور ہینڈ لسٹ ۲۶۴۱/۲۲ ہے۔ نفیس خط نستعلیق میں ہے۔ کاتب کا نام اور سال کتابت تحریر نہیں ہے۔ تقریباً ۱۱ویں صدی ہجری کا ہے۔

• ہینڈ لسٹ ۲۸۲۲، ابن سینا کا یہ عربی مخطوطہ "کتاب الشفا" کی "الٰہیات" کی بحث پر مشتمل ہے۔ اس میں کوئی ۳۳۶ صفحات ملتے ہیں۔ نفیس خط نستعلیق میں اس کی کتابت عطاء اللہ نے دوشنبہ ۲۳ شوال ۱۰۸۳ھ میں کی ہے۔

۳۵- رسالہ فی تحقیق الزاویہ[3]:- ہینڈ لسٹ ۲۶۳۱/۱۱[4] (عربی) ص ۲، نستعلیق۔ یہ کتاب علم ہیئت میں ہے۔ موجودہ صورت میں ۴ فصلوں پر مشتمل ہے۔ اس میں زاویہ کا تحقیقی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ ۱۱ویں صدی ہجری کا نسخہ معلوم ہوتا ہے۔

۳۶- الرسالۃ النوروزیۃ: ہینڈ لسٹ ۲۶۳۱/۱۳[5]، (عربی) ص ۲، نستعلیق، یہ کتاب علم ہیئت میں ہے۔ ۲ صفحات اور ۳ فصول پر مشتمل ہے۔ اس میں موجودات کی ترتیب[6] اور تکوین عالم وغیرہ کا ذکر ہے۔ ۱۱ویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے۔

یہاں اس کا ایک دوسرا نسخہ ہینڈ لسٹ ۲۶۴۱/۳۳[7] بھی ہے۔ یہ ناقص الآخر اور صرف ایک صفحہ پر مشتمل ہے۔ نفیس خط نستعلیق میں ہے۔ کاتب کا نام اور سال کتابت تحریر نہیں ہے۔ تقریباً ۱۱ویں صدی ہجری کا ہے۔

۳۷- رسالہ فی النفس:- ہینڈ لسٹ ۲۶۳۱/۱۲[8] (عربی) ص ۹، نستعلیق۔ یہ کتاب علم ہیئت میں ہے۔ ۹ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس میں ۱۰ فصول ہیں۔ نفس سے متعلق کامیاب بحثیں ملتی ہیں۔ ۱۱ویں صدی ہجری کا ہے۔

---

۱- مطبوعہ فہرست مجمل مفتاح الکنوز ص ۴۶۲، ج ۲ میں اس کو "ورق واحد من کتاب الشفاء" لکھا گیا ہے اور مجموعہ کا ۱۲واں مخطوطہ شمار کیا گیا ہے۔
۲- ممکن ہے اس کا نام "مقالہ فی اقسام الحکمت" ہی ہو۔ کیونکہ آئینہ سرگزشت ص ۳۲ پر اس کتاب کا اندراج ہے۔
۳- مخطوطہ میں "رسالہ فی تحقیق حقیقۃ الزاویہ" تحریر ہے۔ آئینہ سرگزشت ص ۳۱ میں رسالہ ابی سہل المسیحی فی الزاویہ کے تحت غالباً یہی رسالہ ہے۔ ۴- مطبوعہ فہرست مفتاح الکنوز ص ۴۵۶ ج ۲ میں یہ ۲۶۳۱/۶ کے تحت درج ہے۔
۵- مطبوعہ فہرست مفتاح الکنوز ص ۴۵۶، ج دوم میں یہ ۲۶۳۱/۸ کے تحت درج ہے۔ ۶- مخطوطہ میں ایک الحاقی تحریر میں اس کا نام "رسالۃ الشیخ فی بیان مقدمات" درج ہے۔ اس رسالے کا اندراج مطبوعہ فہرست مجمل مفتاح الکنوز میں مجموعہ ہینڈ لسٹ ۲۶۴۱ کے تحت نہیں ملتا۔ ۷- مخطوطہ میں کہیں بھی ابن سینا کا نام درج نہیں ہے۔
۸- مطبوعہ فہرست مجمل مفتاح الکنوز ص ۴۵۶، ج ۲ ... ۲۶۳۱/۱۰ کے تحت ... ہے۔

# اشاریہ

خدابخش لائبریری پٹنہ میں ابن سینا کے مخطوطات کی حروف تہجی کے اعتبار سے فہرست مندرجہ ذیل ہے۔ یہ مخطوطات جن دوسری لائبریریوں پائے جاتے ہیں ان کی نشاندہی کر دی گئی ہے:

۱۔ اجوبۃ المسائل العشرۃ۔ ۲۔ الادویۃ القلبیۃ۔ رضارام پور، عرفانیہ ٹونک، مکتبہ قونیہ، حمیدیہ، ۳۔ الارجوزۃ السینائیۃ ۴۔ الارجوزۃ فی الفصول الاربعۃ۔ ۵۔ (الرسالۃ) للشیخ فی الاسئلۃ و الجواب، رضارامپور، ۶۔ الاشارات والتنبیہات، رضارامپور، سلطان احمد استنبول۔ ۷۔ (رسالۃ) فی تحقیق جوہر الاجسام السماویۃ، رضارامپور۔ ۸۔ التدارک نوع خطا والتدبیر، آصفیہ، رضارامپور، حمیدیہ۔ ۹۔ رسالۃ فی معرفۃ ترکیب الروح والنفس الجسد، ۱۰۔ التعلیقات، رضارامپور۔ ۱۱۔ رسالۃ فی تفسیر قل اعوذ برب الفلق، رضارامپور، حمیدیہ ترکی۔ ۱۲۔ رسالۃ فی تفسیر قل اعوذ برب الناس، رضارامپور، حمیدیہ ترکی۔ ۱۳۔ رسالۃ فی تفسیر قل ھو اللہ احد، رضارام پور، حمیدیہ ترکی۔ ۱۴۔ مختصر الحدود۔ ۱۵۔ (الرسالۃ) الفرق بین الحرارۃ الغریزیۃ والغریبۃ۔ رضارامپور۔ ۱۶۔ (الرسالۃ) فی الحروف، رضارام پور، عرفانیہ ٹونک، حمیدیہ ترکی۔ ۱۷۔ (الرسالۃ) فی حفظ الصحۃ۔ آ[illegible] رضارام پور۔ ۱۸۔ (رسالۃ) فی تحقیق الزاویۃ۔ ۱۹۔ (الرسالۃ) فی السکنجبین، آصفیہ، رضارامپور ۲۰۔ (الرسالۃ) فی شطر الغب، آصفیہ، رضارامپور۔ ۲۱۔ (کتاب) الشفا۔ آصفیہ، رضارام پور، آ[illegible] ۲۲۔ (الرسالۃ) فی الفصد، آصفیہ، رضارامپور۔ ۲۳۔ (رسالۃ) الفردوس، حمیدیہ۔ ۲۴۔ (الرسالۃ) الموسومۃ بالفصول، رضارامپور۔ ۲۵۔ القانون فی الطب، آصفیہ، رضارامپور، آزاد، ندوہ، دیو[illegible] دہلی، تہران، استنبول۔ ۲۶۔ (ترجمہ) قول الحکیم تیاذوق فی حفظ الصحۃ۔ ۲۷۔ (الرسالۃ) فی القولنج۔ آصفیہ، رضارامپور۔ ۲۸۔ (رسالہ) فی قوی روح الانسان۔ ۲۹۔ (الرسالۃ) فی [illegible] آصفیہ۔ ۳۰۔ کتاب المبدا والمعاد۔ رضارامپور، حمیدیہ۔ ۳۱۔ رسالہ معاد النفس۔ ۳۲۔ رسالہ فی النفس۔ آصفیہ، رضا، رامپور، ۳۳۔ الرسالۃ الیروزیۃ۔ آصفیہ، رضارامپور، عرفانیہ ٹو[illegible] حمیدیہ۔ ۳۴۔ الرسالۃ فی الھندباء، رضارامپور۔

فارسی مخطوطے: ۱۔ رسالہ کیمیا۔

# ابن سینا کی تالیفات کے بارے میں ایک سوال

## اطبائے کرام اور ابن سینا کے ماہرین کی خدمت میں

ابن سینا سے منسوب تالیفات میں سے بہت سی چھپ چکی ہیں، متعدد ایسی ہیں جن کے مخطوطات دنیا کے بڑے مشرقی کتب خانوں میں محفوظ ہیں؛ لیکن کچھ ایسی ہیں جن کے بارے میں یا تو یہ طے کر لینا چاہیے کہ اب ناپید ہیں یا پھر وہ بعض دوسری کتابوں کا جزو بن کر یا دوسرے عنوانات کی شکل میں ہم تک پہنچی ہیں، ان کا پتا لگانا ہے۔

دوسری طرف ایسے متعدد مخطوطات ہیں جن کا نام "آیینۂ سرگزشت" یا دوسرے قدیم مآخذ میں نہیں ہے۔ ان کے بارے میں فیصلہ کرنا ہے کہ ابن سینا کی طرف ان کا انتساب کس حد تک صحیح یا غلط ہے۔

آیینۂ سرگزشت کے پیش نظر، خدابخش مخطوطات کو اولاً اور دنیا کے مشرقی کتابوں کی فہرستوں کو ثانیاً، نظر میں رکھ کر کسی نتیجہ پر پہنچا جا سکتا ہے۔ (ادارہ)

پروفیسر شاہ سید عطاء الرحمن عطا کاکوی

# مسامحات

## مرآۃ العلوم (فہرست مخطوطات فارسی)

جلد اوّل:

(۱) کتاب نمبر ۳۴۰ - سطور ۱۷ غلط - ۱۷ صحیح - (صفحہ ۶۱)

(۲) کتاب نمبر ۳۷۶ - بجائے ہفت رسالہ سعدی "رسالہ ہفت گانہ" باید۔ (صفحہ ۶۷)

(۳) کتاب نمبر ۴۴۰ - تعداد اوراق ۸۷ غلط۔ ۷۸ صحیح (صفحہ ۷۳)

(۴) کتاب نمبر ۴۹۶ - تعداد اوراق ۲۳۹ غلط۔ ۱۳۹ صحیح (صفحہ ۸۲)

(۵) کتاب نمبر ۵۰۴ - تعداد اوراق ۳۵۸ غلط - ۳۹۸ صحیح (صفحہ ۸۴)

(۶) کتاب نمبر ۵۰۱ - در شمارہ نام کتاب لفظ ایضاً غلط۔ این کتاب لیلیٰ مجنوں نیست بلکہ "شیرین خسرو" است۔ (صفحہ ۸۶)

(۷) کتاب نمبر ۲۹۷ و ہم کتاب ۲۹۸ - و خمسہ لیلیٰ مجنون غلط است۔ نامش مجنوں لیلیٰ است (صفحہ ۵۳)

(۸) کتاب نمبر ۵۲۷ - تعداد اوراق ۳۴۳ غلط - ۳۴۶ صحیح (صفحہ ۸۸)

(۹) کتاب نمبر ۵۶۲ - لفظ عظیم آبادی با اسم مصنف محمد رضا غلط است۔ رجوع کنید بہ فہرست انگریزی صبر در تحت P.257 ADDITIONS NO 424 در ضمیمہ فہرست ہذا (صفحہ ۹۲)

(۱۰) کتاب نمبر ۶۵۰ - نمبر فہرست انگریزی ۱۸۸ غلط۔ ۲۸۰ صحیح (صفحہ ۱۰۰)

(۱۱) کتاب نمبر ۶۷۳ - تعداد اوراق ۴۶۹ غلط۔ در فہرست انگریزی مجلد دوم در تحت کتاب نمبر ۳۴۲ تعداد اوراق ۴۲۹ نوشتہ، این ہم غلط است۔ تعداد اوراق ۴۳۲ صحیح (صفحہ ۱۰۵)

(۱۲) کتاب نمبر ۶۸۱ - تعداد اوراق ۱۱۵ غلط۔ ۱۵۱ صحیح (صفحہ ۱۰۷)

جلد دوم:

(۱) کتاب نمبر ۱۸۰۳ - تعداد اوراق ۲۴۰ غلط۔ ۲۳۶ صحیح (صفحہ ۴۶)

(۲) کتاب نمبر ۱۸۶۷ - در کالم نمبر کتاب انگریزی ۱۷۰۰ غلط۔ ۱۸۸۰ صحیح (صفحہ ۶۱)

(۳) کتاب نمبر ۱۸۶۸ - در کالم نمبر کتاب انگریزی ۱۷۵۰ غلط۔ ۱۸۵۰ صحیح (صفحہ ۶۱)

(۴) کتاب نمبر ۱۹۰۲ - نام مصنف میر غلام حسن دہلوی غلط۔ این دیوان غلام حسن پھلواروی است۔ رہنما

به مضمون نوشته، دکتر طاهر رضوی برق در خدا بخش لائبریری جرنل، شماره ۱۲ - درین مضمون نام مصنف غلام حسین غلط - نامش غلام حسن است - (صفحه ۷۶)

۵) مجموعه کتب نمبر ۱۹۷۴ تا ۱۹۸۰ - نام این کتاب این مجموعه آئینهٔ جهان نما است - ر ک به فهرست انگریزی، جلد ۱۳ صفحه ۲۱۸ - (صفحه ۸۲)

۶) کتاب نمبر ۱۹۹۲ این دیوان وفاست که با مثنوی بشارة الامامت نمبر ۱۹۹۱ باهم مجلد شده - بشارة الامامت تصنیف غلام حسین طباطبائی مصنف سیر المتاخرین است که وفا تخلص میکرد - این دیوان از تصنیف اوست - ر ک به تذکره ریاض الوفاق - (صفحه ۸۶)

۷) کتاب نمبر ۱۹۹۹ - این بیاضیست که دارای تصانیف مختلفه است، از انجمله سه سیپاره زلالی هم است، و لی شش مثنویات شان نقل شده و مثنوی هفتم که "محمود و ایاز" نام دارد درین مجموعه منقول نیست، صرف دیباچه این مثنوی است - (صفحه ۱۰۴)

۸) نمبر فهرست فارسی در کالم اول ۲۰۱۷ طبع شده - ۲۰۱۷ باید (صفحه ۱۱۰)

مراسلات
استدراک

# ابوالکلام آزاد کے خط کے بارے میں

خدابخش لائبریری میں ابوالکلام آزاد کا ایک خط محفوظ ہے جس کا عکس 'جرنل' کے شمارہ ا
میں شائع ہو چکا ہے۔ یادداشت کے لیے اس کا متن حسب ذیل ہے :

۱۱۔ کولوٹولا اسٹریٹ۔ کلکتہ

"جناب مکرم! افسوس ہے کہ کثرت کار اور ہجوم احباب سے اتنی فرصت نہیں ملتی کہ تو حاضر خدمت
ہوں۔ پریس کی نسبت ضروری معلومات بہم پہنچ چکی ہے اور صرف ایک گھنٹہ کا کام رہ گیا ہے۔ میں اس کو بھی ابھی
کر دیتا مگر ہجوم احباب ایک گھنٹہ کی فرصت نہیں دیتا۔ اس لیے آج شام کو ڈھاکہ روانہ ہوں گا اور پہلی جنوری کو
یقیناً واپس آ جاؤں گا۔ پہلی سے ایک کافی وقت ہوا اور انشاءاللہ بہت جلد قیام پریس کی صورت ہو جائے گی۔
لیکن ایک نہایت ضروری معاملہ ہے جو اس وقت اس خط کے لکھنے پر مجبور کر رہا ہے۔ اگر ضرورتیں متقاضی
ہوتیں تو میری خودداری اس خط تک لکھنے سے سخت مانع آتی۔
میں چاہتا ہوں کہ آپ ایک ماہ کی تنخواہ متعلق "اخبار" مجھے اس وقت پیشگی دیدیں بشرطیکہ پیشگی دینے میں کوئی
مانع نہ ہو۔ ڈھاکہ سے واپسی پر اخبار جاری ہو جائے گا اور انشاءاللہ پہلے ماہ میں یہ رقم وضع ہو جائے گی۔
میں سمجھتا ہوں کہ آپ کو اس میں عذر نہ ہوگا، بالخصوص ایسی حالت میں کہ پیشگی رقم اس وقت میرے لیے ایک نہایت کارآمد
اور بہت مفید رقم ہوگی۔
اسکے اظہار کی چنداں ضرورت نہیں سمجھتا کہ آپکی دوستانہ توجہ کا ممنون ہوں۔

ابوالکلام آزاد
۲۵ دسمبر ۱۹۰۶ء

اس خط کی اس لائبریری میں موجودگی کی تقریب یہ ہے کہ اس خط کے مکتوب الیہ اخبار "دارالسلطنت" (کلکتہ) کے مالک
مولوی کبیرالدین احمد خدابخش خاں کے خسر تھے یعنی ان کی تیسری بی بی رامنیہ خاتون کے والد۔ امنیہ خاتون کے بارے میں جرنل
کے شمارہ ۵ میں ان کے دواوین کے تعارف کے ذیل میں لکھا جا چکا ہے۔ شمس العلماء خان بہادر مولوی کبیرالدین احمد کے پریس
کا نام "اردو گائیڈ پریس (پریس کا نام پہلے "مطبع مظہر العجائب" تھا) اور اخبار کا نام "اردو گائیڈ" تھا۔ عتیق الحق
صاحب نے اس کے بارے میں مندرجہ ذیل اطلاعات فراہم کی ہیں :

"اخبار اردو گائیڈ ۱۸۵۷ء میں جاری ہوا۔ محققین کا خیال ہے کہ یہ اردو کا سب سے پہلا روزنامہ
یہ ٹائپ میں چھپتا تھا اور ۸ ورقی تھا۔ بعد میں مولوی صاحب نے ایک دوسرا اخبار "دارالسلطنت" کے
نام سے نکالا۔"

# مثنوی خوابِ حسرت عرف پٹنے کی کہانی

"حسرت[1] تخلص، غلام رسول نام، محلہ چوراہا آغا حسینا عظیم آباد کے رہنے والے۔ ولادت ۱۲۹۳ھ میں ہوئی۔ اس وقت ۴۱ سال کی عمر ہے۔ مشہور شوقی شاہ کے نواسے ہیں۔ ترکہ میں شان فقیری و قناعت اپنے بزرگوں سے حاصل کی۔ کامل رکھتے ہیں۔ بیماروں کے علاج بھی کر لیتے ہیں۔ فال تعویذ میں بھی دخل ہے۔ صناع و محنتی آدمی ہیں۔ تقریباً ۱۵ سال سے مشق سخن کرتے ہیں۔ برابر شاد سے تلمذ رہا۔ دیوان مرتب ہے مگر ابھی تک شائع نہیں ہوا۔ کلام اچھا اور رنگ میں ڈوبا ہوا، پُردرد، مؤثر ہوتا ہے۔ لکنت کی وجہ کر پڑھنے میں دقت ہوتی ہے۔"

(گلشن حیات: از قبیل فوی ۱۹۲۵ء)

حمد خالق میں سرنگوں ہے قلم — جس کے انصاف سے سوا ہیں کرم

سرِ تسلیم آپ جھکتا ہے — کب یہ اوروں کے در پہ جھکتا ہے

اس کے محبوب کی ثنا کیا ہو — آپ خلّاق جس کا شیدا ہو

آل و اصحاب کی جو مدح کروں — زندگی بھر لکھوں تو پھر نہ لکھوں

بس ہے اپنے لئے یہی تحریر — پڑھ لو قرآں میں آیۂ تطہیر

گو کہ یہ داستاں پُرانی ہے — گو کہ دھندلی سی اِک نشانی ہے

عبرت انگیز یہ نصیحت ہے — خوب دلچسپ یہ حکایت ہے

ایسا گلزار تھا عظیم آباد — شاد ہوتا تھا دیکھ کر ناشاد

رشکِ جنت تھی ہر گلی اس کی — کیا بتاؤں بہار کیسی تھی!

نہر گنگا کی اک طرف جاری — اِک طرف تھی بہار "جھلّے" کی

عیش و عشرت کے ماسوا اس میں — کب گزر غم کا تھا ذرا اس میں

کون ایسا یہاں محلّہ تھا — تھا، نہ مسکن جہاں رئیسوں کا

شہر گلزار تھا گلی آباد — رہنے والے یہاں کے سب تھے شاد

دن کو ہولی کا چرچا تھا سدا — رات کو تھا سماں دیوالی کا

مفلسی اور تنگدستی کا — نام لینا بھی عار تھا گویا

جو تھا خوش حال تھا بہرصورت — مطمئن دل تھا پاس تھی دولت

ہے جو پٹنے میں اک پٹن دیبی — وہ بنا کردہ ہے اشوکا کی

---

۱۔ "حسرت نے ۵ نومبر ۱۹۴۱ء میں رحلت کی اور آغا حسینا کے قبرستان میں سپرد خاک ہوئے" (مکتوب گرامی جناب محمد ولی الحق صاحب شاگرد شاد)

شہر کیا ہے کہ اک نشانی ہے — راجہ پاتن کی راجدھانی ہے
شہر میں دو بڑے تھے دروازے — یہ بنائے گئے تھے حکمت سے
ایک پورب کا، ایک پچھم کا — فوج رہتی تھی اس پہ پہرا تھا
ہیں بزرگوں کی تربتیں بھی یہاں — جس کے باقی ہیں بعض بعض نشاں
شاہ جنگلو کے، شاہ مجنوں کے — ہیں پرانے بہت ہی دو تکیے
ہے محلہ یہاں جو مچھرٹا — داتا لنگن کا ہے وہاں روضہ
وہ جو مشہور شاہ ارزاں ہیں — سارے ولیوں کے آپ دیواں ہیں
سوئے ہیں خاک میں یہیں کی آہ — شاہ کالے بھی اور چھتا شاہ
شاہ حمزہ کا، شاہ باقر کا — متبرک ہے شہر میں تکیہ
ایک ڈنڈیا شنار چمرو تھا — ہے جو بانی امام باڑے کا
رکھی ایسی خلوص سے بنیاد — جس نے مانگی یہاں بر آئی مراد
اہل دل تھا نہ کوئی نوذر سا — تکسی منڈی میں ہے مزار ان کا
کیا زمانے نے غیر حالت کی — لوح تک مٹ گئی ہے تربت کی
ڈھائی کنگورے کی بھی مسجد کا — ہے یقیں نام تو سنا ہوگا
پڑھ لو تاریخ صاف ہے لکھی — ہے وہ تعمیر دور بابر کی
مسجد شیر شاہ اگر دیکھو — تم باللہ تم کو حیرت ہو
وہ جو مسجد یہاں ہے پتھر کی — ہے وہ شاہ جہاں کی بنوائی
ہے جو مسجد حسینی بیگم کی — تھا اسی میں امام باڑا بھی
اینٹ ایسی لگائی تھی اس میں — بال کی کب رسائی تھی اس میں
تولیت اس کے ہاتھ میں آئی — کی شہادت امام باڑے کی
وقف نواب کا ہے حال زبوں — کیا کہوں اور کس زباں سے کہوں
اس عمارت کا بھی ہے حال تباہ — ایک عبرت کا ہے مرقع آہ
بو آجی کی جو ایک "بولی" تھی — آپ ہی تھی نظیر وہ اپنی
کتنے اللہ والے ایسے تھے — فیض جاری ہے جن کی تربت سے

تھے جو کاظم علی خاں نواب ان کی مسجد کا بھی ہے حال خراب
منشی کاظم علی جو تھے مشہور جا بجا سے ہے وہ بھی مسجد چور
دیکھو عزت حلال پیسے کی دیکھو برکت حلال پیسے کی
اک ضعیفہ جو سوئی والی تھی مسجد اس نے بھی ایک بنوائی
کوئی شاعر ہے آج بیدل سا اب کوئی بھی ہے مثل راسخ کا[1]
خود غرض سے ہے آج بھی نفرت آب گل میں ہے آج تک لذت
جیسی ترکاریاں یہاں کھائیں ہند بھر میں نہ ویسی ہاتھ آئیں
مالدہ آم میرے پٹنے کا کہیے اس کو بہشت کا میوہ
ہے عرق یا قوام کا شیرہ نرم شیریں ہے اس قدر گتا
شوق دیکھو شتاب رائے کا ایسا پٹنے میں باغ بنوایا
بیل انگور کی لگائی جب شاخ اس کی ثمر بھی لائی جب
تھے وہ انگور مثل کابل کے اس سے شاداب، ویسے ہی میٹھے
وصف اس کا میں کیا کروں تحریر شہر اپنا تھا خطۂ کشمیر
تھا یہی شہر یہ بہار افسوس یا ہے اجڑا ہوا دیار افسوس
یاد آتے ہیں وہ بزرگ و امیر آج ملتی نہیں ہے جن کی نظیر
ہے محلہ یہاں جو حاجی گنج تھے یہیں تو رئیس نکتہ سنج
میر عباس، میر محسن کا کل رئیسوں میں نام روشن تھا
تھے جو جعفر حسین خاں مغفور ہیں سخاوت میں آج تک مشہور
کتنے مفلس غریب پلتے تھے کتنی بیواؤں کے وظیفے تھے
اب کوئی ہے نہ شاد سے بڑھ کے دور آخر کے میر ثانی تھے
ہے دول پورہ اک محلہ جو پہلے کیا تھا نہ یاد ہے مجھ کو
خواجہ گوہر علی سادہ نواب جن کے دم سے کھلی تھی راہ ثواب
کتنے بیکس یتیم پلتے تھے سب نمک خوار تھے ریاست کے
میر سنگی بھی اور آغا میر باحیا باکرم تھے باتوقیر
وہ علی میر تھے جو خوش القاب ہوگا کیا کوئی اس سخی کا جواب
شیخ ہادی بھی اور نصیر الدین ان کی تمثیل کیا ملے گی کہیں

---

۱- شاد کے قلم سے دوسرا ورژن : نام روشن ہے اب بھی راسخ کا

تھے جو عبدالرحیم خوش انجام
اُن کا چمڑے کا تھا یہاں گودام

گویا حاتم تھے وہ سخاوت میں
کم نہیں تھے کسی سے دولت میں

تھے جو محلی میں وہ نہال حسین
یاد ان کی بھی کرتی ہے بے چین

اور اُن کا بھی فیض جاری تھا
شاد کرتے تھے دل غریبوں کا

ہے جو کٹرا شائستہ خاں کا یہاں
ہائے رہتے تھے خواجگان وہاں

خواجہ عتیق تھے، خواجہ یوسف تھے
کیا لکھوں وصف ان بزرگوں کے

ان کی جا اب ہیں خواجہ ابراہیم
ہیں وہ ڈپٹی ذکی خلیل و فہیم

ان بزرگوں کے نام لیوا ہیں
باحیا، باکرم سراپا ہیں

ان کے اخلاق کی، مروّت کی
مجھ سے توصیف ہو نہیں سکتی

اِک محلہ یہاں ہے جھاؤ گنج
تھے وہاں پر بھی چند نکتہ سنج

وہ جو تاجر وہاں تھے اچھے خاں
ان کو تو جانتا ہے ہر انساں

ان کی پٹنے میں تھی بڑی عزّت
تاجروں میں تمام تھی شہرت

تھا سخاوت کا موجزن دریا
ان کا ہر روز فیض جاری تھا

ہے نہ ثانی کمالی خاں کا آج
تھا سخاوت کا سر پہ ان کے تاج

بیوہ بیکس کی وہ خبر لیتے
جتنا جو مانگتا وہی دیتے

سنگی دالان جو محلہ ہے
اپنی آنکھوں سے میں نے دیکھا ہے

تھے وہاں بھی رئیس باحشمت
سب غنی دل تھے، پاس تھی دولت

وہ منارام جو مہاجن تھا
للّو بابو کا گویا ثانی تھا

اس نے شادی میں اپنے بیٹے کی
سارے پٹنے کی دل سے دعوت کی

میر عبدالسعید امیر کبیر
نام آور تھے اور باتوقیر

جس نے "ختنے" میں اپنے بیٹے کے
کیا ہی بے مثل طغرے بٹوائے

ہر محلے میں حصہ آیا تھا
تھا ہر ایک خوان تین گنّی کا

قلعہ مشہور ہے لب گنگا
تھا محل بھی اسی جگہ ان کا

اب نہیں وہ رئیس گزری کے
تھی غریبوں کی پرورش جن سے

کی تواضع ہر ایک کی زر سے
کوئی خالی پھرا نہیں در سے

وہ محمد نواب بااخلاق
آج تک ہیں وہ شہرۂ آفاق

تھے جو نواب میر لطف علی	مدح توصیف کیا لکھوں ان کی
اشرفی کے وہ ٹکرے کٹوا کے	پاس اپنے ہمیشہ رکھتے تھے
سائلوں کو مدام دیتے تھے	اور جنت وہ مول لیتے تھے
ہے ولایت علی ساکون امیر	لاٹ صاحب نے جن کی کی توقیر
ان کی صحبت تھی یا کوئی دربار	مرجع خلق تھی وہی سرکار
تھے وہ کاظم علی خاں ثانی	ہائے صورت وہ ان کی نورانی
ان کی تہذیب کو سخاوت کو	مختصر بھی لکھوں تو دفتر ہو
تھے جو محبوب خاطر احباب	نام تھا جن کا بادشاہ نواب
ہوں گے پیدا رئیس کب ایسے	نرم دل تھے غریب پرور تھے
ہے یہیں اک محلۂ دیواں	ہندو مذہب کے تھے رئیس وہاں
نندلال اور رائے سلطاں تھے	جن کے جد ناظموں کے دیواں تھے
رائے رادھا کرشن ذی رتبہ	وہ بھی ٹیٹنے کے گویا تھے راجا
وہ مغل پورہ ہے محلّہ جو	حال اس کا سناؤں کیا تم کو
اس محلّے میں تھے رئیس ایسے	دل بھر آتا ہے ذکر سے جن کے
لوگ کھاتے قسم تھے قسمت کی	انتہا تھی نہ کوئی دولت کی
جانے کیا جرم کیا گناہ ہوا	وہ محلّہ بھی سب تباہ ہوا
تھا رئیسوں کو شوق ورزش کا	اس میں صحت تھی، دل بہلتا تھا
فن میں 'بنوٹ' کے کوئی تھا فائق	کوئی گدکے پھری کا تھا شائق
تھے جو یوسف علی خاں نوّاب	ان سے واقف ہیں شہر کے احباب
پہلواں خوشنویس شاعر تھے	ایسے بیسوں فنوں کے ماہر تھے
سب کو بے حد لحاظ تھا ان کا	کون ان کا ادب نہ کرتا تھا
تھے مغل پورے میں علی مرزا	ننھے آغا سے ربط از حد تھا
سب کو حیرت میں ڈالا دونوں نے	ایسا خیمہ بنایا دونوں نے
توڑ کر اس کو ہاتھ میں لے لو	پھر ہے خیمہ جو کھول کر دیکھو
نبتا صاحب صدر گلی والے	خوشنویس و رئیس شاعر تھے

میرے اُستاد سے تلمذ تھا — لکھنؤ میں یہ اُن کا تھا شہرا
ہر غزل میں عجب صفائی ہے — موتخ نے کیا زبان پائی ہے
گویا اُستاد کی نشانی تھے — مختصر یہ کہ شاد ثانی تھے
وہ جو اُستاد بھائی تھے بیتاب — جن کو روتے ہیں آج تک احباب
تھے جو راجہ یہاں نظامت کے — اسری پرشاد ان کے پوتے تھے
معتقد بھی تھے شاد نامی کے — تھے ثناخواں اسی گرامی کے
صاف گو تھے وہ پاک طینت تھی — کیا طبیعت تھی، کیا سخاوت تھی
تھے جو اس شہر میں کنور سکھراج — ان سے پلتے تھے مفلس و محتاج
عربی، فارسی کتابوں کا — کیا کتب خانہ ان کے گھر میں تھا
اچھے احباب، آپ اچھے تھے — سچے احباب، آپ سچے تھے
صاحبِ علم قدر دانِ کمال — تھے وہ رتبہ شناس شانِ کمال
وہ زمین دار لودی کٹڑے کے — شہر میں اک بہار تھی جن سے
سب شریف و نجیب با توفیق — منکسر خوش مزاج اور خلیق
پیارے صاحب لنگھیا لوٹے میں — میر کھجّو تھے لودی کٹڑے میں
تھے مبارک حسین ایسے رئیس — ہوں گے اب حشر تک نہ ویسے رئیس
نہ دشہ لال کی ثنا کیا ہو — حق تو یہ ہے رئیس ایسا ہو
وہ جو یوسف حسین صاحب تھے — تھے وہ مرحوم اچھوں سے اچھے
جس سے کی دوستی نباہ دیا — منھ سے جس کو جو کہہ دیا وہ کیا
ہوگا اب ان کا کوئی کیا ثانی — تھے کفایت حسین لاثانی
میر واجد حسین با توقیر — ان کی بھی دل پہ نقش ہے تصویر
تھے خدا بخش خاں وکیل یہاں — ہیں گنجانے کے وہ روحِ رواں
دیکھیے تو طلسم خانہ ہے — کیا کتابوں کا اک خزانہ ہے
تھے جو مرحوم مولوی یحییٰ — کہیے دریا انہیں سخاوت کا
دارِ عقبیٰ میں گھر بناتے تھے — جو کماتے تھے وہ لٹاتے تھے
کیسے کیسے طبیب تھے اگلے — تجربہ کار تھے، مسیحا تھے

ہوگا عبدالحمید سا نہ حکیم — عالم و فاضل و فہیم و عظیم
میر کاظم حسین صاحب نے — معرکوں کے بہت علاج کیے
میرے پٹنے میں تھے وہ کاریگر — شہر والوں کو ناز تھا جن پر
میں نہ بھولوں گا نام گمرتن کا — اُس نے کیپس اک بنایا تھا
ایسی ایجاد ایسی صنعت تھی — اہلِ یورپ کو جس پہ حیرت تھی
متصنیاں شہر میں ہیں میرے چلد — ان بُزرگوں کا ہے اسی پہ مزار
پیر معروف مہدی و منصور — شاہ نوذر سا اہلِ دل مغفور
ہے جو بیرون شہر اک بستی — متبرک ہے، نام ہے 'جھٹلی'
جلوہ گر ہیں وہاں پہ دو مخدوم — اہلِ پٹنہ کو خوب ہے معلوم
پیر جگجوت حضرتِ صوفی — دھوم دونوں کی ہے کرامت کی
پنج شنبہ کو لوگ جاتے ہیں — ان بزرگوں سے فیض پاتے ہیں
ان کی روحوں سے میں ہوں شرمندہ — نام جن جن کا میں نے سہو کیا
میں نے کی ہے یہ مختصر بہ نظر — پاؤں پھیلائے دیکھ کر چادر
عرض ہے ناظرینِ والا سے — سب کے ناموں پہ فاتحہ دیدے
اب اسی شہر کی یہ حالت ہے — اب اسی شہر کی یہ نوبت ہے
جس طرف کو نگاہ جاتی ہے — ہو کے مغموم لوٹ آتی ہے
کب کسی کو شگفتہ دل دیکھا — جس کو دیکھا تو مضمحل دیکھا
ایسا برباد ایسا ناس نہیں — شہر اتنا کوئی اُداس نہیں
نغمہ خواں عندلیب جس جا تھے — اس جگہ اب ہیں جھونجھ اُلّو کے
کل جہاں پر تھے محل عالیشان — آج گیدڑ رہیں یا سیار وہاں
خشت کہنہ کا ہے کہیں انبار — یا کہیں پہ گری ہوئی دیوار
تھے جہاں پھول سے بھرے تھالے — اب وہاں پہ ہیں ڈھیر کوڑے کے
ہے یہ گلیوں میں حال کیچڑ کا — جیسے دیوار کا بنے گارا
تنگ و تاریک ہے گلی کوچہ — شہر میں اس طرح کا سناٹا
جابجا کھیت اب ہیں گوبی کے — یا گدھے لوٹتے ہیں دھوبی کے
بند بازار ہے تجارت کا — بے زری میں ہے سب کا دل مُردہ

بڑھ گئی جاہلوں کی اب تعداد
مل گیا خاک میں عظیم آباد

ہو گئے الفت سے دل ہوئے خالی
اب مروّت سے دل ہوئے خالی

اب کہاں عاشقی کے چرچے ہیں
سب ہی اپنی غرض کے بندے ہیں

زر سا مشکل کشا جو غائب ہو
کون پھر پوچھتا ہے سنتے کو

چین و آرام سے نہیں کوئی
ایک حالت ہے اعلیٰ ادنیٰ کی

قحط سے غیر سب کا حال ہوا
گھر مریضوں سے اسپتال ہوا

جن کو تم اہلِ زر سمجھتے ہو
فکر سے ہے فراغ کب ان کو

اب نہیں اتفاق آپس میں
رہ گیا ہے نفاق آپس میں

حرص کے ہیں غریب بیماری
اور امیروں پہ بے حسی طاری

منصفی، منصفی سے خالی ہے
بھینس اس کی ہے جس کی لاٹھی ہے

جھوٹی تائید کرنا اچھا ہے
کیا خوشامد پسند دنیا ہے

ایسی پھیلی و با خیانت کی
قدر جاتی رہی دیانت کی

جب سے گو نجی صدائے آزادی
کرتے ہیں اب رذیل غدّاری

اک تو نایاب خود شرافت ہے
پھر شرافت کا نام ذلّت ہے

مٹی کے مول بکتی ہے ہڈی
قدر کیا خاک ہو شرافت کی

ہنستے ہیں عاقلوں پہ اب جاہل
بنتے ہیں بیوقوف اب عاقل

اب ہے مسجد کی جا پہ میخانہ
مذہبی آدمی ہے دیوانہ

گو حقارت ہو خواہ ذلّت ہو
زر کمانے کی کوئی صورت ہو

اس کو خلوت ہی کیا ہے جلوت کیا
جس نے پردہ جلا کے خاک کیا

کیا زمانے کی عقل الٹی ہے
عین تہذیب بدتمیزی ہے

اب مساوات کی یہ منزل ہے
باپ بیٹے کا فرق مشکل ہے

کیوں نہ دنیا کی غیر حالت ہو
بیوقوفی، کہیں مروّت ہو

غیر پر زر کے مینہ برستے ہیں
اور حقدار سب ترستے ہیں

اس میں مطلق نہیں ہے جھوٹ ریا
میں نے جو کچھ کہا، وہ دل سے کہا

میری گستاخیاں معاف کریں
اپنے حسرت سے دل کو صاف کریں

# ذاکر صاحب ـــ ذاتی یادیں

۲

سیّد برکات احمد

● **ڈاکٹر سیّد برکات احمد** (پ ۱۹۱۹ء) دہلی یونیورسٹی سے ایل' ایل' بی اور سٹرنی
یونیورسٹی سے انگریزی (لسانیات) میں ایم' اے، امریکن یونیورسٹی بیروت (لبنان) سے
تاریخ عرب میں پی۔ ایچ۔ ڈی اور تہران یونیورسٹی سے فارسی ادبیات میں ڈی۔ لٹ۔ مادری زبان
اُردو کے علاوہ عربی، فارسی، جرمن اور ترکی زبانوں سے بھی واقفیت ہے۔ وزارت خارجہ
حکومت ہند کے تحت امریکا، یورپ، آسٹریلیا اور مشرق وسطیٰ کے مختلف ممالک میں ہندوستان
کے ہائی کمشنر رہ چکے ہیں اور اقوام متحدہ اور اس کی مختلف افریقی و ایشیائی کمیٹیوں میں
ہندوستان کی نمایندگی کر چکے ہیں۔ ریٹائرمنٹ کے بعد علیگڑھ مسلم یونیورسٹی کی مجلس عاملہ کے
رکن رہے اور تصنیف و تالیف میں مشغول ہیں آپ کی تصانیف میں " جنوبی افریقہ میں قیدیوں
پر مظالم" اور محمدؐ اور یہود" (انگریزی) " خلفاے عباسیہ" (اُردو) قابل ذکر ہیں۔
" قرآنی عربی کا تعارف،" (اُردو) زیر طبع ہے۔

●●

○

دلی کے ایک رئیس جن کے والد محترم کا جامعہ سے گہرا تعلق تھا، صاحب ذوق آدمی تھے۔ گو کتابوں کا شوق خود بھی تھا مگر کتابوں کا بیشتر ذخیرہ انھوں نے والد سے وراثت میں پایا تھا۔ اُن کی داشتہ بھی نہ صرف حسین تھیں، خوش آواز تھیں، بلکہ شعروں کا بھی اچھا ذوق رکھتی تھیں اور دیوانوں کا سارا انتخاب، میرا مطلب اشعار کے مجموعوں سے ہے، ان کے دیوان خانے میں تھا۔ مجھے اس دیوان خانے میں شرف باریابی حاصل تھا۔ میرا لڑکپن تھا جو کچھ ملتا پڑھ ڈالتا۔ ایک دن ایک چھوٹی تقطیع کا دیوان نظر آیا۔ پڑھ تو لیا سمجھ میں بہت کم آیا۔ مگر اس کا کاغذ، طباعت اور سرخ حاشیہ دل کو بھا گیا۔ خریدنے کی کوشش کی مگر نہ ملا۔ چوری کی ہمت نہ ہوئی، چنانچہ مانگ لیا اور اس کے بعد واپس نہیں کیا۔ ۱۹۴۷ء میں جب میرا کتب خانہ لٹا تو خدا جانے یہ دیوان کس طرح بچ رہا۔ یہ غصب شدہ دیوان اب بھی میرے پاس ہے۔ غالب اور ذاکر حسین سے یہ میرا پہلا تعارف تھا۔ یہ تو آپ کو معلوم ہی ہے کہ ذاکر حسین نے برلن کے زمانہ قیام میں یہ دیوان خود کمپوز کر کے مطبع قادیانی میں چھپوایا تھا۔

کچھ دنوں بعد خالدہ ادیب خانم کے ہندستان آنے کا شہرہ ہوا۔ جامعہ اُن دنوں قرول باغ میں تھی اور قرول باغ جانا آسان کام نہ تھا۔ ٹریم صدر بازار سے گذرتی دِلّی کی آخری سرحد پر ختم ہو جاتی وہاں سے تانگہ لیا جاتا اور لوگ خاک پھانکتے، دھکّے کھاتے جامعہ پہنچتے۔ میں بھی خالدہ ادیب کا لیکچر سُننے گیا۔ اُن دنوں میری معلومات ایسی ویسی ہی تھیں اور یہ معلوم نہ تھا ترکی کی تین مشہور لطیفہ، صبیحہ اور خالدہ میں کون کون ہے اور ان کا مصطفےٰ کمال پاشا سے کیا رشتہ ہے۔ میں وقت سے پہلے پہنچ گیا۔ ہال تقریباً خالی تھا چنانچہ میں سب سے اگلی صف میں جا کر بیٹھ گیا۔ پہلے تو کسی نے کچھ پرسش نہ کی مگر جب معززین حسب دستور آخر میں آنے شروع ہوئے تو جلسے کے ایک مہتمم صاحب نے مجھے اپنی جگہ سے اٹھانے کی کوشش کی۔ میں نے کہا میں یہاں سب سے پہلے آیا ہوں اور سب سے اپنی جگہ انتخاب کرنے کا سب سے زیادہ

تی ہے۔ ہال بھر چکا ہے۔ اب آپ یہ چاہتے ہیں کہ میں نہ صرف یہ کرسی چھوڑ دوں بلکہ پورے لکچر کے دوران
کھڑا رہوں۔ اس بحثا بحثی کوشش کہ ایک باریش اور وجیہ صاحب تشریف لائے۔ واقعہ دریافت کیا اور
فرمایا آپ تشریف رکھیے۔ جن معزز مہمان کے لئے مجھ سے کرسی خالی کرائی جا رہی تھی اُنہوں نے ان کو اپنی
کرسی پر جا کر بٹھا دیا اور خود کھڑے ہو گئے۔ کچھ دیر تو میں اپنی کرسی پر ڈٹا بیٹھا رہا اور اس کے بعد اپنی حرکت
پر شرمندگی کا احساس ہوا اور میں ان باریش بزرگ کے پاس گیا۔ عرض کیا آپ میری کرسی پر تشریف
رکھئے۔ میں کھڑا رہوں گا۔ اُنہوں نے فرمایا کیا بہتر ہو ہم دونوں ہی کھڑے رہیں۔ چنانچہ یہی ہوا۔ کچھ دیر بعد
یہ کرسی بھی بھر گئی اور یہ بزرگ کہیں چلے گئے۔ بعد میں، میں نے انہیں اسٹیج پر دیکھا۔ پھر معلوم ہوا کہ دیوان
غالب کے کمپوزیٹر یہی صاحب ہیں۔ خالدہ ادیب کی تقریر تو یاد نہیں، لیکن اتنا یاد ہے کہ انہوں نے
اسٹیج کے ایک گوشے سے تقریر شروع کی تھی۔ اور جوش خطابت میں سارے اسٹیج کو ایک مشتاق بیلا رینا
کی طرح دس پندرہ جملوں میں ناپ لیا اور دوسرے گوشے میں پہنچ گئیں۔ جلسہ جب ختم ہوا تو میں ذاکر
صاحب کے پاس گیا، اپنی بدتمیزی کی معافی چاہی اور عرض کیا، جلسے میں آنے کا بڑا مقصد آپ کو دیکھنا اور
آپ کی کمپوزنگ اور ذوق کی داد دینا تھی۔ اپنی حماقت سے یہ بھی کہہ دیا کہ اگر آپ یائے مجہول اور
یائے معروف کا فرق ملحوظ رکھتے تو بہت اچھا ہوتا۔ مسکرائے اور کہنے لگے اور بھی بہت سی غلطیاں تھیں
اب میں کیا کہتا کہ ان غلطیہائے مضامین کو سمجھنے کی لیاقت ہی نہیں۔ یہ نسخہ کیونکہ نایاب ہو چکا تھا اس لیے
دریافت فرمایا مجھے کس طرح ملا۔ میں نے قصہ سنایا۔ فرمایا بھائی آپ نے تو صرف ایک دیوان لے کر ہی واپس
نہیں کیا۔ بعض حضرات نے تو پورے کتب خانے اسی طرح بنا لیے۔ اس کے بعد ایک ایسی بات بتائی جس سے
میرے دیوان کی قیمت اور بھی بڑھ گئی۔ یہ دیوان ذاکر حسین نے ہی رئیس موصوف کے والد کو پیش کیا تھا۔

کچھ دنوں بعد مولانا شوکت علی دلّی تشریف لائے اور قرول باغ میں قیام فرمایا۔ میں ان دنوں
دریا گنج میں رہتا تھا۔ ٹریم اور تانگے کے سفر سے ڈرتا تھا۔ چنانچہ مولانا کے نواسے شاکر ماجد علی خاں کے
ساتھ قرول باغ گیا۔ شوکت علی موجود نہ تھے، کچھ دیر تو ہم نے انتظار کیا۔ میز پر بسکٹوں کا ڈبہ رکھا تھا۔ شوکت علی
اچھا کھانے اور خاص کر میٹھے کے شوقین تھے۔ ڈبہ بھی ہنٹلی اینڈ پامرز کے assorted بسکٹوں کا
تھا۔ شاکر اٹھا لائے اور ہم دونوں نے بسکٹ منتخب کر کے کھانے شروع کر دیے۔ اتنے میں ذاکر حسین
بھی شوکت علی کی تلاش میں آئے۔ ہم دونوں نے یہ ڈبہ ذاکر حسین کی خدمت میں بھی پیش کیا۔ میں نے کچھ

جھینپ کر کہا چوری کا مال ہے۔ فرمایا "نوشِ جان"۔ میری طرف دیکھ کر مسکرائے اور فرمایا اب غضب کے بعد سرقے کی نوبت آ گئی۔ میں نے کہا "کھانے کا سامان چرانے پر ہاتھ نہیں کاٹے جاتے۔ ہماری تالیف قلب کے لیے ذاکر صاحب نے ایک چاکلیٹ بسکٹ لیا اور فرمایا چوری کا مال ویسے بھی مزیدار ہوتا ہے۔ اتنے میں شوکت علی آ گئے اور ہنٹلی اینڈ پامرز کا یہ پورا ڈبہ چائے کے ساتھ اُڑ گیا۔ شوکت علی کے پاس محمد علی لاہوری کا انگریزی کا احمدی ترجمہ قرآن تھا اور قرآن کریم کا یہ نسخہ مولانا محمد علی کا مرحوم کی زیرِ تلاوت رہتا تھا۔ جیل میں بھی ان کے پاس یہی نسخہ تھا۔ اس نسخے کے حاشیے پر محمد علی کا مرحوم کے لکھے ہوئے نوٹ تھے مثلاً ایک آیت کے حاشیے پر لکھا ہوا تھا۔ رات بھر درد اور بے قراری میں گذری۔ صبح تلاوت کے وقت اس آیت پر پہنچا رقت طاری ہو گئی اور درد اور بیقراری سے نجات مل گئی۔ میری اس نسخے پر نظر تھی۔ یہ نسخہ کتابوں کی کھلی الماری میں پڑا ہوا تھا اور جہاں تک میرا خیال ہے کسی کو یہ احساس بھی نہ تھا کہ یہ collector's item ہے۔ ایک مرتبہ اس نسخے کے فراق میں گیا تو معلوم ہوا گھر پر کوئی نہیں اور مکان بند ہے۔ قرول باغ کا سفر اور اس کی کوفت۔ واپسی کے لئے کوئی سواری نہیں۔ اس خیال سے گیا تھا کہ شاکر اپنی موٹر میں ٹریم کے ناکے تک پہنچا دیں گے۔ اسی ادھیڑ بُن میں ذاکر حسین کا خیال آیا۔ مکان پر پہنچا تو انداز کچھ مرغی خانے کا ہوا۔ باہر مرغیاں ایک طرف بکری اور ایک خالی پلاٹ پر کتوں کا اجتماع گویا جلسے کی تیاری میں مشغول ہوں۔ ذاکر حسین موجود تھے۔ بڑی محبت سے پیش آئے۔ کھانے کے لیے روک لیا۔ میں نے محمد علی کے قرآن کا تذکرہ کیا۔ فرمانے لگے "کیا دیوان غالب والا ارادہ ہے۔ میں نے عرض کی شوکت علی کے پاس ضائع ہو جائے گا۔ گرد پڑی ہوئی ہے اور اس طرح رکھا ہے کہ جس کا دل چاہے لے جائے۔ فرمایا "اسے جامعہ لائبریری کے لیے حاصل کرنا چاہئے۔ میں نے کہا بہت خوب۔ چنانچہ یہ ٹھہرا کہ ذاکر حسین شوکت علی سے یہ نسخہ مانگ لیں گے۔ کچھ دنوں بعد شوکت علی کا انتقال ہو گیا۔ معلوم نہیں قرآن کریم کا یہ نسخہ اب کہاں ہے۔

اس کے بعد ملاقات ۱۹۴۷ء کی قیامت صغریٰ میں ہوئی۔ پرانا قلعہ اور ہمایوں کا مقبرہ غدر کی یاد دلا رہے تھے۔ میرے گھر والے بھی گئے پٹے ہمایوں کے مقبرے میں ایک درخت کے نیچے موت و زیست کی کشمکش سے گذر رہے تھے۔ نہ کھانے کو، نہ اوڑھنے کو اور اکتوبر کی شام۔ میرا منجھلا لڑکا جواب ماشاء اللہ نیویارک میں رہتا ہے، سخت بخار میں مبتلا۔ اس دوران دِلّی کے ذو صاحب اثر مسلمان

میر مشتاق احمد اور عزیز حسن بقائی تشریف لائے۔ عزیز حسن اس دھج سے آئے کہ سر پہ گاندھی ٹوپی اور شیروانی پر پستول اور کارتوسوں کی پیٹی۔ دونوں صاحب گشت کرکے چلے گئے۔ اس مایوسی کے عالم میں دیکھا کہ ذاکر حسین تشریف لا رہے ہیں۔ ساتھ ساتھ جامعہ کے طالب علم اور کھانے کا سامان۔ اگرچہ قیامت کا ہنگامہ تھا، مگر مجھے دور سے دیکھا۔ تشریف لائے۔ کھانے کا انتظام کیا۔ میرے بچے کو دیکھا، فرمایا گھبرائیے نہیں سوشیلا نائر پرانے قلعہ میں ہیں۔ میں جاکر انہیں بھیجتا ہوں۔

وقت بیت گیا، ذاکر حسین مسلم یونی ورسٹی کے وائس چانسلر ہوکر علی گڑھ چلے گئے اور میں وزارت خارجہ میں لے لیا گیا۔ انہی دنوں حکیم عبدالحمید صاحب قبلہ نے جنوبی مشرقی ایشیا کا عزم کیا اور شفیق الرحمٰن قدوائی کی محبت اور ان کے جذبہ مہمان نوازی نے مجھے انڈونیشیا کھینچ لیا۔ شفیق الرحمٰن قدوائی ان دنوں اقوام متحدہ کی طرف سے جاکرتا میں مقیم تھے اور حکومت انڈونیشیا کا تعلیمی پروگرام مرتب کر رہے تھے جاکرتا سے ذرا فاصلے پر ڈچ حکومت نے گلابوں کا ایک بہت بڑا باغ بنایا ہے۔ وہ دیکھنے گئے۔ دنیا میں گلاب کی جتنی بھی انواع ہیں وہ اس باغ میں تھیں۔ یہاں ایک گہرے براؤن رنگ کا گلاب بھی دیکھا اس کا نام Black rose تھا۔ افسوس اس کے بیج نہ مل سکے۔ ہندوستان واپس ہوا تو ذاکر حسین سے اس کا تذکرہ کیا۔ شفیق الرحمٰن قدوائی بھی اتفاق سے موجود تھے۔ کہنے لگے ذاکر صاحب اب گلاب بھی سیاہ ہونے لگا، اب آپ کے پسندیدہ شعر کا کیا ہوگا :

غنچہ پھر لگا کھلنے آج ہم نے اپنا دل ٭ خوں کیا ہوا دیکھا، گم کیا ہوا پایا

ذاکر حسین صاحب مسکرائے اور فرمایا "بھائی رقیب روسیاہ کا خون بھی سیاہ ہوتا ہے۔ یہ شعر عاشق صادق کے لیے بھی ہے اور رقیب کے لیے بھی۔

صاحبو! اس طویل تشبیب کے بعد مجھے شاید گریز کا اس سے بہتر موقع نہ ملے۔ علی گڑھ کی حالت ان دنوں کچھ اچھی نہیں تھی اور سچ پوچھئے تو اچھی کب تھی۔ وہ کونسا زمانہ تھا جب یہ درس گاہ قوم کے لیڈروں کے برنامہ انتخاب کی سرفہرست عہدہ داران یونین کے فرائض کا عنوان اور وائس چانسلروں کی تنگ مزاجی یا سیاست کا تختہ مشق نہ رہی ہو۔ سید کے زمانہ میں جو غبن ہوا تھا اس کے طویل سائے نے یونیورسٹی کا ساتھ کب چھوڑا، اور آفتاب احمد خاں اور ضیاء الدین احمد کے زمانہ میں جو خانہ جنگی شروع ہوئی تھی اس کی آگ کب سرد ہوئی۔ کبھی سلگی، کبھی بھڑکی۔ یہاں کی وائس چانسلری

ریاضیات و معاشیات کے ماہروں نے بھی کی اور ایک ریاست کے کامیاب وزیر باتدبیر نے بھی کی۔ ایک وائس چانسلر لڑکوں کے ہاتھ پٹنے کی روایت اپنے ساتھ لائے اور ایسے بھی وائس چانسلر آئے جن کا مزاج بچپن ہی سے کلکٹرانہ تھا۔

یہ کہنا تو مشکل ہے کہ سید نے مسلمانوں کو سیلاب بلا سے بچانے کے لیے جو ناؤ بنائی تھی اس کی پتوار کب ٹوٹی۔ البتہ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ذاکر حسین نے جب اس ناؤ کو سنبھالا تو یہ بیچ منجدھار میں تھی اس کا ناخدا بادبانوں کو کھلا چھوڑ کر جا چکا تھا اور دوسرے ملاح آہستہ آہستہ ساحل کی طرف تیرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ میں ان دنوں ترکی میں تھا اور خالدہ ادیب کے مشہور ناول "سینک نی بقال" کا اردو میں ترجمہ کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ جب انقرہ سے استنبول جاتا تو خانم کی خدمت میں حاضر ہوتا۔ ایک دن مسلمانوں کی حالت زار پر گفتگو ہو رہی تھی، بات چلی سلطان عبدالحمید سے اور ختم ہوئی ذاکر حسین پر۔ کہنے لگیں منقسم ہندوستان میں مسلم یونیورسٹی کے در و دیوار کی مرمت ہی نہیں بلکہ اس کا رنگ و روپ بھی بدلنا ضروری ہے۔ کچھ پرانے روشندان بند کرنے کی ضرورت ہے کہ وہاں سے اب نہ روشنی آتی ہے اور نہ ہوا۔ کچھ نئے دریچے کھولنے لازم ہیں کہ ہوا اور روشنی کا رخ بدل گیا ہے۔ کہنے لگیں ذاکر حسین نے جس کام کا بیڑا اٹھایا ہے وہ کئی حیثیتوں سے مدحت پاشا کے مشن سے ملتا جلتا ہے۔ میں نے قرول باغ کے مکان بھی دیکھے ہیں اور اوکھلے میں جامعہ کے سنگ بنیاد کی تقریب میں بھی شریک ہوئی ہوں اور جو کچھ میں نے دیکھا ہے اس کی بنیاد پر کہہ سکتی ہوں کہ مسلم یونیورسٹی کا یہ باغی ہی یونیورسٹی کا معمار ثانی ہوگا۔ خدا کرے اس کا حال مدحت پاشا جیسا نہ ہو۔

رؤف بے ابوالکلام آزاد کے دوستوں میں تھے۔ جب ترکی جانے لگا تو ابوالکلام آزاد کی خدمت میں بھی حاضر ہوا۔ انہوں نے مخلص طور پر رؤف بے کا تفصیلی تعارف کرایا اور انہیں سلام کہا۔ رؤف بے ترکی کے انقلابی راہ نماؤں میں نہایت متوازن مزاج کے آدمی تھے۔ پہلی جنگ عظیم کے بعد جب سلطان نے مصطفیٰ کمال کی گرفتاری کا حکم دیا اس وقت ترکی بحریہ کے افسر اعلیٰ ہوتے ہوئے بھی رؤف بے نے مصطفیٰ کمال کا ساتھ دیا۔ وہ بعد میں ترکی کے وزیر اعظم بھی رہے۔ خالدہ ادیب خانم کی طرح وہ ترکی کو ان راہوں پر لے جانے کو تیار نہ تھے جن پر مصطفیٰ کمال لے گئے۔ میں رؤف بے کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ابوالکلام آزاد کا سلام پہنچایا۔ دیر تک ہندوستان کی سیاست پر گفتگو رہی۔ پھر خود ہی پوچھا ذاکر حسین کا کیا حال ہے میں نے

لات تفصیل سے بتائے۔ کہنے لگے شاید تمھیں معلوم نہ ہو کہ ۱۹۲۱ء میں جب جامعہ کا پہلا کانوکیشن ہوا تو میں
ں میں شریک تھا۔ ایک انگریزی حکومت ختم ہوگئی، جامعہ اور علیگڑھ میں کوئی اساسی فرق نہیں رہا۔ ذاکر حسین
سلم یونیورسٹی کے ایک قابلِ فخر فرزند ہیں اور ان کا مقام اب ان کی مادر درس گاہ ہے۔

جو رائے خالدہ ادیب خانم اند رؤف بے کی تھی، وہی ذاکر حسین کی بھی تھی۔ خود انہوں نے اپنے
نام اور کام کی اہمیت کا جو اندازہ کیا تھا وہ بھی یہی تھا۔ ۱۹۵۲ء میں انھوں نے اپنی ایک تقریر میں کہا:

"علی گڑھ جس طرح کام کرے گا، علی گڑھ جس جس اسلوب پر سوچے گا، علی گڑھ ہندستانی زندگی
کے مختلف شعبوں کے لئے خدمت کی جو پیش کش دے سکے گا اس سے متعین ہوگا۔ ہندستانی
قومی زندگی میں مسلمانوں کا مقام، اور ہندستان جو سلوک علی گڑھ کے ساتھ کرے گا اس پر،
ہاں اس پر بڑی حد تک منحصر ہوگی وہ شکل جو ہماری قومی زندگی اختیار کرے گی۔"

تقسیم ملک کے بعد مسلمانانِ ہند کی زندگی کا ایک بڑا سانحہ ذاکر حسین کا مسلم یونیورسٹی کی وائس چانسلری
سے استعفیٰ ہے۔ یونیورسٹی کی قیادت سنبھالنے کے ایک سال بعد ہی ذاکر حسین پر دل کا نہایت شدید
حملہ ہوا۔ وہ شخص جو جامعہ کے زمانہ میں اپنی جامعہ کی زبوں حالی برداشت کرتا رہا، وہ شخص جو خاموشی
سے "وِدّیا مندر" کے نام پر مطعون ہوتا رہا، وہ شخص جس نے خندہ پیشانی سے ہر مصیبت کو برداشت کیا
وہ جامعہ کے ساتھیوں کو آلام و مصائب میں خوش رہنے اور مشکلات کا سامنا کرنے کی تربیت دیتا رہا اس
کا شیشۂ دل سال بھر کے عرصہ میں مسلم یونیورسٹی کے اس کیمپس میں چکنا چور ہوگیا جہاں اس نے اپنی جوانی کا
عزیز ترین زمانہ گذارا تھا۔

دسمبر ۱۹۲۷ء میں جب حکیم اجمل خاں کا انتقال ہوا، تو جامعہ مقروض تھی اور اخراجات کے لیے آمدنی
کی کوئی صورت نہ تھی اور سوال یہ تھا کہ جامعہ کو بند کیا جائے یا زندہ رکھا جائے۔ ذاکر حسین کے دل پر
اس وقت کا رزی انفارکشن کا کاری زخم نہیں لگا۔ نہ وہ بیمار ہوئے، نہ بے کیف۔ رشید احمد صدیقی نے ذاکر حسین
کے استعفیٰ کی بات بیچ بیچ کر لکھی ہے، کہتے ہیں:

"علالت کی مسلسل کم و بیش خلش سے ادھر ذاکر صاحب بے کیف رہنے لگے تھے اور کبھی
کبھی معمولی باتوں پر بھی بے لطف ہو جایا کرتے تھے۔ اس کا سبب تنہا علالت نہ تھی بلکہ کچھ
اور طرح کی ناسازگاریاں تھیں جو یقیناً سنگین نہ تھیں اور عام طور پر اس شخص کو پیش آتی

رہتی تھیں جس کے سپرد اتنا بڑا کام ہو' لیکن ان سب نے مل کر کچھ ایسی صورت پیدا کر دی کہ ذاکر صاحب کو علی گڑھ نہ چھوڑنے پر راضی نہ کیا جا سکا۔''

یہ ایک Understatment ہے۔ رشید احمد صدیقی' ذاکر حسین کے پرانے ساتھی اور دوست تھے اور یہ جانتے ہوئے بھی کہ ذاکر حسین نہ آسانی سے ہار ماننے والے ہیں اور نہ ہراساں ہونے والے' انہوں نے مذکورہ بالا بیان میں ایسی بات کہی ہے' جو ذاکر حسین کی پوری شخصیت کا اُلٹ ہے۔ انہی دنوں میرا تبادلہ تہران سے شملہ ہوا تھا۔ دو دن کے لیے علی گڑھ گیا' تو ذاکر حسین سے ملنے گیا۔ جرمن ڈرامہ نویس Bertol Berecht کا اُنہی دنوں ہارٹ اٹیک سے انتقال ہوا تھا۔ بات ان کے فن پر چل پڑی۔ ذاکر حسین نے کہا برخت راسخ العقیدہ مارکسی ہونے کے باوجود اپنی شاعرانہ اقدار کو مارکسی عقاید کا تابع بنانے کے لیے تیار نہ تھے۔ اگر مجھے درست الفاظ یاد ہیں تو شاید ذاکر حسین نے integauty as a poet کے الفاظ استعمال کئے تھے۔ یہ تقریباً وہی زمانہ ہے' جب ان کی خدمت میں ایک طرف کمیونسٹ اساتذہ کی فہرستیں پیش ہو رہی تھیں' تو دوسری طرف رجعت پسند مسلمانوں کی جدولیں برخت کے پردے میں ذاکر حسین اپنا حال دل کہہ رہے تھے۔ ذاکر حسین نے ایک عظیم الشان کام اپنے ذمہ لیا تھا اور ان کی بصیرت یہ دیکھ رہی تھی کہ ان کی مادر درسگاہ س کام میں ان کا ساتھ نہیں دے رہی تھی۔ جن باتوں کو رشید احمد ایسی ناسازگاریوں کا نام دے رہے تھے' جو ان کی نگاہ میں سنگین نہیں تھیں۔ وہی دراصل یونیورسٹی کو تباہی کی طرف لے جا رہی تھیں۔ یہاں یہ نہ بھولنا چاہیئے کہ رشید احمد صدیقی نے ذاکر حسین کو استعفےٰ سے باز رکھنے کی پوری کوشش کی اور ناکام رہے۔

ذاکر حسین کے آفریدی پٹھان ہونے کی بات ان کے خاندان اور نسب کا حال بیان کرتے ہوئے س انداز پر کی جاتی ہے کہ گویا یہ امر اتفاق تھا' ورنہ کہاں ذاکر حسین اور کہاں قایم گنج کے پٹھان۔ میرے خیال میں اگر ذاکر حسین کا نفسیاتی تجزیہ کیا جائے تو یہ معلوم ہوگا کہ ذاکر حسین آخر وقت تک قایم گنج کے پٹھان رہے اور تمام عمر ان پٹھانی خوبیوں کی نشو و نما اور پٹھانی کمزوریوں کی تہذیب میں لگے رہے۔ قایم گنج کے پٹھانوں کی طرح وہ نہ تلوار کے شوقین تھے اور پنجے اور خنجر کے دلدادہ۔ مگر غصے میں کسی کم نہ تھے۔ یہ دوسری بات ہے کہ وہ یہ غصہ اپنی ذات ہی پر اُتارتے اور اس انداز پر اُتارتے کہ لوگ انکی جھلاہٹ اور طیش کو بھی ان کا لطف و کرم سمجھتے۔ ان کی پوری عمر ایک اندرونی کشمکش میں صرف ہوئی۔ وہ تہذیب نفس میں تو کامیاب ہو گئے لیکن اپنے ساتھیوں' دوستوں اور بیگانوں سے جو کشمکش انہیں کرنی

ا وہی انہیں لے ڈوبی۔ سچ اس بات کا نہیں کہ مریضِ دل جانبر نہ ہوا۔ افسوس اس امر کا ہے کہ جس مقصد
لئے جان دی گئی وہ حاصل نہ ہوا اور جس ادارے نے دِل کا درد دیا اس نے اس درد کا فائدہ نہیں اُٹھایا۔
رثیہ ذاکر حسین کا نہیں بلکہ اس قوم کا ہے جو نہ اپنے محسنوں کو پہچانتی ہے اور نہ ان کی قدر کرتی ہے۔" ابوخاں
بکری" چاندنی کی کہانی نہیں ذاکر حسین کا قصّہ ہے۔

امریکا کے دو ڈاکٹروں Meyer Friedman اور Ray Rosenman نے کئی برس
تحقیق کے بعد ہارٹ اٹیک کے مریضوں پر ایک کتاب لکھی ہے، وہ اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ اس مرض کا حملہ ایک
ص طبیعت اور مزاج کے شخص پر ہی ہوتا ہے۔ اس شخصیت کو انہوں نے Type. A کا نام دیا ہے۔
ے سے قبل کہ میں Type. A کی شخصیت بیان کروں، رشید احمد صدیقی نے ذاکر حسین کی شخصیت کا جو نقشہ
کھینچا ہے ملاحظہ فرمائیے۔ فرماتے ہیں:

" ذاکر صاحب کی ایک صفت جو ان کے درجے کے دوسرے لوگوں سے ان کو ممتاز کرتی
ہے یہ ہے کہ کیسی ہی اہم تقریب کیوں نہ ہو اس کے لئے خطبہ لکھنا ہوگا، تو وہ خود لکھیں گے...
چنانچہ اس طرح کے مواقع جب پیش آتے ہیں اور کثرت سے آتے رہتے ہیں، تو وہ اتنے مضطر
ہوتے ہیں کہ آس پاس کے لوگ آسانی سے سمجھ جاتے ہیں کہ موصوف کسی خطبے کی کوفت میں ہیں
خطبہ لکھنے کا اہتمام وہ یہ حساب لگا کر کرتے ہیں کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ خطبہ لکھنے کا کام ختم کرنے اور
اس کے پڑھے جانے کے درمیان تھوڑا سا بھی فصل زمانی باقی رہ جائے۔ اور ستم ظریفی یہ
ہے کہ آج تک ایسا نہ ہوا کہ خطبہ نامکمل رہ جائے یا اپنی جگہ پر بے مثل نہ ہو ... ذاکر صاحب
کی قابلیت اور ذہانت کا اظہار یوں تو ہر موقع پر ہوتا ہے لیکن بدیہہ آفرینی اور برجستہ
جوابی کے الماسی ریزے اور برق پارے اس وقت دیکھنے میں آتے ہیں جب وہ حریف کی
نامعقولی یا نالائقی پر برہم ہو جائیں ... ان کی معرکہ کی تقریر وہ ہوتی ہے جب مباحثہ
کے محرک ہونے کی حیثیت سے وہ مخالفین کے جواب میں سب سے آخر میں تقریر کرتے ہیں۔"

ایک اور جگہ کہتے ہیں:

" ذاکر صاحب کو تمام عمر دشواریوں میں کام کرنا پڑا اور دشواریوں سے ہی کام لینا پڑا۔
اچھے اور بُرے کام کی مشکلات اٹھانے اور اٹھاتے رہنے سے انسان کی بعض غیر معلوم اور

غیر معمولی ذہنی اور روحانی صلاحیتیں برسرکار آجاتی ہیں۔ میرا کچھ ایسا خیال ہے کہ ذاکر صاحب کو 'ذاکر صاحب'
بنانے میں ان دشواریوں کو بڑا دخل ہے۔"

ذاکر حسین کی شخصیت سازی میں جہاں اٹاوہ اور علی گڑھ نے حصہ لیا، وہاں برلن نے بھی
ان پر کچھ کم اثرات نہیں چھوڑے۔ ۱۹۶۲ء میں جب جرمن فیڈرل ری پبلک کے صدر Heinrich
Lubke ہندوستان آئے تو دلّی یونیورسٹی نے اعزازی ڈگری دی۔ اس موقعہ پر
کانووکیشن ایڈریس پڑھتے ہوئے ذاکر حسین نے کہا:

" I feel pardonably proud to be priviledged to this as I personally owe an inestimable debt of gratitude to a German university for my own intellectual and moral make up."

ذاکر حسین نے یہ بات جرمنی کے صدر کو خوش کرنے کے لئے نہیں کی تھی۔ پونا یونیورسٹی کی جرمن
ایسوسی ایشن کو مخاطب کرتے ہوئے بھی انہوں نے ایسی ہی بات کی تھی۔ انہوں نے بتایا:

" I learnt German some fifty years ago and have never allowed myself to forget it... I almost daily read it and I can tell you the I am very much richer for it.... The German tongue has a directness and a strength and in the hands of its great writers a refinement and a delicacy which make it worth a great deal of trouble to learn it."

جرمن thoroughness ان کی فطرت ثانیہ نہیں تھی بلکہ عین فطرت تھی۔ ان کی زندگی
عبارت تھی خوب سے خوب تر کی تلاش اور جستجو سے، اہم سے اہم اور مشکل سے مشکل کام کرنے کے عزم سے، چیلنج قبول کرنے سے۔
اب ذرا Friadman اور Roseman کی بھی سنیئے:

" Type A behaviour is a special, well-defined pattern marked by a compelling sense of time urgency-"hurry sickness", aggressiveness and competitiveness .... Type A's engage in a chronic. continuous struggle against circumstances, against themselves. The behaviour pattern is common among hard-driving and successful businessmen and executive. But excess agression is not always easily detected in type A men, if only because they so often keep such feelings and impulses under deep cover. Indeed, very few of these men are even aware of their excess agression. In almost all type A men is the tendency always to compete with or to challenge other People, whether the activity consists of a sporting contest, a game of cards, or a simple discussion. They tend to bristle at points in a conversation where the ordinary person might either laugh self deprecatingly or pass over the possibly contentious theme."

خالدہ ادیب خانم دو انقلابوں سے گزری تھیں۔ سلطنتِ عثمانیہ کے اختتامی دورِ بغاوت سے
اور مصطفیٰ کمال کے دورِ انقلاب سے۔ وہ کہتی ہیں: "کوئی ہندوستانی تعلیم یافتہ جس میں ملی الیاندہ تاج

یہ سوال نہ کیا ہو کہ ذاکر حسین کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے۔ جس کے معنی یہ ہیں کہ ڈاکٹر ذاکر حسین اپنے ہموطنوں میں چیستان ہیں۔ اسی کے ساتھ ان سے زیادہ کھرا آدمی ملنا غیر ممکن ہے ... جب میری ان سے میونخ میں ملاقات ہوئی تو ان کی عمر ۳۰ سال سے کچھ ہی اوپر تھی' لیکن داڑھی موجود تھی ... میں نے اس جاذب چہرے کو رنگ بدلتے دیکھا ہے۔ میں نے اُن کو نہایت غصے میں اور ترس کھا کے آنسو بہاتے بھی دیکھا ہے۔ تاہم ہمیشہ اپنے آپ کو قابو میں رکھتے ہیں ... وہ مذہبی آدمی ہیں اگرچہ مذہب کے متعلق زیادہ باتیں نہیں کرتے۔"

خالدہ ادیب نے جس ترکی میں جنم لیا اس میں داڑھی قدامت کا نشان بنتی جا رہی تھی۔ خلیفہ اور شیخ الاسلام کے لئے تو خیر داڑھی ضروری تھی لیکن Yong Turks. نے داڑھی کو خیرباد کہہ دیا تھا چنانچہ مسجدوں کے پیش اماموں اور موذنوں نے بھی اس اسلامی نشان سے کنارہ کشی اختیار کر لی تھی۔ ذاکر حسین جس خاندان اور ماحول میں بڑھے' پھلے اور پھولے' اس کی روایت میں داڑھی شرافت کا نشان تھی۔ خاص طور پر اہل علم زمیندار خاندانوں میں۔ میں نے ذاکر حسین کے ایسے دو نزدیکی عزیزوں سے جنھوں نے اپنے بچپن میں انھیں دیکھا ہے' ذاکر حسین کی داڑھی کے بارے میں جب پوچھا تو ایک نے کہا شیو (Shave) کرنے میں جو وقت ضائع ہوتا ہے شائد اس کو بچانے کے لئے داڑھی رکھ لی۔ دوسرے عزیز نے مزاحاً کہا ذاکر حسین کی داڑھی ان کی ذہنی نشوونما اور ذہنی تبدیلیوں کے ساتھ مرتب سے مرتب تر ہوتی چلی گئی۔ یہ معمولی سی بات لیکن ان کے سوانح نگار کو غلط راہ پر ڈال سکتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ذاکر حسین مسلمان کے لئے داڑھی ضروری سمجھتے تھے۔ ان کی داڑھی سہل پسندی کا نشان نہیں بلکہ ان کے مرد مسلمان ہونے کی علامت تھی۔ ذاکر حسین کہتے ہیں:

"مسلمانوں کو داڑھی رکھنی چاہیے۔ میں تمہیں مجبور نہیں کرتا کہ تم داڑھی رکھو۔ لیکن یہ ذرا غور کرو کہ آخر داڑھی منڈانے سے کیا فائدہ ہے۔ کیا داڑھی سے صورت بدنما ہو جاتی ہے۔ تم نے شائد داڑھی منڈوں سے مقابلہ نہیں کیا۔ کیا تم نے مغل بادشاہوں کی تصویریں نہیں دیکھیں؟ اُن کی داڑھیاں بدنما ہوتی ہیں؟ آخر تم نے یہ کیوں سمجھ لیا ہے کہ داڑھی رکھ کر آدمی بدصورت ہو جاتا ہے۔ داڑھی میں ایک خاص حسن ہے' مرد اس سے مرد معلوم ہوتا ہے۔"

رہی ذاکر حسین کی داڑھی کی تراش خراش تو وہ بھی ان کی ذہنی نشوونما ناپنے کا پیمانہ نہیں۔ جن دنوں وہ جرمنی میں تھے اور سوٹ زیب تن کرتے تھے ایسی داڑھی رکھتے تھے جو فرنچ کٹ سے ذرا بڑی

ایڈورڈ کٹ سے ذرا مختصر تھی - یہ داڑھی فرائڈ کی داڑھی سے ملتی جلتی تھی لیکن اس کا اسلامی فرق نمایاں تھا - یہی داڑھی تھوڑی بہت ترمیم و اختصار کے ساتھ تادمِ مرگ ان کے حسین اور وجیہ چہرے کی زینت رہی - ہندستان واپسی پر انہوں نے جو مقطع اور پٹھانی داڑھی رکھی تھی وہ د قتی تھی اس کا میں "Erick somia" تجزیہ تو اس وقت نہیں کر سکتا لیکن اس میں کوئی شبہ نہیں ان دنوں گاندھی جی کے دربار میں جتنے بڑے مقطع رنگی بڑے، شوکت بڑے، جوہر بڑے، اجمل بڑے - ڈاکٹر انصاری جیسے لوگ کم تھے - میں نے ذاکر حسین کی داڑھی کی بات برسبیل تذکرہ نہیں کی - میں اسے اہم سمجھتا ہوں اس لئے کہ آدمی اپنے لئے جو وضع قطع اور لباس تجویز کرتا ہے وہ اس کی شخصیت کا آئینہ دار ہوتا ہے - ذاکر حسین مسلمان کے لئے داڑھی ضروری سمجھتے تھے لیکن روایتی مولوی نے داڑھی کا جو حد و د اربعہ مقرر کیا ہے اس کے قائل نہ تھے -

خالدہ ادیب کی اس رائے کی شہادت کہ وہ مذہبی آدمی ہیں اگرچہ مذہب کے متعلق زیادہ باتیں نہیں کرتے، نہ صرف ان کی داڑھی سے ملتی ہے بلکہ اس خواہش سے بھی کہ پیشانی پر سجدے کا نشان ایسا نہ ہو کہ چھپائے نہ بنے وہ سِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِم مِّنْ أَثَرِ السُّجُودِ کے فرمان سے بے خبر نہ تھے لیکن ریاکاری سے خوف زدہ تھے - انھیں اپنی عبادت کی تشہیر ناپسند تھی - چنانچہ عبدالماجد دریا بادی کو ایک خط میں لکھتے ہیں - "مسلمان نائب صدر جمہوریہ" کا تماشا ملا - کیا اب یہ دن آ گئے ہیں کہ کوئی مسلمان جیسے تیسے فرض نماز ادا کرلے تو وہ ایک قابل ذکر خوبی سمجھی جائے اور اس کا ذکر مقتدر جرائد میں ہو" لیکن ایک طرف یہ اخفا ہے، تو دوسری طرف طلبا کی نماز کا اتنا خیال ہے کہ تاکید کے الفاظ میں سختی آگئی ہے، کہتے ہیں :

> "تم لوگ نماز کو بھی ایک بار سمجھتے ہو اور پھر کہتے ہو ہمیں نماز کے معاملے میں مجبور نہ کیا جائے ہم نے تم سے کوئی درخواست نہیں کی تھی، کوئی زور نہیں ڈالا تھا - تمھیں آریہ سماجی سے مسلمان نہیں بنایا - تم نے خود آکر یہ دعویٰ کیا کہ ہم مسلمان ہیں - پھر اگر تمھیں مجبور کرتا ہوں کہ اسلام کے احکام کی پابندی کرو، تو اس میں میرا کیا قصور ہے "

جامعہ میں ایک بزرگ منشی علی محمد تھے - انھیں اس بات پر اصرار تھا کہ وہ ٹخنے جو پاجامہ سے ڈھک جائیں ان کو آخرت میں جہنم کی آگ ڈھکے گی - ذاکر حسین ان کے کمرے کے سامنے سے گزرتے تو پائنچے اوپر کر لیتے اور بعد میں پھر نیچا کر لیتے ملاحظہ کیجیے یہ اندرونی کشمکش - ایک ذاکر حسین داڑھی کو اسلام کا نشان قرار دیتا ہے اور نماز کی تاکید کرتا ہے - دوسرا ذاکر حسین گٹے دار پیشانیوں اور شرعی داڑھیوں سے علیحدہ رہنا چاہتا ہے

خالدہ ادیب خانم نے ذاکر حسین کی اس دینداری کو دیکھ کر ہی کہا تھا کہ "اسلامی دنیا اگر اپنے مذہب کو جو اس کے اخلاق کی بنیاد ہے، ترک کئے بغیر جدید ہونا چاہتی ہے تو اسے عام طور پر ڈاکٹر انصاری اور ذاکر حسین کی تقلید کرنی چاہیئے"۔

ذاکر حسین کے مداحوں نے، ان سے محبت کرنے والوں نے جہاں ظواہر پر توجہ دی وہاں ان تمام عوامل پر غور نہیں کیا جن کا ان کی شخصیت پر گہرا اثر پڑا۔ ذاکر حسین کو سمجھنے کے لئے anecdotal narration کی نہیں بلکہ analytical study کی ضرورت ہے۔ میں یہ بات کہتے ہوئے ڈرتا ہوں اور جانتا ہوں کہ وہ لوگ جو ذاکر حسین کو مجھ سے بہتر جانتے ہیں، قریب سے جانتے ہیں جنہوں نے ان کے ساتھ کام کیا ہے اور جنھوں نے ان کی معیت میں زندگی گذاری ہے، میری جسارت پر اعتراض کریں گے۔ میں سپر انداز ہوں۔ مگر یہ کہنے سے باز نہیں رہ سکتا کہ ذاکر حسین کو صرف جامعہ کے محدب شیشوں سے دیکھنا جائز نہیں۔ اس سے ذاکر حسین کی شخصیت اجاگر نہیں ہوتی، غیر متوازن ہو جاتی ہے۔

ذاکر حسین کی جامعہ اور محمد علی کی جامعہ دو مختلف چیزیں ہیں۔ محمد علی کی جامعہ جوشیلا پروٹسٹ تھی۔ ذاکر حسین کی جامعہ سر سید کے سوچے سمجھے ہوئے مشن کا نتیجہ تھی۔ سر سید اور ذاکر حسین دونوں ملت کو جامد روایات کو قید و بند سے نکال کر ایک dynamic culture کی طرف لے جانا چاہتے تھے۔ وہ چاہتے تھے کہ مسلمان اپنی انفرادیت کو برقرار رکھتے ہوئے اور عقاید کی سلامتی کا لحاظ رکھتے ہوئے زمانہ کے ساتھ ہم آہنگ ہو جائیں۔ سر سید نے انگریز اور انگریزی تہذیب کا چڑھتا ہوا سورج دیکھا اور ذاکر حسین نے پراچین بھارت کی اس تہذیب کو دیکھا جو آزاد ہندستان میں نیا جنم لینے والی تھی مگر اسلام کا پیغام دونوں کے سامنے تھا چنانچہ ذاکر حسین عبدالماجد دریا بادی کو ایک خط میں لکھتے ہیں:

> " آپ کا یہ ارشاد بالکل صحیح ہے کہ جامعہ "ملیہ" ہی نہیں" اسلامیہ" بھی ہے۔ یہ بات ہمیں ہمیشہ پیش نظر رکھنی چاہیئے۔ اس لئے یہ بات جتنی مرتبہ جامعہ والوں کو یاد دلائی جائے اچھا ہے اور مناسب"۔

لباس اور اس کی شائستگی اور طلباء کا رکھ رکھاؤ کسی درس گاہ کی شخصیت و خصوصیت کے پہلے نشان ہوتے ہیں۔ ذاکر حسین کی وائس چانسلری کے زمانہ میں اکسفورڈ کی طرح مسلم یونیورسٹی کے academic dress پر کوئی کتابچہ تو نہیں چھپا مگر ذاکر حسین خود اپنی مثال اور عمل سے شائستگی اور انفرادیت کی اس

امت کے نگہبان تھے۔ موٹر سے اُتر کر طلباء کی شیروانی کے بٹن لگاتے اور ننگے سر طالب علم کو خود اپنی ٹوپی
پنہا دیتے۔ ایک مرتبہ کہا:

"مسلمان کا ہندوستان میں ایک خاص لباس ہوگیا ہے، وہ ہمیں پہننا چاہیئے۔ اب آپ لوگوں کا
یہ حال ہے کہ پہچاننا مشکل ہوتا ہے۔ پتا نہیں چلتا کس قوم کے آدمی ہیں"

ب تو یہ حال ہے کہ مسلم یونیورسٹی کے طالب علم سے لیکر اس کے اونچے سے اونچے استاد اور مہتمم کے سر پر بھی ٹوپی
ظر نہیں آئے گی۔ شیروانی کی جگہ نیم آستین بُش شرٹ وہ حضرات زیب تن کئے ہوں گے جن کی طرف طالب علم
ثال اور راہبری کے لئے دیکھتے ہیں اور جن کی تقلید وہ اپنے لئے قابل فخر سمجھتے ہیں۔ ایک زمانہ وہ تھا کہ
لی گڈھ کا طالب علم اپنی سج دھج، اپنے طور طریقے سے سارے ملک میں پہچان لیا جاتا تھا۔ اب یہ حال ہے کہ ننگے سر
لبا ٹوپی ٹوپی کی صدا بلند کر رہے ہیں اور ان کے ننگے سر اُستاد جنھیں روایت کا نگہبان ہونا چاہیئے تھا
اراض ہو کر اسٹیج سے چلے جاتے ہیں۔ ذرا علی گڈھ مسلم یونیورسٹی کے ان اکابر کو مسجد میں دیکھئے کہ نماز کے وقت
دا کے دربار میں حاضری کے لئے ان کی پتلون کی جیبوں سے کیسی کیسی شکنوں سے پُر، بھانت بھانت کی
ٹوپیاں نکلتی ہیں اور مسجد سے نکلتے ہی اس طرح چھپائی جاتی ہیں گویا ان کا سر پر ہونا باعث شرمساری ہے۔

صاحبو! میں چار سال تک یونائیٹڈ نیشنز کے خالی ایوانوں سے اُکتائے ہوئے، تھکے ہوئے، نیم
وابیدہ، اپنے خیالوں میں کھوئے ہوئے ڈیلی گیٹوں کے سامنے لمبی تقریریں کرنے اور پڑھنے کا عادی ہوں۔ ان
یوانوں میں ڈیلی گیٹ اپنی مرضی سے آتے ہیں۔ جب دل چاہتا ہے اُٹھ کر چلے جاتے ہیں۔ کچھ اخبار پڑھتے
ہیں، کچھ اپنی سفارتوں سے فائل ساتھ لاتے ہیں اور انھیں دیکھتے ہیں۔ کچھ خط لکھتے ہیں اور کچھ سرگوشیاں
رتے ہیں اور ان سب حرکات کے علی الرغم مجھ جیسے بولنگ مقرر اقوام متحدہ کی documentation
کا حجم بڑھاتے رہتے ہیں۔ عادت بُری ہے مگر اب اس عمر میں اصلاح مشکل ہے۔ میں واعظ کی زبان لایا ہوں
دل مدعا کے لئے امید ہے آپ مجھے معاف فرمائیں گے۔ میں آپ کے صرف نومنٹ اور لوں گا۔ حکایت لذیذ
ود، دراز تر گفتم۔

ذاکر حسین کی زندگی کے دو دور ہیں۔ ایک دور علی گڈھ مسلم یونیورسٹی کی وائس چانسلری کے استعفیٰ
سے ختم ہوگیا۔ جب وہ یونیورسٹی آئے تو انکی تمناؤں کا اظہار ان الفاظ میں ہوا:

"علی گڈھ کی تعلیم و تربیت سے اور اس کے پیام و عمل سے ہندوستانی مسلمانوں کا [illegible]

اور وہ اپنے خونِ جگر کی کاوشوں سے جدید ہندستان کی حسین تصویر میں جلال و جمال کا رنگ بھر دینگے"
اور جاتے وقت ذاکر حسین حسب ذیل الفاظ کہکر رخصت ہوئے:

" سب سے پہلے میں اپنے اس تامل کا اقرار کر لوں جو مجھے یہاں آنے میں تھا۔ میں آپ کو تکلیف دینا نہیں چاہتا، لیکن میں اس لئے آ گیا کہ میرے نہ آنے سے کوئی غلط فہمی نہ پیدا ہو جائے۔ دراصل مجھے آنے میں تامل اس لئے تھا کہ میں اپنے اس رنج اور مایوسی کا اظہار آپکے سامنے نہیں کرنا چاہتا تھا جو مجھے آپکے رویّے سے ہوئی ہے۔ میں اس لئے مایوس ہوں کہ آپ میں ابھی تک پختگی نہیں آئی۔ کوئی بھی شخص آپ کو بہکا سکتا ہے ... آپ کے جذبات بھڑکا سکتا ہے اور آپ نے اپنے جذبات کے سلسلے میں عقل سے کام لینا ابھی تک نہیں سیکھا ... میں آپ کی تعریف پر کیسے اعتبار کروں؟ کون کہہ سکتا ہے کل آپ میرا جنازہ نہ نکالیں گے "

ذاکر حسین کی زندگی کا دوسرا دور ان کی گورنری سے شروع ہوا۔ اس دور کا ایک حصّہ درج گزٹ ہے اور دوسرا ناگفتنی۔ اس زمانہ کے سرکاری کاغذات جب تک official secrets Act کی قید سے آزاد نہ ہوں یہ معلوم نہیں ہو سکتا کہ راشٹرپتی ذاکر حسین نے انجمن ترقی اُردو کے صدر ڈاکٹر ذاکر حسین کی ۲۲ لاکھ دستخطوں والی عرضداشت پر کیا ایکشن لیا۔ ذاکر حسین گورنر، وائس پریذیڈنٹ، اور پریذیڈنٹ ہو کر مسلمانوں کے حالات سے بے خبر یا بے تعلق نہیں ہو گئے تھے۔ مگر ظاہر ہے ان کا طریقۂ کار بدل گیا تھا۔ وائس پریذیڈنٹی کے زمانہ میں جب مسلم یونیورسٹی کے طلبا نے علی یاور جنگ کے ساتھ بدسلوکی کی اور محمد کریم چھاگلا نے ان رستے ہوئے زخموں پر نمک چھڑکنے والا بیان دیا تو اس پر تبصرہ کرتے ہوئے ذاکر حسین نے ۲۷ مئی ۱۹۶۳ء کے ایک نجی خط میں لکھا:

" علی گڑھ میں جو کچھ ہوا، وہ بہت ہی شرمناک ہے۔ اس سے دوسرے جو کام لینا چاہتے ہیں وہ اس سے زیادہ شرمناک ہے۔ میں جو کچھ کر سکتا ہوں کر رہا ہوں اور کروں گا۔ اگرچہ لڑکوں نے گنجائش بہت کم چھوڑی ہے۔ دعا فرمایئے کہ یونیورسٹی آزمائش سے صحیح سالم نکل آئے "

میں سمجھتا ہوں ذاکر حسین مسلمانوں کے سلسلہ میں حکومت کو ہر وقت مطلع کرتے رہے ہوں گے۔ لیکن انھوں نے کیا کہا اور اس کا کیا اثر ہوا اُس وقت کے کاغذات کی اشاعت پر ہی معلوم ہو سکتا ہے۔ تاہم اس میں ذرا شبہ نہیں کہ ذاکر حسین کی نائب صدارت اور صدارت کا دور اگرچہ مسلمانوں کے لئے قابل فخر اور ہندستان کے

سیکولرزم کے لئے سند اعتبار ہے۔ مگر خود ذاکر حسین کے لئے اس میں اطمینان قلب کم اور ۔ frustrations زیادہ تھیں ۔ ثاقب لکھنوی کی ایک غزل علی گڈھ کے ایک مشاعرہ میں بڑی مقبول ہوئی ۔ اس کا ایک مصرع ذاکر حسین نے کسی اور موقع پر پڑھا تھا ۔ مگر یہ ان کے اس دور کی پوری داستان کہتا ہے : ؎

"ہے روشنی قفس میں مگر سوجھتا نہیں"

میں ذاکر حسین کے زمانۂ صدارت کے صرف ایک واقعہ کا تذکرہ کروں گا ، جو کافی غلط فہمی کا باعث بنا ۔ ذاکر حسین صدر ہوئے تو وہ سری نگر کے شنکراچاریہ اور جین منی کے پاس گئے اور انھیں کچھ پھل اور پھول ایک تھال میں پیش کئے اور ان کی آشیرباد حاصل کی ۔ اس واقعہ پر اخبارات میں کافی تبصرے ہوئے ۔ حیرت یہ ہے کہ اس پورے مباحثے میں ذاکر حسین کے اسلام کا ذکر تو ہوا لیکن خود ان کی شخصیت کی تعمیر میں جن عوامل کا گہرا اثر تھا ان کا ذکر نہیں ہوا ۔ ذاکر حسین خاں کے دادا غلام حسین خاں عرف چھمن خاں حیدرآباد کی دکنی کن ٹن جنٹ میں فوجی افسر تھے ۔ ریٹائرڈ ہو کر قایم گنج واپس چلے آئے ۔ کیونکہ دربار داری ان کی سرشت میں نہ تھی ۔ فقیروں سے بڑی عقیدت رکھتے تھے ۔ خصوصاً دو بزرگوں کرم علی شاہ اور رئیس بہاری سے ۔ رئیس بہاری کبیر پنتھی تھے ، نہ بت پرستی کے قائل تھے نہ ذات پات کے ۔ پٹھانوں کے ساتھ رہتے اور ان میں بڑے مقبول تھے ۔ قایم گنج واپس آ کر چھمن خاں نے حویلی تعمیر کرانی شروع کی اور ایک دن طیش میں آ کر مزدوروں کو بہت برا بھلا کہا ۔ جب ان کے پیر و مرشد کو اس کا علم ہوا تو انھوں نے چھمن خاں کو بلوا بھیجا اور فرمایا :

"اگر تم چاہتے ہو کہ تمہاری نسلیں اس نئے مکان میں پھلیں اور پھولیں تو ان ناشائستہ الفاظ کے کفارہ کے لئے متھرا جاؤ اور اس کرشن نگری میں فلاں سادھو کی صحبت میں کچھ دن گذارو ، تاکہ تمہاری روح اس غیض و غضب کی کثافت سے پاک ہو ۔ اس آفریدی پٹھان نے مرشد کا فرمان لفظاً لفظاً پورا کیا اور واپس آ کر حویلی کی تعمیر شروع کی ۔ ایسا ہی واقعہ ذاکر حسین کے پیر کے ساتھ بھی گذرا ۔ ذاکر حسین کم عمری میں ہی ایک بزرگ حسن شاہ سے بیعت ہو گئے تھے ۔ یہی حسن شاہ کسی ہندو کے تلک پر اعتراض کر بیٹھے ۔ چنانچہ ان کے مرشد نے اظہار ناراضگی کیا اور حکم دیا تم خود تلک لگا کر کشمیر اور دکن کی پدیاترا کرو اور وہاں کے پروہتوں کی چھٹیاں بطور سند لاؤ ۔ یہ وہ روایات تھیں جو ذاکر حسین کو تہذیب نفس اور انکساری کا سبق حاصل کرنے کے لئے وراثت میں ملی تھیں ۔ غلام حسین خاں کے پوتے اور حسن شاہ کے مرید نے ہندوستان کے سب سے بڑے عہدے کا حلف اٹھانے کے بعد اگر سب سے پہلے انکساری اور عجز کا سبق یاد کرنے کے لئے خاندانی نسخہ استعمال کیا تو اُسے اس

Perspective میں ہی دیکھنا چاہیئے۔

ذاکر حسین مرد مسلمان تھے اور ظواہر پر اتنی ہی توجہ دیتے تھے جتنی کہ باطنی پاکیزگی پر۔ لیکن ان کے تصوف کو شریعت کی ترازو میں تولنا درست نہیں۔ یہ ان کا ذاتی فعل تھا نہ سیاسی نہ شرعی۔ عابد رضا بیدار نے اپنی صوفی حسن شاہ کا ایک واقعہ لکھا ہے وہ بیدار صاحب کے الفاظ میں ہی سنیئے : "صوفی صاحب نے ایک روز ذاکر صاحب سے پوچھا 'کبھی شراب پی ہے تم نے؟' پھر نفی میں جواب پاکر کہنے لگے : مگر میں نے پی ہے۔ اگر تمھیں کوئی ایسا پلانے والا مل جائے جس کے ہاتھ سے تمھیں پی جانا چاہیئے تو کبھی انکار نہ کرنا۔ نورا ـــــــ نے لکھا ہے پوری زندگی ذاکر صاحب کو ایسا واسطہ نہیں پڑا۔ میرا خیال ہے ذاکر صاحب میں اگر کوئی کمی رہی تو یہی۔ میر کے اس شعر کو انھوں نے پڑھا بہت ہوگا، عمل کبھی نہیں کیا :

اے آہوانِ کعبہ نہ اینڈو حرم کے گرد ✤ کھاؤ کسو کی تیغ، کسو کے شکار ہو۔"

میرے ایک مستشرق دوست ان دونوں قلندروں پر ریسرچ کر رہے ہیں۔ بیدار صاحب نے ذاکر حسین کی جس کمی کا ذکر کیا ہے اگر وہ ان میں نہ ہوتی تو میں بے دھڑک کہہ دیتا کہ ذاکر حسین مثالی قلندر تھے۔

ذاکر حسین کی سب سے بڑی خوبی ان کی integrated personality تھی۔ سر سید ہندستانی مسلمان کو جیسا مہذب جنٹلمین اور مکمل ہندستانی بنانا چاہتے تھے اس میں تھوڑی بہت جو کمی رہ گئی تھی وہ ذاکر حسین نے پوری کردی۔ وہ خود اس کی بہترین مثال تھے۔

۱۹۶۸ء میں ذاکر حسین کی خدمت میں آخری بار حاضر ہوا۔ سوئزرلینڈ اور ویٹکن کے زمانۂ قیام میں مجھے مغربی موسیقی کا جو شوق ہے اسے پورا کرنے کا بہت اچھا موقع ملا۔ بات نہ معلوم کس طرح Bach پر چل نکلی معلوم ہوا انھیں اس کے coutatas اور Branden berg concerto خاص طور پر پسند ہیں۔ میں نے ہینڈل کا ذکر کیا۔ فرمانے لگے دونوں میں فرق ہے۔ باخ کے ہاں شوخی کا ایک رنگ ہے اور سنجیدگی کا ایک ڈھنگ ہے اور وہ دونوں کو الگ الگ رکھتا ہے۔ اس کی موسیقی نہایت حسین ہے اور براہ راست دل پر اثر کرتی ہے۔ میں نے کہا یوں کہئے "لگت کلیجوا میں چوٹ" میری طرف معنی خیز نظروں سے دیکھا اور کہا "اس کا بھی ایک مقام ہے"۔

موسیقی اور وہ ریکارڈیڈ موسیقی جو ڈرائنگ روم کی تنہائی میں سُنی جائے محبت اور عبادت کی طرح ایک نہایت ہی پرسنل اور پرائیوٹ چیز ہے اور کسی شخص کے مزاج کی سچی آئینہ دار ہے۔ مصر کی وزارتِ او

نے المصحف المرتّل کے نام سے قرآن کریم کے جو ریکارڈ تیار کرائے ہیں، ذاکر حسین بڑے خشوع وخضوع سے سنتے تھے۔ مگر بھگتی کی دوسری آوازوں سے بھی روح کو محروم نہیں رکھتے تھے۔ پچھلے دنوں ذاکر حسین کی بڑی صاحبزادی سعیدہ خورشید عالم خاں نے ازراہ کرم مجھے اپنے والد کے ٹیپ اور ریکارڈوں کا ذخیرہ دکھایا۔ اس ذخیرہ میں میرا کے بھجن بھی ہیں، Bach کا چرچ میوزک بھی۔ جب ترکیہ گئے تو مولوی سلسلے کے ترکی نغمے بھی لائے خاص کرنے کے ریکارڈ۔ اس مجموعے میں فلمی گانے تو نہیں البتہ محمد رفیع اور لتا منگیشکر کا گایا ہوا بھجن ہے: "جائے گوکل کے نٹ کھٹ چور"۔ گیتا رائے کا بھجن "میں تو گردھر کے گھر جاؤں" بھی ہے۔ ایک ٹیپ جگر کی غزل کا ہے جس پر خود ان کے ہاتھ کا لکھا ہوا پہلا مصرع ہے "اگر نہ زہرہ جبینوں کے درمیان گذرے" مجھے ان ریکارڈوں میں کلو قوال کی نقلیں تو ملیں مگر قوالیاں نہ ملیں۔ روی شنکر اور احمد جان تھرکوا کے ساتھ ساتھ Negro's کی Meuhin اور یہودی بھی ہے Are Maria ✓ selubart Spiritual Melody بھی ہے۔ خود نیگرو موسیقار Paul Robson کے گانوں کے دو ریکارڈ بھی ہیں اور انہی کے ساتھ ام کلثوم کی یا جیبی، Long playing دروز موسیقار فریدالاطرش کا مشہور نغمہ جیبی اور عبدالوہاب کا نغمہ عاشق الروح بھی۔

ذاکر حسین کی شخصیت عبارت تھی اس حسین امتزاج سے جو ہندستانی کلچر اور تہذیب کی روح ہے ریکارڈوں کے اس مجموعے میں مجھے اندو بالا کا گایا ہوا "لگت کلیجوا میں چوٹ" کا ریکارڈ بھی نظر آگیا اور ذاکر حسین کی آخری مسکراہٹ بھی یاد آگئی۔ اس وقت میں اس مسکراہٹ کو معنی خیز سمجھا تھا۔ اب خیال آتا ہے اس میں ایک اداسی کی بھی جھلک تھی۔ ان ۴۸ ریکارڈوں میں صرف ایک ریکارڈ ٹوٹا ہوا نکلا۔ یہ شکستہ ریکارڈ مجاز کے مسلم یونیورسٹی کے مشہور ترانے کا تھا۔ قبل اس کے کہ میں کچھ کہوں ذاکر حسین کی نواسی نیلوفر نے کہا یہ ریکارڈ میاں کے زمانہ میں ہی ٹوٹ گیا تھا۔ اس کے پاس ہی بھجن کا ایک ریکارڈ رکھا ہے۔ " میرا کے من کی سونی پڑی ہے ستار۔

●●

(۲۶ نومبر ۱۹۸۲ء کو خدابخش لائبریری میں سُنایا گیا)

حسنین سیّد

● **جناب حسنین سیّد** : پیدائش ۲۳ مارچ ۱۹۱۷ء، بمقام کوروتی بہپورا (دربھنگہ)۔ ابتدائی تعلیم سوری ہائی اسکول مدھوبنی۔ اگست ۱۹۳۴ء میں جامعہ ملّیہ اسلامیہ میں ثانوی سوم میں داخلہ لیا، مئی ۱۹۴۰ء میں جامعہ سے بی۔اے کیا۔ زمانۂ طالب علمی میں جامعہ کالج کے طلبہ کی تنظیم انجمن اتحاد کے ناظم اور انجمن اتحاد کے ترجمان قلمی رسالہ "جوہر" کے ایڈیٹر، جس کا سالانہ نمبر اقبال پر' جوہر اقبال' کے نام سے شائع بھی ہوا۔

اکتوبر ۱۹۴۱ء سے جماعت اسلامی ہند سے وابستہ ہیں۔

ان دنوں درس گاہ اسلامی دربھنگہ کے ناظم ہیں

●●

## وہ ایک مردِ قلندر تھے

### مروّت حسن عالمگیر تھا اُستاد ذاکر کا

استاد ذاکر حسین رحمۃ اللہ سے میری تین یادگار ملاقاتوں میں سے پہلی ملاقات: اگست ۱۹۳۴ء میں جب میں داخلے کے لیے جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی پہنچا تو داخلے کے آخری مرحلے پر مجھ کو استاد رحمۃ اللہ کی خدمت میں پیش کیا گیا کہ وہ میرے داخلے کے فارم پر دستخط کر دیں۔ انھوں نے تعارف کے لیے میرے حالات دریافت کیے۔ میں ایک خط لکھ کر لے گیا تھا جس میں میں نے جامعہ ملیہ اسلامیہ میں داخلہ لینے کی غرض بتائی تھی اور یہ عرض کیا تھا کہ میں اپنے والد کی مرضی کے خلاف اپنے تعلیمی سلسلے کو چھوڑ کر جامعہ ملیہ اسلامیہ اس لئے آیا ہوں کہ مجھ کو معلوم ہوا ہے کہ یہاں اسلامی اور دُنیوی دونوں طرح کی تعلیم ساتھ ساتھ دی جاتی ہے۔ مدھوبنی بہار میں جس سکول میں میں تعلیم حاصل کر رہا تھا اس میں اسلامی تعلیم کا کوئی موقع نہیں تھا اور میرے والد صاحب کا حوصلہ یہ تھا کہ وہ مجھ کو وکیل بنائیں اور مجھے وکیل بننے سے کوئی دلچسپی نہیں تھی۔ دوسری بات یہ کہ میں چاہتا ہوں کہ جب میں اپنے والد کی مرضی کے خلاف اپنے تعلیمی سلسلہ کو چھوڑ کر جامعہ میں تعلیم حاصل کرنے آیا ہوں، تو ان پر اپنی تعلیم کے مصارف کا بار نہ ڈالوں اور آپ سے یہ درخواست کرنا چاہتا ہوں کہ اگر میرا داخلہ جامعہ میں ہو جائے تو تعلیمی اوقات کے علاوہ کسی وقت جامعہ کی کوئی خدمت مجھ سے لیں اور اس کے عوض اتنا معاوضہ دیں جس میں کسی طرح یہاں کا خرچ نکال سکوں ـــــ میرے خط کو پڑھ کر وہ خاموش رہے اور فارم پر دستخط کرنے سے پہلے فرمایا ـــ "میں آپ سے ایک عہد لینا چاہتا ہوں" میں نے عرض کیا۔ وہ کیا؟ فرمایا "عہد کیجئے کہ میں ہمیشہ سچ بولنے کی کوشش کروں گا" میں نے عرض کیا "الحمد اللہ میں شعوری طور پر پہلے سے اس پر عامل ہوں" ـــ انھوں نے میرے فارم پر دستخط کر دیا۔

جب میں ان کے کمرے میں داخل ہوا تھا تو ایک نہایت حسین و وجیہہ پُر وقار شخصیت سے سامنا ہوا تھا اس وقت ان کی عمر ۳۵ ـ ۴۰ سال کے قریب رہی ہوگی) سرخ، سفید چہرہ اور اس پر بھرپور سیاہ داڑھی، بقول حفیظ جالندھری: جلال بھی ہے جمال بھی ہے ـــ یہ شخصیت کا کمال بھی ہے۔

وں نے ہنستے ہوئے گرمجوشی سے میرا استقبال کیا اور مصافحہ کے لیے ہاتھ بڑھایا۔ وہ ایک نہایت نفیس فرشی پر بیٹھے
تھے فرش کے اوپر ماربل کی چٹائی تھی۔ سامنے فرشی میز تھی جس پر ہر چیز اپنی جگہ انتہائی سلیقہ سے سجی ہوئی رکھی
تھی۔ ان کی بائیں طرف دیوار پر شیشے کا ایک فریم آویزاں تھا جس پر یہ شعر خوشخطی کا بہترین نمونہ پیش کر رہا تھا :

آسایش دو گیتی تفسیر این دو حرف است ÷ با دوستاں تلطف با دشمناں مدارا

جب انھوں نے میرے فارم پر دستخط کر دیا تو ان سے الوداعی مصافحہ کر کے کمرے سے باہر آیا اور بہت خوش اور مسرور تھا۔

چند دنوں کے بعد جامعہ کے احاطے میں ان سے آمنا سامنا ہوا۔ انھوں نے مجھے روک کر فرمایا "تعلیم ختم ہو جانے کے بعد دو گھنٹے صدر مدرس کے دفتر میں آپ کام کیا کریں گے۔ اس کے عوض آپ کو ۸ روپے ماہانہ ملا کریں گے جس سے آپ اپنا جامعہ کا خرچ پورا کرنے کی کوشش کریں۔" اس پر میں نے ان کا شکریہ ادا کیا۔

میں نے اپنا داخلہ جامعہ میں غیر مقیم طالب علم (DAY SCHOLAR) کی حیثیت سے کرایا۔ کیونکہ اس وقت جامعہ میں دارالاقامہ میں قیام وطعام کے مصارف ۱۶ روپے ماہانہ تھے۔ اس وقت میں جامعہ ملیہ قرول باغ دہلی سے اتر کی جانب سبزی منڈی کے ریلوے اسٹیشن کے احاطے میں ایک مسجد میں رہتا تھا جس کی دوری جامعہ قرول باغ سے دو میل سے کم نہ تھی۔ ایک روز پھر جامعہ میں میرا ان کا آمنا سامنا ہوا اور یہ پوچھا کہ "آپ کہاں رہتے ہیں؟" میں نے بتایا کہ سبزی منڈی ریلوے اسٹیشن کی مسجد میں۔ سن کر خاموش ہو گئے۔ چند دنوں کے بعد پھر اسی طرح سر راہ ملاقات ہوگئی۔ انھوں نے فرمایا "قرول باغ میں جامعہ سے متصل ہی ان کے عزیز احمد خاں رہتے ہیں، جو طبیہ کالج میں پڑھتے ہیں۔ میں نے ان سے پوچھا ہے۔ ان کے کمرے میں گنجائش ہے آپ ان کے ساتھ رہ سکتے ہیں"۔ میں نے ان کا شکریہ ادا کیا اور چند دنوں میں سبزی منڈی سے قرول باغ منتقل ہو گیا۔ احمد خاں صاحب نے اپنے کمرے میں جگہ دی لیکن کرایہ قبول نہیں کیا۔ ایک سال تک ان کے ساتھ رہا۔ نہایت مخلص اور شریف آدمی ثابت ہوئے۔ ۸ روپے جامعہ سے جو بطور معاوضہ کے ملتے تھے اس میں سوا دو روپے میں نے جامعہ کی فیس تعلیم ادا کی اور چار روپے ماہانہ میں جامعہ کے مطبخ سے دو وقت کھانا جاری کرالیا جس میں صرف دال اور چپاتیاں ملا کرتی تھیں۔ باقی پونے دو روپے ناشتہ اور اوپر کے خرچ کے لئے کافی ہو جایا کرتے تھے۔ کچھ دنوں بعد پھر ایک روز جامعہ میں سر راہ ملاقات ہوئی تو استاد علیہ الرحمہ نے مجھے روک کر فرمایا: "ڈاکٹر سلیم الزماں صاحب کے چھوٹے بچے کو شام کو ایک گھنٹہ ان کی کوٹھی پر جا کر پڑھا دیا کریں۔ دس روپے ماہانہ معاوضہ کے طور پر وہ دیا کریں گے۔" اس طرح جامعہ میں بہ سہولت تعلیم حاصل کرنے کا موقع میرے لئے پیدا کر دیا

اور جب تک جامعہ میں قیام رہا ان کی نوازشوں اور کرم فرمائیوں کا سلسلہ جاری رہا۔ ان ساری نوازشوں کا تذکرہ اس وقت نامناسب ہے لیکن ایک واقعہ کا تذکرہ کیے بغیر نہیں رہ سکتا۔ ایک روز جامعہ لائبریری کے برآمدے یا اسٹینڈ پر جہاں روزنامہ اخبار لگے رہتے تھے، لوگ کھڑے ہو کر اخبار پڑھ لیتے تھے، میں بھی اخبار دیکھ رہا تھا۔ بائیں طرف کے راستہ سے استاد علیہ الرحمہ گذر رہے تھے۔ میں نے اپنی آنکھیں اٹھائیں تو ان سے آنکھیں چار ہوئیں اور بغیر ان کو سلام کیے میں دوبارہ اخبار پڑھنے میں مشغول ہو گیا۔ استاد علیہ الرحمہ چلتے چلتے رُک گئے اور پھر جب میں نے نظر اٹھا کر ان کو دیکھا تو انھوں نے جھک کر مجھ کو فرشی سلام کیا اور آگے بڑھ گئے۔ میں نے جواب تو دیا لیکن سلام نہ کرنے کی کوتاہی پر بڑی ندامت محسوس کی ـــــ یہ تھا ان کا ایک انداز تربیت ـــــ

**دوسری ملاقات کا تاثر:** ۱۹۴۰ء میں جامعہ ملیہ سے فارغ ہو کر میں دربھنگہ آگیا ۱۹۴۱ء میں جماعت اسلامی کی تشکیل عمل میں آئی اور میں اس سے وابستہ ہو گیا۔ جماعت اسلامی کا مرکز لاہور سے پٹھان کوٹ منتقل ہو گیا۔ ۱۹۴۴ء میں آل انڈیا جماعت اسلامی کی مجلس شوریٰ کا میں رکن بنایا گیا مجلس شوریٰ میں شرکت کے لیے پٹھان کوٹ آتے جاتے میں دہلی میں رُک کر احباب سے ملاقات اور اپنے اساتذہ کرام کی خدمت میں حاضری دیا کرتا تھا۔ استاد علیہ الرحمہ جب علی گڑھ کے وائس چانسلر ہوئے تب بھی دہلی آتے جاتے ان کی خدمت میں حاضر ہوتا تھا۔ جماعت کا لٹریچر ان کی خدمت میں پیش کرتا اور جماعت کی سرگرمیوں سے ان کو واقف کراتا تھا۔ وہ ہمیشہ بڑی محبت اور شفقت سے پیش آتے تا آنکہ وہ ۱۹۵۷ء میں بہار کے گورنر ہو کے پٹنہ تشریف لائے۔ ان کا گورنری کا عہدہ قبول کرنا مجھ کو پسند نہ آیا۔ میرے خیال میں یہ منصب ان کے مقام سے بہت فروتر تھا۔ نہ میں ان سے ملنے گیا اور نہ ان کی خدمت میں خیر مقدم کا کوئی خط ارسال کیا۔ تقریباً چھ مہینے کے بعد انھوں نے پٹنہ کے کسی صاحب سے میرے متعلق تذکرہ کیا کہ "یہاں بہار میں میرے ایک شاگرد ہیں حسنین۔ وہ اب تک ملاقات کے لئے نہیں گئے، پتہ نہیں کیا بات ہے۔ کبھی کبھی وہ میرا ایمان تازہ کر دیا کرتے تھے"ـــ ان صاحب نے پٹنہ میں محبی شبیر احمد (جو ان دنوں پٹنہ میں ایک سوڈا واٹر فیکٹری کے منیجر تھے) سے میرے بارے میں استاد علیہ الرحمہ کی گفتگو دہرائی۔ ایمان تازہ کرنے کی بات یہ ہے کہ جب میں ان کی خدمت میں حاضری دیا کرتا تھا تو جماعت کی کوئی نہ کوئی کتاب ان کی خدمت میں پیش کیا کرتا تھا۔ محبی شبیر احمد صاحب نے مجھ کو خط لکھا کہ تم اب تک اپنے استاد سے کیوں نہیں مل سکے اور استاد علیہ الرحمہ کی گفتگو نقل کی۔ ان کا خط ملنے پر میں نے استاد کی خدمت میں ایک عریضہ ارسال کیا، بعد القاب و آداب میں نے عرض کیا تھا:

" گورنر کی حیثیت سے آپ کو پٹنہ تشریف لائے ہوئے کافی دن ہو گئے لیکن افسوس ہے کہ نہ تو میں آپ
مت میں حاضر ہو سکا اور نہ خیر مقدم کا کوئی خط ہی ارسال کیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ میں اس اُلجھن میں ہوں کہ
کے لئے گورنری، قلندری سے کیسے افضل ہو گئی؟ اور آپ نے اسے کیسے پسند فرما لیا؟ اخبارات میں یہ پڑھ کر
شی ہوئی کہ آپ اس ریاست کو ایک نمونے کی ریاست دیکھنا چاہتے ہیں۔ لیکن جس کے کارپردازوں کا
ظلم و جور کا ہو، اس کو نمونے کی ریاست بنانے میں آپ کو بہت دشواری پیش آئے گی۔ جماعت اسلامی ہند
ذ آپ بہت حد تک واقف ہیں۔ جماعت اسلامی کے سلسلے میں حکومت بہار کا جو رویہ ہے اس کے متعلق
ت " اخبار میں میرا ایک بیان شائع ہوا ہے۔ اس کا تراشا ارسال خدمت ہے۔" (ان دنوں حکومت بہار نے
ت اسلامی پر SUBVRSIVE ACTIVITIES کا الزام لگایا تھا اور سرکاری ملازمین کو
یت کی گئی تھی کہ وہ لوگ جماعت کی سرگرمیوں سے دُور رہیں، ورنہ CONDUCT RULE دفعہ ۲۴
ت ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی)۔ دوسری بات میں نے یہ عرض کی تھی کہ " آپ مجھ جیسا معمولی
ا اگر آپ کی خدمت میں حاضر ہونا بھی چاہے تو کیسے حاضر ہو سکتا ہے؟ اور جماعت کا کچھ تازہ لٹریچر بھی خط کے
ھ رجسٹرڈ ڈاک سے استاد علیہ الرحمہ کی خدمت میں ارسال کر دیا لیکن پندرہ دنوں تک نہ ان کی طرف سے
جواب آیا اور نہ خط کی رسید ہی ملی۔ اس پر میں نے معمولی ڈاک سے دوسرا عریضہ ان کی خدمت میں ارسال کیا
اس میں یہ عرض کیا کہ دو ہفتوں سے زاید ہو گئے آپ کی خدمت میں ایک عریضہ اور چند کتابیں ارسال کی تھیں
یے کہ اس کے جواب میں نہ تو آپ کا کوئی گرامی نامہ ملا اور نہ خط کی رسید ہی ملی۔ اندیشہ ہوتا ہے کہ یہ چیزیں
ت تک نہیں پہنچ سکیں ورنہ آپ سے ایسی توقع نہیں ہے کہ آپ میرے عریضے کا جواب نہ دیں گے۔ میرے اس عریضے
جواب میں رانچی سے ان کا گرامی نامہ ملا۔ اس خط کا مضمون یہ ہے:

راج بھون۔ رانچی کیمپ
۱۰ ستمبر ۱۹۵۷ء

عزیزم حسنین صاحب — السلام علیکم ورحمۃ اللہ

آپ کے دونوں محبت نامے ملے۔ آپ کا بھیجا ہوا لٹریچر بھی ملا۔ معافی چاہتا ہوں کہ پہلے خط کے جواب
، اتنی دیر ہوئی کہ آپ کو یاد دہانی کرنی پڑی۔ شاید آپ کو غلط فہمی ہو، اس لیے وجہ لکھے دیتا ہوں۔ میں ذاتی خطوط
لکھنے میں بہت کاہل ہوں۔ پھر اگر کوئی دوست یا عزیز اپنے خط میں کوئی ایسا سوال کر دیتا ہے، جو میری شخصی

داخلی زندگی سے متعلق ہو تو مجھے اس کا جواب لکھنا اور دشوار ہو جاتا ہے ۔ آپ نے اپنے خط میں پہلی الجھن یہ بتائی ہے کہ گورنری قلندری سے کیسے اور کب سے افضل ہو گئی اور میں نے گورنری کو قلندری پر کیسے ترجیح دی ۔ اس کے جواب میں اگر کچھ رُکا تو آپ کو ہمدردی ضرور ہونی چاہیئے۔

پہلے تو عزیزمن! میں قلندر کب تھا؟ لیکن سوال کو اپنی ذات سے الگ کر کے ایک اصولی سوال سمجھوں تو اس کا بہت اچھا جواب حضرت مخدوم سید علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ المعروف بہ داتا گنج بخش ؒ نے اپنی کتاب "کشف المحجوب" میں ایک جگہ دیا ہے ۔عبارت نقل کئے دیتا ہوں اور اپنی طرف سے کچھ نہیں لکھتا :

"از استاد ابو القاسم قشیری ؒ شنیدم کہ گفت مردمان اندر فقر و غنا ہر کسی سخن گفتہ اند و خود را چیزی اختیار کردہ و من آن اختیار کنم کہ حق مرا اختیار کند ۔ و من را اندر آن نگاہ دارد، اگر توانگر دارم غافل گذاشتہ نباشم و گر درویش دارد حریص و معترض نباشم پس غنا نعمت و اعراض اندر وی آفت و فقر نعمت و حرص اندر وی آفت [1] "

(مطلب :۔ استاد ابو القاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ سے ہم نے سنا فرمایا : فقیری اور مالداری کے سلسلے میں لوگوں نے بات کہی ہے اور اس کو اختیار کیا ہے، میں اس کو اختیار کرتا ہوں جو اللہ تعالیٰ میرے لئے پسند فرمائے اور مجھ کو اپنی نگاہ میں رکھے ۔ اگر مالداری کی حالت میں رہوں تو اللہ سے غافل نہ ہونے پاؤں اور اگر غربت کی حالت میں رہوں تو حریص اور لالچی نہ ہوں ۔ لہٰذا مالداری نعمت ہے اور اس حال میں اللہ سے غفلت آفت ہے۔ غریبی اور فقیری بھی نعمت ہے اور اس حال میں حرص آفت ہے ۔)

دوسری الجھن کا جواب سہل ہے ۔میں ابھی کوئی تین چار ہفتہ یہاں ہوں ۔ وسط اکتوبر سے انشاءاللہ پٹنہ میں رہوں گا ۔آپ ایک کارڈ میرے سکریٹری کو لکھ دیں وہ مجھ سے پوچھ کر آپ کے لئے وقت مقرر کر دیں گے۔ ضرور تشریف لائیے ۔مفصل گفتگو کو بہت جی چاہتا ہے ۔خدا کرے کہ آپ خیریت سے ہوں اور خوش بھی۔"

خیر طلب : ذاکر حسین

میں نے استاذ ؒ کی ہدایت کے مطابق ان کے سکریٹری کو خط لکھا اور ان سے ملاقات کی خواہش کا اظہار کیا ۔ انھوں نے وقت مقرر کر کے مجھے مطلع کیا ۔ مقررہ وقت پر میں راج بھون پہنچا ۔ ان کے ملٹری سکریٹری نے میرا استقبال کیا اور ان کے کمرے تک میری رہنمائی کی ۔میں کمرے کے اندر داخل ہو گیا تو انھوں نے دروازہ بند کر دیا ۔استاذ ؒ کو میں نے سلام کیا اور مصافحہ کے لئے ہاتھ بڑھایا ۔ انھوں نے کھڑے ہو کر معانقہ کے لئے

---

[1] کشف المحجوب ۔ [illegible]

ہ لیا اور اسی حال میں فرمایا کہ آپ لوگ حکومت پر بہت تنقید کرتے ہیں۔ پھر اپنے قریب کی کرسی پر بیٹھنے کی ہدایت
۔ میں نے جواب میں عرض کیا "جب ہم مجبور ہوتے ہیں تبھی حکومت پر تنقید کرتے ہیں"۔ اس کے بعد دوسرا سوال
وں نے یہ کیا کہ کیا ابھی مولانا ابو اللیث صاحب امیر جماعت اسلامی ہند نے کہیں یہ کہا ہے کہ "جماعت اسلامی
پاکستان نہیں چاہتی تھی ـــــ ؟" میں نے عرض کیا "کہا ہوگا"۔ جماعت اسلامی تو پوری دنیا
، اللہ کی حکومت قائم کرنا چاہتی ہے، لیکن کچھ لوگوں نے ہندوستان کے دو ٹکڑوں پر ہی قناعت کر
ہے"۔ انھوں نے فرمایا کہ "حسنین صاحب آپ لوگ حکومت الٰہیہ قائم کرنا چاہتے ہیں لیکن عام طور
ے ہندوستان کے مسلمان حکومت الٰہیہ نہیں چاہتے ہیں"۔ میں نے ان سے کہا یہ ان کی کم حوصلگی اور
ت ہمتی ہے ورنہ مسلمان کی حیثیت سے : "ہر ملک ملک ماست، کہ ملک خدا ماست" ہر ملک میں حکومت
ٰہیہ یا اللہ کا دین قائم ہونا چاہیئے"۔ اس کے بعد میں نے عرض کیا "آپ کی حکومت نے جماعت اسلامی کو
SUBVERSIVE کیسے قرار دیدیا، ہم لوگ تو پُر امن طریقے پر لوگوں کو اللہ کے راستے پر بلاتے
یں کوئی توڑ پھوڑ، قتل و غارت گری کا طریقہ نہیں اپناتے ہیں"۔ انھوں نے فرمایا "SUBVERSIVE
ونے کے لئے اتنا کافی ہو سکتا ہے کہ حکومت کے دستور کو تسلیم نہ کیا جائے اور غیر پارلیمانی طریقے سے حکومت
۔ تبدیل کرنے کی کوشش کی جائے۔ دیکھئے کمیونسٹوں نے ملک کے دستور کو مان کر کیرالا میں الکشن میں
حصہ لیا اور الکشن میں کامیاب ہونے پر وہاں حکومت بنالی۔ آپ لوگ بھی دستور کو مان کر پارلیمانی طریقے سے
حکومت کو بدل سکتے ہیں"۔ میں نے عرض کیا کہ اگر SUBVERSIVE سے یہ مطلب ہے تو ہم اقراری مجرم ہیں۔
فرمایئے کیا ہم آپ کی ریاست میں اللہ کا نام لے سکتے ہیں؟ انھوں نے فرمایا کہ اس سے آپ کو کون روک
سکتا ہے۔ میں نے عرض کیا کہ جب ہم لا الٰہ الا اللہ کی تشریح کریں گے تو پھر SUBVERSIVE آجائے گا
س پر آپ نے فرمایا کہ ایک چیز ہے پھل اور ایک چیز ہے درخت۔ پھل سے اگر لوگوں کو اختلاف ہے
و قبل از وقت پھل کا تذکرہ مت کیجئے۔ درخت لگانے کی کوشش کیجئے۔ جب لوگ اس کے میٹھے پھل
دیکھیں گے تو مخالفت ترک کر دیں گے"۔ میں نے با ادب عرض کیا کہ "درخت لگانے کا عمل چپکے سے اور
کیلے سے تو نہیں ہوگا اس کی خوبیوں کو بتا کر کچھ لوگوں کو تو اپنے ساتھ لینا ہی ہوگا اور ان کے تعاون ہی سے
یہ کام انجام پا سکتا ہے۔ میں نے جماعت اسلامی کی دعوت اور طریقہ کار کا مختصراً تعارف کرایا۔ آپ نے
توجہ اور صبر سے میری باتوں کو سنا اور فرمایا "ٹھیک ہے جس بات کو آدمی حق سمجھے اس کے لئے جدوجہد کر"

اس کے بعد میں نے عرض کیا کہ "آپ کی حکومت میری ہمہ وقت نگرانی کیوں کرتی ہے؟ سی، آئی، ڈی کے دو آدمی سائے کی طرح میرے ساتھ رہتے ہیں۔" جواب میں انھوں نے فرمایا "یہ آپ کے لئے ہی مخصوص نہیں ہوگا، تمام سیاسی ورکروں کی نگرانی کی جاتی ہے آپ کی بھی کی جاتی ہوگی۔ اس میں گھبرانے اور پریشان ہونے کی کوئی بات نہیں ہے۔ وہ اپنا کام کرتے ہیں آپ اپنا کام کیجئے۔ راہِ حق میں دشواریاں تو پیش آتی ہی ہیں۔"

جب میں استاذؒ سے ملاقات کے لئے پٹنہ پہنچا تھا تو برادرم سید وسیم اللہ صاحب کے یہاں قیام کیا تھا جو ان دنوں سکریٹریٹ میں ملازم تھے اور کسی اونچے منصب پر فائز تھے۔ جماعت اسلامی سے ان کا تعلق 'ہمدردی' کا تعلق تھا لیکن اس تعلق کی بنا پر ان کے خلاف کارروائی چل رہی تھی۔ استاد محترم سے پہلے جو گورنر صاحب تھے انھوں نے کوئی آرڈیننس جاری کیا تھا کہ جو سرکاری ملازم کسی سیاسی سرگرمیوں میں ملوث پایا جائے گا اس کا COMPULSORY RETIREMENT ہوسکتا ہے۔ اسی آرڈی ننس کے تحت وسیم اللہ صاحب کے خلاف کارروائی ہو رہی تھی۔ حالانکہ اس آرڈی ننس کی مدت ختم ہو چکی تھی اور گورنر صاحب بھی تشریف لے جا چکے تھے۔ میں نے وسیم اللہ صاحب سے کہا کہ اس آرڈی ننس کا نام اور نمبر وغیرہ لکھ کر دیدیں۔ میں استاد محترم سے اپنی ملاقات میں اسے پیش کردوں گا۔ وسیم اللہ صاحب نے ایک کاغذ پر اس کا نام اور نمبر وغیرہ لکھ کر دے دیا۔ میں نے اس کو استادؒ کی خدمت میں پیش کیا۔ انھوں نے چشمہ بدل کر بغور اس کو پڑھا اور پوچھا کہ "اس طرح کے کتنے آدمیوں کے خلاف کارروائی ہوئی ہے؟" میں نے عرض کیا "بہار میں تقریباً ۲۰ اشخاص کو جو جماعت اسلامی کے رکن تھے اور سرکاری ملازم بھی تھے، پرائمری اسکول کے ٹیچر سے لے کر گزیٹیڈ آفیسر تک کو جماعت اسلامی کی رکنیت کے جرم میں برطرف کیا جا چکا ہے۔ ان لوگوں نے ملازمت سے برطرفی کو گوارا کیا اور جماعت سے اپنے تعلق کو برقرار رکھا۔ لیکن وسیم اللہ صاحب جماعت کے رکن نہیں ہیں۔ ان پر جماعت کی رکنیت کا غلط الزام لگا کر ان کو پریشان کیا جا رہا ہے۔" استادؒ نے اس پرزے کو رکھ لیا۔

ہماری یہ ملاقات بہت زیادہ طویل ہوگئی تھی اور ان کے پاس یاددہانی کی گھنٹی بار بار بج رہی تھی۔ جب ہماری گفتگو ختم ہوئی تو وہ اٹھ کھڑے ہوئے اور فرمایا کہ مقررہ وقت سے زیادہ ہی وقت صرف ہو چکا ہے اور لوگ انتظار میں بیٹھے ہوں گے۔ باقی ان شاء اللہ آئندہ ـــــ اس طرح ان سے مصافحہ کرکے رخصت ہوا اور وہ دروازے تک پہنچا گئے۔

کچھ دنوں کے بعد جب وسیم اللہ صاحب سے ملاقات ہوئی تو انھوں نے بتایا کہ ان کے خلاف

روائی ختم ہو چکی ہے اور ان کی ترقی کے ساتھ ان کی تنخواہ میں بھی اضافہ کیا گیا ہے اور میرے ساتھ جو
سی.آئی.ڈی کی جو وقت نگرانی تھی وہ بھی ختم ہو گئی۔ دربھنگہ میں سی، آئی، ڈی کے ایک آفیسر نے آکر اطلاع دی
ہمارے پاس آرڈر آگیا ہے کہ اب آپ کی نگرانی نہ کی جائے۔

**تیسری اور آخری ملاقات:۔** جماعت اسلامی ہند نے مجھ کو ۶۲ء میں جماعت کی
دعوت کے تعارف کے سلسلے میں آسام کا امیر حلقہ بنا کر گوہاٹی بھیجا۔ ۶۲ء سے لے کر ۷۰ء تک میں گوہاٹی
آسام میں رہا۔ ابتدائے ۷۰ء میں جماعتِ اسلامی ہند کے اجتماع میں شرکت کے لئے مجھ کو دلی جانا تھا۔ میں نے
استاد محترم کی خدمت میں ایک عریضہ ارسال کیا کہ میں دلی حاضر ہو رہا ہوں اور ان تاریخوں میں مرکز
جماعت اسلامی میں مقیم رہوں گا۔ آپ کی خدمت میں حاضر ہونا چاہتا ہوں۔ اگر موقع ہو تو وقت مقرر فرماکر
مرکز جماعت اسلامی کے پتہ پر مجھے مطلع فرمائیں۔ اس کے جواب میں استادؒ کا جلد ہی ایک گرامی نامہ ملا جس میں
درج تھا کہ "جن تاریخوں میں آپ دلی میں رہیں گے، ان تاریخوں میں افسوس ہے کہ میں دہلی میں نہ رہ سکوں گا
پہلے سے جنوب کا پروگرام بن چکا ہے۔ انشاء اللہ آئندہ ملاقات ہوگی۔ اس کے کچھ ہی دنوں کے بعد گوہاٹی میں
استاد کے پرائیوٹ سکریٹری اور ملٹری سکریٹری کے خطوط ملے۔ جس میں درج تھا کہ وہ' استادؒ ۲۵ اپریل کو
گوہاٹی پہنچ رہے ہیں۔ اس دن شام کو ساڑھے پانچ بجے سرکٹ ہاؤس میں مجھ سے مل کر وہ خوش ہوں گے
اس کے بعد دوسرے دن سی، آئی، ڈی کے ایک افسر میرے پاس آئے اور بتایا کہ پریسیڈنٹ ۲۵ اپریل کو
گوہاٹی آرہے ہیں۔ ان کے پروگرام میں آپ سے ملاقات بھی شامل ہے۔ مہربانی کر کے سی، آئی، ڈی آفس
آیئے آپ کو ایک پاس دیا جائے گا اُسے لے کر ہی آپ اُن کے پاس پہنچ سکتے ہیں۔ چنانچہ میں سی آئی ڈی دفتر گیا۔
سی، آئی، ڈی افسر نے مجھ سے پوچھا کہ صدر جمہوریہ ہند کس سلسلے میں آپ سے ملنا چاہتے ہیں اور ان سے آپ کا کیا تعلق ہے؟
میں نے ان کو بتایا کہ وہ میرے استاد رہ چکے ہیں۔ میں نے جامعہ ملیہ اسلامیہ میں تعلیم حاصل کی ہے۔ ۳۴ء
سے لے کر ۴۰ء تک میں وہاں رہا۔ وہ ہمارے استاد بھی رہے اور وائس چانسلر بھی رہے۔ اسی تعلق سے اُن
سے ملنا ہے۔ چنانچہ مجھ کو ایک پاس دیا گیا اس کو لے کر میں ان سے ملا۔ میری ملاقات سے پہلے گوہاٹی کے
ایک بڑے میدان میں ان کی تقریر تھی۔ پہلے میں اس جلسے میں شریک ہوا اور ان کی تقریر سُنی۔ اس کے بعد مقررہ
وقت سے چند منٹ پہلے سرکٹ ہاؤس پہنچ گیا۔ مجھے وٹینگ روم میں بٹھایا گیا۔ اُن کے ملٹری سکریٹری
میرے پاس آئے اور بتایا کہ سب سے پہلے آپ کی ملاقات ہے اور آپ کی ملاقات کے لئے پانچ منٹ کا وقت

دیا گیا ہے۔ جب آپ کی طلبی ہوگی تو میں آپ کو ان کے ملاقات کے کمرے میں پہنچا دوں گا اور کمرہ بند کردوں گا۔ جب آپ کا وقت ختم ہو جائے گا تو میں دروازہ کھول کر کھڑا ہو جاؤں گا تو مہربانی کرکے آپ اٹھ جائیے گا ورنہ جب تک آپ بیٹھے رہیں گے وہ بھی آپ سے باتیں کرتے رہیں گے اور آپ کے بعد والوں کو موقع نہیں مل سکے گا۔ اس لئے کہ اس کے بعد نماز کا وقت ہو جائے گا اور وہ نماز پڑھیں گے۔ میں نے ان سے کہا کہ ٹھیک ہے مجھے کوئی یادداشت نہیں پیش کرنی ہے اور نہ کوئی لمبی چوڑی گفتگو کرنی ہے۔ ہم ایک دوسرے کی خیر و عافیت دریافت کریں گے اور وقت ختم ہونے پر اٹھ آئیں گے۔ ہماری یہ گفتگو ملٹری سکریٹری سے ہو رہی تھی کہ استاذ بی، کے نہرو کے ساتھ جو اس وقت آسام کے گورنر تھے سامنے آئے اور ان سے جدا ہو کر ملاقات کے کمرے میں گئے اور گھنٹی بجائی۔ مقررہ وقت سے پہلے ہی مجھے طلب کر لیا۔ میں اندر داخل ہوا اور سلام عرض کیا۔ وہ اٹھے بڑھ کر گلے لگایا۔ خیریت دریافت کی اور پوچھا کہ "آپ آسام کیسے آگئے؟" میں نے عرض کیا کہ "آپ تو جانتے ہی ہیں کہ ہم لوگوں نے جماعت اسلامی ہند بنائی ہے اور کچھ لوگوں نے اپنی زندگیاں جماعتی سرگرمیوں کے لئے وقف کردی ہیں۔ میں بھی اُن میں سے ایک ہوں۔ ۲۲ سالوں تک بہار، اڑیسہ، بنگال میں جماعت اسلامی ہند کی دعوت پیش کرتا رہا۔ اللہ کے فضل و کرم سے وہاں کچھ کارکن تیار ہو گئے تو اب جماعت نے مجھ کو آسام بھیجا ہے تاکہ یہاں بھی جماعت اسلامی کی دعوت پیش کروں۔ ساتھ ہی ساتھ آسامی زبان میں اسلامی لٹریچر بھی تیار کرانے کا کام میرے سپرد ہے۔ افسوس کی بات ہے کہ آسامی زبان میں اسلامی لٹریچر کی بڑی کمی ہے۔" انھوں نے فرمایا "کہ آپ نے بڑے استقلال سے کام کیا۔" میں نے عرض کیا کہ محض اللہ تعالیٰ کی توفیق اور آپ لوگوں کی تعلیم و تربیت ہے کہ اس کام کی سعادت حاصل ہوئی۔ آپ نے فرمایا کہ "آسامی زبان میں اسلامی لٹریچر کے تیار کرانے کا کام بھی بہت اہم ہے۔" انھوں نے اپنی جیب میں ہاتھ ڈالا اور ایک سو روپے کا نوٹ نکال کر آسامی زبان میں اسلامی لٹریچر کے لئے دیا۔ میں نے قبول کرنے میں تامل کیا کہ آپ سفر کی حالت میں ہیں، فوری طور پر دینا کیا ضروری ہے۔ انھوں نے میری جیب میں نوٹ ڈال دیا۔ اس کے بعد فرمایا کہ "پچھلے دنوں آپ نے "محسن انسانیت" بھیجی ہے۔ سیرت پر یہ کتاب مجھ کو بہت پسند آئی۔ سیرت پر میں نے بہت ساری کتابیں پڑھی ہیں۔ حتیٰ کہ مولانا شبلیؒ کی "سیرت النبیؐ" بھی دیکھی ہے۔ مگر محسن انسانیت مجھ کو بہت پسند آئی۔" اس کے بعد وہ خاموش ہو گئے۔ میں نے سوچا تھا کہ اس مختصر ملاقات میں زیادہ تر انھیں کے ارشادات سنوں گا اور اپنی طرف سے کوئی بات نہیں پوچھوں گا

ں جب وہ خاموش ہو گئے تو میں نے پہلی بات یہ عرض کی کہ آج جمعہ کا دن تھا اگر گوہاٹی کی کسی مسجد میں جمعہ کی
ز بھی آپ کے پروگرام میں شامل ہوتی تو اچھا ہوتا۔ یہاں کے مسلمانوں کو توقع تھی کہ مسلمان صدر جمہوریہ
ر یہاں کی کسی مسجد میں نماز ادا کریں گے تو قریب سے انھیں دیکھنے کا موقع ملے گا۔ اس سلسلہ میں گوہاٹی
مسلمانوں کو بڑی مایوسی ہوگی۔ انھوں نے فرمایا کہ "میرے دونوں گھٹنوں میں تکلیف رہتی ہے اور فرش
نماز ادا کرنے میں تکلیف زیادہ محسوس ہوتی ہے۔ میں چوکی پر بیٹھ کر پاؤں لٹکا کر نماز پڑھتا ہوں۔ کبھی کبھی
بقرعید کے موقع پر دہلی کی عیدگاہ میں چلا جاتا ہوں تو بڑی تکلیف کے ساتھ نماز ادا کر پاتا ہوں۔"
ں نے عرض کیا کہ یہ عذر معقول ہے لیکن لوگوں کو اس کی خبر نہ ہوگی ـــــ اس کے بعد میں نے عرض کیا کہ
آپ کے جو بھی ہوم منسٹر ہوتے ہیں جماعت اسلامی کے خلاف غلط الزام لگایا کرتے ہیں اور ہم لوگ اُن
ں صفائی میں جو کچھ کہتے ہیں اُن کا وہ کوئی نوٹس نہیں لیتے۔ ایک طرح کے الزامات بار بار دہراتے رہتے
ہتے ہیں۔" انھوں نے فرمایا کہ "وہ اپنا کام کرتے ہیں، آپ اپنا کام کیجئے۔ بات دراصل یہ ہے کہ آج کل
لوگوں کو اور سب جماعتوں کو خوش رکھنے کے لئے اور توازن برقرار رکھنے کے لئے سیاسی لوگ ایسی بات
یتے ہیں اور ایسی حرکتیں کرتے ہیں جو حقیقت اور صداقت کے خلاف ہوتی ہیں۔ پتہ نہیں کہ خود چوہان
ی کی (جو اس وقت ہوم منسٹر تھے) جماعت کے بارے میں اپنی رائے کیا ہے۔ لیکن عام طور سے ایسا
ہوتا ہے کہ الکشن میں کامیابی کی خاطر لوگ ایسا کرتے ہیں۔ اس لحاظ سے الکشن کا موجودہ طریقہ غلط ہے۔"
اس موقع پر میں نے عرض کیا کہ "تب تو الکشن میں جماعت اسلامی کا حصہ نہ لینا حق بجانب ہے۔" اس کا
انھوں نے خاموش مسکراہٹ سے جواب دیا۔ اس کے بعد میں نے عرض کیا کہ بھارت میں فسادات کا سلسلہ
آخر کبھی ختم بھی ہوگا؟ میرے اس سوال پر وہ افسردہ سے ہو گئے اور کچھ دیر سکوت کے بعد فرمایا "ہم لوگ مسلمان
ہیں اور فسادات سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں لہٰذا فسادات کو زیادہ محسوس کرتے ہیں، ورنہ حکومت کی کونسی کل سیدھی
ہے؟ دیکھئے تلنگانہ میں کیا ہو رہا ہے؟ (اس وقت آندھرا پردیش میں تلنگانہ کی پُرتشدد تحریک زوروں پر تھی)
اس کی وجہ یہ ہے کہ ہماری لیڈرشپ بہت کمزور ہے۔" یہ سنکر میں حیرت میں مبتلا ہو گیا کہ اپنی ہی حکومت کے سلسلے
میں صدر جمہوریہ کیا فرما رہے ہیں۔ ساعت یہاں تک پہنچی تھی کہ صدر کے ملٹری سکریٹری دروازہ کھول کر نمودار
ہوئے اور میں بھی ان کی ہدایت کے مطابق اٹھ کھڑا ہوا۔ استاد محترم بھی اٹھ کھڑے ہوئے۔ میں الوداعی سلام
کرنے کے ہاتھ بڑھا کر دروازہ کی طرف بڑھا۔ وہ بھی لپٹ کر ... کاندھوں پر شفقت سے ہاتھ رکھے ہوئے

دوازے تک یہ کہتے ہوئے آئے : " اللہ آپ لوگوں کو کامیاب کرے، آپ لوگوں کی میرے دل میں بڑی قدر ہے ۔"
ن آخری ملاقات کے بعد جب میں باہر نکلا تو میں بہت خوش اور مسرور تھا کہ انھوں نے میری سرگرمیوں کی تائید
رمائی اور دعا دی ۔ ان کی حوصلہ افزائی اور دعائیں میرے کانوں میں گونجتی رہیں اور اب تک گونج رہی ہیں ۔ مگر
سوس ہے کہ میری خوشی اور مسرت کے لمحات بہت عارضی ثابت ہوئے ۔

ایک ہفتہ بعد ۳ مئی کو میرے ایک دوست نے آکر خبر دی کہ صدر جمہوریہ ہند ڈاکٹر ذاکر حسین انتقال کر گئے ۔
نا للہ و انا الیہ راجعون ——— یہ خبر سُن کر میں اس درجہ متأثر ہوا کہ بستر پہ جاکر لیٹ گیا اور
ر تک روتا رہا ۔ جب کچھ سکون ملا تو وہاں سے اپنے ایک عزیز کے یہاں چلا گیا جن کے پاس ریڈیو سیٹ تھا ۔
تر پہ لیٹا لیٹا اس وقت تک ریڈیو سُنتا رہا جب تک ان کی تجہیز و تکفین نہ ہو گئی ۔ اللہ ان کی مغفرت فرمائے
ر اپنے جوار رحمت میں جگہ دے ——— آمین

ہم کہ سکتے ہیں کہ ان کی زندگی ان دو حرفوں کی تفسیر تھی : " بادوستاں تلطف، بادشمناں مدارا "
اقبالؒ کے اس مصرع کے مصداق تھے : " مروّت حسن عالمگیر ہے مردانِ غازی کا " ——— یا
للہ کے آخری رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق تھے : " تم میں سب سے اچھا انسان وہ ہے، جو
خلاق میں سب سے اچھا ہو ——— اور اللہ نے مجھ کو اخلاق کی تکمیل کے لئے مبعوث فرمایا ۔" اور ارشاد باری
ہے : " ان اکرمکم عند اللہ اتقٰکم " تم میں سب سے محترم و مکرم بندہ وہ ہے جو سب سے
یادہ اللہ سے ڈر کر زندگی گزارنے والا پرہیزگار ہو ۔ ●●

# ریاض الرحمٰن شیروانی

● جناب ریاض الرحمٰن شیروانی : پیدائش ۱۹۲۴ء بمقام حبیب گنج، ضلع علی گڈھ،
تعلیم : علی گڈھ مسلم یونیورسٹی، اورینٹل کالج لاہور، قاہرہ یونیورسٹی۔ چوتھی صدی ہجری کے عالم
ابوالفرج المعافٰی بن زکریا الجریری النہروانی کے مخطوطے "کتاب الجلیس والانیس" کی
پہلی پچیس مجلسیں ایڈیٹ کرکے علی گڈھ مسلم یونیورسٹی سے پی، ایچ، ڈی کی ڈگری حاصل کی۔
۱۹۵۳ء میں علی گڈھ مسلم یونیورسٹی کے شعبۂ عربی میں بحیثیت لکچرر تقرر ہوا۔ ۱۹۷۰ء میں ریڈر کے
عہدے پر ترقی ملی۔ ۸۲-۱۹۸۱ء میں صدرِ شعبہ کے فرائض انجام دیئے۔ یکم مارچ ۱۹۸۳ء کو کشمیر
یونیورسٹی میں پروفیسر و صدر شعبۂ عربی کی حیثیت سے تقرر ہوا۔

ہندوستان اور پاکستان کے اہم عربی، انگریزی اور اُردو کے مجلّات و جرائد میں ڈیڑھ سو
کے قریب مضامین، تراجم اور تبصرے شائع ہو چکے ہیں جو علمی، ادبی اور سیاسی موضوعات سے تعلق رکھتے
ہیں۔ جن مجلّات و جرائد میں یہ تحریریں شائع ہوئی ہیں ان میں "المجمع العلمی الہندی" علی گڈھ، "اسلام
اینڈ ماڈرن ایج" نئی دہلی، "ویوز اینڈ ریویوز" نئی دہلی، "معارف" اعظم گڈھ، "اُردو ادب"
علی گڈھ "نگار" کراچی، "فکر و نظر" علی گڈھ، "صبا" حیدرآباد، "شاہکار" الہ آباد، "جامعہ"
نئی دہلی، "صبح" دہلی، "علیگڈھ میگزین" علی گڈھ، "بیگڈنڈی" امرتسر، "آجکل" نئی دہلی قابل ذکر ہیں۔
ہندی انسائیکلوپیڈیا مطبوعہ بنارس ۱۹۶۰ء میں ابن سینا، پر مضمون اور عربی کے ایک درجن ادبا و شعراء
پر نوٹ شائع ہوئے تھے۔

دیگر مشاغل و مناصب : رکن مجلس منتظمہ آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علی گڈھ، سابق نائب
صدر انجمن ترقی اردو، اترپردیش سابق پرووسٹ آفتاب ہال علی گڈھ مسلم یونیورسٹی سابق رُکن
اکیڈمک کونسل علی گڈھ مسلم یونیورسٹی۔

●●

(۱)

ڈاکٹر ذاکر حسین کے نام اور کام سے، کان ابتدا ہی سے آشنا تھے۔ دہلی علیگڑھ سے دُور نہیں ہے
ذاکر صاحب کا تعلق علی گڑھ سے اِتنا قریبی تھا کہ کسی علی گڑھ والے کے لئے ان سے نا آشنا رہنا ممکن ہی نہیں تھا۔
ے زمانۂ طالب علمی میں مُسلم یونیورسٹی کا نظم ونسق جن لوگوں کے ہاتھوں میں تھا ان سے ذاکر صاحب کے اختلافات
۔ لیکن اس کے باوجود وہ مسلم یونیورسٹی کی مختلف علمی اور تعلیمی مجلسوں سے وابستہ تھے اور یونیورسٹی کے
ی اور ادبی حلقوں میں ان کا احترام کیا جاتا تھا۔ ۱۹۴۰ء سے ۱۹۴۷ء تک کا دَور ہمارے ملک کی تاریخ میں خاص
رسے بڑا پُر آشوب اور ہنگامہ خیز دور تھا اور اس سے مسلم یونیورسٹی بھی مُستثنیٰ نہیں تھی۔ جس طرح پورے ملک
ب اسی طرح یونیورسٹی میں بھی مسلمان اساتذہ اور طلبہ کی بھاری اکثریت تقسیم ملک کے حق میں تھی۔ میرا تعلق اس چھوٹی
ی اقلیت سے تھا جو اس تحریک سے متفق نہیں تھی اور ملک کے اتحاد اور سالمیت کی حامی تھی۔ ہم نے اپنی راہ
سوچ سمجھ کر متعین کی تھی اور اس لئے ہمیں یہ حق نہیں تھا کہ اپنے اقلیت میں ہونے کا شکوہ کرتے لیکن ہمیں یہ شکایت
ضرور تھی کہ اُس وقت یونیورسٹی کا ماحول ایسا تھا جس میں اکثریت کے نقطۂ نظر کے علاوہ کسی دوسرے نقطۂ نظر
کی شنوائی بالکل نہیں تھی، اس کا احترام کرنا تو علیٰحدہ رہا، اسے برداشت کرنے کے لئے بھی کوئی تیار نہیں تھا۔ اس
لئے اُس وقت ہم علی گڑھ کی فضا میں بڑی گھٹن اور اجنبیت محسوس کرتے تھے۔ یہاں کئی ایسے واقعات پیش آئے تھے
جنھوں نے ہمیں بہت تکلیف پہنچائی تھی اور ہماری اُداسی اور تنہائی میں اضافہ کر دیا تھا۔

اسی زمانے میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کی جوبلی ہوئی اور ہم نے سُنا کہ وہاں ذاکر صاحب نے جامعہ کے اسٹیج پر
کانگریس اور مسلم لیگ کے لیڈروں کو دوش بدوش جمع کر دیا اور ان کا یکساں احترام کیا تھا ۔۔۔ ذاکر صاحب کے اپنے
جو سیاسی خیالات تھے ان سے ہر شخص اچھی طرح واقف تھا، اس کے باوجود ان کی یہ فراخ دلی کہ انھوں نے موافقین
کے ساتھ مخالفین کی بھی پذیرائی فرمائی اور ان کے احترام میں بھی فرق نہیں آنے دیا، ہمارے لئے ایک بالکل نیا اور اس
سے یکسر متضاد تجربہ تھا جس سے ان دنوں خود ہمارا سابقہ تھا۔ ذاکر صاحب کی شرافت اور عظمت کا پہلا نقش میرے
دل پر اسی واقعے سے ثبت ہوا۔ پھر میں نے ان کا وہ خطبہ پڑھا جو اس موقع پر انھوں نے جامعہ میں ارشاد فرمایا تھا۔

درجس میں ایک طرف ان کٹھنائیوں کا ذکر کیا تھا جن سے جامعہ کے کارکنوں کو گزرنا پڑا تھا اور دوسری طرف ملک کے رہنماؤں سے اپیل کی تھی کہ وہ ملک میں پھیلی ہوئی نفرت کو روکیں۔ ورنہ کہیں ایسا نہ ہو کہ اس کے شعلوں سے عمر بھر کی کمائی جل کر راکھ ہو جائے اور تعلیم کا کام — جو دراصل محبت کا کام ہے — اس ملک میں ممکن نہ رہے۔ ذاکر صاحب کا یہ خطبہ میرے نزدیک عزم اور خلوص دونوں کا شاہکار ہے اور اسے پڑھ کر آج بھی دل وہی گرمی اور دماغ وہی روشنی محسوس کرتا ہے جو اس نے اوّل روز محسوس کی تھی۔ ان ہی دنوں ذاکر صاحب پر پروفیسر رشید احمد صدیقی کی ایک چھوٹی سی کتاب شائع ہوئی جسے بہت شوق اور دلچسپی سے پڑھا اور ذاکر صاحب کی شخصیت کا نقش دل میں فروزاں تر ہو گیا۔ اس کتاب میں رشید صاحب نے (جہاں تک مجھے یاد آتا ہے) لکھا تھا کہ وہ اپنے اچھے طالب علموں کو ذاکر صاحب سے ملنے کا مشورہ دیتے تھے تاکہ وہ ان کی شخصیت سے کسب نور کر سکیں۔ یہ کتاب پڑھ کر میرے دل میں بھی ذاکر صاحب سے ملنے کا اشتیاق پیدا ہوا۔ کچھ ہی عرصے بعد معلوم ہوا کہ ذاکر صاحب علیگڑھ تشریف لائے ہیں اور حسب معمول رشید صاحب کے مکان پر مقیم ہیں۔ چنانچہ ۱۹۴۶ء کے آخر یا ۱۹۴۷ء کے شروع میں ایک خوشگوار صبح کو ہم تین ساتھی ذاکر صاحب سے ملنے کی آرزو دل میں لئے آفتاب ہوسٹل سے رشید صاحب کے مکان پر پہنچے اور وہاں مکان کے چھوٹے سے لیکن خوبصورت باغیچے میں ذاکر صاحب سے ہماری ملاقات ہوئی۔ ہم طے کر کے گئے تھے کہ ذاکر صاحب سے اپنا تعارف نہیں کرائیں گے (کیونکہ اتفاق سے ہم تینوں ہی کے بزرگوں سے ذاکر صاحب اچھی طرح واقف تھے) تاکہ ان سے ہماری گفتگو بالکل آزادانہ ماحول میں ہو سکے۔ لیکن ہمارے بیٹھتے ہی ذاکر صاحب نے سب سے پہلے ہمارے بارے میں ضروری معلومات حاصل کر لیں اور پھر گفتگو شروع ہوئی۔ ہم نے اس وقت کے علیگڑھ کے ماحول کا تذکرہ اور اس سے بیزاری کا اظہار کیا تو ذاکر صاحب نے فرمایا کہ ایم۔ اے کر کے جامعہ چلے آیئے، زیادہ تو نہیں لیکن سو روپے ماہوار جامعہ آپ کو پیش کرے گی۔ وہاں رہ کر علمی کام کیجئے اور اس کے نتائج سے طلبہ کو روشناس کرایئے۔ اس سے چند ہی روز قبل یونیورسٹی کے اس وقت کے وائس چانسلر ڈاکٹر سر ضیاءالدین احمد کی دعوت پر ڈاکٹر سید حسین اور جناب عبدالرحمٰن صدیقی علیگڑھ آئے تھے۔ ذاکر صاحب چاہتے تھے کہ یونین میں ان کی تقریر ہو، لیکن ڈاکٹر سید حسین کے سیاسی خیالات کی بنا پر یونین کے عہدیداروں نے ان کی تقریر کا اہتمام کرنے سے نہ صرف انکار کر دیا تھا بلکہ یہ دھمکی بھی دی تھی کہ اگر ان سے تقریر کرائی گئی تو طلبہ مزاحمت کریں گے۔ اس صورت میں جناب عبدالرحمٰن صدیقی بھی تقریر کرنے پر آمادہ نہیں ہوئے تھے اور دونوں بغیر تقریر کئے ہوئے ہی علیگڑھ سے واپس چلے گئے تھے۔ اس واقعے کا ہم پر بہت اثر تھا۔ جب اس کا ذکر ہم نے ذاکر صاحب سے کیا تو وہ بھی بہت متاثر ہوئے اور فرمایا کہ ڈاکٹر سید حسین ذہین آدمی ہیں، وہ کوئی ایسی بات ہرگز نہ کہتے جس سے

ایت پیدا ہوئی۔ انھوں نے یہ بھی فرمایا کہ اگر یہی حالات رہے تو علیگڑھ والے اچھے لوگوں کی صورت دیکھنے اور ان کی
ن سننے کو ترس جائیں گے۔ دوران گفتگو ایک لطیفہ بھی پیش آیا۔ ذاکر صاحب نے ہم سے سوال کیا کہ تعلیم سے فارغ ہو کر
یا کرنے کا ارادہ ہے۔ ہم میں اس وقت نوجوانی کا جوش تھا چنانچہ میں نے اور میرے ایک ساتھی نے جواب دیا کہ ہم قوم کی
دمت کریں گے۔ ذاکر صاحب نے فرمایا کہ شروع میں سب یہی کہتے ہیں لیکن اگر نائب تحصیلداری بھی مل جاتی ہے تو قوم
ی خدمت بھول کر اس میں منہمک ہو جاتے ہیں۔ یہ فرما کر وہ ہمارے تیسرے ساتھی کی طرف متوجہ ہوئے اور ان سے دریافت
یا کہ کیا آپ کا بھی قوم کی خدمت کرنے کا ارادہ ہے۔ وہ ذاکر صاحب کی گفتگو سے ایسے کھلا گئے تھے کہ انھوں نے سر ہلا کر
ہا کہ میرا ایسا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ اس پر ذاکر صاحب نے مسکرا کر فرمایا کہ اب قوم کی خدمت ایسی بری بات بھی نہیں ہے
س سے آپ اس طرح برات کا اظہار کریں۔ اس ملاقات کا مجھ پر بہت اثر ہوا اور ذاکر صاحب کی ذہانت، خلوص
ور سادگی سے طبیعت خاص طور سے متاثر ہوئی۔ اس کے بعد ذاکر صاحب ہمارے ہیرو ہو گئے اور ہمارا دل چاہنے لگا
کہ کاش وہ ہماری یونیورسٹی کے وائس چانسلر ہوتے۔ اگرچہ ہم جانتے تھے کہ اس وقت جو حالات تھے ان میں ہمارا یہ خواب
شرمندۂ تعبیر ہونا ممکن نہیں تھا اور نہ خود ذاکر صاحب ہی کا جامعہ کو چھوڑنا آسان تھا۔

اس وقت کون جانتا تھا کہ جلد ہی حالات میں ایسی خوش گوار تبدیلی ہو گی کہ ہمارا یہ خواب حقیقت بن
جائے گا۔ اور ذاکر صاحب واقعی وائس چانسلر ہو کر علیگڑھ تشریف لے آئیں گے۔ ۱۹۴۸ء کے آخر میں ان کا انتخاب اس
منصب پر ہوا۔ اس وقت یونیورسٹی کی عجیب کیفیت تھی۔ دس سالہ سیاسی جوش و خروش کے بعد اب مایوسی اور بددلی
کا دور دورہ تھا۔ نشہ اتر چکا تھا، خمار باقی تھا، سب لوگ اعصاب شکنی میں مبتلا تھے۔ ہر ایک کو ہر طرف اندھیرا ہی
اندھیرا نظر آتا تھا، خود اپنے مستقبل پر کسی کو اعتماد نہیں تھا۔ ہر شخص سہما اور ڈرا ہوا تھا کہ نہ معلوم کس وقت کیا
ہو جائے گا۔ دوسری طرف یونیورسٹی اغیار کی نظروں میں کھٹک رہی تھی۔ وہ افراد کی بے راہ روی کا انتقام ادارے
سے لینا چاہتے تھے۔ کوئی کہتا تھا کہ یونیورسٹی کو بند کر دینا چاہیئے۔ کسی کی رائے تھی پاکستان کے فلاں تعلیمی ادارے سے اس کا تبادلہ
کر کے اسے ملک بدر کر دینا چاہیئے! اور کسی طرف سے آواز اٹھتی تھی کہ یونیورسٹی کا نظم و نسق حکومت کو اپنے ہاتھ میں لے لینا چاہیئے۔ غرض جتنے
منہ تھے اتنی ہی باتیں تھیں۔ اصل بات یہ تھی کہ تقسیم ملک کے بعد مسلم یونیورسٹی ہندوستان میں مسلمانوں کی آرزوؤں اور تمناؤں کا آخری مرکز رہ
گئی تھی اور یہ لوگ نہیں چاہتے تھے کہ اب اس ملک میں مسلمانوں کی بالادستی کا کوئی چھوٹا سا نشان بھی باقی رہے۔ ان حالات میں پنڈت جواہر
لال نہرو اور مولانا ابوالکلام آزاد کی نگاہ دور بیں نے ذاکر صاحب کا وائس چانسلر کے منصب کے لئے انتخاب کر کے مسلم یونیورسٹی پر ایسا
احسان کیا جس کے بارے میں وہ کبھی سبکدوش نہیں ہو سکے گی اور ذاکر صاحب نے بھی جامعہ کو چھوڑ کر ایسے ایثار کا ثبوت دیا جس کا احساس بہت کم لوگوں کو

## ۲

ڈاکٹر صاحب سے میری دوسری ملاقات ستمبر یا اکتوبر ۱۹۴۹ء میں اس وقت ہوئی جب وہ مسلم یونیورسٹی کے وائس چانسلر ہو کر علی گڑھ آ چکے تھے اور میں عربی میں پی۔ ایچ۔ ڈی میں داخلہ لے رہا تھا۔ شعبۂ عربی کے صدر پروفیسر عبدالعزیز میمن کا ریٹائرمنٹ قریب تھا اور میں ان ہی کی زیرِ نگرانی کام کرنا چاہتا تھا۔ پروفیسر ہادی حسن فیکلٹی آف آرٹس کے ڈین تھے۔ وہ شعبۂ عربی کی اندرونی کشمکش کے سبب میمن صاحب سے راضی نہ تھے۔ اس لئے انھیں اس میں تامل تھا کہ کوئی نیا طالبِ علم میمن صاحب کی زیرِ نگرانی پی۔ ایچ۔ ڈی میں داخلہ لے۔ اس وجہ سے میرے داخلے میں تاخیر ہو رہی تھی۔ بالآخر میں نے فیصلہ کیا کہ ذاکر صاحب کی خدمت میں حاضر ہو کر صورتِ حال سے انھیں آگاہ کروں۔ (ان دنوں وائس چانسلر کا دفتر وکٹوریا گیٹ کے اوپر تھا۔ بعد میں ذاکر صاحب کو قلب کی تکلیف ہو جانے کی بنا پر نیچے آ گیا)۔ میں وائس چانسلر کے دفتر میں جانے کے لئے سیڑھیاں چڑھ رہا تھا کہ دیکھا کہ ذاکر صاحب سیڑھیوں سے نیچے اُتر رہے ہیں۔ نیچے آ کر میں نے اپنی حاضری کا مقصد گوش گزار کیا، تو ذاکر صاحب نے فرمایا کہ مجھے تو کسی ایسے اختلاف کا علم نہیں ہے۔ بہر حال آپ کا داخلہ ہو جائے گا۔ چنانچہ داخلہ ہو گیا۔ ایک سال کے بعد میمن صاحب کا ریٹائرمنٹ ہونے لگا۔ آرزو صاحب (پروفیسر مختار الدین احمد) اور میں اس وقت ان کے زیرِ نگرانی پی۔ ایچ۔ ڈی کر رہے تھے۔ چنانچہ ہم دونوں نے ذاکر صاحب کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ ہمارا کام ابھی ابتدائی منزل میں ہے۔ اگر میمن صاحب ریٹائر ہو گئے تو کام ادھورا رہ جائے گا اور کوئی ایسا استاد اس وقت شعبۂ عربی میں نہیں ہے جو اس کی تکمیل کرا سکے۔ ذاکر صاحب نے فرمایا کہ میمن صاحب ریٹائر ہونے کے بعد بھی علی گڑھ ہی میں رہیں گے آپ ان سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ ہم نے عرض کیا کہ میمن صاحب کا مزاج یہ نہیں ہے کہ ریٹائرمنٹ کے بعد ہماری رہنمائی فرمائیں۔ اس پر ذاکر صاحب کا جواب تھا کہ پھر تو ان کا ریٹائر ہو جانا ہی بہتر ہے۔

ذاکر صاحب ہی کے دورِ وائس چانسلری میں، میں نے مسلم یونیورسٹی اسٹوڈنٹس یونین کے نائب صدر (اس وقت یونین کا سب سے بڑا عہدہ یہی تھا، صدر خود وائس چانسلر ہوتا تھا) کا انتخاب لڑا۔ یہ بھی ۱۹۴۹ء

بات ہے۔ ملک کی تقسیم کو تھوڑی ہی مدت ہوئی تھی اور ابھی تک یونیورسٹی میں مسلم لیگی خیالات کے طلبہ
اکثریت تھی۔ یہ انتخاب خالص نظریاتی بنیادوں پر ہوا تھا۔ تین امیدوار تھے۔ ایک امیدوار (جو کامیاب
ے) مسلم لیگی تھے۔ دوسرے کمیونسٹ اور میں نیشنلسٹ خیالات کی نمائندگی کرتا تھا۔ اصل مقابلہ میرے اور
سلم لیگی امیدوار کے درمیان تھا۔ مسلم لیگی خیالات کے طلبہ کی جانب سے الیکشن میں زور زبردستی کا مظاہرہ
یا جا رہا تھا۔ بعض اساتذہ کی درپردہ حمایت بھی انھیں حاصل تھی۔ میرے بعض ساتھیوں نے ذاکر صاحب سے
کر انھیں اس طرف توجہ دلائی، تو انھوں نے فرمایا کہ آپ الیکشن کو پھولوں کی سیج کیوں سمجھتے ہیں، یہ تو
اٹوں بھرا راستہ ہے۔ جب اس راہ پر نکلے ہیں تو جوانمردی سے حالات کا مقابلہ کیجیے۔ الیکشن کے بعد ایک
وست نے، جو طالب مسلم نہیں تھے، ذاکر صاحب کو خط لکھ کر شکایت کی کہ اگر آپ کے دورِ وائس چانسلری
ں یہ سب کچھ ہو رہا ہے تو پھر کس سے توقع کی جائے۔ ذاکر صاحب نے اس کا جواب دیا کہ ہتھیلی پر سرسوں جمانا ممکن
ہیں ہے۔ آہستہ آہستہ ان شاء اللہ سب ٹھیک ہو جائے گا۔ اور پھر ذاکر صاحب نے واقعی سب ٹھیک کر کے دکھا دیا۔

ذاکر صاحب کا انتظامی طریقۂ کار کیا تھا اس پر ایک واقعے سے بہت اچھی روشنی پڑتی ہے۔
حصول آزادی سے قبل مسلم یونیورسٹی میں محرم کی تعطیلات بہت طویل ہوتی تھیں، یعنی ۱۰، ۱۲ دن۔ پھر
یہ کم ہو کر سات دن رہ گئی تھیں۔ ذاکر صاحب ان میں مزید تخفیف کرنا چاہتے تھے۔ چنانچہ گھٹا کر تین
دن کر دی گئیں (اب صرف ایک دن کی تعطیل ہوتی ہے) جب اس تخفیف کا اعلان ہوا تو طلبہ کی طرف
سے اس پر احتجاج کیا گیا اور اسٹوڈنٹس یونین کے اُس وقت کے صدر احمد سعید صاحب نے اپنی ایک
تقریر میں یہ پھبتی کسی کہ "ذاکر حسین، ذکرِ حسین سے روکنا چاہتے ہیں۔" معاملہ اور آگے بڑھا اور بعض طلبہ
"بھوک ہڑتال" پر بیٹھ گئے۔ ذاکر صاحب ان کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا کہ جب تک تم کھانا نہیں
کھاؤ گے میں بھی نہیں کھاؤں گا لیکن تعطیل میں بہرحال اضافہ نہیں ہوگا۔ بالآخر ہڑتال اور احتجاج ختم ہو گیا
اور چھٹی جتنی کم کر دی گئی تھی، اتنی ہی رہی۔

ذاکر صاحب کے مزاج کا ایک پہلو یہ تھا کہ اگر کوئی شخص ان کی خدمت میں کوئی درخواست پیش
کرتا تو وہ اس پر اپنے تاثر کا آغاز منفی انداز میں فرماتے تھے۔ اس کا مقصد غالباً یہ تھا کہ وہ جاننا چاہتے
تھے کہ درخواست کرنے والا کتنے پانی میں ہے اور اس نے اپنے موقف پر کتنا غور کیا ہے۔ جب انھیں اس
کی استقامت کا احساس ہو جاتا تب اس کی بات مان لیتے۔ میمن صاحب کے ریٹائر ہو جانے کے بعد

میرا پی، ایچ، ڈی کا سلسلہ منقطع ہو چکا تھا اور اس وقت تک میرا ملازمت کرنے کا ارادہ بالکل نہیں تھا۔ میں نے ذاکر صاحب کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میں کوئی علمی کام کرنا چاہتا ہوں۔ آپ مشورہ دیں کہ کیا کام کروں۔ ذاکر صاحب اس سے واقف تھے کہ گاؤں میں میری زمینیں ہیں جہاں کاشت ہوتی ہے۔ چنانچہ فرمایا کہ علمی کام کے مقابلے میں تجارت زیادہ منافع بخش پیشہ ہے، آپ آڑھت کا کام کیوں نہیں کرتے؟ گاؤں سے غلّہ لاکر شہر کی منڈی میں فروخت کریں بہت نفع ہوگا۔ میں نے عرض کیا کہ میرا رجحان اس طرف بالکل نہیں ہے ورنہ ایم۔اے کیوں کرتا اور پھر پی۔ایچ۔ڈی میں داخلہ کیوں لیتا۔ ذاکر صاحب نے اس طرح فرمایا گویا کوئی نئی بات ان کے علم میں آئی ہو۔ "ہاں، یہ تو میں بھول ہی گیا تھا" اور پھر مجھے مشورہ دیا کہ پہلے آپ کسی اچھی علمی کتاب کا انگریزی یا عربی سے اُردو میں ترجمہ کیجیے اور دیر تک ترجمے کی اہمیت اور اس کے رموز پر روشنی ڈالتے رہے۔ ایک خاص بات یہ فرمائی کہ عام طور سے مسلمان ان یوروپین مصنفین سے خوش ہوتے ہیں جو ان کے مذہب اور اہلِ مذہب کی تعریف کر دیتے ہیں چاہے اس تعریف میں گہرائی ہو یا نہ ہو۔ آپ کسی ایسی کتاب کا انتخاب نہ کریں بلکہ واقعی کوئی علمی کتاب ترجمے کے لئے منتخب کریں۔ ایک دوست، جو علی گڑھ سے ایم۔ایس۔سی کر کے چلے گئے تھے اور گورکھپور میں لیکچرار ہو گئے تھے، واپس آئے کہ پی، ایچ، ڈی میں داخلہ لیں۔ جب ذاکر صاحب سے ملے تو انھوں نے فرمایا کہ "آپ لگی ہوئی ملازمت کیوں چھوڑنا چاہتے ہیں"؟ انھوں نے کہا کہ وہاں ریسرچ کی سہولتیں نہیں ہیں۔ فرمایا یہ بتایئے کہ پہلے ریسرچ ہوئی یا پہلے سہولتیں وجود میں آئیں۔ اگر ریسرچ ہی نہ ہوتی تو سہولتیں کہاں سے وجود میں آجاتیں! بعض طلبہ تعلیم سے فارغ ہو کر ملازمت نہ ملنے کی شکایت لے کر ذاکر صاحب کے پاس جاتے تھے۔ ذاکر صاحب ان میں کسی سے کہتے کہ ملازمت نہ ملنے کی صورت میں آپ رکشا چلائے اور کسی سے فرماتے کہ گھاس چھیل کر فروخت کیجیے، کیونکہ تعلیم یافتہ آدمی جو کام بھی کرے گا غیر تعلیم یافتہ آدمی کے مقابلہ میں بہتر طور پر کرے گا۔ اس سے ان کا مقصد ان طلبہ کی ذہانت اور پامردی کا امتحان لینا ہوتا تھا۔ لیکن اکثر طلبہ ان کے اس طرزِ عمل سے ناراض ہو جاتے اور باہر آکر دوستوں سے ان کا شکوہ کرتے۔ ذاکر صاحب اشخاص کے کردار اور طرزِ عمل کے چھوٹے چھوٹے پہلوؤں پر نظر رکھتے اور ان سے بڑے بڑے نتائج اخذ کرتے تھے۔ ایک مرتبہ وی، سی، لاج کے لاؤنج میں بیٹھے ہوئے تھے جہاں شیشوں میں سے بیرونی منظر صاف نظر آتا ہے۔ ایک صاحبزادے ان سے ملنے کی غرض سے آرہے تھے کہ بوندیں آگئیں۔ وہ بھاگ کر وی، سی لاج کے برآمدے میں پہنچے۔ جب ذاکر صاحب سے ملنے کے لئے کہلوایا تو انھوں نے فوراً اندر بُلا لیا۔ صاحبزادے

ہیں مقصد سے آئے تھے (جو غالبًا مالی مدد سے متعلق تھا) جب وہ گوش گذار کر چکے تو ذاکر صاحب نے فرمایا:
"میاں! جب تم چند بوندوں کا مقابلہ نہیں کر سکتے تو زندگی کے مسائل اور مشکلات کا مقابلہ کیسے کروگے!" پھر
بھی سمجھایا کہ معمولی رفتار سے چل کر آنے اور بھاگ کر آنے میں تھوڑا ہی فرق پڑتا ہے۔ آدمی کو جتنا بھیگنا ہوتا
ہے بہرحال بھیگ جاتا ہے۔ اگر کسی پارٹی یا جلسے میں کسی ایک شعبے یا دفتر کے اراکین کو ایک جگہ بیٹھے ہوئے
دیکھتے تو فرماتے کہ اپنے شعبے یا دفتر کے لوگوں سے تو آپ روز ہی ملتے رہتے ہیں، ایسے جلسوں اور پارٹیوں
میں دوسرے شعبوں اور دفتروں کے اراکین کے ساتھ مل کر بیٹھنا چاہیئے تاکہ واقفیت بڑھے اور دوسروں
کے ساتھ تعلقات استوار ہوں۔ اگر کوئی طالب علم شیروانی کے بٹن کھولے ہوئے ہوتا تو اس سے بجائے یہ
کہنے کے کہ بٹن بند کرلو، خود اپنے ہاتھ سے اس کے بٹن بند کرنے لگ جاتے جس کا نتیجہ یہ ہوتا کہ وہ شرما کر
باقی بٹن خود بند کرلیتا۔ اس معاملے میں یہی طرز عمل مسلم یونیورسٹی کے ایک سابق پرو وائس چانسلر پروفیسر
ابوبکر احمد حلیم (مرحوم) کا بھی تھا۔

پروفیسر عبدالعلیم (مرحوم) کی ترغیب پر میں نے ۱۹۵۳ء میں بطور لکچرار شعبۂ عربی میں کام کرنا شروع
کیا۔ ابتدا میں میرا تقرر عارضی تھا۔ جب ۱۹۵۴ء میں مستقل جگہ نکلی تو سلیکشن کمیٹی کے سامنے پیش ہونے کا
مرحلہ آیا۔ ایکسپرٹ ڈاکٹر عبدالستار صدیقی (مرحوم) اور ڈاکٹر وحید مرزا (مرحوم) تھے۔ آپ جانتے ہیں کہ سلیکشن
کمیٹی کا ماحول خصوصًا ایک نوگرفتار کے لیے کتنا ہولناک ہوتا ہے۔ لیکن ذاکر صاحب اس ماحول کو اپنی خوش مزاجی
اور پُرلطف فقروں سے بڑی حد تک خوش گوار بنا دیتے تھے۔ مجھ سے پہلا سوال یہ ہوا کہ آپ کو عربی کی کس
صنف سے زیادہ دلچسپی ہے؟ میں نے عرض کیا "جدید نثر سے" ذاکر صاحب نے فورًا فرمایا: "بھئی یہ تو بڑی دلچسپ
بات ہے۔ آپ سے پہلے جتنے امیدوار آئے سب کی دلچسپی قدیم شاعری سے تھی۔ آپ نے شاعری کو نثر اور قدیم
کو جدید سے بدل دیا۔ جبران خلیل جبران کے بارے میں سوال ہوا کہ وہ کس قسم کی نثر لکھتا تھا۔ میں نے جواب دیا
انشائے لطیف سے ملتی جلتی۔ ذاکر صاحب نے کہا کہ یہ انشائے لطیف اس نے نیاز فتحپوری سے سیکھی ہے! ایک
دوسرے مصنف جن کا حال ہی انتقال ہوا تھا، کے بارے میں پوچھا گیا کہ ابھی زندہ ہیں یا وفات ہوگئی۔ میں نے
جواب دینے میں کچھ تامل کیا تو ذاکر صاحب نے فرمایا کہ یہ سوال مناسب نہیں ہے۔ جس مصنف کا مطالعہ کرلیا
تو وہ زندہ جاوید ہوگیا، اب اس کے مرنے کا کیا سوال ہے! صرف اتنا ہی نہیں، ذاکر صاحب انٹرویو میں پوری
دلچسپی لیتے تھے۔ معلوم ہوا تھا کہ جس مضمون کی کسی اسامی کے لئے سلیکشن کمیٹی ہونے والی ہوتی اس سے

متعلق کتابیں لائبریری سے منگواکر پڑھتے اور پھر امیدواروں سے ایسے سوالات کرتے کہ وہ حیران رہ جاتے۔ فرماتے تھے کہ میں تو اس مضمون میں بالکل جاہل ہوں، اس مسئلے کو اس طرح واضح کیجئے کہ مجھ جیسے LAYMAN کی سمجھ میں آ جائے۔

ذاکر صاحب کے مزاج میں خودداری اور تواضع کا بڑا لطیف امتزاج تھا۔ جب باہر سے کوئی مہمان یونیورسٹی میں آتا، چاہے اس کی حیثیت ذاکر صاحب سے کمتر ہی کیوں نہ ہوتی، اس کے ساتھ اتنے اعزاز واکرام کا برتاؤ کرتے کہ بعض اوقات دیکھنے والوں کو اچھا نہ معلوم ہوتا۔ تاہم کسی بڑے سے بڑے آدمی کا دباؤ ہرگز برداشت نہ فرماتے۔ میرے والد ماجد مولوی حاجی عبیدالرحمٰن خاں شیروانی صاحب (جو اس وقت یونیورسٹی کے آنریری ٹریژرر تھے) بیان فرماتے ہیں کہ یو۔جی۔سی کی طرف سے یہ مطالبہ تھا کہ طلبہ کی فیس میں اضافہ کیا جائے۔ ذاکر صاحب جانتے تھے کہ مسلم طلبہ کی عام اقتصادی حالت ایسی نہیں کہ وہ یہ بار برداشت کر سکیں۔ چنانچہ وہ اس کے مخالف تھے۔ جب ایک دفعہ فائنانس کمیٹی کی میٹنگ میں یو۔جی۔سی کے نمائندے نے اس پر زیادہ اصرار کیا، تو ذاکر صاحب نے فرمایا کہ "بہت اچھا، فیس بڑھا دیجئے۔ طلبہ کی طرف سے احتجاج ہوگا تو پھر ان پر گولی چلوائیے گا۔" ذاکر صاحب کے تیور دیکھ کر اور ان کا لب و لہجہ محسوس کر کے یو۔جی۔سی کے نمائندے سناٹے میں آ گئے اور کہا "ذاکر صاحب، آپ تو ناراض ہو گئے۔ وہی ہوگا جو آپ فرمائیں گے۔" نتیجہ یہ ہوا کہ فیس جوں کی توں رہی۔

بعض ایسے حضرات (نام لینا مناسب نہیں) جن کی قومی خدمات تھیں، لیکن حالات کی ناسازگاری نے جنھیں سنکی یا چڑچڑا بنا دیا تھا، ذاکر صاحب کے پاس آ کر قیام کرتے۔ ذاکر صاحب ان سے گھبراتے تھے لیکن بظاہر اور حتی الامکان ان کی خاطر تواضع اور رکھ رکھاؤ میں فرق نہیں آنے دیتے تھے۔ اگر کسی کام میں مصروف نہ ہوتے تو اکثر اوقات مجھ جیسے چھوٹوں کو بھی رخصت کرنے کے لئے کمرے سے باہر آ جاتے اور کبھی کبھی تو کوٹھی کے لان میں ٹہلتے ہوئے دیر تک باتیں کرتے رہتے تھے۔ میں نے ان کے صدر جمہوریہ منتخب ہونے پر انھیں خاصہ جذباتی تہنیت نامہ لکھا تھا۔ اس پر انھوں نے جو جواب عنایت فرمایا اس کا طرز تخاطب اور دستخط کا سابقہ اس امر کی نشاندہی کرتا تھا کہ مکتوب الیہ کی شخصیت ان کے ذہن میں پوری طرح محفوظ ہے۔ نہ معلوم اس موقع پر ان کی خدمت میں کتنے تہنیت نامے آئے ہوں گے۔ نہ صرف ان سب کا جواب دینا بلکہ مکتوب الیہ کے منصب اور حیثیت کو پیش نظر رکھنا کتنی بڑی بات ہے۔

(۳)

ذاکر صاحب علی گڑھ آئے تو یہاں کی فضا آہستہ آہستہ بدلنے لگی۔ طلبہ، اساتذہ اور کارکنوں کا کھویا ہوا اعتماد بحال ہونے لگا اور بیرونی حملوں کی شدت میں بھی کمی ہو گئی۔ لیکن ذاکر صاحب کا کام آسان نہیں تھا۔ انھیں ایک طرف یونیورسٹی کو بدلے ہوئے حالات اور نئے ماحول سے ہم آہنگ کرنا تھا اور دوسری طرف اس کی ان صالح اور جاندار روایات کو قائم بھی رکھنا تھا جن کی پیداوار خود ذاکر صاحب تھے اور پھر یہ کام اس طرح انجام دینا تھا کہ ہندوستان کے عوام اور حکومت دونوں کی نظر میں اس ادارے کا اعتبار اور وقار نہ صرف قائم رہے بلکہ روز افزوں ہو۔ یہ بڑا صبر آزما اور دیر طلب کام تھا، خود ذاکر صاحب کے بقول یہ ہتھیلی پر سرسوں جمانے کا کام نہیں تھا، بلکہ پتّا مارنے کا کام تھا اور اسے ذاکر صاحب نے جس طرح انجام دیا اس سے کچھ وہی لوگ واقف ہیں جنھیں اُن دنوں ذاکر صاحب کی مسیحا نفسی کو قریب سے دیکھنے کا موقع ملا۔ ذاکر صاحب نے جہاں اس ادارے کے سیکولر کردار پر زور دیا وہاں یہ بات بھی واضح کر دی کہ خود ملک اور حکومت کے سیکولرزم کی سب سے بڑی آزمائش گاہ یہی ادارہ ہے۔ انھوں نے فرمایا کہ ملک کا آئندہ جو نقشہ بنے گا اس کے رنگ و آہنگ کا بڑی حد تک اس بات پر دار و مدار ہوگا کہ اس ادارے کے ساتھ عوام اور حکومت کا کیا برتاؤ رہتا ہے۔ ذاکر صاحب نے ابھی اپنے کام کا آغاز ہی کیا تھا کہ ۱۹۴۹ء کے آخر میں ان پر قلب کا شدید دورہ پڑا اور وہ علیل ہو کر کچھ عرصے کے لئے علیگڑھ سے باہر چلے گئے۔ ان کے جاتے ہی ایسا محسوس ہوا گویا مخالفین اس موقع کی تاک میں تھے اور جیسے ہی ذاکر صاحب نے پیٹھ پھیری، یونیورسٹی ایک دفعہ پھر اغیار کے حملوں کی زد میں آ گئی۔ پریس اور پلیٹ فارم سے اس پر طرح طرح کے الزام لگائے جانے لگے اور اس کے اساتذہ اور طلبہ کی ملک کے ساتھ وفاداری پر شبہ کا اظہار ہونے لگا۔ ذاکر صاحب کی علیگڑھ واپسی کے کچھ ہی عرصے کے بعد اخبار یہ وتو پھاوے یونیورسٹی میں تشریف لائے۔ ذاکر صاحب نے انھیں مخاطب کر کے اور گواہ بنا کر جو تقریر فرمائی اس سے ان کی شخصیت کا ایک ایسا رُخ نظروں کے سامنے آیا جو اب تک کم سے کم علی گڑھ والوں کی نظر سے اوجھل تھا۔ اُس وقت تک انھوں نے ذاکر صاحب کی شخصیت کا صرف جمال دیکھا تھا۔ اس کے جلال سے آشنا نہیں تھے۔ اب پہلی دفعہ اس کا جلال اپنی پوری ہیبت اور گھمبیرتا کے ساتھ رونما ہوا۔ انھوں نے جن تیوروں کے ساتھ اور جن الفاظ میں مسلم یونیورسٹی کے ناقدین و معاندین کی خبر لی اور انھیں پھٹکارا وہ صرف ذاکر صاحب ہی کر سکتے تھے، کسی دوسرے کے بس کی بات نہیں تھی۔ یہ تقریر سُن کر اور بعد میں کے بعض حصے اخباروں میں پڑھ کر لوگوں نے محسوس کیا کہ ذاکر صاحب نے اپنے نام کے ساتھ "خان" لکھنا بھلے ہی

دیا ہو، لیکن ایک گاندھیائی کے جمال کے ساتھ ایک پٹھان کے جلال کی بھی ان میں کمی نہیں ہے اور موقع آنے پر وہ اس سے بھی پوری طرح کام لے سکتے ہیں۔ اس کے بعد جیسے یونیورسٹی کے مخالفین پر اوس پڑ گئی یا انھیں سانپ سونگھ گیا۔ پھر جب تک ذاکر صاحب علیگڑھ رہے، یونیورسٹی کو اس طرح کے نازیبا حملوں سے کبھی سابقہ نہیں پڑا۔ البتہ ایک وقت ایسا ضرور آیا جب قدامت پسند مسلمانوں کی طرف سے بعض ایسے اصلاحات کی مخالفت ہوئی جن کا نفاذ بدلے ہوئے حالات میں ناگزیر اور یونیورسٹی کی ترقی کے لئے ضروری تھا۔ ذاکر صاحب نے ان مخالفتوں کو بڑے صبر و سکون سے انگیز فرمایا لیکن اس کا اثر اپنے کام پر نہیں پڑنے دیا بلکہ وہی کرتے رہے جو ان کے نزدیک یونیورسٹی کے لئے مناسب اور مفید تھا۔

ذاکر صاحب نے یونیورسٹی میں آزادیٔ خیال کی شمعیں فروزاں کیں۔ کسی تعلیمی ادارے میں فکر و نظر پر پابندی عائد کرنا یا پہرے بٹھانا ایسا معیوب فعل ہے جس سے ایک طرف اساتذہ کے ذہنوں میں زنگ لگ جاتا ہے اور دوسری طرف طلبہ کی شخصیت پوری طرح پنپنے اور ابھرنے نہیں پاتی ہے۔ ذاکر صاحب اس راز سے بخوبی واقف تھے اور ہر نقطۂ نظر کو تعلیمی اداروں میں فروغ پانے اور پھیلنے کا بھرپور موقع دینے کے حق میں تھے۔ جن لوگوں کی ذہنی تربیت ۱۹۴۷ء سے پہلے کے ماحول میں ہوئی تھی ان میں سے اکثر کے لئے یہ طرزِ فکر بالکل نیا اور نامانوس تھا اس لئے انھوں نے ذاکر صاحب سے اس کے خلاف احتجاج کیا۔ اس پر ذاکر صاحب نے فرمایا کہ آپ کو خود اپنے اصول و نظریات پر بھروسہ نہیں معلوم ہوتا ہے، ورنہ آپ اس طرح کا احتجاج نہ کرتے۔ میں ہر شخص کو اپنے نقطۂ نظر کی تبلیغ کی آزادی دینا چاہتا ہوں بشرطیکہ اس کا اثر یونیورسٹی کی تعلیمی زندگی اور نظم و نسق پر ناخوشگوار نہ ہو۔ جو نظریہ زمانے کے تقاضوں کے مطابق اور جاندار ہوگا وہ باقی رہے گا۔ دوسرے سب نظریات خود بخود فنا ہو جائیں گے۔ لہٰذا آپ اپنا کام کیجئے، اور دوسروں کو اپنا کام کرنے دیجئے۔ جو لوگ نظریاتی اعتبار سے ذاکر صاحب کے ہمخیال تھے ان کی خواہش تھی کہ ذاکر صاحب ان نظریات کی ترویج میں ان کی اعانت کریں۔ لیکن ذاکر صاحب نے اس سے ہمیشہ پہلو تہی فرمائی اور کہا کہ اس طرح کا کام پھولوں کا سیج نہیں ہے، کانٹوں بھرا راستہ ہے؛ جب آپ اس راہ پر چلے ہیں تو اس کے موانع کا خود اپنی ہمت سے مقابلہ کیجیے، دوسروں کا سہارا تلاش نہ کیجیے۔ شروع میں ان کے اس طرزِ عمل سے ایسے لوگوں کو کسی قدر شکایت پیدا ہوئی لیکن جب انھوں نے ذاکر صاحب کا نقطۂ نظر سمجھ لیا تو نہ صرف ان کی شکایت رفع ہو گئی، بلکہ وہ اس کی خوبی کے قائل بھی ہو گئے۔

کافی عرصے سے یونیورسٹی میں علمی کام کی اہمیت اور وقعت بہت کم ہو گئی تھی۔ تقررات اور ترقیوں کا انحصار

ی علمی کام کے مقابلے میں بعض دوسری باتوں پر زیادہ تھا۔ ذاکر صاحب نے اس فضا کو بدلنے کی پوری کوشش کی۔ انھوں نے تحقیقی کام کی اہمیت پر زور دیا اور اساتذہ کو محسوس کرایا کہ ان کی ترقی اس وقت تک ممکن نہیں ہے جب تک وہ علمی میدان میں کچھ کرکے نہ دکھائیں۔ اس طرح عرصے کے بعد یونیورسٹی میں علمی کام کی طرف توجہ ہوئی۔ اگرچہ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا تھا کہ کام کم ہوتا تھا، اس کی نمائش زیادہ ہوتی تھی لیکن بہرحال لوگوں نے محسوس کیا کہ کچھ نہ کچھ کیے بغیر چارہ نہیں ہے۔ جو لوگ واقعی سنجیدہ علمی کام میں مصروف تھے ذاکر صاحب ان کی بہت عزت اور ہمت افزائی کرتے تھے۔ ان سے جب بھی ملاقات ہوتی ان کے کام کے بارے میں دریافت کرتے تھے اور ان کی راہ میں جو دشواریاں ہوتی تھیں انھیں دور کرنے میں معاون ہوتے تھے۔ انھوں نے یونیورسٹی کے ایسے نوجوان اساتذہ کو جن سے آئندہ اچھی توقعات وابستہ تھیں کثیر تعداد میں مزید کسب علم کے لئے یورپ اور امریکہ کی اعلیٰ تعلیم گاہوں میں بھیجنے کا انتظام فرمایا۔ ذاکر صاحب کی وائس چانسلری سے پہلے یونیورسٹی میں پروفیسروں کی تعداد بہت کم تھی۔ انھوں نے کوشش کی کہ یونیورسٹی کا کوئی شعبہ پروفیسر سے خالی نہ رہے اور اس کوشش میں انھیں پوری کامیابی ہوئی۔ مرکزی وزارت تعلیم اور یونیورسٹی گرانٹس کمیشن پر اُن کا اتنا اثر تھا کہ ان کی بات ٹالی نہیں جاتی تھی۔ اسی کا نتیجہ ہے کہ آج یونیورسٹی کے تقریباً ہر شعبہ میں پروفیسر موجود ہیں اور ان میں زیادہ تر ایسے لوگ ہیں جو اسی یونیورسٹی کے طالب علم رہے ہیں یا یہیں لکچرار کے عہدے سے ترقی کرکے اپنے موجودہ منصب تک پہنچے ہیں۔ بڑی بات یہ تھی کہ جب تک ذاکر صاحب علیگڈھ رہے ہر شخص محسوس کرتا تھا کہ یونیورسٹی کا سربراہ ایک ایسا آدمی ہے جو خود بھی علمی ذوق رکھتا ہے اور دوسروں کے علمی کام کی قدر کرنا بھی جانتا ہے۔ یہ احساس بجائے خود علمی کام پر آمادہ کرنے میں بہت معاون ہوتا تھا۔ "سرسید ڈے" کی ایک تقریب میں، جس میں یونیورسٹی کے بعض سینئر اساتذہ موجود تھے، ذاکر صاحب نے انھیں مخاطب کرکے فرمایا کہ سرسید احمد خاں صرف علمی آدمی نہیں تھے وہ عملی انسان بھی تھے اور انھوں نے عمل کے میدان میں بڑے کارہائے نمایاں انجام دیے۔ لیکن اس کے باوجود ان کا علمی کام اتنا زیادہ ہے جو کسی یونیورسٹی کے اساتذہ کے لئے بھی باعث رشک ہو سکتا ہے۔ وہ لوگ جن کا کام صرف علم کی خدمت ہے انھیں سرسید احمد خاں کے اس پہلو سے سبق لینا چاہیئے اور سوچنا چاہیے کہ ان کا علمی سرمایہ سید احمد خاں کے مقابلہ میں کیا اہمیت رکھتا ہے۔

ذاکر صاحب کی یہ بھی قطعی رائے تھی کہ یونیورسٹی کے مسائل خود یونیورسٹی کے اندر طے ہونے چاہئیں۔ باہر سے کسی کو ان میں دخل نہیں دینا چاہیئے، چاہے وہ کوئی بھی ہو، حکومت یا سیاسی جماعتیں یا اشخاص و افراد۔ وہ اپنے اس اصول پر بہت مضبوطی سے قائم رہے اور بیرونی اثرات انھوں نے بہت کم قبول کئے۔ اگرچہ اُن کے اس

از عمل سے بعض اوقات بعض حلقوں میں غلط فہمیاں بھی پیدا ہوئیں۔ وہ یونیورسٹی میں گروہ بندی کو سخت ناپسند
رتے تھے اور جن لوگوں کے بارے میں انھیں شبہ ہوجاتا تھا کہ وہ یونیورسٹی کی انتظامی اور تعلیمی مجالس میں گروہ بندی
و فروغ دینا چاہتے ہیں ان سے حتی الامکان ان مجالس کو پاک کرکے رہتے تھے۔ انھوں نے ان مجالس میں اساتذہ
ی نمائندگی میں اضافہ کیا اور بیرونی ممبروں کی تعداد کم کی۔ اس کا مقصد جہاں یہ تھا کہ تعلیمی مسائل کے حل میں ان لوگوں
ی آواز فیصلہ کن ثابت ہو جنھیں ان مسائل کا عملی تجربہ ہے، وہاں یہ بھی تھا کہ جہاں تک ممکن ہو یونیورسٹی کو گروہ بندی
سے نجات ملے۔ جن لوگوں کو ذاکر صاحب کی وائس چانسلری کے دور میں ان مجالس میں شرکت کا موقع ملا ان کا بیان
ہے کہ ذاکر صاحب ہر ممبر کو اپنی بات کہنے کی پوری آزادی دیتے تھے لیکن ان کے تدبر اور شخصیت کا کمال یہ تھا کہ ان کی
موجودگی میں مسلم یونیورسٹی کورٹ، ایگزیکٹو کونسل اور اکیڈمک کونسل، غرض ہر مجلس میں ہر فیصلہ ہمیشہ اتفاق رائے
سے ہوا اور کبھی رائے شماری کی نوبت نہیں آئی۔ اگر کوئی ممبر ان کی کسی رائے سے اختلاف یا کسی فیصلے پر اعتراض کرتا تھا
تو وہ فرماتے تھے کہ آپ کا خیال صحیح ہے لیکن صرف اعتراض کافی نہیں ہے بلکہ اس مسئلے کا حل تجویز کیجیے۔ اور پھر وہ
ممبر یا تو کوئی ایسا حل تجویز کرتا تھا جو ان کے اور دوسرے ممبروں کے لئے قابل قبول ہوتا تھا اور نہ خود ان کی رائے مان
لیتا تھا اور اکثر ان ہی کی رائے مانی جاتی تھی کیونکہ وہ سب سے وقیع ہوتی تھی۔

صحت مند دماغ کے لئے صرف صحت مند جسم ہی نہیں، صحت مند ماحول بھی انتہائی ضروری ہے۔ ایسے ماحول
ی علی گڑھ میں بڑی کمی تھی۔ یہاں ہر طرف خاک اڑتی تھی اور بالخصوص گرمیوں کے موسم میں یونیورسٹی میں گھروں یا کمروں سے
نکلنا ممکن نہیں تھا۔ سبزے، پھول، پودوں اور درختوں کی طرف توجہ نہ ہونے کے برابر تھی۔ بلکہ عام خیال یہ تھا
ہ یونیورسٹی کی زمین روئیدگی کے لئے سازگار نہیں ہے۔ ذاکر صاحب بہت باذوق آدمی تھے اور ان کی جمالیاتی
حس بہت قوی تھی۔ انھیں خاص طور سے پھولوں سے غیر معمولی شغف تھا۔ انھوں نے اپنے زمانۂ وائس چانسلری
یں جہاں اساتذہ اور طلبہ کی ذہنی بالیدگی کا انتظام فرمایا، وہاں ان کے لئے خوش گوار اور صحت مند ماحول مہیا
رنے میں بھی کسر نہیں اٹھا رکھی۔ تھوڑی ہی مدت میں یونیورسٹی میں ہر طرف سبزہ لہلہانے لگا۔ پھول کھلنے لگے اور شاداب
ور بلند بالا درخت سایہ فگن ہو گئے۔ ان کی دلچسپی اور ہمت افزائی کا اثر دوسرے لوگوں پر بھی ہوا۔ یونیورسٹی کی
مارتوں اور میدانوں کے علاوہ ذاتی مکان بھی پھولوں سے مہک گئے۔ جن لوگوں نے ۲۰-۲۲ سال پہلے علیگڑھ
یکھا تھا وہ آج اندازہ نہیں کر سکتے ہیں کہ ذاکر صاحب کے یہاں تشریف لانے کے بعد یونیورسٹی کی ظاہری شکل و صورت
ور اس کے ماحول میں کتنی زبردست اور خوشگوار تبدیلی ہوئی۔ اس کے علاوہ ذاکر صاحب نے طلبہ کی روحانی نشوونما

، کے خالی وقت کو بامصرف بنانے کی خاطر بعض ثقافتی مشاغل کی طرح ڈالی اور اس طرح طلبہ کا جو وقت بے کار گپ بازی
ںاموں میں گزرتا تھا اب ایسے کاموں میں صرف ہونے لگا جو ایک مہذب شخصیت کی تشکیل میں معاون ہوتے ہیں۔ اصل
یکہ ذاکر صاحب کسی تعلیمی ادارے میں طلبہ کی بنیادی اہمیت کے قائل تھے اور ایسی تمام تدابیر اختیار کرتے تھے
یں ملک کا مفید اور کار آمد شہری بنا سکیں۔ وہ ایسے ڈسپلن کے حامی تھے جو خود طلبہ کے اندر سے پیدا ہوتا ہے
اُن پر باہر سے مسلط کیا جاتا ہے۔ اُن کی وائس چانسلری کے دور میں یونیورسٹی میں ایسے کئی مواقع آئے جب اگر
یسے کام نہ لیا جاتا تو کوئی بڑا ہنگامہ کھڑا ہو سکتا تھا۔ لیکن ذاکر صاحب کے حُسنِ انتظام نے اس کی نوبت نہ آنے دی،
خود طلبہ کے تعاون سے سارے مسائل بحسن وخوبی حل ہو گئے۔ مذہب کی طرف بھی ذاکر صاحب کا یہی رویہ تھا۔ وہ
دی طور پر خالص مذہبی آدمی تھے۔ انکی سحر خیزی اور قرآن کے ساتھ گہری وابستگی عام طور پر معلوم ہے لیکن وہ
ےکے زور سے دوسروں پر مذہبی افکار و اعمال مسلط کرنے کے حق میں نہیں تھے۔ وہ نہیں چاہتے تھے کہ طلبہ جرمانے
ڈر سے نماز پڑھیں، یا دوپہر کو کھانا نہ ملنے کے خوف سے روزہ رکھیں۔ کیونکہ انھیں معلوم تھا کہ جب اس طرح کی
بندیاں عائد کی جاتی ہیں تو لوگ ان پابندیوں سے بچنے کے لئے چور دروازے بھی تلاش کر لیتے ہیں اور اس طرح
یں مذہبی افکار و اعمال کا احترام ہونے کے بجائے اُلٹی منافقت پیدا ہو جاتی ہے۔ اس کے بخلاف وہ چاہتے،
ر نماز، روزہ اور دوسرے مذہبی اشغال کا داعیہ خود طلبہ کے اندر سے پیدا ہو اور وہ انھیں ذوق وشوق
ے انجام دیں۔

ذاکر صاحب جتنے باذوق تھے اتنے ہی عالی حوصلہ بھی تھے۔ چھوٹی بات اور چھوٹا خیال ان کے ذہن
کبھی نہیں آتا تھا اور انھیں ہمیشہ خوب سے خوب ترکی جستجو رہتی تھی۔ جو لوگ تقسیم ہند سے قبل یونیورسٹی میں برسرِ اقتدار
ان کے بارے میں سمجھا جاتا تھا کہ وہ سر سید کے مشن کے حامل اور ان کے پیرو تھے۔ اس کے بخلاف ذاکر
حب علی گڈھ تحریک سے بغاوت کر کے عدم تعاون کی تحریک میں شریک ہوئے تھے۔ لیکن اس کے باوجود ان کی وائس
نسلری سے پہلے یونیورسٹی میں "سر سید ڈے" محض ایک رسم کے طور پر منایا جاتا تھا اور جسد بے روح بن کر رہ گیا
ا، انھوں نے اس میں روح پیدا کی اور اسے بانی درس گاہ کے شایان شان منانے کا اہتمام فرمایا۔ یونیورسٹی
بریری میں سر سید کی تصانیف اور ان سے متعلق لٹریچر کی نمائش کا خیال سب سے پہلے ذاکر صاحب ہی کے
ن میں آیا اور اس نے ان ہی کے اشارے پر عملی صورت اختیار کی۔ رات کو سر سید ہال کے لان پر یونیورسٹی
ے سب طلبہ، اساتذہ اور مہمانوں کا ساتھ ساتھ بیٹھ کر کھانا کھانا، ایسا شاندار اور ولولہ انگیز منظر ہوتا ہے جس کی

ال کسی اور تعلیمی ادارے میں ملنا محال ہے۔ یہ روایت ذاکر صاحب ہی نے قائم کی ہے۔ اس کورٹ میں ملک کی بعض
تدر ہستیاں بھی شرکت کرتی رہی ہیں اور اس کے بارے میں انھوں نے ایسے ہی تاثرات کا اظہار کیا ہے۔ ذاکر صاحب
وائس چانسلری کے دور میں ملک اور بیرون ملک کے متعدد معزز مہمان علیگڑھ تشریف لائے۔ جن میں شاہ سعود
رضا شاہ پہلوی بھی شامل تھے۔ ذاکر صاحب نے ان کی پذیرائی جس حوصلے اور فراخدلی سے فرمائی اور جیسی شاندار
ضیافت منعقد کیں وہ ہمیشہ یاد رہیں گی۔ ایسے موقعوں پر وہ روپے پیسے کا خیال بالکل نہیں کرتے تھے۔ بلکہ ان کی ساری
یونیورسٹی کی نیک نامی پر مرکوز رہتی تھی۔ مسز روزویلٹ جب ہندوستان کے دورے پر آئی تھیں تو علیگڑھ بھی تشریف
تھیں۔ یہاں سے واپس جاکر انھوں نے اپنے سفر کے تاثرات پر کتاب لکھی تو اس میں مسلم یونیورسٹی اور اس کے وائس چانسلر
اکر صاحب) کا ذکر خاص طور سے کیا۔

ذاکر صاحب کی ذاتی خوبیوں میں میرے نزدیک اولیت ان کے جذبۂ ایثار کو حاصل تھی۔ انھوں نے
جوانی جس طرح جامعہ ملیہ اسلامیہ کی خدمت میں بسر کردی وہ ان کا ایسا کارنامہ ہے جو دوسرے سب کارناموں پر
اری ہے۔ جب وہ علی گڑھ تشریف لائے تو ان کی عمر ۵۰ سال سے متجاوز تھی اور ۲۲ سال تک بہت قلیل معاوضے
جامعہ کی سربراہی کے فرائض انجام دے چکے تھے۔ یہاں آکر انھیں فراغت حاصل ہوئی اور آرام ملا، لیکن ان کی
دگی، جفاکشی اور اخلاق میں فرق نہیں آیا۔ وہ اپنی آمدنی کا بڑا حصہ نادار طلبہ کی اعانت میں صرف کردیتے تھے۔
طلبہ ان سے اپنی ذاتی ضرورتوں اور مشکلات کے سلسلے میں ملتے تھے، انھیں وہ پورا وقت دیتے تھے اور حتی الامکان
کی مشکلات حل کرنے کی کوشش فرماتے تھے اور اگر حل نہیں کرسکتے تھے تو کم سے کم انھیں مفید مشوروں سے ضرور
ازتے اور ان کی حوصلہ افزائی فرماتے تھے۔

ان کی بلند اخلاقی کی ایک چھوٹی سی مثال یہ ہے کہ جب ان کے چھوٹے بھی ان سے ملنے کے لئے جاتے تھے،
وہ انھیں چھوڑنے کے لئے کمرے سے باہر تشریف لاتے تھے اور کبھی کبھی تو کافی دیر تک کوٹھی کے احاطے میں ٹہل
ل کر ان سے باتیں کرتے رہتے تھے۔ انھیں حفظِ مراتب کا بھی بہت خیال تھا اور اپنے سے بڑوں کے ساتھ وہ جس
نکسار اور نرمی سے پیش آتے تھے موجودہ دور میں اس کی مثال ملنی دشوار ہے۔ مسلم یونیورسٹی کا وائس چانسلر آل
ڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا صدر بھی ہوتا ہے۔ جب ذاکر صاحب وائس چانسلر ہو کر علی گڑھ تشریف لائے تو اس حیثیت
ے ایجوکیشنل کانفرنس کی طرف سے انھیں استقبالیہ دیا گیا۔ اس وقت نواب صدر یار جنگ بہادر مرحوم و مغفور کانفرنس
جنرل سکریٹری تھے۔ ذاکر صاحب اور نواب صاحب کی نشست تخت پر تھی۔ جلسے کے بعد نواب صاحب تخت سے

پلتے تھے اور ان کا یہ اعلان خلوص اس معاملے میں ان کا معاون ہوتا تھا۔ ان کی تقریر کی طرح ان کی تحریر بھی بڑی میٹھی اور دل نشین ہوتی تھی۔ بالخصوص ان کے خطبات میں ادب اور خطابت کا ایسا حسین اور دل آویز امتزاج ہوتا تھا جو کسی دوسرے کے یہاں دیکھنے میں نہیں آیا۔ میرا خیال ہے کہ اردو میں ڈاکٹر صاحب سے بہتر خطبات کسی اور نے نہیں لکھے ہیں۔

۱۹۵۷ء کے آخر میں ڈاکٹر صاحب علی گڑھ سے تشریف لے گئے۔ یہاں سے جا کر ملک میں مختلف ممتاز عہدوں پر سرفراز ہوئے۔ وہ جہاں گئے اور جس منصب پر بیٹھے، نہ صرف نیک نام اور سربلند رہے، بلکہ اپنی شخصیت اور لیاقت سے اس منصب کو چار چاند بھی لگائے۔ ان کے کردار کے جو روشن پہلو جامعہ ملیہ اور مسلم یونیورسٹی میں نمایاں ہوئے تھے، خدمت کا وسیع تر میدان ملنے پر ان کی تابناکی میں مزید اضافہ ہوا۔ پٹنہ کا راج بھون ہو یا پارلیمنٹ کا ایوان بالا یا نئی دہلی کا راشٹرپتی بھون، ہر جگہ ان کے کردار کا نور روشنی اور عظمت بلند رہا۔ جب ۱۹۶۷ء میں جمہوریہ ہند کی صدارت کے منصب جلیل پر ان کا انتخاب ہوا تو یہ ایک ایسی زندگی کا نقطۂ عروج تھا جو ہمیشہ اعلیٰ مقاصد کے لئے وقف رہی تھی۔ اس انتخاب کی اہمیت کو اس وقت کسی نے سمجھا تھا اور کسی نے نہیں سمجھا تھا کچھ ایسے لوگ بھی تھے جنہوں نے ڈاکٹر صاحب کے بارے میں غلط فہمیاں پھیلانا چاہی تھیں لیکن ڈاکٹر صاحب کی شخصیت کا جادو اور کردار کی عظمت یہ تھی کہ جب تقریباً دو سال کے بعد انہوں نے اس دنیا کو چھوڑا تو ہر ایک شخص اس بات کا معترف تھا کہ اس منصب کے لئے ہندوستان بھر میں ڈاکٹر صاحب سے بہتر کوئی دوسرا شخص نہیں مل سکتا تھا۔ ایک طرف مسز اندرا گاندھی نے، جو ان کے انتخاب کی سب سے زیادہ ذمہ دار تھیں، یہ کہہ کر بہت سی غلط فہمیاں رفع کر دیں کہ ڈاکٹر صاحب کا عہدۂ صدارت پر انتخاب اس لئے نہیں ہوا تھا کہ وہ مسلمان تھے بلکہ اس لئے ہوا کہ وہ اس کے سب سے زیادہ اہل تھے تو دوسری طرف شری راج گوپال اچاریہ نے بھی، جو ہر زمانہ اور ہر بات میں ایک منفرد نقطۂ نظر رکھتے تھے، اعتراف فرمایا کہ اس وقت ہندوستان میں ڈاکٹر ذاکر حسین سے زیادہ لائق شخص کوئی اور نہیں تھا۔ ڈاکٹر صاحب کا عہدۂ صدارت پر انتخاب بلاشبہ ان کی اہلیت و لیاقت کی بنا پر ہوا تھا لیکن اس سے یہ بات بھی پوری طرح واضح ہو گئی تھی کہ ہندوستان میں کسی شہری کا مذہب اس کی ترقی کی راہ میں حائل نہیں ہو سکتا۔ پچاس کروڑ انسانوں نے جتا دیا ہے کہ سیکولرازم کا دعویٰ پر خلوص ثبت کر دکھایا۔ ڈاکٹر صاحب نے اپنے مختصر عہدۂ صدارت میں اپنے نیک اطوار اور زندگی کے اعلیٰ معیار قائم کئے اور ہر دو ملک ہندوستان کے فقدان ہر قدم میں ملک کے سب سے بڑے عہدے پر فائز ہو کر بھی ان کے انکسار اور سادگی میں کمی

ہیں آئی بلکہ شاخ ثمردار کی مانند وہ جتنے اونچے ہوتے گئے اتنے ہی جھکتے گئے۔ جس شخص سے ان کا جو تعلق قائم ہو گیا وہ آخر وقت تک اسی طرح قائم رہا۔ جب وہ صدر جمہوریہ منتخب ہوئے تو قدرتی طور پر ملک کے گوشے گوشے سے ان کے نام ہزاروں تہنیت نامے آئے ہوں گے۔ جن لوگوں سے وہ تھوڑے سے بھی واقف تھے انھیں خود اپنے دستخط سے جواب مرحمت فرمایا اور اس میں مکتوب الیہ کے ساتھ اپنے تعلق کا پورا لحاظ رکھا۔ کہنے کو یہ معمولی بات ہے لیکن اس پر عمل جتنا دشوار ہے اس کا اندازہ ہر شخص بہ آسانی کر سکتا ہے۔ ذاکر صاحب کو جو مناصب و اعزازات حاصل ہوئے ہمیشہ بلا طلب حاصل ہوئے۔ وہ عہدوں کے پیچھے کبھی نہیں دوڑے، عہدوں نے انھیں تلاش کیا۔ یہی وجہ تھی کہ ان کی ساکھ اور وقار میں آخر تک اضافہ ہی ہوتا رہا، کمی کبھی نہیں ہوئی ورنہ حصولِ اقتدار کی کشمکش میں ہم نے کتنی شہرتوں کو داغدار اور کتنی بلندیوں کو پستیوں میں تبدیل ہوتے دیکھا ہے اور برابر دیکھتے رہتے ہیں۔

اب جب کہ ذاکر صاحب ہمارے درمیان نہیں ہیں۔ ان کی خوبیاں ایک ایک کر کے یاد آرہی ہیں اور اس نقصانِ عظیم کا اندازہ ہو رہا ہے جو ان کی وفات سے ہمیں پہنچا ہے۔ بلاشبہ یہ ملک کا بہت بڑا نقصان ہے لیکن بالخصوص مسلمانوں کی صف میں تو ایسا خلا ہو گیا ہے جو نہ معلوم اب کب پُر ہو گا اور کبھی پُر ہو گا بھی یا نہیں۔ انھیں راشٹرپتی بھون میں دیکھ کر خود اپنی ذات پر اعتماد و افتخار پیدا ہوتا تھا اور اس ملک میں مسلمانوں کے روشن مستقبل کے امکانات واضح ہوتے تھے۔ لیکن اب ان کے اٹھ جانے سے یہ کیفیت ہے کہ اللہ رے سناٹا، آواز نہیں آتی۔ ایسا ہی سناٹا ۱۹۵۸ء میں مولانا ابوالکلام آزادؒ کی وفات کے بعد بھی محسوس ہوا تھا۔ ذاکر صاحب نے مولاناؒ کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا ایک حد تک پُر کر دیا تھا۔ اب دیکھنا ہے کہ قدرت ذاکر صاحب کی کمی کب اور کس طرح پوری کرتی ہے۔

● ●

اشتیاق محمّد خاں

آج تک یہ عادم بھی اس کا عادی ہے کہ ہوسٹل میں کہیں بھی کوئی کاغذ کا ٹکڑا انسظر آیا اور فوراً اس کو کوڑے دان کی نذر کر دیا۔

عملی تربیت کی ایک دوسری مثال بھی ملاحظہ فرمایئے:

دوسری جنگ عظیم ختم ہو چکی تھی۔ ۴۶-۱۹۴۵ء کا سال تھا۔ کیا غلہ کیا ترکاری ہر چیز مہنگی ہو چکی تھی۔ ڈائننگ ہال میں کھانا بھی ناپ تول کر ملتا تھا۔ بچت اور کفایت کی زبانی تلقین و نصیحت کے بجائے قرآن کی یہ آیت ترجمہ کے ساتھ ایک خوبصورت فریم میں جلی حروف میں لکھ کر ڈائننگ ہال کی ایک دیوار پر آویزاں کر دی گئی تھی: "کُلُوا وَاشْرَبُوا وَلَا تُسْرِفُوا" کھاؤ پیو لیکن اسراف نہ کرو۔

ایک دوپہر کے کھانے کے وقت ذاکر صاحب ڈائننگ ہال میں چلے آئے۔ سب طلبا کھانا کھانے میں مصروف تھے۔ ذاکر صاحب ہر ٹیبل پر جاتے اور سب سے ہنس ہنس کر باتیں کرتے جاتے۔ ساتھ ساتھ کھانے کی کوالٹی کے متعلق بھی پوچھتے۔ اچانک دیکھا کہ ایک ٹیبل کے پاس ذاکر صاحب رک گئے اور ہڈی پلیٹ کو بغور دیکھنے لگے۔ ان کا چہرہ ایک دم سنجیدہ ہو گیا، وہ ذرا جھکے اور ہڈی پلیٹ میں پڑے ہوئے ایک عدد آلو کو اُٹھا لیا۔ وہیں پانی سے دھویا اور کھڑے کھڑے کھانا شروع کر دیا۔ سب لڑکے حیرت سے ذاکر صاحب کو دیکھ رہے تھے۔ ذاکر صاحب طلبا کے حیرت کے احساس کو بھانپ گئے۔ کہنے لگے "میاں! میرا منھ کیوں تک رہے ہو یہ اس میں کوئی حیرت کی بات نہیں۔ دانہ دانہ پر کھانے والے کا نام لکھا ہوتا ہے۔ آج ہمارے ملک میں لاکھوں آدمیوں کو ایک وقت کی روٹی میسر نہیں" پھر مسکرا کر کہنے لگے "یہ ادھ کچا آلو آپ ہی میں سے کسی نے ہڈی پلیٹ میں پھینک دیا تھا، میں نے جب غور سے دیکھا تو اپنا نام لکھا پایا، اس لئے اٹھا کر کھا لیا"۔ تمام طلبا، کو جو اس وقت ڈائننگ ہال میں کھانا کھا رہے تھے، ایسا محسوس ہوا کہ گویا کسی نے ان سب کے چہرے پر بھرپور تھپڑ مارا ہو۔ اس دن کے بعد سے کھانے کی ٹیبل پر روٹی کے ٹکڑے یا ادھ کچے آلو پھر کبھی ہڈی پلیٹ میں نہ دیکھے گئے۔

تو یہ تھا جناب ذاکر صاحب کا طرزِ تربیت۔ ان کی تربیت کا ایک ایک عمل ہزار وعظ و نصیحت پر بھاری تھا۔

جامعہ ملیہ کے دور کا ایک اور ناقابلِ فراموش واقعہ میرے ذہن میں ابھی تک محفوظ ہے:

نومبر ۱۹۴۶ء میں جامعہ ملیہ کی سلور جبلی منائی گئی۔ ۱۹۴۰ء سے ۱۹۴۶ء تک کا دور ہمارے ملک

کی تاریخ میں بڑا ہی ہنگامہ خیز دور تھا۔ مسلم لیگ اپنے شباب پر تھی۔ ہر طرف قائد اعظم محمد علی جناح زندہ باد کے نعرے گونج رہے تھے۔ پاکستان بنانے کا مطالبہ زوروں پر تھا۔ کانگریس ملک کی تقسیم کے خلاف تھی۔ دونوں پارٹیاں اپنے اپنے موقف کے لئے زیادہ سے زیادہ تائید اور حمایت حاصل کرنے کے لئے کوشاں تھیں۔ یوں سمجھیے کہ دو زبردست پہلوانوں کے درمیان ٹکراؤ تھا۔ مصالحت کی تمام راہیں مسدود ہوتی جا رہی تھیں۔ دونوں جماعتوں کے قائدین کا کسی ایک پلیٹ فارم پر یکجا ہونا ناممکنات میں سے تھا۔ لیکن ذاکر صاحب کی شخصیت کا کمال کہیے کہ اسی ہنگامہ خیز دور میں جامعہ کی سلور جبلی کے موقع پر ذاکر صاحب نے دونوں جماعتوں کے لیڈروں کو یکجا کر دیا۔

میں اس وقت نویں جماعت کا طالب علم تھا۔ وہ منظر ابھی تک میری آنکھوں کے سامنے ہے جب جامعہ کے "جشن سیمیں" کے موقع پر ایک ہی پنڈال میں ایک اسٹیج پر قائد اعظم محمد علی جناح اور لیاقت علی خاں تھے اور ان کے مقابل دوسری طرف صوفوں پر مولانا ابوالکلام آزاد اور پنڈت جواہر لال نہرو رونق افروز تھے۔

اسی موقع پر ذاکر صاحب نے جامعہ کی ۲۵ سالہ روداد پیش کرتے ہوئے جو تاریخی خطبہ نذر سامعین کیا تھا وہ طلائی حروف میں لکھے جانے کا مستحق ہے۔ اس خطبہ کا وہ حصہ جس میں سیاست و تعلیم کا موازنہ کیا گیا تھا، آج تک میری ڈائری میں محفوظ ہے:

"سیاست خصوصاً ہمارے ملک میں ایک پہاڑی نالہ ہے۔ آناً فاناً چڑھتا ہے اور دیکھتے ہی دیکھتے اُتر جاتا ہے۔ تعلیمی کام ایک دھیرے دھیرے بہنے والا امیدانی دریا ہے، جو برسات ہی میں نہیں بہتا، گرمی میں بھی پہاڑوں کے برف جیسے دل کو پگھلا کر اپنی روانی کا سامان پیدا کرتا ہے۔ سیاست ان کی تنظیم اور حفاظت کرتی ہے۔ اس لئے وہ مخدوم اور یہ خادم۔ سیاست شدت چاہتی ہے اور تعلیم تمدت۔ سیاست کے پروگرام آئے دن بدلتے رہتے ہیں تعلیم کا پہلا منصوبہ اتنا ہمہ گیر ہے کہ کبھی ختم نہیں ہوتا۔ اس کی منزل پہنچنے کے لئے نہیں ہے، رہرو کا رخ متعین کرتی ہے۔"

جیسا کہ میں نے پہلے کہا کہ ۱۹۴۶ء کا دور بڑا ہی ہنگامہ و قیامت خیز تھا۔ ملک میں بالخصوص شمالی حصہ میں فسادات کا لاوا پھوٹ پڑا تھا۔ اسی خطبے میں آخر میں ذاکر صاحب نے بڑے بیباکانہ انداز میں قومی رہنماؤں سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا تھا: "آپ سب صاحبان آسمان سیاست کے تارے ہیں۔ لاکھوں نہیں کروڑوں

آدمیوں کے دل میں آپ کے لئے جگہ ہے۔ آپ کی یہاں موجودگی کا فائدہ اٹھا کر میں تعلیمی کام کرنے والوں کی طرف سے بڑے ہی دکھ کے ساتھ چند لفظ عرض کرنا چاہتا ہوں :

" آج ہمارے ملک میں باہمی نفرت کی جو آگ بھڑک رہی ہے، آج ہمارا چمن بندی کا کام دیوانہ پن معلوم ہوتا ہے۔ یہ آگ شرافت اور انسانیت کی سرزمین کو جھلسے دیتی ہے۔ آج نیک اور متوازن شخصیتوں کے تازہ پھول کیسے پیدا ہوں گے؟ حیوانوں سے بھی پست تر سطح اخلاق پر ہم انسانی اخلاق کو کیسے سنوارسکیں گے؟ بربریت کے اس دَور دورے میں تہذیب کو کیسے بچائیں گے؟ یہ لفظ شاید کچھ سخت معلوم ہوتے ہیں لیکن ان حالات کے لئے جو روز بروز ہمارے چاروں طرف پھیل رہے ہیں اس سے سخت لفظ بھی نرم ہو گے ہم جو اپنے کاموں کے تقاضوں سے بچوں کا احترام کرنا سیکھتے ہیں آپ کو کیا بتائیں کہ ہم پر کیا گزرتی ہے جب ہم سنتے ہیں کہ بہیمیت کے اس بحران میں معصوم بچے بھی پوری طرح محفوظ نہیں۔

" شاعر مندی نے کہا تھا کہ ہر بچہ جو دنیا میں آتا ہے اپنے ساتھ پیام لاتا ہے کہ خدا ابھی انسان سے پوری طرح مایوس نہیں ہوا۔ مگر کیا ہمارے دیس کا انسان اپنے سے اتنا مایوس ہو چکا ہے کہ ان معصوم کلیوں کو کھلنے سے پہلے ہی مسل دینا چاہتا ہے۔

" خدا کے لئے سر جوڑ کر بیٹھئے اور آگ کو بجھائیے۔ یہ وقت اس تحقیق کا نہیں کہ آگ کس نے لگائی؟ کیسے لگی؟ آگ لگی ہوئی ہے اُسے بجھائیے۔ یہ مسئلہ اس قوم کے زندہ رہنے کا نہیں ہے۔ مہذب انسانی زندگی اور وحشیانہ زندگی کے انتخاب کا ہے۔ خدا کے لئے مہذب زندگی کی بنیادوں کو کھودنے نہ دیجئے۔"

ذاکر صاحب کو شاید ہی کسی نے کبھی غصہ میں دیکھا ہو، بجز ایک موقع کے جب وہ علی گڑھ میں وائس چانسلر تھے۔ قصہ یوں ہے کہ پاکستان کے وزیر اعظم لیاقت علی خاں صاحب کے انتقال پر کچھ فرقہ پرست اخباروں نے یہ خبر اخبار میں اُڑا دی کہ لیاقت علی خاں کی موت پر یونیورسٹی میں شادیانے بجائے گئے اور فوراً یونیورسٹی کو بند رکھا گیا۔ یہ خبر بالکل بے بنیاد اور جھوٹی تھی۔ سارے ملک کے اخباروں میں چرچے ہونے لگے۔ طلبا جا کر ذاکر صاحب سے ملے اور اس جھوٹے پروپگنڈے کے خلاف اخبارات میں تردیدی بیان کی سفارش کی۔ لیکن ذاکر صاحب نے ہنس کر ٹال دیا کہ " کتے بھونکتے ہیں تو بھونکنے دو۔ ہم کو اپنا کام کرتے رہنا چاہیئے۔" لیکن طلبا اور اساتذہ ذاکر صاحب کی رائے سے مطمئن نہیں ہوئے اور سمجھنے لگے کہ ذاکر صاحب تو حکومت کے آدمی ہیں حکومت سے ڈرتے ہیں اور فرقہ پرستوں سے بھی۔

بہر حال اتفاق سے اسی عرصہ میں علی گڑھ کے آس پاس فسادات ہو گئے۔ امن و امان قائم کرنے کے لئے ونوبا بھاوے جی کو علی گڑھ آنا پڑا۔ ذاکر صاحب نے بالخصوص ونوبا بھاوے جی کو یونیورسٹی میں مدعو کیا۔ اسٹریچی ہال میں ونوبا بھاوے جی کا استقبال کیا گیا۔ اسٹریچی ہال کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ اس موقع پر ذاکر صاحب نے جو تقریر سنائی وہ کو لتاڑا ہے بس نہ پوچھئے۔

انھوں نے کہا "... ونوبا بھاوے جی، تنگ نظر، گندہ ذہن اخبار والوں نے ہمارے خلاف کچھ عرصہ سے ایک مہم شروع کر رکھی ہے۔" پھر غصہ سے بھرپور بلند آواز میں کہا:

"کون بھڑوا کہتا ہے کہ ہم ملک کے وفادار نہیں۔ کسی کو حق حاصل نہیں کہ ہماری وفاداری کا ثبوت ہم سے مانگے۔"

غرض کہ اس تقریر سے طلبا کی تمام غلط فہمیاں دور ہو گئیں اور ذاکر صاحب کی عزت ان میں زیادہ اضافہ ہو گیا۔

ذاکر صاحب کو دین سے بھی لگاؤ تھا۔ جامعہ کی زندگی میں جب کبھی وقت ملتا وہ نظام الدین ضرور جاتے اور مولانا الیاسؒ کی تبلیغی جماعت کے جلسوں میں شرکت کرتے۔ مذہبی ہونے کے باوجود ان میں کٹھ ملائیت کبھی نہیں آئی۔ ان کو فنون لطیفہ، بالخصوص پینٹنگ، شعر و شاعری اور موسیقی سے بہت لگاؤ تھا۔ تعلیم کے بنیادی اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے وہ طلبا کی تمام صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے کوشاں رہتے۔

ذاکر صاحب سے پہلے مسلم یونیورسٹی میں کوئی کلچرل شام کا تصور بھی نہیں کر سکتا تھا۔ ان ہی کے زمانہ میں طلبا نے یوتھ فیسٹول کے مقابلوں (دہلی) میں حصہ لینا شروع کیا۔ ڈرامے اور موسیقی کے مقابلوں میں طلبا نے انعامات بھی حاصل کئے۔

ہمارے ملک میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی پہلی یونیورسٹی ہے جس کا اپنا ایک ترانہ ہے۔ یہ ترانہ مجازؔ کی نظم "نذرِ علی گڑھ" ہے جس کو مجازؔ نے اپنے زمانۂ طالب علمی ۱۹۳۶ء میں لکھا تھا۔ ذاکر صاحب نہ ہوتے تو یہ نظم ترانہ نہ بن سکتی۔

یہ بات سنہ ۱۹۵۵ء کی ہے جب میں بی۔ اے کا طالب علم تھا۔ یونین کا الیکشن ہو چکا تھا۔ مسند نشینی کی رسم باقی تھی۔ میں ذاکر صاحب کے پاس گیا اور بتایا کہ میں نے مجازؔ کی نظم (نذرِ علی گڑھ) کی دُھن تیار کی ہے اور اس کو یونین کے جلسۂ مسند نشینی کے موقع پر کورس میں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ ذاکر صاحب نے کہا "آپ یونین کے صدر کے پاس جائیے۔ اس لئے کہ جلسہ یونین کا ہے۔ یونیورسٹی کا نہیں۔

آدمیوں کے دل میں آپ کے لئے جگہ ہے۔ آپ کی یہاں موجودگی کا فائدہ اٹھا کر میں تعلیمی کام کرنے والوں کی طرف سے بڑے ہی دُکھ کے ساتھ چند لفظ عرض کرنا چاہتا ہوں:

"آج ہمارے ملک میں باہمی نفرت کی جو آگ بھڑک رہی ہے، آج ہمارا چمن بندی کا کام دیوانہ پن معلوم ہوتا ہے۔ یہ آگ شرافت اور انسانیت کی سرزمین کو جھلسے دیتی ہے۔ آج نیک اور متوازن شخصیتوں کے تازہ پھول کیسے پیدا ہوں گے؟ حیوانوں سے بھی پست تر سطح اخلاق پر ہم انسانی اخلاق کو کیسے سنوارئیں گے؟ بربریت کے اس دَور دورے میں تہذیب کو کیسے بچائیں گے؟ یہ لفظ شاید کچھ سخت معلوم ہوتے ہیں لیکن ان حالات کے لئے جو روز بروز ہمارے چاروں طرف پھیل رہے ہیں اس سے سخت لفظ بھی نرم ہوتے ہیں جو اپنے کاموں کے تقاضوں سے بچوں کا احترام کرنا سیکھتے ہیں آپ کو کیا بتائیں کہ ہم پر کیا گزرتی ہے جب ہم سنتے ہیں کہ بہیت کے اس بحران میں معصوم بچے بھی پوری طرح محفوظ نہیں۔

"شاعر ہندی نے کہا تھا کہ ہر بچہ جو دنیا میں آتا ہے اپنے ساتھ پیام لاتا ہے کہ خدا ابھی انسان سے پوری طرح مایوس نہیں ہوا۔ مگر کیا ہمارے دیس کا انسان اپنے سے اتنا مایوس ہو چکا ہے کہ ان معصوم کلیوں کو کھلنے سے پہلے ہی مسل دینا چاہتا ہے۔

"خدا کے لئے سر جوڑ کر بیٹھئے اور آگ کو بجھائیے۔ یہ وقت اس تحقیق کا نہیں کہ آگ کس نے لگائی؟ کیسے لگی؟ آگ لگی ہوئی ہے اُسے بجھائیے۔ یہ مسئلہ اس قوم کے زندہ رہنے کا نہیں ہے۔ مہذب انسانی زندگی اور وحشیانہ زندگی کے انتخاب کا ہے۔ خدا کے لئے مہذب زندگی کی بنیادوں کو کھودنے نہ دیجئے۔"

ذاکر صاحب کو شاید ہی کسی نے کبھی غصہ میں دیکھا ہو، بجز ایک موقع کے جب وہ علی گڑھ میں وائس چانسلر تھے۔ قصہ یوں ہے کہ: پاکستان کے وزیر اعظم لیاقت علی خاں کے انتقال پر کچھ فرقہ پرست اخباروں نے یہ خبر اخبار میں اُڑا دی کہ لیاقت علی خاں کی موت پر یونیورسٹی میں شادیانے بجائے گئے اور دو دن یونیورسٹی کو بند رکھا گیا۔ یہ خبر بالکل بے بنیاد اور جھوٹی تھی۔ سارے ملک کے اخباروں میں چرچے ہونے لگے۔ طلبا جاکر ذاکر صاحب سے ملے اور اس جھوٹے پروپگنڈے کے خلاف اخبارات میں تردیدی بیان کی سفارش کی۔ لیکن ذاکر صاحب نے ہنس کر ٹال دیا کہ "کتے بھونکتے ہیں تو بھونکنے دو۔ ہم کو اپنا کام کرتے رہنا چاہیئے۔" لیکن طلبا اور اساتذہ ذاکر صاحب کی رائے سے مطمئن نہیں ہوئے اور سمجھنے لگے کہ ذاکر صاحب تو حکومت کے آدمی ہیں حکومت ڈرتے ہیں اور فرقہ پرستوں سے بھی۔

بہرحال اتفاق سے اسی عرصہ میں علی گڑھ کے آس پاس فسادات ہو گئے۔ امن و امان قائم کرنے کے لئے ونوبا بھاوے جی کو علی گڑھ آنا پڑا۔ ذاکر صاحب نے بالخصوص ونوبا بھاوے جی کو یونیورسٹی میں مدعو کیا۔ اسٹریچی ہال میں ونوبا بھاوے جی کا استقبال کیا گیا۔ اسٹریچی ہال کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ اس موقع پر ذاکر صاحب نے جو تقریر سنائی کو نسا لڑا ہے بس نہ پوچھئے۔

انھوں نے کہا " .. ونوبا بھاوے جی، تنگ نظر، گندہ ذہن اخبار والوں نے ہمارے خلاف کچھ عرصہ سے ایک مہم شروع کر رکھی ———— ہے "۔ پھر غصہ سے بھرپور بلند آواز میں کہا:

" کون بھڑوا کہتا ہے کہ ہم ملک کے وفادار نہیں۔ کسی کو حق حاصل نہیں کہ ہماری وفاداری کا ثبوت ہم سے مانگے "

غرض کہ اس تقریر سے طلبا کی تمام غلط فہمیاں دور ہو گئیں اور ذاکر صاحب کی محبت میں کہیں زیادہ اضافہ ہو گیا۔

ذاکر صاحب کو دین سے بھی لگاؤ تھا۔ جامعہ کی زندگی میں جب کبھی وقت ملتا وہ نظام الدین ضرور جاتے اور مولانا الیاس کی تبلیغی جماعت کے جلسوں میں شرکت کرتے۔ مذہبی ہونے کے باوجود ان میں کٹرملائیت کبھی نہیں آئی۔ ان کو فنون لطیفہ، بالخصوص پینٹنگ شعر و شاعری اور موسیقی سے بہت لگاؤ تھا۔ تعلیم کے بنیادی اصولوں کو مد نظر رکھتے ہوئے وہ طلبا کی تمام صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے کوشاں رہتے۔

ذاکر صاحب سے پہلے مسلم یونیورسٹی میں کوئی کلچرل شام کا تصور بھی نہیں کر سکتا تھا۔ ان ہی کے زمانہ میں طلبا نے یوتھ فیسٹول کے مقابلوں (دہلی) میں حصہ لینا شروع کیا۔ ڈرامے اور موسیقی کے مقابلوں میں طلبا نے انعامات بھی حاصل کئے۔

ہمارے ملک میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی پہلی یونیورسٹی ہے جس کا اپنا ایک ترانہ ہے۔ یہ ترانہ مجاز کی نظم " نذر علی گڑھ " ہے جس کو مجاز نے اپنے زمانۂ طالب علمی ۱۹۳۶ء میں لکھا تھا۔ ذاکر صاحب نہ ہوتے تو یہ نظم ترانہ نہ بن سکتی۔

یہ بات ۱۹۵۴ء کی ہے جب میں بی۔ ایڈ کا طالب علم تھا۔ یونین کا الیکشن ہو چکا تھا۔ مسند نشینی کی رسم باقی تھی۔ میں ذاکر صاحب کے پاس گیا اور بتایا کہ میں نے مجاز کی نظم ( نذر علی گڑھ ) کی دُھن تیار کی ہے اور اس کو یونین کے جلسۂ مسند نشینی کے موقع پر کورس میں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ ذاکر صاحب نے کہا " آپ یونین کے صدر کے پاس جایئے۔ اس لئے کہ جلسہ یونین کا ہے۔ یونیورسٹی کا نہیں۔

میں یونین کے صدر کے پاس پہنچا۔ وہ حضرت اپنے کٹر سیاسی پن اور ملائیت کے لئے مشہور تھے۔ مجاز کا نام سنتے ہی چراغ پا ہو گئے۔ فرمانے لگے "مجاز ترقی پسند ہے اور دہریہ بھی۔ جب تک میں اس کرسی پر ہوں، کسی دہریہ کو یونین کے پلیٹ فارم پر نہیں آنے دیا جائے گا۔"

میں خاموشی سے اٹھا اور دوبارہ ذاکر صاحب کے پاس آیا اور یونین کے صدر کے انکار سے آگاہ کیا۔ ذاکر صاحب نے فرمایا "خیر کوئی بات نہیں، یونین والے آپ کو وہاں پڑھنے کی اجازت نہیں دیتے ہیں تو آپ سنستیڈ ڈے میں پیش کیجیے۔ یہ یونیورسٹی کا فنکشن ہے۔"

۱۷ اکتوبر ۱۹۵۴ء کا وہ "سنستیڈ ڈے" تاریخی حیثیت سے ہمیشہ ہمیشہ یادگار رہے گا جب میں نے چار ساتھیوں کے ساتھ کورس کی شکل میں مجاز کی نظم "نذرِ علی گڑھ" کو پہلی مرتبہ علی گڑھ کا ترانہ کہہ کر اسٹریچی ہال میں پیش کیا، تو اس کی دھن اور موسیقی سے ہزاروں کی تعداد میں طلبا اور اساتذہ سب اتنے متاثر اور محظوظ ہوئے کہ "برسے گا، برسے گا، برسے گا" کے اختتام پر صدائے تحسین اور تالیوں سے دیر تک اسٹریچی ہال گونجتا رہا۔

ذاکر صاحب نے اٹھ کر میری پیٹھ تھپتھپاتے ہوئے کہا: "آپ نے ترانہ کی صورت میں مادرِ درسگاہ کو یہ بہت بڑا اور اچھا تحفہ دیا ہے، جو ناقابلِ فراموش ہے۔ اللہ آپ کو ہمیشہ تندرست اور خوش و خرم رکھے"

●●

# امان اللہ خاں شیروانی

• **امان اللہ خاں شیروانی صاحب:** پیدائش ۱۵ اگست ۱۹۲۶ء، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ اور برمنگھم یونیورسٹی (برطانیہ) سے تعلیم یافتہ، معاشیات اور سیاسیات میں ایم اے اور بی۔ایڈ۔ ۱۹۴۸ء تا ۱۹۵۹ء اسلامیہ کالج سہارنپور میں معاشیات کے لکچرر رہے۔ ۱۹۵۹ء سے اسلامیہ کالج اٹاوا کے پرنسپل ہیں۔ آپ آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علیگڑھ کی ایگزیکٹیو کاؤنسل کے ممبر بھی ہیں۔ اسلامیہ کالج میں ایک تعلیمی پروجکٹ کے لیے حکومت اتر پردیش کی طرف سے انعام یافتہ۔ اتر پردیش کے اقلیتی اداروں میں ایک بہترین پرنسپل کی حیثیت سے بھی۔ آپ بھارت سیوا ٹرسٹ دہلی کی طرف سے انعام یافتہ ہیں۔ اردو اور ہندی رسائل میں آپ کے مضامین شائع ہوتے رہتے ہیں۔ انگریزی میں "ہندوستان میں ملٹی پرپز اسکول" اور ہندی میں جنرل نالج پر ایک کتاب آپ کی قابل قدر تحریریں ہیں۔ پرائمری کلاسوں کے لیے بھی آپ نے انگریزی کی ایک کتاب ترتیب دی ہے۔

••

کہا کس نے مسلمانوں کا ملجا ہے نہ ماویٰ ہے
خدا رکھے ہمارا ابھی علی گڑھ ہے اٹاوا ہے (اکبر الہ آبادی)

اسلامیہ کالج اٹاوا، جس کی طرف اکبر الہ آبادی نے اس شعر میں اشارہ کیا ہے شمالی ہندوستان کا ایک قدیم اور معروف ادارہ ہے۔ علیگڑھ ایم۔ او کالج کے ساتھ ہی اس کی بھی بنیاد رکھی گئی تھی۔ اس کے بانی خان بہادر ڈاکٹر مولوی بشیر الدین صاحب مرحوم ومغفور، سر سید کے رفیق کاروں میں سے ایک تھے۔ مرحوم نے اٹاوا میں ان ہی مقاصد کو سامنے رکھ کر اس کالج کی بنیاد رکھی تھی جو سر سید کے سامنے علیگڑھ ایم۔ او کالج کے لیے تھے۔ اسکول کی ترقی اور شہرت میں جس عظیم شخصیت کا سب سے بڑا ہاتھ تھا وہ تھے ہیڈ ماسٹر سید الطاف حسین صاحب مرحوم۔ اگر خان بہادر صاحب کو کالج کا جسم کہا جا سکتا ہے تو سید الطاف حسین اس جسم کی روح تھے۔ وہ پھول بن کے مہکے اور ادارہ کی شہرت ہندستان کے گوشے گوشے میں پہنچائی۔

ہیڈ ماسٹر صاحب کا شمار اُن گنے چنے لوگوں میں ہے جن پر قدرت نے سیرت، دل اور دماغ، شرافت اور ذہانت، دوستی اور قیادت کی غیر صفات ارزاں فرمائی تھیں۔ یوں تو مرحوم ہزار ہا خوبیوں کے انسان تھے۔ لیکن ان کی شخصیت کی سب سے بڑی خوبی ان کا جذبۂ ایثار تھا۔ ۴۹ برس تک جس شخص نے ایک معمولی اور مقررہ تنخواہ پر کالج کی خدمت کی اور اس تنخواہ کا بھی زیادہ سے زیادہ حصہ اپنے شاگردوں پر خرچ کیا، اس کے جذبۂ ایثار کا کیا کہنا۔ مرحوم نے یہی جذبۂ ایثار اپنے ہونہار شاگردوں کو بھی عطا کیا۔ ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب مرحوم، ڈاکٹر سید محمود مرحوم اور ان کے بہت سے دوسرے شاگرد اس کی ایسی تابندہ مثالیں ہیں جو ہندستان کی قومی اور تعلیمی تحریکوں کی تاریخ میں نمایاں حیثیت رکھتی ہیں۔

ہیڈ ماسٹر صاحب مجسم اخلاق تھے۔ شرافت کا معیار تھے۔ انہوں نے اپنا عیش و آرام اور اپنا کل اثاثہ دوسروں کی بھلائی اور مستحق لوگوں کی امداد کے لیے وقف کر دیا تھا۔ انھیں کالج اور طالب علموں سے اتنا گہرا لگاؤ تھا کہ ان کی ذات ان دونوں میں گم ہو گئی تھی۔ انہوں نے اپنا سب کچھ، اپنی زندگی، اپنا روپیہ اسکول اور اس کے طالب علموں پر قربان کر دیا۔ بتایا جاتا ہے کہ جب وہ ریٹائر ہوئے تو کچھ رقم جمع کر گئے ان کی خدمات عالیہ کے اعتراف

میں ایک تھیلی کی شکل میں ان کی خدمت میں پیش کی گئی۔ اوّل تو انہوں نے لینے سے انکار کیا لیکن بعد میں اس شرط پر راضی ہوئے کہ یہ رقم کالج میں جمع کردی جائے۔ بڑی مشکل سے یہ رقم ان کے نام سے ڈاکخانہ میں جمع کی گئی اور چونکہ اس بات کا خدشہ تھا کہ وہ اس رقم کو دوسروں پر خرچ کردیں گے اس لیے پاس بک کالج کے ایک اولڈ بوائے شیخ نفیس الحسن صاحب مرحوم سابق اسپیکر یو پی اسمبلی اور سابق چیرمین یو پی پبلک سروس کمیشن کے پاس رکھ دی گئی اور یہ اسی وقت انھیں دکھائی گئی جب اس کا یقین ہوجاتا تھا کہ رقم ان کے ذاتی خرچ کے لیے نکلوائی جارہی ہے۔

اسی طرح ایک اور واقعہ بھی ان کے جذبۂ ایثار، ان کی شرافت اور طلبا سے محبت اور ہمدردی کا بہت مشہور ہے۔ کالج میں کم خرچ ہاسٹل بھی تھا جس کے طالب علموں کو مفت کپڑا بھی ملتا تھا۔ یہ کپڑا اکثر ہاسٹل کے تمام طلبا کے لیے ایک ہی طرح کا ہوتا تھا۔ ظاہر ہے کہ اس کی وجہ سے ان طلبا میں احساس کمتری پیدا ہونا یقینی تھا۔ ایک مرتبہ نمائش میں طلبا کو ان کپڑوں میں جانے میں تامّل ہوا۔ جب ہیڈ ماسٹر کو اس کا علم ہوا تو مرحوم نے اسی کپڑے کی شیروانی بنوائی اور اسے پہن کر نمائش جانے لگے اور اس طرح طلبا کے سامنے انکسار، ایثار، محبت اور مساوات کا ایک نمونہ پیش کردیا۔

سید الطاف حسین صاحب مرحوم ایک دردمند شفیق استاد، دیدہ ور ماہر تعلیم اور صاحب علم شخصیت کے مالک تھے اور ہر موضوع پر انھیں دسترس حاصل تھی۔ علمی مشاغل میں ان کو سب سے زیادہ پڑھنا، اس سے کم پڑھانا اور اس سے کم لکھنا مرغوب تھا۔ کتب بینی کا ان کو اتنا گہرا اور سچّا شوق تھا کہ انتہائی مصروفیت و پریشانی، یہاں تک علالت کی حالت میں بھی اس کا تھوڑا بہت سلسلہ چلتا رہتا تھا۔ انھوں نے درس تدریس کو اپنا پیشہ بنایا لیکن ان کا مطالعہ اس کے علاوہ اور دنیا بھر کے موضوعات پر حاوی تھا۔ کتابیں جمع کرنے کا بھی بید شوق تھا۔ آج کالج لائبریری میں انگریزی کتابوں کا بیش بہا ذخیرہ ان ہی کے شوق کا نتیجہ ہے۔ بحیثیت استاد ان کو باقاعدہ درس سے زیادہ اس کی لگن تھی کہ طلبا کے دل میں عام مطالعہ کا شوق پیدا ہو۔ شاعری سے بھی شوق فرماتے تھے۔ لیکن وہ اپنے اشعار چند مخصوص احباب کے علاوہ کسی کو نہیں سناتے تھے۔ البتہ ان کے احباب اور مخصوص شاگردوں کا کہنا تھا کہ وہ بہت اچھے شعر کہتے تھے اور موصوف اس طرف زیادہ توجہ فرماتے تو ان کا مقام بحیثیت شاعر بھی اردو ادب میں بہت بلند ہوتا۔ وہ انگریزی تحریر پر بھی پوری قدرت رکھتے تھے۔ ان کی تحریر میں بیساختہ پن، جوش اور خلوص ہوتا تھا لیکن حال یہ ہے کہ انھوں نے کوئی مستقل تحریر نہیں چھوڑی۔ ان کی انگریزی لکھنے کے سلسلے میں ایک واقعہ سننے میں آیا ہے، جب مسٹر [illegible] گورنر یو پی بدایوں تشریف لائے تو ان کو میونسپل بورڈ کی طرف سے جو ایڈریس پیش کیا گیا وہ ہیڈ ماسٹر صاحب مرحوم نے

ایک صاحب کو ڈکٹیٹ کیا تھا۔ اس ایڈریس کو سن کر گورنر موصوف نے فرمایا تھا کہ یہ ایڈریس انگریزی زبان و ادب کا ایک شاہکار ہے۔

اس میں شک نہیں کہ ڈاکٹر مولوی بشیر الدین صاحب مرحوم نے کالج کی بنیاد رکھی اور اس کی عالی شان عمارت بنوائی لیکن اس کالج کو ملک میں جو شہرت اور مقبولیت حاصل ہوئی وہ الطاف حسین مرحوم کی ذاتی کوششوں اور طریقۂ تعلیم اور تربیت کا نتیجہ تھی۔ مرحوم ایک جید عالم، بہترین منتظم اور عظیم استاد تو تھے ہی ان کے خلوص، ان کے ایثار اور بے لوث محبت نے ان کو منفرد بنا دیا تھا اور ان کی اس شخصیت میں ہی کالج کی شہرت اور مقبولیت کا راز پنہاں تھا۔ وہ ذہین اور ہونہار طالب علموں کو اپنی ذاتی توجہ کا مرکز بنا لیتے تھے۔ یہ طالب علم اپنا کافی وقت ہیڈ ماسٹر صاحب کے گھر پر صرف کرتے تھے اور مرحوم مختلف سیاسی، معاشی اور سماجی مسائل پر ان طالب علموں کے ساتھ ایسے دلچسپ انداز میں گفتگو کرتے تھے کہ ان میں ان مسائل کے متعلق کافی بصیرت پیدا ہو جاتی تھی اور ان کے علم و واقفیت میں کافی اضافہ ہوتا تھا۔ ہیڈ ماسٹر صاحب کی ان مجلسوں اور بحثوں کا یہ نتیجہ ہوتا تھا کہ بہت سے طلبا کی عام واقفیت ان مسائل کے متعلق اتنی وسیع ہو جاتی تھی کہ وہ مستقبل میں ملک کی سیاسی اور سماجی زندگی میں نمایاں حیثیت حاصل کر لیتے تھے۔

مرحوم کس طرح اپنے شاگردوں پر نظر رکھتے تھے اور کس کس طرح ان کی مدد فرماتے تھے، اس سلسلے میں ایک واقعہ عرض کرتا ہوں۔ میں ۱۹۵۹ء میں اس کالج کا پرنسپل ہو کر آیا تو کچھ ہی روز کے بعد ایک صاحب مجھ سے ملنے آئے انھوں نے اپنا نام رمیش گپتا بتایا اور کہا کہ وہ آگرہ ضلع میں ایک غریب کسان کے بیٹے تھے۔ ۱۹۳۴ء میں مڈل پاس کر کے اس کالج میں نویں کلاس میں داخل ہوئے تھے۔ ہیڈ ماسٹر صاحب نے خود ان کا ٹسٹ لے کر انھیں کم خرچ والے ہاسٹل میں داخلہ دیا تھا۔ ہائی اسکول کے دوران ہیڈ ماسٹر صاحب گشت کرتے ہوئے اس کمرہ میں آئے، جہاں وہ آرٹ کا امتحان دے رہے تھے۔ ایک نظر ان کی آرٹ کی کاپی پر ڈال کر مرحوم نے گپتا جی سے کہا کہ وہ امتحان کے بعد ان سے ملیں۔ گپتا صاحب بہت پریشان ہوئے، وہ سمجھے کہ ان سے کوئی غلطی ہو گئی ہے۔ بہر حال ڈرتے ڈرتے وہ ہیڈ ماسٹر صاحب کے پاس پہنچے تو مرحوم نے ان سے دریافت کیا کہ وہ ہائی اسکول پاس کر کے کیا کریں گے۔ گپتا صاحب نے بتایا کہ آئندہ تعلیم جاری رکھنا تو ان کے لیے مشکل ہے، اس لیے وہ ملازمت کی کوشش کریں گے۔ ہیڈ ماسٹر صاحب نے نتیجہ برآمد کرنے کے بعد انھیں پھر بلایا۔ گپتا صاحب نے ہائی اسکول میں فرسٹ ڈویژن اور آرٹ میں امتیازی نمبر حاصل کیے تھے۔ ہیڈ ماسٹر صاحب نے انھیں ایک خط دیا اور دس روپیہ بھی اپنے پاس سے دیے اور فرمایا کہ یہ خط لے کر وہ اس پر لکھے پتے پر دہلی چلے جائیں، ان کی تعلیم یا ملازمت کا انتظام ہو جائے گا۔ گپتا صاحب کا کہنا تھا کہ اس خط اور مرحوم کی سفارش کی وجہ سے انھیں فرانس جا کر وہاں کے آرٹ اسکول میں آرٹ کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے وظیفہ مل گیا اور وہ

۱۹۳۷ء میں فرانس چلے گئے۔ وہاں جاکر انھوں نے بڑی ترقی کی اور فرانس میں ہی ملازمت کرلی، وہیں شادی بھی کرلی اور بس بھی گئے۔ اب ۲۰، ۲۲ سال بعد وہ ہندستان آئے تھے اور سیدھے ممبئی سے اٹاوہ آئے، تاکہ سب سے پہلے وہ اس عظیم ہستی کے چرن چھو سکیں جس کی وجہ سے انھوں نے سب کچھ حاصل کیا۔ جب انھیں بتایا گیا کہ ہیڈ ماسٹر صاحب کا انتقال ہو چکا ہے تو وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے۔ انھوں نے ہیڈ ماسٹر کی تصویر کا جو دفتر میں آویزاں ہے ایک فوٹو اتارا اپنے پرانے ہاسٹل میں جاکر اپنے پرانے کمرہ سے کچھ مٹی جمع کی اور اپنے گاؤں چلے گئے۔

اس واقعہ سے مجھے اندازہ ہوا کہ مرحوم اپنے شاگردوں کے کس کس طرح کام آتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ اسکول کا ہر طالب علم انھیں اپنا محسن اور اپنا باپ سمجھتا تھا اور بیحد احترام کرتا تھا۔

ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب مرحوم پر ان کی شخصیت اور ان کی تعلیم و تربیت کا بڑا گہرا اثر تھا۔ ایک تقریب میں جب موصوف کو ایک کتاب "نذر ذاکر" پیش کی گئی تھی، انھوں نے تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ "مجھ پر سب سے بڑا احسان میری والدہ کا ہے اور اس کے بعد میرے استاد سید الطاف حسین صاحب کا۔ اگر ان دونوں کی تعلیم و تربیت مجھے حاصل نہ ہوتی تو نہ جانے میں کیا ہوتا" اسی وجہ سے وہ ہیڈ ماسٹر صاحب کا بے حد احترام کرتے تھے اور جب بھی ان کا ذکر آتا تھا آنکھیں پرنم ہو جاتیں۔ کہا جاتا ہے کہ ایک مرتبہ سید الطاف حسین صاحب نے ذاکر صاحب کے پاس جب وہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے وائس چانسلر تھے اپنے ایک قدیم طالب علم کو سفارشی خط لے کر بھیجا۔ جب وہ خط لے کر ذاکر صاحب کے دفتر میں پہنچے تو ذاکر صاحب نے استاد کے احترام میں دفتر سے نکل کر ان کا استقبال کیا۔ ہیڈ ماسٹر صاحب مرحوم کی سیرت و شخصیت کا ہی اثر تھا کہ خود ذاکر صاحب کی شخصیت اتنی عظیم بنی۔ یہ ضرور ہے کہ استاد کا میدان عمل محدود تھا اور شاگرد کا بہت وسیع، اس لیے استاد کی تعلیم و تربیت کو زیادہ نمایاں ہو کر سامنے آنے کا موقع ملا۔ شاگرد نے استاد کا نام روشن کیا اور اپنی انفرادی صلاحیت سے اپنے کردار کو منفرد بنایا۔

ہیڈ ماسٹر صاحب مرحوم کا کام اور اثر اسکول تک ہی محدود نہ تھا۔ اس کا دائرہ دور دور تک پھیلا ہوا تھا۔ ملک کے ادیب و شاعر، سیاسی رہنما، مذہبی علما ہر قسم کے لوگوں سے ان کے مراسم تھے۔ سب ہی ان کا احترام کرتے تھے۔ اس دور کے مشہور شعرا، ادیب اور رہنمایان قوم اکثر ان کے مہمان رہا کرتے تھے۔ حضرت جگر مرادآبادی، فانی بدایونی، سیماب اکبرآبادی اور یگانہ چنگیزی تو ان کے جگری دوستوں میں سے تھے۔ ان کی نشست کا کمرہ ہمیشہ شاہانہ دربار بنا رہتا تھا۔ آدھی رات تک شہر کے معززین، اساتذہ اور کبھی کبھی مخصوص طلبا وہاں جمع رہتے تھے ہیڈ ماسٹر صاحب جان محفل ہوتے تھے۔ مختلف موضوعات پر بحثیں ہوتی تھیں، لطیفے ہوتے تھے۔ شعر و شاعری ہوتی تھی۔

ہیڈ ماسٹر صاحب کی معلومات اور علمی مباحثوں سے سب مستفید ہوتے تھے۔ ان کے باغ و بہار جلسوں کا لطف اٹھاتے اور ان کی باتوں سے محظوظ ہوتے تھے۔ ان کی بذلہ سنجی، ان کی ظرافت اور ان کے ہیرا تراش فقرے آج بھی ضرب المثل ہیں۔

یوں تو ہیڈ ماسٹر صاحب مرحوم کا علم، ان کا خلوص اور ان کا ایثار وہ اعلیٰ صفات تھیں جنھوں نے نہ صرف طلبا بلکہ عوام کو اپنا گرویدہ بنا لیا تھا لیکن ان کی سب سے بڑی صفت ان کی شرافت نفسی تھی۔ بحیثیت مرشد و معلم کے بھی ان کی توجہ کا مرکز انسان کی شرافت رہی۔ مرحوم اپنے ارشاد و ہدایات اور تعلیم و تربیت کے ذریعہ طلبا کے اندر ان قدروں کو پیدا کرنے کی کوشش کرتے تھے، جو انھیں انسانیت کے بلند منصب کے سزاوار بنائیں اور اس طرح تعلیم و ہدایت سے ان کی روح کو بھی سنوارنے کی کوشش کرتے تھے۔ ان کا خیال تھا کہ اچھے طلبا بناؤ، اچھا سماج پیدا ہوگا، اچھی قوم بنے گی۔

ہیڈ ماسٹر صاحب مرحوم نے اسلامیہ کالج اٹاوہ کی ۴۰ برس تک بے لوث خدمت کی اور ۱۹۴۴ء میں ریٹائر ہوگئے۔ ۱۹۵۰ء میں پاکستان چلے گئے اور وہاں سے ۱۹۵۶ء میں اپنے خالق حقیقی کے پاس چلے گئے۔ وفات سے ایک سال قبل چند شعر کہے تھے، جن کے آخری مصرعے سے تاریخ وفات کا مادہ نکلتا ہے:

خادم جملہ خاص و عام الطاف — تھا کبھی مرجع انام الطاف

ملک الموت کے پیام تجھے — ملتے رہتے ہیں صبح و شام الطاف

نزع کے وقت دوستوں نے کہا — بستر مرگ پر سلام الطاف

۱۳۷۶ھ

زندگی بھر انھیں ایک دھن رہی، کالج کی خدمت اور وہ اپنی دھن کے پکے تھے۔ وہ ان سچے معلموں میں تھے جو بقول ڈاکٹر سید عابد حسین مرحوم اس راز سے واقف ہوتے ہیں:

درس ادب اگر بود زمزمۂ محبتش

جمعہ بہ مکتب آورد طفل گریز پائے را

●●

## (۲)

ذاکر صاحب کی سیرت و شخصیت کی بیشتر خوبیاں سید الطاف حسین صاحب مرحوم ہیڈ ماسٹر اسلامیہ اسکول اٹاوا کی رہین منت ہیں۔ ہیڈ ماسٹر صاحب مرحوم کی تعلیم و تربیت نے ہی ذاکر صاحب کی شخصیت میں وہ رنگ بھرے جو انھوں نے بعد میں اپنی صلاحیت سے اتنے تابناک بنا ڈالے کہ ان کی شخصیت منفرد ہو گئی۔ ذاکر صاحب ۱۹۰۷ء سے ۱۹۱۳ء تک اسلامیہ اسکول اٹاوا (آج کل حافظ محمد صدیق اسلامیہ کالج) کے طالب علم رہے تھے ان دنوں اسلامیہ اسکول اٹاوا شمالی ہندوستان کا ایک ایسا منفرد اسکول تھا، جہاں تعلیم کے ساتھ ساتھ مخصوص تربیت دی جاتی تھی اور اسکول کے ہیڈ ماسٹر سید الطاف حسین صاحب کا نام اس سلسلہ میں بہت ہی مشہور تھا۔

کالج کے ریکارڈ میں ذاکر صاحب کے بارے میں بہت سی باتیں موجود ہیں۔ مثلاً داخلہ فارم کے مطابق ان کی تاریخ پیدائش ۸ر نومبر ۱۸۹۷ء ہے جو بعد میں انسپکٹر آف اسکولس کے دستخطوں سے ان کی عمر میں ۹ ماہ کا اضافہ کر کے ان کی تاریخ پیدائش ۸ر فروری ۱۸۹۷ء کر دی گئی ہے اور یہی عمر ان کے ہائی اسکول کے سرٹیفکٹ میں درج ہے۔ ریکارڈ سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ ابتدائی برسوں میں وہ بہت اچھے طالب علم نہیں تھے۔ ان کی حاضریاں بھی کم رہتی تھیں۔ لیکن آہستہ آہستہ وہ نہ صرف اچھے بلکہ اسکول کے سب سے ہونہار طالب علم بن گئے۔ ان کے زمانہ کے کچھ اساتذہ جو ابھی دس بیس سال پہلے تک حیات تھے، ذاکر صاحب کی ذہانت، مطالعہ سے دلچسپی، خطابت، مضمون نگاری اور شائستگی کی تعریف کرتے تھے۔ مولوی فیاض خاں صاحب مرحوم (علی گڑھ) جو اتفاق سے میرے بھی استاد رہے ہیں، ذاکر صاحب کے بارے میں بہت سی باتیں بتایا کرتے تھے۔ مولوی صاحب ہوسٹل وارڈن بھی تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ ذاکر صاحب ہوسٹل کے نظم و ضبط کا بڑا لحاظ رکھتے تھے اور پابندی کے ساتھ نماز پڑھتے تھے۔ اس زمانہ میں قائم گنج (ضلع فرخ آباد) کے بہت سے طالب علم ہوسٹل میں مقیم تھے۔ یہ لوگ زیادہ تر

وہاں کے پٹھان زمینداروں کے لڑکے تھے، ہر وقت لڑتے تھے اور شرارتیں کرتے تھے۔ لیکن ذاکر صاحب جو خود بھی قائم گنج کے پٹھان تھے، ہمیشہ اس ٹولی سے الگ رہے۔ اس لیے اکثر وہ لوگ کہا کرتے تھے کہ "ذاکر! تم پٹھان نہیں، طبیعت اور مزاج کے لحاظ سے سید ہو۔"

ذاکر صاحب نہ صرف ایک ذہین اور ہونہار طالب علم تھے بلکہ وہ اپنے اساتذہ اور طالب علموں دونوں میں ہر دلعزیز بھی تھے۔ ان کی ہر دلعزیزی کا ایک واقعہ ان کے ساتھی طلبا اور اس زمانہ کے اساتذہ سے سننے میں آتا رہا ہے: ایک مرتبہ ہوسٹل کے کچھ لڑکوں نے یہ مطالبہ کیا کہ "پلیٹ بند کرنے کی سزا" موقوف کی جائے اور اس بات پر اسٹرائک بھی کر دی۔ ان دنوں ہوسٹل کے قواعد میں یہ بھی تھا کہ سزا کے طور پر کسی طالب علم کے کھانے سے ایک پلیٹ کم کر دی جاتی تھی۔ گویا اسے دوسروں کے مقابلہ میں ایک پلیٹ سالن کم ملتا تھا۔ اس اسٹرائک کی پشت پناہی ذاکر صاحب ہی کر رہے تھے۔ حالانکہ ظاہرا وہ اسٹرائک میں شریک نہیں تھے۔ جب یہ اسٹرائک باوجود کوشش ختم نہ ہوئی تو ہیڈ ماسٹر صاحب سے شکایت کی گئی اور اسٹرائک کرنے والے لڑکوں کو اسکول سے نکل جانے کا حکم دیدیا گیا۔ جب ذاکر صاحب کو علم ہوا تو انھوں نے وارڈن کے پاس جا کر اصرار کیا کہ یہ حکم ناجائز ہے اسے واپس لیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ طالب علم کی سزا میں پلیٹ بند کرنے کا طریقہ نہ صرف ظلم ہے، بلکہ غیر اخلاقی بھی ہے۔ جب یہ لوگ کھانے کا پورا پیسہ دیتے ہیں تو ان کی پلیٹ کیوں بند کی جائے۔ آخر کار ان کی سفارش اور زور دینے پر وارڈن اور ہیڈ ماسٹر صاحب کو اپنا حکم واپس لینا پڑا اور پلیٹ بند کرنے کا طریقہ بھی ہمیشہ کے لیے بند کر دینا پڑا۔

ذاکر صاحب میں جذبۂ ایثار اور قومی ہمدردی اسی زمانے سے پیدا ہو چکی تھی۔ ترکی اور اٹلی کی جنگ کے دنوں میں انھوں نے اسلامیہ اسکول کے ہوسٹل میں یہ تحریک چلائی تھی کہ طلبا گوشت کھانا بند کریں اور اس طرح جو روپیہ بچے وہ ترکوں کی مدد کو بھجوایا جائے۔ یہی نہیں وہ جمعہ کے روز نماز کے بعد مسجد کی سیڑھیوں پر کھڑے ہو کر مظلوم ترکوں کے لیے اپنی ترکی ٹوپی میں چندہ جمع کرتے تھے۔ اکثر مسجدوں میں اس کے لیے تقریریں کرتے تھے۔ خطابت انھوں نے اسی طرح سیکھی تھی۔ یہی وجہ تھی کہ ان کی تقریروں میں گھن گرج کے بجائے نرمی اور شیرینی پائی جاتی تھی۔

انسانی ہمدردی اور شرافت بھی ان میں اسکول کے زمانے سے ہی بہت تھی۔ کہا جاتا ہے کہ روزانہ ہوسٹل سے اٹاوہ اسٹیشن جو قریب ایک کلومیٹر ہے، صرف اخبار خریدنے جایا کرتے تھے جب وہ اخبار لے کر واپس آتے تھے، تو بہت سے طالب علم ان کے چاروں طرف اکٹھا ہو جایا کرتے تھے اور وہ سب کو

اخبار پڑھ کر سنایا کرتے تھے اور اکثر خبروں پر تبصرہ بھی کرتے جاتے تھے۔ ان باتوں سے بھی وہ اپنے ساتھیوں میں بہت ہر دلعزیز تھے۔ ان کے ساتھی ان کو "مرشد" کے نام سے پکارتے تھے۔ ان تمام خوبیوں کی بنا پر وہ ہیڈ ماسٹر سید الطاف حسین صاحب مرحوم کی توجہ کا مرکز بنے۔ ہیڈ ماسٹر صاحب ذہین اور ہونہار طالب علموں کو اپنی ذاتی توجہ کا مرکز بناتے تھے۔ ایسے طالب علم اپنا کافی وقت ہیڈ ماسٹر صاحب کے مکان پر گزارتے اور ہیڈ ماسٹر صاحب مختلف مسائل پر اُن سے گفتگو کرتے تھے۔ ہیڈ ماسٹر صاحب کی مخصوص توجہ کا اثر ذاکر صاحب پر بڑا گہرا پڑا۔ ان میں اس زمانے کے قومی اور بین الاقوامی مسائل کے متعلق کافی بصیرت پیدا ہوئی۔ اسی بصیرت کا یہ نتیجہ ہوا کہ ان میں ان معاملات کو سمجھنے کے لیے صحیح جذبات اور احساسات پیدا ہوئے اور ان کے اندر نہ صرف قومی ہمدردی بلکہ انسانی ہمدردی کا جذبہ بھی پیدا ہو گیا۔

جب مرحوم ۱۹۶۴ء میں اسلامیہ کالج اٹاوہ تشریف لائے اور ہوسٹل میں اپنا کمرہ دیکھنے گئے تو میں نے اسلامیہ اسکول کے ایک پرانے خادم "بندے حسن" سے جو بفضل خدا اب بھی حیات ہیں اور کالج سے ریٹائر ہو گئے ہیں، انھیں متعارف کرایا۔ بندے حسن صاحب ذاکر صاحب کے طالبعلمی کے زمانے میں ہوسٹل میں بیرا تھے۔ ذاکر صاحب نے بندے حسن کو گلے لگایا اور کئی منٹ تک ان سے گفتگو کرتے رہے۔ انسان دوستی کا یہی جذبہ انھیں جامعہ ملیہ میں باوجود حالات ناساز گار ہونے کے کام پر اکساتا رہا۔ یقیناً ایک انسان دوست شخص ہی ان حالات میں جامعہ ملیہ جیسے عظیم ادارے کو چلا سکتا ہے جب وسائل کا فقدان ہو، اپنوں کی مخالفت اور حکومت کے عتاب کا سامنا ہو۔ ایسا وہی کر سکتا ہے جسے انسانوں پر اور خود اپنی ذات پر پورا بھروسہ ہو اور جسے انسانوں سے محبت ہو۔

انسان دوستی کے ساتھ بلند اخلاق اور اعلیٰ شرافت بھی ذاکر صاحب کی عظمت کی خصوصیات میں سے تھیں۔ وہ اپنے چھوٹوں سے بھی جس طرح ملتے تھے اس کی مثال بھی بہت کم دیکھنے میں آتی ہے۔ جب بھی ان کے چھوٹے ان سے ملنے جاتے تھے تو وہ انھیں رخصت کرنے کے لیے کمرہ سے باہر تشریف لاتے تھے۔ انھیں حفظ مراتب کا بڑا خیال تھا۔ ۱۹۶۰ء میں جب وہ پٹنہ میں گورنر تھے، میں نے ایک خط اسلامیہ کالج کے بارے میں انھیں لکھا تھا۔ اس کے جواب میں موصوف نے مجھے "مکرمی و معظمی جناب پرنسپل صاحب" لکھ کر خطاب کیا تھا اور لکھا تھا "آپ حیران نہ ہوں میں یہ خط عزیزی امان اللہ خاں شیروانی کو نہیں لکھ رہا ہوں۔ بلکہ بہ حیثیت سابق طالب علم اپنے اسکول کے پرنسپل کو لکھ رہا ہوں۔"

اس عظیم شخصیت کا ایک اور وصف انسانی زندگی کی قدروں کی صحیح پرکھ میں نمایاں ہوتا تھا۔ یہ وصف بھی مرحوم نے اپنی مادر درس گاہ اسلامیہ اسکول سے ہی حاصل کیا تھا۔ اسکول کے بانی ڈاکٹر مولوی بشیر الدین صاحب مرحوم میں بھی مردم شناسی کا یہ جوہر نمایاں تھا۔ انھوں نے اسکول میں قابل مستعد اور پُرخلوص اساتذہ کی ایک ایسی جماعت یکجا کرلی تھی جنھوں نے خلوص اور لگن سے اس اسکول میں بچّوں کو ایسی تعلیم و تربیت دی تھی کہ وہ آیندہ زندگی میں اندھیروں کو دُور کرنے کے لیے شمعیں فروزاں کرتے ہیں۔ اس اسکول نے ذاکر صاحب کے ساتھ ڈاکٹر سیّد محمود، ڈاکٹر محمد حسین، یٰسین نوری، عظیم بیگ چغتائی، پروفیسر حبیب الرحمٰن، الشیخ نفیس الحسن، کے۔ آصف۔ (فلم ساز) اور بہت سی ایسی عظیم شخصیتیں پیدا کی ہیں، جنھوں نے سیاست، درس و تدریس، ادب اور آرٹ میں اپنی عظمت کا سکہ جما دیا۔ ذاکر صاحب میں بھی مردم شناسی کا وصف نمایاں تھا۔ وہ ہمیشہ کاموں اور مقاصد کی قدر و قیمت کا بہت صحیح اندازہ لگا لیتے تھے۔ اسی پرکھ کی بدولت انھوں نے جامعہ ملیہ میں ایسے ایسے یادگار زمانہ نادر جواہر اکٹھا کر لیے تھے جن کو نہ صرف ان کے مقاصد سے دلچسپی تھی، بلکہ ذاکر صاحب کی ذات سے بھی عقیدت تھی۔ جامعہ ملیہ میں ایک مدت تک ایسے معلّم کام کرتے رہے جن کو باہر بہترین مواقع مل سکتے تھے اور نجی زندگی میں اور زیادہ عیش و آرام میسّر آسکتا تھا، لیکن بقول شخصے "ان کے دل میں اعلیٰ قدروں کی لگن تھی اور اسی عشق کا چراغ روشن تھا، جو ذاکر صاحب کے سینہ میں فروزاں تھا"

ذاکر صاحب کو اپنی مادر درس گاہ اسلامیہ اسکول سے بے انتہا محبت تھی۔ اس کا اندازہ ان کی اس تقریر سے ہوتا ہے جو انھوں نے ۱۹۶۴ء میں اسلامیہ کالج اٹاوہ کی ڈائمنڈ جوبلی کے موقع پر بحیثیت مہمان خصوصی کی تھی۔ سپاس نامہ میں ان کی توجہ ان کی مادر درس گاہ کی طرف دلائی گئی تھی اس کے جواب میں انھوں نے فرمایا تھا:

"میں اس اسکول کو کیسے بھول سکتا ہوں! مجھے وہ دن یاد ہیں جب میں یہاں چھٹے کلاس کا طالب علم تھا۔ میری والدہ کا انتقال ہوگیا تھا، والد پہلے ہی رحلت فرما چکے تھے، جب والدہ محترمہ کی وفات کی خبر مجھے دی گئی تو یہاں کے اساتذہ اور ہیڈ ماسٹر صاحب مرحوم نے گلے لگا کر کہا تھا کہ تمھاری ایک ماں نہیں رہیں لیکن یہ اسکول دوسری ماں موجود ہے۔ اور پھر مجھے کبھی یہ محسوس نہیں ہونے دیا کہ میں یتیم و یسیر ہوں"۔ یہ فرماتے ہوئے ان کی آنکھیں اشک بار ہوگئی تھیں۔ ان کی یہ تقریر اتنی مؤثر تھی کہ مجمع میں بہت سے لوگوں اور طلبا کی آنکھوں سے بھی آنسو چھلک پڑے تھے۔

●●

## ڈاکٹر سید عبدالمجید شمس

[ڈاکٹر عبدالمجید شمس عظیم آبادی : پیدائش ۱۸۹۰ء تقریباً علیگڑھ یونیورسٹی سے ایم۔اے، لندن سے پی۔ایچ۔ڈی۔ شعبۂ جغرافیہ، پٹنہ کالج پٹنہ کے صدر شعبہ اور کالج آف کامرس پٹنہ کے پرنسپل رہے، اپالچین یونیورسٹی اور کنٹکی یونیورسٹی (امریکا) کے وزیٹنگ پروفیسر کے فرائض انجام دیے "مثنوی حیات و کائنات" مثنوی جلوۂ صد رنگ" اور "یادِ وطن" آپ کے کلام کے مجموعے ہیں۔ فروری ۱۹۸۲ء میں وفات پائی۔]

ان کے اصولوں کے سلسلے میں ایک بات جس نے مجھ پر گہرا اثر ڈالا، اس کا تذکرہ کر دینا ضروری سمجھتا ہوں۔ ایک موقع پر میں نے کالج کے ایک ٹیچر کی کچھ ناروا باتوں کا تذکرہ کیا اور کہا کہ اس سے مجھے کالج کے کاموں میں رکاوٹ ہونے کا اندیشہ ہے۔ ڈاکٹر موصوف نے فرمایا کہ ایسے معاملات میں ان کا یہ اصول رہا ہے کہ جب تک یہ ثابت نہ ہو جائے کہ کسی نے کوئی غلط کام کیا ہے، اس کو اچھا آدمی سمجھنا چاہیے اور اس سے کام میں مدد لینے کو جاری رکھنا چاہیے؛ ایسا نہیں کرنے سے اس کی دشمنی جو ممکن ہے غلط فہمیوں پر مبنی ہو شاید زیادہ بڑھ جائے اور ادارے کی ترقی میں زیادہ دشواریاں پیدا ہو جائیں۔ میں اس کے بعد سے اسی اصول پر چلتا رہا اور اسے بہت مفید پایا۔

میں ڈاکٹر ذاکر حسین مرحوم کو ایک بڑا انسان، ایک عظیم علم پرور اور سچا قوم پرست مسلمان سمجھتا ہوں اور ان کے اخلاق اور خلوص سے، ان سے جب ملا، بہت متاثر ہوں۔ میں نے ایسی عظیم شخصیتیں اپنی زندگی میں کم ہی دیکھی ہیں۔ ●●

## سید بہار الدین احمد

[سید بہار الدین احمد : پیدائش ۱۹۱۱ء بمقام نیا نواں (گیا)، ۱۹۳۸ء میں حکومت بہار کے تحت منصف پھر ۱۹۷۰ء میں ڈسٹرکٹ و سیشن جج کے عہدہ پر فائز ہوئے۔ ۱۹۶۶ء میں بہار پبلک سروس کمیشن کے ممبر نامزد ہوئے۔ ۱۹۷۱ء میں ریٹائر ہو گئے۔ تصانیف میں "گلستان ہزار رنگ" (جس پر ابو الکلام آزاد کا مقدمہ ہے)، گلستانِ حجاز، گلزارِ معارف اور گلستانِ تغزل (زیر طبع) قابل ذکر ہیں۔ موجِ نسیم اور صاعقہ کے ایڈیٹر بھی رہے ہیں۔]

**ذاکر صاحب سے ملاقات :** اس ملاقات کے بعد تھوڑے عرصہ پر ذاکر صاحب کے دو خطوط میرے خطوں کے جواب میں آئے۔ دونوں ان کے اپنے قلم کے لکھے ہوئے تھے۔ پتہ بھی دونوں پر اپنے ہی ہاتھ سے تحریر فرمایا تھا۔ لطیفہ یہ ہے کہ ایک لفافے پر ۱۵ عدد ایک ایک پیسے کے ٹکٹ لگے ہیں۔ اس زمانے میں لفافے پر ۱۵ پیسے کے ٹکٹ لگتے تھے۔ ●●

# سعید انصاری

● **جناب سعید انصاری** : پیدائش، جولائی ۱۹۰۴ء۔ مقام پیدائش، اعظم گڈھ (اُتر پردیش)۔ ابتدائی تعلیم، مدرسۃ الاسلامیہ اعظم گڈھ۔ انگریزی تعلیم، ولسبلی ہائی اسکول اعظم گڈھ۔ ۱۹۲۰ء میں تحریک ترک موالات و عدم تعاون میں شرکت۔ یونیورسٹی کی تعلیم ابتداءً کاشی ودیاپیٹھ بنارس۔ بعد میں ۱۹۲۱ء سے جامعہ ملّیہ اسلامیہ علی گڈھ۔ ذاکر صاحب سے ملاقات و رفاقت بحیثیت طالبعلم یہیں سے۔ ۱۹۲۶ء سے بحیثیت رفیق اُردو اکیڈیمی و استاد جامعہ ملّیہ اسلامیہ۔

مزید اعلیٰ تعلیم :۔ دوران قیام جامعہ ملّیہ اسلامیہ ایک سال کے لئے (۳۱-۱۹۳۰ء) وشوابھارتی شانتی نکیتن میں بحیثیت ریسرچ اسکالر۔ ۱۹۳۴ء میں ذاکر صاحب کی ہدایت پر تعلیمات کی تعلیم کے لئے کولمبیا یونیورسٹی نیویارک۔ ۱۹۳۸ء میں امریکا سے واپسی پر، بنیادی تعلیم کے استادوں کی تربیت کے لئے ایک ادارے کا قیام۔ موجودہ ٹیچرز کالج انہی کوششوں کا نتیجہ ہے۔

تالیف و تصنیف :۔ ۲۵ء میں اُردو کے عناصر اربعہ کے عنوان سے ایک انعامی مقابلہ میں شرکت۔ آپ کا مقالہ (۱) "مولانا شبلی بحیثیت انشا اردو" اوّل انعام کا مستحق قرار پایا۔ اگلے دو سال میں جامعہ کی اُردو اکیڈیمی میں بحیثیت رفیق جان اسٹوارٹ مِل کی کتاب "لبرٹی" کا اُردو ترجمہ "آزادی" کے نام سے۔ پہلا اڈیشن مکتبہ جامعہ سے ۱۹۲۸ء میں۔ دوسرا اڈیشن ترقی اردو بورڈ کی طرف سے ۵۸ء میں۔

تعلیم پر کتابیں : (۳) "ہندوستان کے تعلیمی مسائل"۔ ۴۸ء میں حالی پبلشنگ ہاؤس، دہلی سے۔ (۴) "تعلیم اور سماج" ۴۸ء میں اسی پبلشنگ ہاؤس سے (۵) "زندگی کا رخ" مکتبہ جامعہ سے (۶) "اکابر تعلیم" مکتبہ جامعہ سے (۷) "تعلیم ہندوستان کے اسلامی عہد میں" ترقی اردو بورڈ سے (۸) "عصری تعلیم" ترقی اردو بورڈ سے۔ (زیر اشاعت)۔

●●

یادیں کس کی آتی ہیں؟ ایک محبوب کی، ایک عزیز کی، اور پھر وہ یادیں جو ایسی لذیذ اور دل آویز
کہ ان کی مٹھاس اور شیرینی سے کام و دہن اب بھی محظوظ ہو رہے ہوں۔

ڈاکٹر صاحب مرحوم انہی چند محبوب اور ہر دلعزیز شخصیتوں میں سے تھے کہ جن کی ہر ایک بات
ہر عمر اور ہر حیثیت کے شخص کو متاثر کئے بغیر نہیں رہتی تھی۔

اسی کے ساتھ ان کی وہ باتیں ان کے حسنِ ذوق، ذہانت طبع اور اعلیٰ کردار کا پتہ بھی دیتی ہیں۔

میری ان کی سب سے پہلی ملاقات ۱۹۲۱ء میں ہوئی جب میں جامعہ ملیہ اسلامیہ میں تعلیم کی غرض سے
آیا۔ وہ مجھے سب سے پہلے علی گڈھ کی ایک مشہور عمارت "بنگالی کوٹھی" میں ملے۔ جو اس زمانہ میں جامعہ کا ایک دارالاقامہ تھا۔
پہلی رات کے بعد صبح ہوئی تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک بڑے کمرے میں ایک گھنی، سیاہ ڈاڑھی والے ایک
بزرگ مع پانچ ساتھیوں کے مقیم ہیں۔ ساتھ ہی بازو کے کمرے میں تین ندویوں کے ساتھ مجھے بھی جگہ ملی تھی۔ جب
صبح میرا ان سے تعارف ہوا کہ یہ اعظم گڈھ سے تشریف لائے ہیں، تو پھر انھیں اعظم گڈھ کے دوست، احباب،
دارالمصنّفین کے رفقا اور مصنفین اور وہاں کی ہر چیز جو انھوں نے کبھی دیکھی یا سُنی تھی، ایک ایک کر کے یاد
آنے لگی اور پھر انھوں نے ہر ایک کی خیر و عافیت، حال چال اور ان سب چیزوں کے بارے میں پوچھنا شروع کیا کہ
آیا وہ اب بھی ملتی ہیں یا نہیں؟

سب سے پہلے انھوں نے سہیلؔ صاحب کے بارے میں دریافت کیا اور پوچھا کہ "وہ اب بھی پان منھ میں دبائے کچہری
جاتے ہوں گے۔" میں نے کہا، جی ہاں، اب بھی ان کا وہی حال ہے اور پھر وہ ان کی ذہانت، علمی قابلیت اور علی گڈھ
کے زمانہ میں ان کی شعر و شاعری کے قصّے سُنانے لگے۔

ان کی جزئیات سے دلچسپی کا حال یہ ہے کہ سہیلؔ صاحب کے سلسلے میں کہنے لگے کہ بھئی، ان کے ہاں ارہر
کی دال خوب پکتی ہے۔ کھانے تو انھوں نے ایک سے ایک لذیذ ان کے ہاں کھائے ہوں گے اس لئے کہ سہیلؔ صاحب

کا دسترخوان اور پھر ان کی بیگم صاحبہ کی خوش سلیقگی اور پکوان بہت کم گھروں کو یہ نعمت نصیب ہوتی ہے لیکن ان سب کھانوں میں ان کا اَرہر کی دال کا انتخاب اور وہ بھی ان کے حافظہ میں محفوظ رہنا یہ ان کے حسن ذوق، لطافتِ طبع اور اس صفائے ذہن پر موقوف ہے، جس کو ہر چیز میں حسن و جمال نظر آتا ہے۔

دارالمصنفین کا ذکر آیا، تو مولانا سید سلیمان ندوی، لیکن اس سے زیادہ مولانا مسعود علی ندوی جن سے وہ زیادہ بے تکلف تھے اور دوسرے رفقا کا حال دریافت کرنے لگے، اور یہ کہ ان میں سے ہر ایک کیا کام کرتا ہے۔ کوئی دوسرا ہوتا تو صاحب ادارہ کا حال پوچھ کر ختم کر دیتا، لیکن ان کی تلاش قدر بڑے اور چھوٹے کا امتیاز نہیں جانتی تھی۔ بلکہ وہ ہر ایک میں اپنی اپنی حیثیت کی قدر و قیمت دیکھتی، اور سب کو یکساں برابر تسلیم کرتی۔

اعظم گڈھ کا ذکر آیا تو کہنے لگے کہ آپ کے یہاں ریشمی کپڑے بھی تو بنتے ہیں، اور طرح طرح کے، اور ان کے نام بھی عجیب عجیب قسم کے؛ لیکن ہر ایک کی اپنی اپنی خوبی الگ اور اسی اعتبار سے ان کے نام بھی ہیں۔ شلاً ایک کپڑا ہوتا ہے جسے 'غلط' کہتے ہیں۔ شاید اس لیے کہ وہ اتنا چکنا ہوتا ہے کہ اس کو چھونے پر چٹکی پھسل جاتی ہے۔ پھر اسی طرح سنگی اور بوٹ کے تھان کا ذکر کرنے لگے۔ اس قدر تفصیل و تحقیق کے ساتھ علم تو شاید ان کپڑا بنانے والوں کو بھی نہ ہو۔

لیکن ایک کپڑے کے شوق اور اس کی تحقیق کا ذکر کئے بغیر نہیں رہا جاتا، جو ان کے نہ صرف شوقِ جمال کی کی دلیل ہے، بلکہ ان کی حقیقت شناس طبیعت کی بھی مظہر ہے۔ کہنے لگے کہ 'اور وہ ایک 'مُشرو' بھی تو ہوتا ہے' میرا ذہن اس سے فوراً 'مشروُوالا' کی طرف دوڑا، جو گاندھی جی کے حلقہ میں ان کے بڑے معتقد اور اچھے لکھنے والے گذرے ہیں اور ان کے بعض رسائل اور پرچوں کے ایڈیٹر بھی تھے۔

بات 'مشرو' کی نکلی تھی، وہ فرمانے لگے کہ یہ لفظ 'مشرو' نہیں بلکہ 'مشروع' عین کے ساتھ ہے۔ جس کا مطلب ہے کہ وہ کپڑا جو شرعاً جائز ہے۔ آپ کو شاید معلوم ہو کہ مردوں کے لیے ریشم پہننا شرعاً جائز نہیں لیکن اس کے بنانے والوں نے اس میں تانے کا تار سوت کا رکھا ہے جس سے اس کا پہننا جائز ہو گیا اور اس لئے اس کا نام 'مشروع' رکھا گیا۔

ان کا یہ شوق اور قدر دانی دیکھ کر جب میں گرمیوں کی چھٹیوں میں گھر گیا تو ایک ایک تھان ہر ایک کا اپنے ساتھ لے آیا جو اس وقت اتنا گراں بھی نہ تھا، اور وہ اس سے بہت خوش ہوئے۔

ایک بار فرمانے لگے کہ آپ کے شہر سے قریب ایک اور شہر پڑتا ہے: مرزاپور۔ آپ جانتے ہیں کہ وہاں کی کیا چیز مشہور ہے؟ میں نے بہت سوچا، حافظ پر زور دیا لیکن کوئی چیز یاد نہ آئی۔ پھر خود ہی بولے' وہاں کی لاٹھیاں اور ڈنڈے مشہور ہیں۔ وہاں کے بانس خاص قسم کے ہوتے ہیں، بہت لمبے اور سبک' اور ان میں مناسب فاصلوں پر گرہیں ہوتی ہیں۔ لوگ انہی گرہوں پہ اگر بانس میں کچھ ٹیڑھا پن ہو تو' چراغ کی لَو سے گرم کر کے اسے سیدھا کر لیتے ہیں۔ جب وہ سیدھے ہو جاتے ہیں تو ان میں سے مناسب لمبائی کی لاٹھیاں اور ڈنڈے کاٹ لئے جاتے ہیں اور پھر وہ استعمال ہوتے ہیں۔

بہرحال میرے لئے مرزاپور جانا، ان بانسوں کا لے آنا اور ساتھ میں لے کر اتنی لمبی مسافت طے کرنا بہت دشوار تھا۔ ایک خاں صاحب جو اپنے بچّے کو جامعہ میں داخل کرنے کے لئے بہت بے چین تھے، میں نے ان سے ذاکر صاحب کے اس شوق کا ذکر کیا۔ ایک دن جولائی میں کیا دیکھتا ہوں کہ خاں صاحب بن ٹھن کر چھیلے اور سدھے بانسوں کا ایک بوجھ لے کر چلے آ رہے ہیں۔ میں نے انھیں اسی حالت میں ذاکر صاحب کے پاس بھیجا۔ وہ یہ نایاب تحفہ پاکر بیحد خوش ہوئے۔ پھر نہ جانے کس کس طرح سے ان سے لاٹھیاں اور ڈنڈے نکالے ہوں گے۔

اسی قسم کی ایک دو اور باتیں یاد آتی ہیں' جن سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا ذوقِ جمال اور تلاشِ حسن کسی ذاتی تشفی اور شخصی منفعت کے خیال سے نہ تھا، بلکہ یہ ان کے ذہن رسا کا ایک قدرتی فعل تھا' اور اس سے وہ نہ صرف ان چیزوں کو اپنے اردگرد دیکھنا چاہتے تھے، بلکہ وہ ان کے ذریعہ اپنے گرد و پیش کے ماحول پر چھا جانا چاہتے تھے۔ بوگین ویلیا کا لفظ میں نے پہلی بار ان ہی کی زبان سے سُنا۔ ایکبار وہ چند پودے اس پھول کے لائے اور بولے کہ اسے مدرسے کے احاطہ میں چہار دیواری کے سہارے لگا دیجئے۔ میں نے کہا کہ انھیں لگائیں تو بکریاں کب چھوڑیں گی جو ہم ان کے پھولوں کی بہاریں دیکھ سکیں گے، انھوں نے پھر بہ اصرار فرمایا کہ آپ لگائیے تو، قدرت نے اس کا انتظام بھی کیا ہے؛ چنانچہ میں نے ان کے حکم کے مطابق لگوا دیئے اور کچھ ہی دنوں بعد جب وہ پودے بڑے ہوئے اور ان میں سرخ سرخ رنگ کے پھول آنے لگے تو میں نے کیا دیکھا کہ ان پھولوں کے ساتھ ٹہنیوں میں نہایت تیز نکیلے کانٹے بھی ہیں' کسی نے ٹھیک کہا ہے: 'ہر جا کہ گل است خار است'۔ ان بکریوں اور گایوں کی ان کے کھانے کی کیا ہمت پڑ سکتی تھی۔ پھر تو ساری جامعہ نگر کی بستی جہاں گرمی کے دنوں میں کوئی پیڑ پودے نظر نہ آتے تھے' ان پھولوں کی بدولت لالہ زار بن گئی۔

جناب صدر' یعنی اخلاق الرحمٰن صاحب قدوائی اگر اجازت دیں تو میں یہ عرض کرنے کی جرأت کروں

کہ ایک زمانہ میں اس "راج بھون" میں جہاں اس سے پہلے بھی رہ چکا ہوں جبکہ ذاکر صاحب یہاں کے گورنر تھے، اس وقت خواہ آپ یقین کریں یا نہ کریں، اس تمام حصہ میں خاک اڑتی تھی۔ لیکن آج کیا دیکھتا ہوں کہ ایک تو اسی بیگم ولیکا کی بدولت اور پھر اس پر آپ کا بھی ذوق جمال، اس لئے کہ آپ نے بھی انھیں کے سایہ میں پرورش پائی ہے، دونوں نے مل کر اب اسے ایک چمن زار اور "گلستاں" بنا دیا ہے۔

ذاکر صاحب کی رفاقت کا فخر جامعہ ملیہ کی خدمت کے سلسلہ میں کم و بیش کوئی پچاس سال رہا۔ لیکن اس مدت میں انھوں نے کبھی مجھے کیا کسی اور کو بھی یہ محسوس نہیں ہونے دیا کہ وہ جامعہ کے "شیخ الجامعہ" ہیں اور دوسرے لوگ ان کے ماتحت کارکن کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان کے نزدیک جامعہ کی خدمت میں سب آپس میں برابر تھے اور جامعہ کی ترقی میں سب کا یکساں حصہ تھا۔ وہ کبھی کبھی اپنے عہدے کے اظہار میں کہا کرتے تھے کہ First among the equals ہوں اور اس سے زیادہ میری کوئی حیثیت نہیں۔

ان کا ایک اور "فلسفۂ زندگی" بھی تھا۔ وہ اکثر فرماتے کہ ہر شخص کو اپنی ترقی جماعت کی ترقی میں تلاش کرنی چاہیئے۔ وہ جماعت ہی کی خدمت میں اپنی ذاتی ترقی کی نشو و نما پا سکتا ہے۔ فرد اور جماعت کا یہی تعلق تھا جس کی بنا پر یہاں مدرسہ کا افسر اعلیٰ "نگراں" کہا جاتا تھا۔ وہ ہیڈ ماسٹر، صدر مدرس یا پرنسپل کے لفظ سے نہیں یاد کیا جاتا تھا۔

جامعہ میں مساوات قائم رکھنے کا ایک دوسرا اصول انھوں نے یہ رائج کر رکھا تھا کہ ایک مدت کے بعد یہ عہدیدار اپنے عہدے سے بدل کر کسی دوسرے منصب یا عہدے پر چلا جاتا تھا جس کا وہ اہل ہوتا۔ اس طرح جامعہ میں ہر شخص کو اپنی صلاحیت اور استعداد کے آزمانے اور اسے بروئے کار لانے کا موقع ملتا تھا اور کوئی کسی عہدے یا مرتبے کو اپنا پیدائشی حق نہ سمجھتا۔

ذاکر صاحب نہ صرف اصولاً اپنے رفقا میں سب کو یکساں اور اپنا ہم مرتبہ سمجھتے تھے، بلکہ عملاً روزمرہ کی زندگی میں اس کا اظہار ہوتا تھا۔ ایک بار ایک چھوٹا سا واقعہ لیکن نہایت ناگوار صورت میں پیش آیا وہاں ذاکر صاحب نے اپنے اس اصول اور طریقہ میں ذرّہ برابر بھی فرق آنے نہ دیا۔ ڈاکٹر مختار احمد انصاری جو نہ صرف ایک بہت بڑے معالج اور ڈاکٹر تھے، بلکہ ایک زمانہ میں جامعہ ملیہ کے چانسلر یا امیر جامعہ بھی تھے، ایکبار وہ ایک بچّہ کو جامعہ کے بورڈنگ میں دیکھنے کے لئے آئے، جو اتفاق سے ان کا عزیز بھی ہوتا تھا۔ ڈاکٹر صاحب آئے تو دیکھا کہ بچّہ کی چارپائی کمرے میں اس طرح بچھی تھی کہ ایک دروازے سے دوسرے

دروازے میں ہوا کا رخ پڑتا تھا۔ ڈاکٹر صاحب یہ دیکھتے ہی اندر اندر بہت برہم ہوئے اور مریض کی تو کچھ ایسی فکر نہ کی، اس لئے کہ اس کا علاج ٹھیک ہو رہا تھا لیکن ذاکر صاحب کو ایک خط لکھا اور اس میں شاید بورڈنگ کے اتالیقوں کی غفلت اور لاپروائی کی سخت شکایت کی جو ان کے استاد اور تیماردار بھی ہوتے تھے۔ ذاکر صاحب کا خط پانا تھا کہ وہ آگ بگولہ ہو گئے اور بولے کہ میرے ساتھیوں پر غفلت اور بے توجہی کا الزام! فوراً پیڈ منگایا اور ڈاکٹر انصاری صاحب کے نام ایسا سخت خط لکھا کہ ایک عرصہ تک ایک دوسرے کے یہاں آنا جانا بند رہا۔ میں نے خود تو نہیں دیکھا لیکن یہ ضرور دیکھا کہ مدت تک امیر جامعہ اور شیخ الجامعہ میں کھنچاؤ رہا اور وہ بھی آپس کی کسی غلطی یا غلط فہمی کی وجہ سے نہیں، بلکہ اپنے ایک اتالیق اور استاد پر غفلت اور بے توجہی کا الزام وہ کسی طرح گوارا نہیں کر سکتے تھے۔

ایک سال جامعہ کے کچھ پرانے ساتھیوں نے ایک ساتھ حج کے لئے جانے کا ارادہ کیا۔ یہ تعداد میاں بیوی کو ملا کر کوئی چھ کے قریب ہو جاتی تھی۔ ظاہر ہے، اتنے امیدواروں کا ایک ساتھ قرعہ میں نام آنا مشکل کیا ناممکن تھا۔ ہم سب نے مل کر آپ سے ذکر کیا۔ آپ اس وقت نائب صدر جمہوریہ تھے۔ اپنے اختیارِ خاص سے آپ نے ہم چھوں کے نام اجازت نامے دلوا دیا۔ لیکن یہ معاملہ یہیں تک ختم نہ تھا۔ اس زمانہ میں حکومت سعودیہ کی طرف سے ڈاکٹری معائنہ کے لئے بڑی سختی تھی۔ آپ نے اپنے پی۔ اے سے کہا کہ بھئی ان چھوں آدمیوں کا ڈاکٹر صاحب سے کہہ کر معائنہ کرا دو، ورنہ یہ لوگ حج کو نہ جا سکیں گے۔ چنانچہ چند ہی دنوں میں ہمارے معائنہ کی رپورٹ آگئی اور ہم لوگ حج کے سفر کے لئے روانہ ہو گئے۔

لیکن روانگی حج سے پہلے خیال آیا کہ ایک دن چل کر شکریہ تو ادا کر دیا جائے۔ پی۔ اے سے وقت مقرر کر کے ہم لوگ ان کی خدمت میں حاضر ہوئے، فرمانے لگے کہیئے سب انتظامات ہو گئے۔ پھر بولے کہ اس ارضِ پاک میں بعض ایسے مقامات بھی آتے ہیں، جہاں اللہ تعالیٰ بندے کی ہر دُعا قبول کر لیتا ہے۔ آپ کے لئے ہم دعا میں کیا مانگیں گے؟ بولے کچھ نہیں، اس نے سب کچھ دے رکھا ہے، بس اگر دعا کیجئے گا تو یہ کہ "انجام بخیر" ہو۔ ہم میں سے ایک صاحب جو بظاہر دینی مزاج اور مذہبی صورت رکھتے تھے، ان سے خصوصیت کے ساتھ بولے کہ آپ کا تو اللہ میاں سے ناتا ہے، آپ خصوصیت سے میرے لئے یہ دعا کیجئے گا۔ یوں تو رسماً ہر ایک "انجام بخیر" کی دعا کرتا ہے، لیکن جب ذاکر صاحب کی پوری زندگی پر نظر جاتی ہے، تو خیال ہوتا ہے کہ "یہ بندۂ مومن" ان کا ایک مقبول اور نیک بندہ تھا اور اس نے کس کی اور کیا خدمت نہیں کی۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں دنیوی جاہ و حشمت کے ساتھ اپنے تقرب اور

عطائے الٰہی سے بھی نوازا اور اس سے زیادہ 'انجام بخیر' اور کیا ہوسکتا تھا !

اسی سلسلہ میں ایک اور واقعہ یاد آتا ہے، جو ہے تو ذاتی اور معمولی حیثیت سے تعلق رکھتا ہے لیکن اس سے ان کے کردار، ان کی انسان دوستی اور ان کی ذرّہ نوازی کا اندازہ ہوتا ہے :

حج میں جب تمام مناسک اور ارکان سے فراغت پائی تو ایک دن یہ خیال آیا کہ یہاں سے لوگ تبرکاً خاکِ شفا یا حرم پاک سے کنکریاں چن کر لے جاتے ہیں۔ میں اگر یہاں سے سنگ مرمر کا ایک ٹکڑا اٹھاکر اپنے ساتھ رکھ لوں اور اس پر مدینہ منورہ کے کسی اچھے کاتب سے اپنے مکان کا نام اور سنِ تعمیر لکھواکر لے جاؤں اور اسے اپنے زیرِ تعمیر مکان کے دروازے پر لگوا دوں، تو کیسا رہے گا۔ یہ خیال آتے ہی میں نے سنگ مرمر کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا جو ۱۲″ × ۸″ سے زیادہ کا نہیں ہوگا، لیا جو باہر حرم کی تعمیر میں آدھے روڑے کی شکل میں ٹوٹے پڑے رہتے ہیں، اور جب ہندوستان پہنچا تو اس پر وہی مدینہ منورہ کے کاتب کا لکھا ہوا نام اور سن تعمیر لکھواکر رکھ لیا اور ذاکر صاحب کو ٹیلیفون کیا کہ میرا وہ مکان جس کا سنگ بنیاد آپ نے رکھا تھا، اب بن کر تیار ہوگیا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ اس کی رسم اختتام بھی آپ ہی کے ہاتھوں انجام پائے۔ وہ بولے کہ اس رسم کی کیا شکل ہوگی۔ میں نے پھر انھیں وہ تمام تفصیل بتائی، فرمایا کہ اچھا، کسی دن آجاؤں گا۔

اتفاق سے وہ اپنی اور مصروفیتوں میں اسے بھول گئے۔ میں نے چند دن بعد انھیں پھر ٹیلیفون کیا اور ان کے پی اے سے کہا کہ بھئی صاحب نے چند دنوں بعد جواب دینے کے لئے فرمایا تھا لیکن اب تک کوئی پیغام نہیں ملا۔ ذاکر صاحب اپنی مصروفیتوں سے فارغ ہوئے تو انھوں نے یاد دلایا۔ بولے، ہاں بھئی یہ بات حافظہ سے نکل گئی تھی۔ اچھا ایک رقعہ لکھ رہا ہوں۔ یہ سعید انصاری صاحب کو آج ہی بھجوا دیجئے۔ رقعہ میں تاخیر کی معذرت کے بعد یہ لکھا تھا کہ پرسوں حاضر ہو رہا ہوں اور اس سلسلہ میں جو ارشاد ہوگا، بجالاؤں گا۔ اس جواب پر میں پانی پانی ہوگیا۔ اور اس عجلت میں دعوت نامہ وغیرہ چھپوانا تو درکنار، جامعہ نگر میں جو مل گیا اس سے زبانی تذکرہ کردیا۔ شام کے قریب تاریخ مقررہ پر کیا دیکھتا ہوں کہ صدر جمہوریہ کی ایک بڑی گاڑی آئی۔ بغیر کسی آداب وقیود کے، اور اترتے ہی پہلے مکان دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔ پھر اس کے بعد رسمِ اختتام کی وہ نوعیت میں نے بتائی۔ سنگ مرمر کے اس ٹکڑے کو دیکھ کر پہلے تو اسے بوسہ دیا اور پھر مدینہ منورہ کے اس خطاط کا خط دیکھ کر بہت تعریف کرنے لگے۔ بعد میں سارے مکان کا ایک چکر لگاکر اسے اپنی جگہ پر نصب کردیا اور پھر اطمینان سے بیٹھ کر تھوڑے سے اکل و شرب کے بعد لوگوں سے باتیں کرنے لگے کہ اتنے میں ان کے اے۔ ڈی سی نے آہستہ سے مجھ سے کہا کہ اب تو آپ کا کام ہوگیا؟ اتنے میں انھوں نے بات کرتے دیکھ لیا۔ بولے، ابھی تو میں اور بیٹھوں گا۔ ایک دن تو ذرا سکون اور اطمینان کا ملا۔ اور ان سرکاری پابندیوں سے وہ بھی نصیب نہیں !

●●

# حکیم عبدالاحد

• حکیم عبدالاحد صاحب، پیدائش ۱۹ فروری ۱۹۱۲ء
بمقام گھگول (پٹنہ)، ۱۹۳۳ء میں مدرسہ اسلامیہ شمس الہدیٰ
پٹنہ سے عالم، ۱۹۳۷ء میں طبیہ کالج دہلی سے فاضل طب
وجراحت کے سند یافتہ۔ گورنمنٹ طبی کالج پٹنہ کے پرنسپل،
حکومت بہار کے شعبۂ صحت عامہ کی طبی شاخ کے سابق
ڈپٹی ڈائرکٹر۔ طب و صحت عامہ سے متعلق ہندوستان کی
متعدد کمیٹیوں اور انجمنوں کے ممبر یا صدر رہ چکے ہیں یا
ہیں۔ ان دنوں ملازمت سے ریٹائر ہو کر پرائیوٹ
پریکٹس کر رہے ہیں

●●

۱۹۳۳ء تک میں مدرسہ شمس الہدیٰ پٹنہ میں زیر تعلیم رہا۔ اس کے بعد طب یونانی کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے دلی قرول باغ پہنچا تو مسیح الملک حکیم اجمل خاں مرحوم اور ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب شیخ الجامعہ کا اثر میرے دماغ پر تھا۔ میں جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی کا ماہانہ آرگن رسالہ جامعہ پابندی سے پٹنہ میں پڑھا کرتا تھا، اس لیے جامعہ ملیہ کے ساتھ شیخ الجامعہ کا تصور مجھے یاد تھا۔ نہ معلوم کیوں دلی پہنچنے کے بعد ان سے ملاقات کا شوق پیدا ہوا، آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج اور جامعہ ملیہ یہ دونوں ادارے ایک ہی محلہ قرول باغ میں واقع تھے۔ کوئی پانچ منٹ کا راستہ تھا، میں اکثر جامعہ کی لائبریری میں کتابیں، رسائل اور اخبارات پڑھنے جاتا، وہاں شیخ الجامعہ کا بورڈ ایک کمرہ پر آویزاں دیکھتا، تو شوق ملاقات میں نئی لہر پیدا ہوتی۔ کئی دنوں کے بعد ایک روز صبح تقریباً ۹ بجے جامعہ پہنچا تو دیکھا دروازہ پر پردہ لٹک رہا ہے اور چپراسی ٹوپی، شیروانی میں ملبوس باہر موجود ہے مجھے پتہ چلا کہ وہ تنہا ہیں۔ میں نے ایک کاغذ کے ٹکڑے پر یہ لکھ کر بھیج دیا "طبی کالج کا ایک طالب صرف چند منٹ کے لیے نیاز حاصل کرنا چاہتا ہے۔ عبدالاحد بہاری" چند منٹ بعد ہی چپراسی نے پردہ اٹھایا اور میں کمرہ میں داخل ہوا۔ فرش پر سفید کھدر کی ٹوپی، شیروانی، علیگڑھ کٹ پاجامہ پہنے خوبصورت گورا چٹا جوان، بھر کر سیاہ داڑھی کے ساتھ چاندنی پر بیٹھا ہے، سامنے ڈیسک پڑی ہے، جس پر لکھنے کا سامان ہے۔ سلام عرض کیا، مصافحہ کیا اور سامنے قریب بیٹھ گیا۔ اُنہوں نے مزاج پرسی کی، تعارف کے سوالات کیے، میں جواب دیتا گیا۔ طب پڑھنے کا شوق کیسے پیدا ہوا؟ یہ ان کا ایک اہم سوال تھا، کیسے آئے؟ یہ دوسرا اہم سوال تھا۔ کوئی کام ہے؟ میں نے جوابات دیے۔ پھر انہوں نے شوق اور محنت سے پڑھنے کی تلقین کی ــــــ میں اٹھ کھڑا ہوا، اجازت چاہی، فرمایا پھر آیئے گا۔ محبت کا ایک گہرا نقش لے کر میں وہاں سے واپس اپنے کالج آیا۔ اُن کی باتیں بار بار یاد آتی رہیں اور میں سوچتا رہا۔ ۱۹۳۸ء تک ڈاکٹر صاحب سے ملنے کا سلسلہ برابر دلی میں جاری رہا۔ ایک دن شام کے وقت میں چھوٹے بچوں کے جامعہ ہوسٹل چلا گیا۔ انچارج لیڈی مس فلپس بورن وہاں موجود تھیں۔ میں ہندوستان میں جرمنی سے ان کی آمد کا قصہ اور محبت کے ساتھ بچوں کی خدمت اور ان کی دیکھ بھال کے متعلق بہت کچھ سن چکا تھا۔ مجھے انہیں آیا تھا

کے پیار سے لفظ سے پکار رہے تھے، وہ بچوں کی خدمت ہنسی خوشی کرنے میں مصروف تھیں، ماں سے زیادہ شفقت بچوں کے ساتھ برت رہی تھیں ــــ ایک روز میں وہاں موجود تھا کہ ذاکر صاحب ٹہلتے ہوئے شام کے وقت وہاں بچوں کے ہوسٹل تشریف لائے، بچے ان سے لپٹ گئے۔ آپا بھی بچوں کے ساتھ تھیں، مجھ سے صاحب سلامت ہوئی۔ بچوں کی دیکھ بھال پر نظر کی، ان کے حالات معلوم کیے۔ ایک بچہ بیمار تھا، اسے دیکھا، مزاج پرسی کی، دوا، علاج کے متعلق دریافت کیا اور واپس چلے گئے۔

● ۱۹۵۲ء کی بات ہے۔ میں اس وقت گورنمنٹ طبی کالج پٹنہ کا پرنسپل تھا، ڈاکٹر صاحب علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے وائس چانسلر تھے۔ جامعہ کے بعد مسلم یونیورسٹی ان کی تعلیمی دلچسپی کا مرکز تھا۔ یونیورسٹی کے متعلقہ کالجوں کی اصلاح اور ترقی کے منصوبے تیار کرنے میں وہ مصروف تھے۔ یونیورسٹی کے شعبوں سے متعلق ملک کے ماہرین کو اکٹھا کر کے مشورے اور اسکیم حاصل کر رہے تھے۔ طبیہ کالج علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی اصلاح اور ترقی کا مسئلہ جب سامنے آیا تو سب سے پہلے نصاب تعلیم پر غور کرنے کے لیے انھوں نے ایک پانچ رکنی کمیٹی ترتیب دی جس کے صدر خود رہے، ماہرین فن کی صف میں نہ معلوم کیوں انھوں نے مجھ کو بھی لا کھڑا کیا اور ممبر نامزد کیا۔ اس کی میٹنگ مسلسل تین دنوں علیگڑھ یونیورسٹی میں جاری رہی۔ پہلے دن کی بیٹھک میں انھوں نے کمیٹی بنانے کا مقصد اور ممبروں کو زحمت دینے کی وجوہات پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ فن کی تعلیم و ترقی، طلبہ کی زندگی، مریضوں سے ان کا تعلق اور معاشیات کے مسائل وغیرہ سبھی کو وہ زیر بحث لائے ــــ روزانہ ۶، ۷ گھنٹے غور و فکر کے بعد نوٹ تیار کیا جاتا، ڈاکٹر صاحب اکثر اوقات میٹنگ میں شریک رہتے۔ کبھی کبھار یونیورسٹی کے کسی ضروری کام سے معذرت کے ساتھ تشریف لے جاتے اور پھر وقت پر لوٹ آتے، ممبران کام جاری رکھتے اور واپسی پر وہ کاموں کا محاسبہ کرتے ــــ ان تین دنوں میں نصاب کا کام تو ہوا ہی، دعوتیں بھی ہوئیں اور آزادانہ گفتگو کا موقع بھی خوب نصیب ہوا۔ ڈاکٹر صاحب نے طب یونانی سے بہت دلچسپی لی اور انھوں نے شعبہ جراحت کی جدید ترقیات کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ آج بھی طب یونانی کی دھاک اپنی جگہ موجود ہے، البتہ مزید توجہ کی ضرورت ہے۔ شعبۂ معالجات میں طب یونانی کے اثرات کو لوگوں کے لیے بہت مفید بتایا۔ اس سلسلہ میں گھریلو علاج و معالجہ کے واقعات بھی بہت شوق سے سنائے، جس میں بڑی بوڑھیوں کا ذکر بھی آیا جو عام طور پر گاؤں میں اپنے اپنے گھروں میں یونانی دواؤں کی پٹاری رکھتی تھیں اور گھریلو تجربے کی بنا پر روزانہ بیسیوں بچوں کا گھر پر ہی علاج کرتی تھیں۔ اس طرح بچوں کی مائیں علاج کے سلسلہ میں بہت سی پریشانیوں سے گھر بیٹھے نجات حاصل کر لیتی تھیں۔

دوپہر کا کھانا ڈاکٹر صاحب کے ساتھ ہوتا، وہاں کھانے پر بھی نصاب ہی زیر بحث ہوتا۔ علامہ حکیم محمد کبیر الدین صاحب بھی اہم ممبر تھے، میں علامہ کے ساتھ شفاء الملک حکیم عبداللطیف صاحب پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی کے دولت خانہ پر مقیم تھا، صبح کا ناشتہ اور رات کا کھانا ہم لوگ وہیں کھاتے۔ ایک دن ڈاکٹر ذاکر صاحب ملنے ہم لوگوں کی قیامگاہ پر تشریف لے آئے، کچھ دیر ٹھہرے، باتیں کیں، آرام تکلیف کا حال پوچھا اور رخصت ہوئے۔

● یہ ۱۹۵۷ء ہے، گورنر کی حیثیت سے ڈاکٹر صاحب بہار تشریف لائے۔ ۶ جولائی ۱۹۵۷ء کو انھوں نے گورنر کے عہدہ کا حلف لیا۔ میں نے ان کو مسرت کے اظہار کے ساتھ مبارکباد کا خط لکھا۔ رانچی سے انھوں نے ۱۶ جولائی کو میرے خط کا جواب دیا۔

۳۱ جولائی ۱۹۵۷ء کو میری ان سے بہار میں پہلی دفعہ گورنمنٹ ہاؤس میں تقریباً نصف گھنٹہ ملاقات رہی۔ بہار کے حالات پر مختلف حیثیت سے گفتگو ہوتی رہی، چائے کا دور بھی چلتا رہا اور باتیں بھی ہوتی رہیں ــــ یہ خاص طور پر نوٹ کرنے کی بات ہے کہ انھوں نے جو خطوط اپنے قلم سے خود مجھے لکھے ہیں، لفافہ پر پتہ بھی خود ہی لکھا ہے، ایسے لفافہ پر ذاتی ٹکٹ استعمال کیا ہے، سرکاری ٹکٹ استعمال نہیں کیا۔ ڈاکٹر صاحب کا دوسرا خط مورخہ ۲ ستمبر ۱۹۵۷ء ہے جو انھوں نے گورنمنٹ ہاؤس پٹنہ سے مجھے بھیجا۔ اس لفافہ پر بھی ذاتی ٹکٹ چسپاں ہے۔ اس طرح کے پانچ خطوط جو دستیاب ہیں، گورنر، نائب صدر اور صدر جمہوریہ ہندوستان کی حیثیت سے انھوں نے مجھے لکھے ہیں جن پر پرائیوٹ ٹکٹ لگے ہیں۔

۱۹۵۷ء کے ماہ اگست میں مولانا عبدالماجد دریا بادی صاحب ایڈیٹر صدق جدید، پٹنہ میں گورنر ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کے مہمان خصوصی تھے۔ ۲۸ تاریخ تھی، یکشنبہ کا دن تھا، ڈاکٹر صاحب نے نہایت محبت سے مجھ سے فرمایا کہ حکیم صاحب آج شب کے وقت آپ میرے ساتھ کھانا کھائیں تو کیا مضائقہ ہے۔ ظاہر ہے انکار کا کوئی سوال ہی نہیں تھا۔ میں مولانا عبدالماجد صاحب کے ساتھ ہی نالندہ، راجگیر اور بہار شریف کے سفر سے شب میں واپس آیا تھا۔ ملاقات کے چھوٹے کمرہ میں ہم لوگ بیٹھے باتیں کر رہے تھے۔ اصل بات اور چھیڑ چھاڑ تو مولانا سے ہو رہی تھی، میں تو صرف سننے کا فرض انجام دے رہا تھا۔ کھانا لگ گیا تو ڈاکٹر صاحب نے مولانا کو اور مجھے کھانا کھانے کی طرف متوجہ کیا اور معذرت کی کہ مجھے افسوس ہے کہ میں کھانے میں آپ لوگوں کا ساتھ نہیں دے سکتا، آج میرے صرف پھلوں پر گذارہ کرنے کا دن ہے۔ پاس ہی صوفہ پر بیٹھ گئے۔ تقریباً دو گھنٹے گفتگو اور کھانے کی نذر ہو گئے۔ خدابخش خاں لائبریری، علیسنہ لائبریری کا ذکر بھی تفصیل سے آیا۔ دہلی کے ہنگامہ خیز فسادات،

انسانیت کا خونی ڈرامہ اور ریفوجیوں کی بے پناہیوں کا ذکر بھی آیا ــــ انسان پر انسان کا ظلم کس کس طریقے سے ہوا، اس کا بھی ذکر بہت افسوس کے ساتھ ہوتا رہا۔ ڈاکٹر صاحب خود بھی پرانا قلعہ ریفوجی کیمپ میں تشریف لے گئے تھے، اس کا بھی ذکر حسرت و افسوس کے ساتھ انہوں نے کیا ــــ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ انسانیت رو رو کر انسانوں سے پناہ مانگ رہی ہے۔

اسی زمانے میں کسی سرکاری جماعت نے اپنے مطالبات منوانے کے لیے اسٹرائیک کر دی تھی۔ بات چھڑ گئی، ڈاکٹر صاحب نے فرمایا، "اسٹرائیک کے طریقے اور زبردستی کسی مطالبے کو منوانے کے لیے کسی جماعت کا سرکاری کاموں کو چھوڑ کر جدوجہد کرنا اپنی حکومت میں مناسب نہیں معلوم ہوتا ــــ دوسرے حکومت کو بھی چاہیے کہ ان کے مطالبات پر غور کرے، اگر صحیح اور جائز ہیں تو ان کے مانگنے سے قبل ان کو ملنا چاہیئے اور اگر ناقابلِ قبول ہیں تو کسی قیمت پر جھکنا نہیں چاہیے"۔

ڈاکٹر صاحب مخدوم شاہ شرف الدین یحییٰ منیریؒ اور دوسرے بہار کے بزرگوں کے حالات جاننا چاہتے تھے۔ میں نے ان کو اس سلسلہ کی کئی کتابیں بھیجی تھیں۔ ان کا تذکرہ بھی ڈاکٹر صاحب کے ایک خط میں موجود ہے۔

۵ اگست ۱۹۵۷ء کو مولانا عبدالماجد دریابادی صاحب کا دسنہ لائبریری دیکھنے اور مولانا مناظر احسن گیلانیؒ کی قبر پر حاضری کا پروگرام تھا۔ مولانا کی خواہش کے مطابق سفری کے لیے میں صبح ۸ بجے گورنمنٹ ہاؤس پہنچ چکا تھا، مولانا تیار ہو کر روانگی کے لیے اوپر قیامگاہ سے نیچے آئے، ڈاکٹر صاحب بھی ساتھ ہی نیچے تشریف لائے، میں بھی ساتھ تھا، موٹر میں بڑا سا آوٹ دان رکھا گیا، گورنر صاحب نے فرمایا کہ یہ اتفاقیہ ضرورت کے لئے ہے۔ تاکہ وقت پر کام آئے۔ کوٹھی کی دہلیز تک تشریف لائے اور رکتے ہوئے خداحافظ کہا اور بولے "یہ میری آخری حد ہے، اس سے آگے نہیں جا سکتا"۔ ڈاکٹر صاحب دہلیز پر کھڑے رہے اور ہم لوگ سلام بجالاتے ہوئے کار پر سوار ہو کر روانہ ہو گئے۔ یہ تھی ڈاکٹر صاحب کی عظمت ــــ اور مولانا کے ساتھ ان کا مخلصانہ برتاؤ ــــ اور ان کے دل میں مولانا کا وقار!

۲ فروری ۱۹۵۹ء کو حکیم اجمل خاں ڈے، گورنمنٹ طبی کالج پٹنہ کے وسیع میدان میں انجمن اطباء صوبہ بہار کی جانب سے بہت ہی شاندار طریقہ پر منایا گیا۔ کئی وزراء، شاہ عزیز منعمی، بیرچند پٹیل، افسران، وکلاء، معززین شہر، اخبارات کے ایڈیٹر، نامہ نگار حضرات کے علاوہ عوام کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر۔ عظیم پنڈال ناکافی۔ حکیم اجمل خاں کے علاوہ یہ اُن کی کوشش کا نتیجہ تھا۔ ڈاکٹر صاحب نے جلسہ کا افتتاح فرمایا۔ اس افتتاح

کے سلسلہ میں جب میں ڈاکٹر صاحب سے ملا تو انھوں نے بخوشی رضامندی ظاہر کی اور فرمایا: "حکیم اجمل خاں غیر معمولی انسان تھے، ان کی یاد، ان کی شایان شان منانا چاہیے۔" بعد کی ملاقات میں انھوں نے جلسہ کی کامیابی پر بہت مسرت کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر صاحب نے تقریباً ایک گھنٹہ پُراثر تقریر کی۔ مسیح الملک حکیم اجمل خاں کے احسانات، ان کے کارنامے، قومی خدمات، جامعہ ملیہ میں ان کا خصوصی تعاون، شریف منزل میں بڑے بڑے سیاسی رہنماؤں کے جلسے اور وقت کے ملکی مسائل کا حل، طب یونانی کے مسائل اور طبّی علاج کی کامیابی پر روشنی ڈالتے ہوئے گورنمنٹ طبّی کالج کی ضروریات پر بھی انھوں نے ایک نظر ڈالی۔

ڈاکٹر صاحب نے ایک موقعہ پر فرمایا کہ زندگی، وقت کی پابندی کے ساتھ جد و جہد کا دوسرا نام ہے۔ وہ بجا طور پر فرماتے تھے کہ گھڑی اگر وقت کی پابندی چھوڑ دے، تو آپ اسے چھوڑ دیتے ہیں یا نہیں! ــــ اگر آپ وقت کی پابندی نہیں کرسکتے ــــ تو وقت آپ کو ہمیشہ کے لیے چھوڑ دے گا، اس لیے پوری مستعدی کے ساتھ وقت کی پابندی کیجیے۔

ڈاکٹر صاحب سے ملاقاتیں تو بہت بار ہوئیں، مگر ایک اور ملاقات کا ذکر ضروری معلوم ہوتا ہے۔ ۱۹۶۴ء، فروری کی ۲۰ تاریخ ہے۔ وہ نائب صدر جمہوریہ ہیں، دلی میں مولانا آزاد روڈ پر سرکاری قیامگاہ میں مقیم ہیں، ملاقات کا وقت مقرر ہے۔ ۱۲½ بجے دن کے وقت حاضری ہوئی۔ فوراً ہی بُلایا، کھڑے تھے، گلے ملے، بولے میں انتظار کررہا تھا۔ ایک گھنٹہ اطمینان سے باتیں ہوتی رہیں، بہار کے خاص خاص لوگوں کی فرداً فرداً خیریت پوچھی، خدا بخش لائبریری کا حال پوچھا، طبّیہ کالج کی ترقیوں میں پیش رفت پر بھی گفتگو ہوئی۔ ناشتہ اور چائے بھی پینی پڑی، تب کہیں چھٹکارا ہوا۔ اور واپسی کی اجازت ملی، کھڑے ہوکر رخصت کیا۔ ●●

# اونل ڈے

• جناب اونل ڈے : پیدائش ۲۳ جولائی ۱۹۱۹ء بمقام پٹنہ۔ پٹنہ یونیورسٹی سے تعلیم یافتہ۔ ۱۹۵۵ تا ۱۹۶۰ء بہار اکیڈمی آف میوزک، ڈانس اینڈ ڈراما کے اسوسیٹ سکریٹری رہے۔ آپ تعلیمی اور ثقافتی میدان کے سرگرم کارکن اور ریڈیکل ہیومنسٹ ہیں۔ ایم این رائے کے شیدائی اور عزیز چیلے ہیں اور جنگ آزادی کے مجاہد رہے ہیں۔ فنون لطیفہ خصوصاً موسیقی اور تھیئٹر کے ماہر ہیں۔ ••

میرے فاضل دوست ڈاکٹر بیدار، ڈائرکٹر خدا بخش لائبریری نے مجھ سے ڈاکٹر ذاکر حسین کے بارے میں اپنی یادوں کو ریکارڈ کرانے کی فرمائش کی ہے۔ میں نے پہلو تہی کی کوشش کی۔ کیونکہ واحد متکلم کا بکثرت استعمال جو ایسی یادوں میں ناگزیر ہو جاتا ہے، میری نظر میں مناسب نہیں ہے اور اس لئے بھی کہ ڈاکٹر ذاکر حسین اور میرے درمیان کافی عرصہ پہلے جو بھی معاملات ہوئے اس کا نہ کوئی شاہد ہے نہ ثبوت۔ تاہم، چونکہ ڈاکٹر بیدار میری طرف سے منفی جواب سننے کے لئے آمادہ نہیں ہیں اس لئے ان کی دوستی کی قدر کرتے ہوئے انکار نہ کرسکا۔

۵۷ – ۱۹۶۱ء کا درمیانی عرصہ میری زندگی میں بہت ہی سبق آموز، معلوماتی اور پُرلطف گزرا ہے۔ اس دوران مجھے سابق گورنر بہار ڈاکٹر ذاکر حسین جیسے اسکالر اور انسان دوست سے قربت کا موقع ملا۔

اس موضوع کی وضاحت کے لئے میں اس پس منظر کو بیان کردوں جس میں مجھے ڈاکٹر ذاکر حسین سے متعارف ہونے، ان کے قریب جانے اور ان کی شفقت حاصل کرنے کا موقع ملا۔

ادب، موسیقی، رقص، ڈراما اور دوسرے فنون لطیفہ کے میدان میں ثقافتی سرگرمیوں میں، میں ۱۹۴۲ء سے ہی سرگرم رہا ہوں۔ "آرٹس اینڈ آرٹسٹ" نام کی ایک ثقافتی سوسائٹی ہم لوگوں نے قائم کی تھی۔ ۱۹۵۱ء میں "بہار اکیڈمی آف میوزک، ڈانس اینڈ ڈراما" صوبائی حکومت کی سرپرستی میں معرض وجود میں آئی اور اس کے اگزکیوٹیو بورڈ کی رکنیت کے لئے مجھے بھی منتخب کیا گیا۔ اس کے دستور کے مطابق گورنر بہار اس اکاڈمی کے صدر ہوئے۔ ۵۷ – ۱۹۵۶ء میں میری تقرری ایسوسی ایٹ سکریٹری کی حیثیت سے ہوئی۔ ڈپٹی ڈائرکٹر آف ایجوکیشن بہار، سکریٹری تھے۔ اگزکیوٹیو بورڈ کے نائب صدر اور چیرمین پٹنہ ہائیکورٹ کے سابق چیف جسٹس مسٹر جسٹس ایس۔ کے داس تھے۔ ۱۹۵۷ء میں سپریم کورٹ میں بحیثیت جج اپنی تقرری ہونے کی بنا پر جب انھوں نے استعفیٰ دیا تو سلطان احمد نے کرسئ صدارت کو زینت بخشی۔ اسوسیٹ سکریٹری ہونے کے ناتے معمول کے مطابق آفس کا نظام چلانے کے علاوہ تمام سرگرمیوں کی ذمہ داری جس میں منصوبہ بندی سے لے کر اس کی تعمیل کا کام بھی شامل تھا میرے ہی سپرد تھی۔ سارے مشوروں اور تجاویز کے ساتھ فائلوں کی تیاری مجھے ہی کرنی پڑتی تھی اور ان

فائلوں کو چیرمین سر سلطان احمد کے سامنے ان کی رائے کے لئے پیش کرنا پڑتا تھا۔ سر سلطان احمد نے بارہا ان فائلوں کو اپنی رائے کے ساتھ لے کر مجھے صدر کے پاس بھیجا تاکہ وضاحت طلب باتوں کی وضاحت اور صدر کے سوالوں کا جواب دے سکوں اور اس طرح ڈاکٹر ذاکر حسین کے ساتھ میرے تعلقات باضابطہ طور پر قائم ہوئے۔ میں نے ڈاکٹر ذاکر حسین کو کئی بار اس ڈرامے اور رقص کو دیکھنے کی دعوت دی جو میری ہدایت میں پیش کئے گئے۔ ڈاکٹر ذاکر حسین نے میرے بہت سے ڈراموں کو اسٹیج پر دیکھا، انہیں سراہا اور میری ہدایت کاری کی تعریف بھی کی۔

اگرچہ پہلی ملاقات سے ہی انھوں نے کوئی امتیاز نہیں برتا اور برابری کا ہی سلوک کیا، لیکن ایک دو ملاقات کے بعد تو مجھ سے کھُل کر ملنے لگے اور منصبی کام کے بعد بے تکلفانہ گفتگو کے لئے مجھے روک لیتے۔ ان ملاقاتوں کے دوران بہت سی باتیں ایسی ہوئیں جو یاد رکھنے کے قابل تھیں اور ان کی روشن خیالی کا بیّن ثبوت بھی، جنھیں ٹیپ کرنے کی ضرورت تھی۔ بدقسمتی سے ذاکر حسین کی بہت سی عالمانہ گفتگوئیں میرے ذہن سے نکل گئی ہیں جو چند باتیں یاد رہ گئی ہیں، انھیں دہرا رہا ہوں۔

ڈاکٹر ذاکر حسین کے متعلق قابل ذکر جو پہلی چیز ہے، وہ یہ ہے کہ ان پانچ برسوں کی طویل مدت کے دوران میں نے انھیں کبھی تاخیر سے آتے نہیں دیکھا، چاہے وہ راج بھون ہو یا راج بھون سے باہر کوئی جگہ۔ اسٹیج پر ڈراما پیش کرتے وقت ہم لوگوں کو ہر دم چوکس رہنا پڑتا تھا کہ کھیل وقت پر شروع ہو جائے اور راجیہ پال کو آڈیٹوریم میں انتظار کی زحمت نہ اٹھانی پڑے۔ دوسری قابل ذکر بات یہ ہے کہ جب کبھی بھی انھیں کسی ڈرامے کے افتتاح کے لئے بلایا گیا تو وہ کبھی پانچ منٹ سے زیادہ نہیں بولے۔ جب میں نے اُن سے اس کی وجہ دریافت کرنے کی جسارت کی تو انھوں نے مسکراتے ہوئے کہا کہ ناظرین یہاں فن کارانہ کھیل دیکھنے کی امید لے کر آتے ہیں، ہم جیسے بوڑھے آدمی کی بھونڈی تقریر سننے کے لئے نہیں۔ لیکن جب کبھی بھی ناظرین کے علم میں کوئی بات لانے کی ضرورت انھوں نے محسوس کی تو انھوں نے اس موضوع پر بصیرت افروز تقریر کی۔

ایک دفعہ جب میں ان سے ملنے راج بھون گیا تو انھیں بہت ہی افسردہ اور مغموم پایا۔ جیسا انھوں نے ایک کرسی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے مجھے بیٹھنے کو کہا تو کسی قدر پس و پیش کے بعد میں نے ان کی خیریت دریافت کی۔ انھوں نے جواب دیا کہ جسمانی طور پر بہت ٹھیک ہوں لیکن ذہنی طور پر افسردہ ہوں۔ ہم دونوں کچھ دیر تک خاموش رہے۔ کیونکہ مجھے یہ نہیں معلوم ہو رہا تھا کہ کیا کہنا یا کرنا چاہیے۔ تھوڑی دیر کے بعد گویا ہوئے اور کہا "جانتے ہو اکل، آج مجھے اپنی زندگی کا ایک عظیم صدمہ پہنچا ہے۔ میں ایک مقامی بنیادی ٹریننگ اسکول دیکھنے گیا۔ پرنسپل

مجھے سب جگہ لے گئے اور وہ تمام چیزیں دکھائیں، جو دیکھنے کے لائق تھیں۔ جب معائنہ ختم ہوا، تو میں گاڑی پر سوار ہونے لگا تو ایک شخص ٹوکری بھر تازہ سبزی لے کر آیا اور پرنسپل نے جو مجھے رخصت کرنے آئے تھے مسکراتے ہوئے ڈرائیور کو کار کا بوٹ کھولنے کو کہا۔ میں نے متحیر ہو کر پوچھا کہ سبزیاں کہاں سے آئی ہیں۔ پرنسپل نے بڑے فخریہ انداز میں کہا کہ یہ سبزیاں زراعت میں تربیت پانے والے طلبا کی محنت کا پھل ہیں اور میرے لئے ہیں۔ میں ششدر رہ گیا اور یقین مانو میری آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ میں صرف اُن سے صرف اتنا کہہ سکا کہ سبزیوں کو واپس لے لیں اور فروخت کے لئے بازار بھیج دیں۔ یہ کہہ کر میں گاڑی میں بیٹھا اور سمجھو بھاگ کر واپس آگیا۔ وہ تھوڑی دیر خاموش رہے اور پھر کہا " مہاتما کے ایما پر میں نے اپنے بچوں کے لئے ملک کی عزت کے شایان شان ایسی تعلیم کا منصوبہ پیش کیا تھا جس کا بنیادی تصور ہی یہ تھا کہ تعلیمی اخراجات کا بوجھ ملک یا والدین کے بجائے خود طالب علموں کے شانے پر رہے۔ یہ صرف اسی وقت ممکن ہو سکتا ہے جب طالب علموں کو اسکول میں ہی دستکاری، زراعت وغیرہ کے ذریعہ قابل فروخت اشیاء پیدا کرنے کی اور انھیں بازاروں میں فروخت کرنے کی تعلیم دی جائے اور ان کی حوصلہ افزائی کی جائے ایسی تربیت طالب علموں کو نوکری کے پیچھے بھاگنے کے بجائے اپنے پیروں پر کھڑے ہونے اور معاشی طور پر خود کفیل بننے میں مدد دے گی۔ یہ پیداوار اپنے سے اوپر والوں کو محض خوش کرنے کے لئے تحفتاً دینے کی نہیں تھیں۔ یہ حرکات بنیادی تعلیم کے تصور کی ہی ضد اور ہماری قدیم زمیندارانہ ذہنیت کی پرانی عادت ہیں۔ اور تو اور خود پرنسپل صاحب جو بنیادی ٹریننگ اسکول کے سربراہ ہیں اس سے ناواقف معلوم ہوتے ہیں "

ایک دوسرے موقع پر جب ہماری گفتگو کا موضوع ملک کے فرقہ وارانہ تناؤ کی طرف مڑا تو ڈاکٹر ذاکر حسین نے فرمایا کہ " اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ دونوں فرقوں کے مفسرین اپنے صحیفوں سے پوری طرح واقف نہیں اور انھوں نے خود اپنے مذہب کی اصل، اسباب اصل، ارتقا اور بنیادی اصولوں کا مطالعہ نہیں کیا ہے۔ دوسرے کے نظریے، خیالات اور عقاید کا احترام، پرستش کے طریقے، امن اور اتحاد صرف ہندو مذہب کے نہیں بلکہ اسلام کے بھی بنیادی اصول ہیں اور یہی وجہ ہے کہ زمانۂ بعید میں ہندو مذہب آریہ بھٹ، اور اسلام الغ بیگ جیسے لوگ پیدا کر سکا اور یہ سبق انھوں نے نام نہاد مذہبی رہنماؤں سے نہیں سیکھے تھے۔

ایک مرتبہ انھوں نے مجھ سے پوچھا کیا وجہ ہے بہت دنوں سے " آرٹس اینڈ آرٹسٹ " نے کوئی ڈراما یا رقص نہیں پیش کیا ہے۔ میں نے جواب دیا کہ چونکہ سبھی ایسے ادارے خسارے میں چلتے ہیں اس لئے آرٹس اینڈ آرٹسٹ مالی مشکلات سے دوچار ہے اور اس لئے خاموش رہنے پر مجبور ہے۔ ایک یا دو مہینوں کے بعد آرٹس

اینڈ آرٹسٹ' کو صوبائی حکومت کے محکمۂ تعلیم کی طرف سے پانچ ہزار روپے ایڈہاک گرانٹ کی شکل میں ملے۔ حیرت سے ہم لوگوں نے محکمۂ تعلیم سے دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ راجیہ پال نے وزیر تعلیم سے اس بارے میں گفتگو کی تھی اور یہ خواہش ظاہر کی تھی کہ 'آرٹس اینڈ آرٹسٹ' کو یہ رقم دی جائے۔

۱۹۶۱ء میں رابندر ناتھ ٹیگور کی برسی کے موقع پر ٹیگور کا ڈانس ڈراما "چراکمار سبھا" ریاستی محکمۂ تعلیم کے ذریعہ پیش کردہ ٹیگور ڈراما' بھانو سنگر پداولی' میں شرکت کے علاوہ 'آرٹس اینڈ آرٹسٹ' نے میری ہدایت کاری میں خود پیش کیا، جو ہندوستان کی چند بہترین کامیڈیوں میں ہے۔ اس ڈرامے میں میں نے بھی ایک اہم کردار ادا کیا تھا۔ ڈاکٹر ذاکر حسین کو ڈرامے کے افتتاح کے لئے مدعو کیا گیا تھا۔ وہ ٹھیک وقت پر پہنچے، ایک جملے کے ساتھ افتتاح کیا اور ان کے بیٹھتے ہی ہم لوگوں نے ڈراما فوراً شروع کر دیا۔ ان کے ملٹری سکریٹری، شاید میجر چندراودکر نے (ان دنوں گورنر کا ملٹری سکریٹری ہوا کرتا تھا) علٰحدہ سے مجھے بتایا کہ ڈاکٹر کے مشورے کے مطابق گورنر کو ہر روز ٹھیک ۸ بجے کھانا کھا لینا چاہیئے، اس لئے ہمیں ایسا انتظام کرنا چاہیئے کہ ٹھیک ۷ بجکر ۴۵ منٹ پر گورنر رخصت ہو سکیں۔ میں فوراً تیار ہو گیا اور کہا کہ ٹھیک پونے آٹھ بجے پردہ گر جائے گا، چاہے اس وقت کسی سین کا درمیان ہی کیوں نہ ہو، اور ہال کی بتیاں روشن کر دی جائیں گی تاکہ گورنر ہال سے باہر نکل سکیں۔ ساڑھے سات بجے میں نے ایک اہم رکن کو ہال میں ملٹری سکریٹری کو یہ خبر دینے کے لئے بھیجا کہ ٹھیک پونے آٹھ بجے پردہ گرا دینے کے لئے ہم تیار ہیں لیکن مجھے یہ اطلاع دی گئی کہ ڈراما دیکھنے میں گورنر اس طرح مستغرق ہیں کہ کھیل کے آخر تک وہاں ٹھہرنے کی خواہش ظاہر کر رہے ہیں۔ گورنر وہاں مستقل موجود رہے اور اس وقت گئے جب کھیل ساڑھے نو بجے ختم ہوا۔

ہال میں ایک بڑا دلچسپ واقعہ گزرا۔ ڈراما بنگالی زبان میں تھا۔ سامنے کی صف میں 'آرٹس اینڈ آرٹسٹ' کے سابق صدر شری مہابیر پرشاد، ایڈووکیٹ جنرل آف بہار، گورنر کے ایک طرف بیٹھے ہوئے تھے اور دوسری طرف حکومت بہار کے ایک بنگالی افسر اعلیٰ کی بیوی بیٹھ گئیں۔ جیسے ہی کھیل شروع ہوا۔ وہ خاتون موصوف خود سے مترجم بن بیٹھیں اور بنگالی مکالموں کا انگریزی ترجمہ سرگوشیوں میں کرتی گئیں۔ اس غیر ضروری مداخلت کو کچھ دیر برداشت کرنے کے بعد ڈاکٹر ذاکر حسین خاتون کی طرف متوجہ ہوئے اور ان سے بہت نرمی کے ساتھ کہا کہ وہ یہ تکلیف نہ اٹھائیں کیونکہ وہ خود اس ڈرامے کو متعدد بار پڑھ چکے ہیں اور مکالموں کو سمجھنے میں کسی قسم کی کوئی دقت محسوس نہیں کر رہے ہیں (یہ بات مجھے 'آرٹس اینڈ آرٹسٹ' کے صدر نے بتائی)۔

۱۹۶۱ء کے آخری نصف سے محکمۂ تعلیم میں صوبائی حکومت کے انتظامیہ کا رویہ 'بہار اکیڈمی آف میوزک'

ڈانس اینڈ ڈراما" کے تئیں کچھ عجیب سا ہو گیا۔ اگرچہ ایجوکیشن سکریٹری اور ڈی پی آئی دونوں اکزیکیوٹیو بورڈ کے رکن (بلحاظ عہدہ) تھے اور ڈی ۔ ڈی ۔ پی ۔ آئی سکریٹری (بہ لحاظ منصب) ہونے کے ناتے بورڈ کی ساری میٹنگیں بلا یا کرتا تھا۔ سکریٹری اور ڈی پی ۔ آئی نے میٹنگ میں شریک ہونا بند کر دیا۔ ساری اہم فائلیں جو محکمہ میں بھیجی جاتی تھیں وہیں روک لی جاتی تھیں۔ یہاں تک کہ چیرمین، سلطان احمد کے خطوط بھی بغیر جواب دیئے اور بغیر رسید کے رکھ لئے جاتے تھے۔

ایسے حالات میں میں نے ایک مرتبہ اکیڈمی کے صدر ڈاکٹر ذاکر حسین کے سامنے اس معاملہ کو اٹھانے کی جرأت کی —— یہ کہتے ہوئے کہ جب انھوں نے اتنی مہربانی اپنی طرف سے کی کہ بغیر مانگے ہوئے وزیر تعلیم سے اکیڈمی کے بارے میں بات کی اور اسے ایک قابل قدر رقم بطور گرانٹ دلوائی تو کیا وہ وزیر تعلیم سے اکیڈمی کے معاملوں میں ذاتی طور پر زیادہ دلچسپی لینے کی سفارش نہیں کر سکتے اور خصوصاً سلطان کی طرف محکمہ تعلیم کے ناروا سلوک کو ختم نہیں کرا سکتے۔ ڈاکٹر ذاکر حسین نے بہت ہی رقت انگیز طور پر مسکراتے ہوئے کہا "کیا تم سمجھتے ہو کہ میں نے ایسا نہیں کیا ہے۔" اور پھر بولے "میں نے وزیر تعلیم کو اکیڈمی کی عمدہ اور مفید سرگرمیوں کی طرف توجہ دلائی ہے اور ان سے اس معاملے میں ذاتی طور سے مداخلت کرنے کی گذارش کی ہے۔ لیکن ایسا لگتا ہے کہ ایک بوڑھے آدمی خصوصاً جب وہ ریٹائر ہونے والا ہے، کے مشورے کے بہ نسبت انہیں اپنے محکمے کے افسروں کے مشوروں پر زیادہ اعتماد ہے" تھوڑی دیر کے بعد انھوں نے مزید کہا "اگر میں اور زیادہ زور دیتا تو صوبہ میں سیاسی بحران پیدا کرنا پڑتا۔ کیا تمھاری نظر میں وہ انتہائی بدقسمتی نہ ہوتی؟" میں فوراً ان سے متفق ہو گیا۔

اگرچہ موضوع سے مناسبت نہیں ہے لیکن میں یہاں عرض کر دوں کہ کچھ ہی دنوں کے بعد ڈاکٹر ذاکر حسین کے منصب گورنری کے اختتام کے ساتھ ہی شائد صوبائی حکومت نے 'بہار اکیڈمی آف میوزک، ڈانس اینڈ ڈراما' جیسے معتبر ادارے کو بند کر دیا، جسے خود تو حکومت نے ۱۹۵۱ء میں قائم کیا تھا اور اس کی جگہ بورڈ آف کلچرل ایجوکیشن کو محکمہ تعلیم کا ایک شاخ کے طور پر ۱۹۶۱ء کے آخیر میں یا ۱۹۶۲ء کے شروع قائم کر دیا۔ یہ بورڈ اپنے چند سالہ وجود کے دوران صوبہ میں کوئی ایسا مفید کام نہ کر سکا اور بالآخر اپنی موت آپ مر گیا۔ اس سے جو سبق ہمیں ملتا ہے وہ یہ ہے کہ موسیقی، رقص، ڈراما اور دوسرے فنون لطیفہ کے میدان میں سرگرمیاں، ثقافت کو دوبارہ زندگی بخشنے میں صرف اسی وقت مفید ثابت ہو سکتی ہیں جب انھیں سرکاری افسروں کے ہاتھوں سے بچا کر رکھا جائے۔

●●

# حکیم ظلّ الرحمٰن

• حکیم ظلّ الرحمٰن صاحب: پیدائش یکم جولائی ۱۹۴۰ء بمقام بھوپال۔ دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ اور اجمل خاں طبیہ کالج، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے تعلیم یافتہ۔ جامعہ طبیہ دہلی کے سابق لکچرر اور لٹریری طبی ریسرچ یونٹ علی گڑھ کے سابق ریسرچ آفیسر، جنوری ۱۹۷۳ء میں اجمل خاں طبیہ کالج علیگڑھ کے شعبۂ علم الادویہ میں بحیثیت ریڈر تقرر ہوا۔ ۱۹۷۸ء سے صدر شعبہ کے عہدہ پر فائز ہیں۔ مجلّہ 'الحکمت' دہلی کے سابق ایڈیٹر اور طبیہ کالج میگزین 'شیخ الرئیس نمبر ۱۹۵۸ء' کے مرتب ہیں۔ آپ کی تصنیفات میں 'دورِ جدید اور طب' "تاریخ علم تشریح'، 'علم الامراض' 'تجدید طب' 'رسالہ جودیہ' 'بیاض وحیدی' 'مکتب مرتعش' 'تذکرہ خاندانِ عزیزی' 'کتاب المرکبات' 'حیات کرم حسین' 'صفوی عہد میں علم تشریح کا مطالعہ (زیرِ طبع) اور قانون ابن سینا اور اس کے شارحین و مترجمین" (زیرِ طبع) قابل ذکر ہیں۔ مزید برآں ۴۵ سے اوپر تحقیقی مضامین ملک کے مختلف جرائد میں شائع ہو چکے ہیں۔ ••

شفاءالملک حکیم عبداللطیف صاحب فلسفی جھوائی ٹولہ لکھنؤ (علیگڑھ طبیہ کالج کے پرنسپل) اپنے علم و فضل، باغ و بہار شخصیت اور حسن معالجہ کی وجہ سے جلد ہی یونیورسٹی کے حلقوں میں مقبول ہوگئے۔ علی گڑھ میں ان کا حلقۂ احباب بہت وسیع تھا۔ ذاکر صاحب، سلیمان اشرف، رشید احمد صدیقی، عبدالمجید قریشی، حمید الدین خاں، حاذق صاحب، اکرام اللہ خاں، عمر الدین صاحب، حفیظ الرحمن صاحب ان کے مخصوص دوستوں میں تھے۔ ذاکر صاحب کے خطوط سے ان کے بے تکلفانہ تعلقات کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ ان میں دل کی باتیں ہیں، سرگوشیاں ہیں اور شخصیت کے بعض وہ پہلو ہیں جو شاید دوسرے ذریعہ سے سامنے نہ آسکیں۔

جامعہ ملیہ کے کتب خانہ میں شیخ الرئیس کی کتاب الادویۃ القلبیہ کا ایک اہم نسخہ تھا۔ ذاکر صاحب نے حکیم صاحب سے اس کے ترجمہ و اشاعت کی خواہش کی۔ حکیم صاحب نے رام پور اور پٹنہ کے نسخوں کے علاوہ استنبول کے مطبوعہ نسخہ سے موازنہ و تصحیح کے بعد اس کے ترجمہ کا کام انجام دیا اور ایک بیش قدر مقدمہ تحریر کیا۔ یہ کتاب ایران سوسائٹی کلکتہ سے طبع ہوئی ہے۔

۱۹۶۳ء میں شملہ میں آل انڈیا یونانی طبی کانفرنس کے اجلاس میں ذاکر صاحب کی شرکت اور ان کے ہاتھوں کانفرنس کا افتتاح، حکیم صاحب سے ذاتی تعلق کے علاوہ طب یونانی سے ان کے شغف کا آئینہ دار ہے۔

ذاکر صاحب کے زمانہ صدارت میں تکمیل الطب کالج کے بارے میں بعض حلقوں کی طرف سے یہ تحریک شروع ہوئی کہ اسے حکومت اپنی تحویل میں لے لے۔ اس وقت یوپی میں گورنر راج تھا۔ حکیم صاحب، ذاکر صاحب سے ملنے گئے، تکمیل الطب کے سلسلہ میں ان سے کہنا چاہتے تھے، مگر آخر وقت تک نہیں کہہ سکے۔ جب چلنے کے لئے کھڑے ہوئے تو حکیم صاحب نے روداد بیان کی اور کہا ذات کا نہیں ادارہ کا مسئلہ ہے اگر آپ کچھ کر سکیں تو شاید نتیجہ خیز ہو۔ ذاکر صاحب نے کاغذات مانگے، حکیم صاحب نے کہا وہ باہر موٹر میں ہیں۔ میں مذبذب میں رہا اس لئے یہاں نہیں لایا۔ ذاکر صاحب نے کہا اسحٰق آپ کو موٹر تک چھوڑنے جائے گا، اسے یہ کاغذات دے دیجئے اور پھر ذاکر صاحب کی کوشش سے اسوقت کالج کا یہ مسئلہ ختم ہوگیا۔

ذاکر صاحب نے شاہ سعود کی دعوت پر اگرچہ سعودی عرب کا دورہ کیا تھا اور انہیں عمرہ کی سعادت ملی تھی لیکن حج کا شوق دامنگیر تھا۔ حکیم صاحب نے قلبی دورہ کے بعد ایک روز ان سے کہا کہ سفر حج میں اب آپ کا ساتھ اس لیے ضروری ہو گیا ہے کہ عارضہ قلب کی وجہ سے جو احتیاطیں آپ اختیار کریں گے میں بھی ان میں شریک ہو سکوں گا۔

حکیم صاحب نے شخصیات پر نہیں لکھا ہے۔ وہ ذاکر صاحب پر بھی نہیں لکھتے۔ لیکن مولانا عبدالماجد دریابادی نے جب صدق میں ان کے انتقال کے بعد بھی معترضانہ مضمون لکھا تو حکیم صاحب نے مدیر صدق کا حوالہ دیے بغیر ذاکر صاحب کی شخصیت اور ان کی خوبیوں پر اس انداز میں روشنی ڈالی کہ مولانا کے محاسبہ کا جواب اس میں آ گیا۔

- ذاکر صاحب مشرقی تہذیب اور اعلیٰ انسانی اقدار کا بے مثل نمونہ تھے۔ شرافت، مروت، حسن اخلاق، ایفائے عہد اور استقامت ان کی امتیازی خصوصیات تھیں۔ ذاکر صاحب کو حکیم اجمل خاں کی سرپرستی اور تربیت حاصل رہی۔ کہا کرتے تھے کہ میں نے انسانیت اجمل خاں سے سیکھی ہے۔ اجمل خاں انسانیت کی بلند ترین منزل پر فائز تھے۔

زمانۂ طالب علمی میں علی گڑھ سے ایک مرتبہ میں اپنے دوست ڈاکٹر احتشام احمد ندوی سے ملنے جامعہ ملیہ گیا۔ رات کو ۸ بجے کے قریب بھلوگ کا لج ہوسٹل سے ثانوی درس گاہ کی طرف جا رہے تھے۔ سامنے سے ایک کار قریب آ کر رکی۔ دیکھا تو ذاکر صاحب تھے۔ کہنے لگے اگر آپ علی گڑھ جا رہے ہوں تو بیٹھ جائیے۔ میں نے عرض کیا آج ہی علیگڑھ سے آیا ہوں۔ فرمایا کیا مولانا اسلم جیراج پوری کو دیکھنے جا رہے ہیں، وہاں نہ جائیے گا۔ ان کی طبیعت زیادہ خراب ہے۔ اور پھر اسی شب مولانا جیراج پوری کی وفات کی اطلاع ملی۔

- علی گڑھ میں نئے طلبا کو خطاب کرتے ہوئے وہ کہا کرتے تھے کہ جتنی دوستیاں کرنی ہوں اب کر لیجیے یہی دوستیاں بڑھاپے تک باقی رہیں گی۔ اس وقت آپ جس سے ملتے ہیں بے غرض ملتے ہیں اور جو آپ کے پاس آتا ہے وہ محض دوستی کی خاطر آتا ہے۔ طالب علمی کے بعد آپ جس کے پاس جائیں گے کسی کام سے جائیں گے اور آپ کے پاس جو آئے گا وہ کسی مقصد سے آئے گا۔ آپ کو زحمت کا سبب اور اپنے لائق خدمت معلوم کرنی ہوگی اور اگر آپ دریافت نہیں کریں گے تو وہ محسوس کرے گا کہ میں گیا اور مجھ سے کام کا معلوم نہیں کیا۔ اگر وہ پہلی مرتبہ کام نہیں بتائے گا تو یہ آمد آئندہ کام کی تمہید ہوگی۔ لیکن اگر یہاں کسی کمرہ میں آنے والے ساتھی سے آمد کی وجہ اور اپنے لائق کوئی خدمت دریافت کرلی تو وہ خفا ہو جائے گا۔ یہ ہے بڑا بنیادی فرق جو اس وقت کے تعلقات اور بعد کے تعلقات میں ہوتا ہے۔

وہ کہتے تھے کہ علی گڑھ میں مختلف علاقوں اور مختلف تہذیب و معاشرت کے طلبا کی موجودگی سے جہاں ہندوستان کے مختلف رسوم و رواج کو سمجھنے اور قریب سے دیکھنے کا موقع ملتا ہے وہاں ان مختلف عادات، خصائل کے لوگوں کے درمیان زندگی گزارنے کا سلیقہ اور ان سے نباہ کا ڈھنگ بھی پیدا ہوتا ہے، اسی لیے ایک کمرہ میں ایک ہی جگہ کے طلبا کو نہیں رہنا چاہیئے۔

● مجھے ان کی خدمت میں نائب صدر کے زمانہ میں دو مرتبہ اور صدارت کے زمانہ میں ایک مرتبہ حاضری کا موقع ملا اور ہر مرتبہ ان کی کریم النفسی اور علو مرتبہ کا گہرا نقش لے کر واپس ہوا۔ حکیم صاحب کو اطلاع ملی کہ انھیں اس سال خطاب ملنے والا ہے۔ پدم شری کا خطاب وہ نہیں چاہتے تھے۔ ۱۹۴۰ء میں انھیں حکومت برطانیہ کی طرف سے شفاء الملک کا جو خطاب ملا تھا وہ ان کے خیال میں اس سے زیادہ حیثیت کا تھا۔ پدم شری کا خطاب رشید صاحب اور حکیم عبدالحمید صاحب کو مل چکا تھا اور اسی سال نرگس بھی اسی خطاب سے نوازی گئی تھیں حکیم صاحب کو خیال ہوا کہ منع کرنے سے ذاکر صاحب کا ذہن رشید صاحب اور حکیم عبدالحمید صاحب کی طرف منتقل ہو سکتا ہے، اس لئے بہت خوبصورت انداز میں انھیں لکھا کہ "نرگسی خطاب سے باز رکھا جاؤں" اور یہ خط انھوں نے مجھے دہلی بھجوایا کہ میں خود ذاکر صاحب تک پہنچاؤں۔ ذاکر صاحب ان دنوں نائب صدر تھے۔ میں ان کی خدمت میں پہنچا، پہلے سے کوئی وقت مقرر کرائے بغیر! اسحٰق کے ذریعہ فوراً ملاقات ہو گئی۔ خط پڑھا، مسکرائے اور رکھ لیا۔ حکیم صاحب کا کہنا تھا کہ رشید صاحب کو پدم شری کے خطاب کی وجہ سے ذاکر صاحب سے شکایت ہو گئی تھی۔ ڈاکٹر زبیر صدیقی، مولانا عبدالماجد دریابادی وغیرہ کو پدم بھوشن کا اعزاز عطا ہوا تھا اور وہ صرف پدم شری ٹھہرائے گئے تھے۔ رشید صاحب کو اس سے قبل ایک قریب ترین عزیز کی سفارش کے سلسلے میں بھی شکایت ہو گئی تھی۔

● ذاکر صاحب علیگڑھ سے بہار کے گورنر ہو کر گئے۔ وہ علی گڑھ سے خوش نہیں گئے تھے۔ لیکن اس کے فوراً بعد یونین کی جبلی تقریبات منائی گئیں۔ ذاکر صاحب کو دعوت دی گئی۔ خوشدلی سے تشریف لائے اور پروگراموں میں شرکت کی۔ جگر صاحب بھی مشاعرہ میں آئے تھے۔ یونین کے سامنے کے دروازہ سے نکل کر جب کار کی طرف چلے تو اس وقت صدر یونین اور طلبا کے علاوہ وائس چانسلر کرنل بشیر حسین زیدی بھی تھے۔ لیکن جیسے ہی کار کے قریب پہنچے ذاکر صاحب نے جو اس وقت علی گڑھ میں خود بطور مہمان تھے، فوراً آگے بڑھ کر کار کا دروازہ کھولا اور جگر صاحب سے بیٹھنے کی درخواست کی۔ ہم لوگوں کے لئے یہ حیرت و استعجاب کا منظر تھا!

●●

# سیّد نقی احمد ارشاد

• سیّد نقی احمد ارشاد، والد کا نام سیّد حسین خلف شاد عظیم آبادی، والدہ کا نام حسن آرا بیگم بنت میر بہادر حسین نبیرۂ میر جان صاحب جن کے نام سے بھاگل پور میں میرجان ہاٹ ہے۔ سالِ پیدائش ۵ جولائی ۱۹۲۰ء۔ ۱۹۴۰ء میں بی۔ اے آنرس درجۂ اوّل کے بعد تاریخ میں ایم۔ اے کیا۔ ۱۹۴۳ء سے ۱۹۷۸ء تک صوبائی سول سروس میں رہے۔ ۱۹۷۰ء میں اے۔ ڈی۔ ام اور ۱۹۷۷ء میں جوائنٹ سکریٹری ہوئے۔ ۱۹۷۹ء میں پنشن پائی۔ کئی کتابوں کے مصنّف، مؤلّف یا مترجم ہیں۔ کچھ مطبوعہ اور کچھ غیر مطبوعہ ہیں۔ مطبوعات میں سے چند کے نام یہ ہیں: شاد عظیم آبادی: کلام اور شرحِ کلام، شاد عظیم آبادی کی مثنویاں، شاد کا عہد اور فن۔

••

۵۹-۱۹۶۰ء کی بات ہے کہ پروفیسر محمد مسلم عظیم آبادی مرحوم "شاد کی کہانی" مرتب کر رہے تھے۔ مرحوم کے اکثر خطوط موضع کاکو سے مدعو بنی میرے نام کے آتے تھے۔ انھوں نے اطلاع دی تھی کہ ڈاکٹر ذاکر حسین مرحوم سے وہ مل چکے ہیں اور ان کی کوشش سے یہ کتاب انجمن ترقی اُردو شائع کرے گی۔ بہار میں آنے کے پہلے مجھے معلوم تھا کہ ذاکر حسین صاحب مرحوم عرصہ دراز تک جامعہ ملیہ دہلی سے وابستہ تھے۔ شاید ایک یا دو مضامین ان کے قدیم پرچوں میں بھی میری نظر سے گذرے تھے۔ میں یہ بھی جانتا تھا کہ کچھ عرصہ تک پروفیسر محمد مسلم مرحوم جامعہ ملیہ سے وابستہ تھے، یہ ۲۲-۱۹۲۳ء کی بات ہے۔ شاید ان سے ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب سے ذاتی ملاقات ہو۔

مسلم صاحب مرحوم نے اثبات میں جواب دیا کہ سید محمد مستی پوری جو ان دنوں جامعہ ملیہ اسلامیہ میں لائبریرین تھے، ان سے مسلم صاحب کی ذاتی ملاقات تھی اور سید محمد صاحب سے ذاکر حسین صاحب کے کافی ارتباط تھے۔ چنانچہ سید محمد صاحب کی سعی سے ذاکر حسین صاحب نے مسلم صاحب کو جامعہ ملیہ میں بلوالیا تھا۔ پھر جب تعلقات بڑھے تو مسلم صاحب نے ذاکر حسین صاحب کی ہی مدد سے پنجاب یونیورسٹی سے ۱۹۲۲ء میں ام، اے اور ام، او کی ڈگریاں حاصل کیں۔ اس خط سے میں ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کی ذاتی خوبیوں سے واقف ہوا۔

میں ملازمت پیشہ شخص تھا، وہ بھی ڈپٹی کلکٹر جس کو ہمیشہ پا بہ رکاب رہنا پڑتا ہے۔ چنانچہ میں ذاکر صاحب سے ملنے کا ارادہ ہی کرتا رہا کہ میرا تبادلہ دربھنگا ضلع سنتھال پرگنہ کو ہو گیا۔ خوش قسمتی سے ضلع الکشن افسر ہونے کے علاوہ نظارت کا محکمہ بھی میرے ہی چارج میں تھا۔ دسمبر ۱۹۶۷ء کی بات ہے کہ عزت مآب گورنر بہار کی ضلع میں آمد کی اطلاع آئی۔ چنانچہ میں نے جی جان سے نظارت کے تمام انتظامات کو مکمل کرایا، ایسا کہ میرے ڈپٹی کمشنر جو اس زمانہ میں شری کارام دت پانڈے تھے، نہایت خوش ہوئے۔

میں نے ان سے استدعا کی کہ حضور ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب میرے دادا کی کتاب شائع کرا رہے ہیں، مجھ سے ان سے کوئی ذاتی ملاقات نہیں ہے۔ انھوں نے جواب دیا کہ سربراہ آوردہ اور ضلع کے اعلیٰ حکام کو مدعو کیا جا

رہا ہے۔ آپ اس میں موجود رہیں گے۔ ملاقات ہو جائے گی۔ میں نے کہا کہ ایسی ملاقاتیں تو وہ ہر ضلع میں کرتے رہتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے میرے دادا کا نام پوچھ کر اپنی ڈائری میں لکھ لیا اور کہا کہ جب آپ کا انٹرویو کراؤں گا تو آپ کے دادا کے حوالے سے۔

الغرض روز موعودہ اور وقت مقررہ پر حکام اور ضلع کے سر برآوردہ لوگوں کی قطار سرکٹ ہاؤس کے طویل اور کشادہ برآمدے میں کھڑی ہو گئی۔ اس قطار میں' میں بھی شامل تھا۔ دس بجے کا وقت تھا۔ چنانچہ جب میری ہاتھ ملانے کی باری آئی تو ڈپٹی کمشنر صاحب کے پاس اُن کی ذاتی ڈائری موجود تھی۔ گھرا کے اُنہوں نے میری طرف دیکھا اور کہا " احمد صاحب! آپ کے دادا کا کیا نام تھا؟" سہارا مل کر ہاتھ ملاتے وقت میں نے خود عزت مآب گورنر صاحب سے کہا " حضور! میرے جد امجد کا نام علی محمد اور تخلص شاد تھا، جن کو اُردو داں 'شاد عظیم آبادی' کہتے ہیں۔" اُنھوں نے فرمایا " آج چار بجے کچھ پریس والوں کو بیان دینا ہے۔ آپ اس وقت ملیں تو کچھ اطمینان سے باتیں ہوں گی!"—— میں اس قطار کے ساتھ آگے بڑھ گیا۔

شام کو حاضر ہوا تو چند نامہ نگار اور اخبار نویس موجود تھے۔ انتظام میں حقیر ہی تھا۔ وہ خورد و نوش میں مصروف تھے اور میں ذاکر صاحب کے متعلق سوچ رہا تھا کہ کتنے حسین، دراز قد، سرخ و سفید بزرگ ہیں۔ گورنر ہونے پر بھی اخلاق قدیمانہ ہے۔ سلنے میں خود ذاکر صاحب اپنے کمرے سے برآمد ہوئے اور ہم لوگ اُٹھ کر ڈپٹی کمشنر کی ہمراہی میں ڈرائنگ روم میں داخل ہوئے۔ ابتدا کچھ تفریح اور کچھ چٹکلوں سے ہوئی۔ پھر انٹرویو شروع ہوا۔ ایک نامہ نگار نہایت بیباک شخص تھے، انھوں نے ایک ایسا سوال کیا کہ سب چونک پڑے۔ وہ سوال تھا: "جناب آپ کا رنگ سرخ و سپید اور دراز قد تو یہ کہتا ہے کہ آپ کسی نواب فیملی سے ہیں۔" اس سوال پر ذاکر حسین صاحب مسکرائے اور بولے: "نہیں بھائی نہیں، میرے اجداد ڈاکو اور راہزن تھے۔" میں قدرے ذاکر صاحب کے پس منظر سے واقف تھا۔ میں نے ہمت کر کے سوال کیا " حضور! اس سلسلہ میں صرف ایک سوال کرنا چاہوں گا۔" وہ بولے "ضرور!" میرا سوال تھا: " حضور روہیلہ افغانوں میں نجیب الدولہ، ضابطہ خاں، حافظ رحمت اللہ خاں، دوندے خاں کو سبھی تاریخ داں جانتے ہیں، اس زمانے میں نواب رام پور کو کون نہیں جانتا!"۔ اُنھوں نے مسکرا کر دیکھا اور پوچھا " کیا آپ تاریخ کے طالب علم تھے؟" میں نے جواب دیا " جی حضور!" پھر انھوں نے دو چار جملے میرے دادا کی تعریف میں کہے اور فرمایا کہ افسوس اب تک ان کی کل کتابیں نہیں شائع ہوئیں۔ چنانچہ انھوں نے "شاد کی کہانی" کا بھی حوالہ دیا۔ پھر دوسرے دوسرے نامہ نگاروں کے سوالوں کا جواب دیتے رہے۔

میری عزت افزائی اس سے بڑھ کے اور کیا ہوتی کہ خود گورنر بہار نے حاضرین اور سامعین سے میرا تعارف کرایا۔ چنانچہ ان کے پریس کانفرنس کے بیانات بھی کچھ اخبارون میں شائع ہوئے تھے۔

یہ میری اور اُن مرحوم کی پہلی اور آخری ملاقات تھی۔ اس کے کچھ عرصہ بعد ہی وہ وائس پریسیڈنٹ ہوکر دہلی چلے گئے مگر میں نے موقع کے ساتھ خط وکتابت جاری رکھی۔ چنانچہ دو کتابیں اُنکی خدمت میں دہلی بھیجیں، ایک تو یادگارِ شاد' دسمبر ۱۹۶۲ء، دوسرے زبورِ عرفاں' جو کچھ اس کے پہلے بھیجی گئی تھی وہ بڑے پابند وضع' سچے، منکسر، خلیق اور خوددار بزرگ تھے۔ خطوں کے جواب نہایت پابندی سے دیتے تھے۔ غالباً جتنے خطوط ملتے تھے' ایک ایک کا جواب لکھوا دیتے تھے اور ٹائپ کے بعد اپنا دستخط کرتے تھے۔ میرے پاس ان کے تین چار خطوط ٹائپ میں ہیں، جن پر ان کے دستخط ہیں۔ جو وعدہ کرتے تھے پورا کرتے تھے، نہیں تو صاف انکار کر دیتے تھے۔ دو کتابوں کے بھیجنے کے بعد میں نے دو استدعا کی تھی' ایک یہ کہ کچھ اپنی رائے میری کتابوں کے متعلق فرما دیں اور دوسرے مقبرۂ شاد کی تعمیر کے سلسلے میں حکومت کو رجوع کریں۔

دونوں باتوں کا مختصر مگر صاف جواب دیا۔ کتابوں کے متعلق تو صاف تحریر فرمایا کہ پڑھ جاؤں گا مگر لکھنے کا وقت نہ نکال سکوں گا، اور مقبرۂ شاد کے متعلق تحریر فرمایا کہ آپ کے صوبہ کے وزیر اعلیٰ سے ضرور کہہ دوں گا" چنانچہ انھوں نے ایسا ہی کیا۔ اس زمانے میں دیوگھر کے رہنے والے بابو بنودھا نند جھا بہار کے وزیر اعلیٰ تھے۔ چنانچہ جب وہ دہلی تشریف لائے' تو کار بھیج کر انھوں نے مجھے سرکٹ ہاؤس میں بلوایا۔ کہنے لگے کہ ذاکر صاحب نے دلی میں مجھے آپکے دادا کے مقبروں کے بارے میں کہا ہے۔ اُن کے پوچھنے پر میں نے تفصیل سے حال بیان کیا۔ بنودھا بابو نے مجھ سے درخواست طلب کی اور انڈین نیشن کے خصوصی نامہ نگار کو 'شاد منزل' میں بھیجا۔ جس نے تفصیل سے وہاں کے حالات انڈین نیشن مورخہ ۱۹۶۳ء میں شائع کئے۔ اس کا تراشا اب تک میرے پاس محفوظ ہے۔ میں ذاکر صاحب اور بنودھا بابو کے حق میں دعائیں کرہی رہا تھا کہ ؏ "من درچہ خیال و فلک درچہ خیال" کا مضمون پیدا ہو گیا۔ اِدھر بنودھا بابو کی وزارت جاتی رہی اور اُدھر ذاکر صاحب اللہ کو پیارے ہو گئے۔

اس کا ایک بڑا نتیجہ یہ نکلا کہ بعض وارثانِ شادؔ نے یہ سمجھ کر کہ کہیں ایسا نہ ہو حکومت اس مکان کو لے لے اور وہ منہ دیکھتے رہ جائیں، مکان ہی کا وارا نیارا کر دیا۔

●●

# بیتاب صدیقی

• جناب عبدالحی بیتاب صدیقی : پیدائش ۱۹۲۷ء
موضع ڈمری، ضلع سیتامڑھی (یہ ضلع تحریک آزادی کے سلسلے
میں نامور ہے۔ بیتاب صاحب کے دادا عبداللطیف صاحب کو بھی
اسی پاداش میں ملک چھوڑ کر امریکا جانا پڑا اور وہیں وفات
پائی۔ بیتاب صاحب بھی جنگ آزادی کے رضا کار رہے ہیں)
فاضل (شمس الہدیٰ)، ۱۹۳۶ء سے پٹنہ میں رہا۔ پہلے جرنلسٹ
رہے۔ ۱۹۴۹ء سے رام موہن رائے سیمنری میں اردو فارسی
کے استاد ہیں۔ ۱۹۵۱ء میں شاہ عمیر، شاہ مشتاق احمد،
ڈاکٹر محمود، ایڈووکیٹ محمد ایوب، غلام سرور، عزیزہ تقی امام،
اختر اورینوی، حافظ شمس الدین، سر سلطان احمد وغیرہ ۲۱
ممبروں کے ساتھ ریاستی انجمن ترقی اُردو کی بنا ڈالی۔
۱۹۵۴ء میں اس کے جنرل سکریٹری ہوئے۔

••

آزادی کے چند سال پہلے اور چند سال بعد کا دور بہت ہی پُر آشوب دور گزرا ہے۔ بہار میں جناب ایوب ایڈووکیٹ، جناب غلام سرور، جناب شاہ مشتاق احمد، ڈاکٹر اختر اُرینوی اور میں۔ ریاستی انجمن ترقی اُردو کے توسط سے اُردو کے تحفظ و بقا کی جد و جہد میں سرگرم تھا اور خصوصاً عزیزم غلام سرور، شاہ مشتاق احمد ایم-ال-اے اور میرا ہر وقت ساتھ رہتا تھا، یہ بات ہندوستان بھر کے اُردو دوست جانتے تھے جو بہار کی اُردو تحریک سے متاثر تھے۔ غلام سرور صاحب کی ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب سے مراسلت بھی رہتی تھی۔ ۱۹۵۷ء میں ہم تینوں انجمن کی ایک نشست میں شرکت کے لیے گئے ہوئے تھے۔ واپسی میں ہم لوگ جس ٹرین سے لوٹ رہے تھے، ذاکر حسین صاحب اسی ٹرین سے گورنر بہار کی حیثیت سے بہار آرہے تھے۔ ٹرین میں کافی دلچسپی رہی۔ پھر اُردو کے کسی اہم مسئلے پر ہم تینوں آدمی ذاکر حسین سے ملنے راج بھون پہنچے۔ بڑے پُر خلوص ماحول میں ہم لوگوں سے کئی گھنٹے تک باتیں ہوتی رہیں۔ ہم لوگوں نے محسوس کیا کہ اُردو کے تحفظ و بقا کے مسئلے پر وہ بھی حساس ہیں۔ ان دنوں بہار کے ہر کس و ناکس مسلمانوں کی گورنر صاحب سے ملاقات کے لیے بھیڑ لگی رہتی تھی۔ شاید اس وجہ سے کہ وہ بہار میں پہلے مسلم گورنر تھے۔ اس لئے اس کسمپرسی کے دور میں ہر شخص راج بھون کا رخ کر لیتا تھا۔ دوران گفتگو میں جناب شاہ مشتاق صاحب نے کہا کہ ہم لوگ بہت پہلے ملنے آتے، مگر آپ کے یہاں تو ملنے والے لوگوں کی بھیڑ لگی رہتی ہے، اس پر وہ ہنسے۔ اور پھر فرمایا کہ "فراست مومن" ہمارے یہاں ضرب المثل رہی ہے، لیکن بہار میں برعکس تجربہ ہو رہا ہے۔ جا و بیجا ضرورت مندوں اور حاشیہ برداری کرنے والوں کا جو ملنے کے لیے تانتا بندھا رہتا تھا، اسے وہ پسند نہیں کرتے تھے۔ بہار جب وہ آرہے تھے اور ہم لوگ بھی اسی ٹرین سے واپس ہو رہے تھے تو گیا کے پاس ٹرین کا واقعہ پیش آیا تھا، اُسے یاد دلانے پر خوب ہنسے۔

بہار ریاستی انجمن ترقی اردو کے زیر اہتمام مختلف مسئلوں پر ہم لوگ جناب ایوب ایڈووکیٹ صدر انجمن کی قیادت میں اکثر ملتے رہے جس میں ہم لوگوں کے علاوہ سید جعفر امام مرحوم، کامریڈ علی اشرف، شری سنیل مکرجی، عزیزہ نقی امام صاحبہ، نثار احمد خاں ایڈووکیٹ وغیرہ ساتھ ہوتے ایک بار تند و ترش گفتگو بھی ہو گئی۔

کسی مسئلہ پر ڈاکٹر صاحب نے فرمایا کہ اس گرتی ہوئی تہذیب کی دیوار پر کب تک پشتہ لگاتے رہیں گے۔ جناب ایوب صاحب مرحوم، جناب کا مرٹیڈ علی اشرف اور شری ستیل کرجی نے اس کا بُرا مانا اور مرحوم ایوب صاحب نے فرمایا کہ حکومت ہم لوگوں کو ایک فہرست دیدے، تاکہ ہم لوگ اسے ترک کردیں۔ مگر ڈاکٹر ذاکر صاحب بڑے ہی متحمل اور بردبار، شریف النفس شخص تھے، صرف یہ کہکر گفتگو ختم کردی کہ آپ لوگ جذبات میں آگئے، میرا منشاء وہ نہ تھا جو آپ لوگوں نے سمجھا، بہرکیف اب تو میں چند ہی مہینے میں بہار سے لوٹ رہا ہوں کہ آپ کے مطالبات تو ابھی پورے ہوجائیں گے لیکن آیندہ کیا ہوگا وہ میں نہیں کہہ سکتا۔

حضرت مولانا آزاد علیہ الرحمہ کی یادگار بہار میں منانے کے منصوبے کے تحت، مولانا ابوالکلام آزاد اکیڈمی کی تشکیل ہوئی جس کے سرگرم اور روح رواں لوگوں میں جناب شاہ مشتاق احمد، جناب عبدالاحد محمد نور، وزیر مملکت بہار، جناب عبدالقیوم انصاری، سید عقیل صاحب بہار شریف وغیرہ تھے، میں بھی اس کا ایک اساسی ممبر اور مجلس عاملہ کا ایک رکن تھا۔ چنانچہ بڑے تزک و احتشام کے ساتھ اس کا اجلاس ہوا۔ ڈاکٹر شری کرشن سنہا وزیراعلیٰ بہار نے صدارت فرمائی اور جناب ذاکر حسین نے افتتاح فرمایا۔ اپنے افتتاحیہ خطبے کے دوران آپ نے فرمایا کہ:

"زندہ قومیں اپنے مُردوں کو بھی زندہ رکھتی ہیں اور مُردہ قومیں اپنے زندوں کو بھی مُردہ کردیتی ہیں۔"

ڈاکٹر صاحب کا یہ مقولہ مسلم معاشرہ پر پورے طور پر صادق آتا ہے۔

ڈاکٹر ذاکر صاحب کی گورنری کے دور میں بہار ریاستی انجمن ترقی اردو کے خلاف ایک سازشی حلقے نے حکومت بہار کا ایک نوٹیفکیشن شائع کرانے میں کامیابی حاصل کرلی جس میں بہار ریاستی انجمن ترقی اُردو اور اس کے ساتھ آٹھ، دس دیگر مسلم جماعتوں کو فرقہ وارانہ انجمن قرار دیا تھا اور اس کی سرگرمیوں میں حصہ لینا ممنوع قرار دیا گیا تھا۔ اس فہرست میں جمیعۃ العلماء بہار اور رانچی کی ایک مسلم پنچایت کا بھی نام تھا۔ اس کے خلاف جناب غلام سرور اور میں نے بڑے ہنگامے کئے اور غالباً لیڈی امام صاحبہ کی قیادت میں ہم لوگوں کا وفد گیا تھا جس میں رامانند سنگھ وغیرہ سبھی لوگ تھے۔

ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کو جب میمورنڈم پیش کیا گیا، صورت حال بتائی گئی کہ ریاستی انجمن اس مرکزی انجمن کی شاخ ہے جس کے آپ حال تک صدر رہ چکے ہیں۔ حکومت کے اس اقدام سے وہ بیحد برافروختہ ہوئے اور چیف سکریٹری سے باز پرس کی۔ جناب ایوب صاحب کو مشورہ دیا کہ بہار یونیورسٹی کے وائس چانسلر سے مل کر

معلوم کریں کہ شاید یونیورسٹی کا یہ اقدام ہو۔ مگر اس وقت کے وائس چانسلر ڈاکٹر دکھن رام نے بھی اس اقدام پر سخت افسوس کا اظہار کیا اور بتایا کہ یونیورسٹی کے پاس کوئی ایسی ایجنسی نہیں ہے کہ وہ معلوم کرے کہ کون فرزند اردو ہے اور کون نہیں ہے" اور پھر اس یونیورسٹی کو ضرورت بھی کیا ہے۔ اس مسئلے پر ڈاکٹر ذاکر حسین نے ذاتی دلچسپی کا اظہار کیا اور چند ماہ کے بعد رانچی گورنر کیمپ سے ایک پوسٹ کارڈ اپنے ہاتھ سے لکھ کر بھیجا جس میں تحریر تھا کہ

> "متعلقہ معاملے میں کافی تفتیش کی گئی۔ حکومت کا کوئی شعبہ اس سرکلر کے بھیجے جانے کا اقرار نہیں کرتا اور لاعلمی ظاہر کرتا ہے۔ اب آپ اسے نسیاً منسیا سمجھیں اور انجمن کی سرگرمیاں جاری رکھیں۔"

اس سلسلہ میں قابل ذکر بات یہ ہے کہ انجمن سے وابستہ ۵۰ فیصد پروفیسر اس سرکلر کی اشاعت کے بعد انجمن سے الگ ہو گئے اور پھر جب ایمرجنسی زادی انجمن ترقی اردو بنی ہے تو وہ مذکورہ پروفیسر صاحبان سرکاری انجمن میں نظر آتے ہیں۔

ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب بہار ریاستی انجمن ترقی اردو کی سرگرمیوں سے بے حد خوش رہتے تھے۔ اُردو کے تحفظ و بقا کے مسئلے پر انجمن کی جدوجہد سے وہ بے حد متاثر تھے۔ چنانچہ اسی زمانہ میں گورنر کیمپ رانچی سے جناب غلام ربانی تاباں کی معرفت ایک دستی خط میرے نام بھیجا تھا جس میں ریاستی انجمن ترقی اُردو کی خدمات کا اعتراف اور جناب تاباں صاحب کے ساتھ تعاون کی خواہش ظاہر کی تھی۔ ڈاکٹر ذاکر حسین شرافت نفسی اور تحمل و بردباری میں بے مثال شخصیت کے مالک تھے۔

۱۹۵۱ء میں مرکزی انجمن ترقی اُردو کے نمائندہ خصوصی جناب خبیر بھوروی بہار میں انجمن کی شاخ قائم کرنے کے لئے بھیجے گئے۔ پرانے ملاقاتی کی حیثیت سے وہ میرے پاس آئے اور مطلب کی بات بیان کی میں انہیں پروفیسر اختر اُرینوی مرحوم کے پاس لے گیا۔ انھوں نے ایک دوسرے صاحب کے پاس بھیج دیا، جو ایک انجمن ترقی اُردو کے مالک تھے۔ ڈاکٹر صاحب موصوف کے یومنی میں ساتھی یا ملاقاتی بھی رہ چکے تھے، ان کے پاس بھی لے گیا۔ انھوں نے خبیر بھدوی صاحب اور مجھے دوسرے دن عصرانہ پر طلب کیا اور پر تکلف عصرانہ کھلایا۔ کھلا پلا کر بابائے اُردو عبدالحق، ڈاکٹر ذاکر حسین، مولانا آزاد، قاضی عبدالغفار مرحوم وغیرہ جملہ حضرات کو اتنی سنائیں کہ ہم لوگ سکتے میں رہ گئے اور پھر یہ کہکر خبیر صاحب کو چلتا کیا کہ میں اپنی انجمن کو ایسے لوگوں سے وابستہ انجمن کے ساتھ ملحق نہ کروں گا۔ آپ میں ہمت ہے تو دوسری انجمن بنا لیں۔ چنانچہ بہار ریاستی انجمن قائم ہوئی۔ جناب خبیر بھدوی صاحب نے ڈاکٹر ذاکر حسین کو اپنی رپورٹ دی مگر وہ کچھ نہ بولے۔

# سیّد محمد احمدؔ

• سیّد محمد احمد صاحب: پیدائش ۱۹۳۵ء بمقام پٹنہ۔ ابتدائی تعلیم علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں ہوئی، رانچی سے زراعت و کاشتکاری میں ڈگری اور ٹوکلائی (آسام) سے چائے کا اعلیٰ ڈپلوما لیا۔ محکمۂ زراعت حکومت بہار سے منسلک ہو جانے کے بعد قانون کا امتحان پاس کیا، ۱۹۷۸ء سے ملازمت سے مستعفی ہو کر پٹنہ ہائی کورٹ میں پریکٹس کر رہے ہیں۔

••

میں آئی۔ایس۔سی کا ایک طالب علم تھا اور وہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر۔ مگر جب ہم نے ان کو دیکھا تو خوب دیکھا اور جیسا سنا تھا، ویسا ہی پایا، بلکہ بڑھ کر پایا۔

سبھی طالب علموں کی طرح میرے لیے بھی انہیں دیکھنے اور سننے کے موقعے، یونیورسٹی کی مختلف تقریبات میں ملتے تھے۔ میں نے ان کو یونیورسٹی یونین میں دیکھا، اسٹریچی ہال میں دیکھا، دنیا کے عظیم رہنماؤں کے ساتھ، جو علیگڑھ مہمان ہو کر آتے تھے، ان کے ساتھ دیکھا۔ پھر ہم نے انھیں طالب علموں کے درمیان میں دیکھا۔ ڈاکٹر صاحب ہمیشہ ایک سے ہی نظر آئے۔

اونچا قد، قدرے بھاری جسم، بہت بڑا چہرہ اور اس پر سیاہ چشمہ، کھلتا ہوا گورا رنگ، کھری آواز میں ٹھہر ٹھہر کر بات کرنا۔ چال آہستہ اور بھاری قدموں میں۔ لباس میں ٹخنوں سے نیچی شیروانی، پورے سر کی ٹوپی، ذرا اونچا پاجامہ اور عموماً پمپ شو جوتہ۔ بیٹھنے میں دونوں ہاتھ برابر سے گھٹنوں پر رکھتے تھے۔

اتفاق کہیے کہ ڈاکٹر صاحب نے ایک مرتبہ مجھ پر بھی خصوصی توجہ دی ــــ یہ واقعہ کچھ اس طرح ہوا: کچھ ہی دن قبل عرب کے شاہ ابن سعود ہندوستان آئے تھے اور مسلم یونیورسٹی بھی دیکھ کر گئے۔ شاہ نے ڈاکٹر صاحب کو ایک زربفت عربی کپڑوں کا جوڑا تحفتہً دیا تھا۔ اس کے کچھ ہی دنوں بعد وی۔ ایم ہال میں ایک فینسی ڈریس شو تھا۔ تقریباً سبھی لڑکے کچھ نہ کچھ لباس تبدیل کیے ہوئے تھے۔ شام کے وقت ڈاکٹر صاحب جوبلی ہوسٹل کے کامن روم کے سامنے اپنی کار سے آئے اور پورے عربی لباس میں اپنی کار سے نمودار ہوئے۔ ڈاکٹر صاحب کا اس لباس میں جاہ وجلال ابھی تک میری نظروں میں ہے۔ میں نے اس فینسی ڈریس میں کوئی دلچسپی نہیں لی تھی اور عام لباس میں لوگوں سے کچھ دور پر کھڑا تھا۔ جیسے ہی ڈاکٹر صاحب اپنی گاڑی سے باہر نکلے، اساتذہ اور لڑکوں نے ان کو گھیر لیا۔ پھر فنکشن اور لباس پر گفتگو اور ہنسی کا ایک سلسلہ چل گیا۔ مشکل سے کوئی پانچ منٹ گزرے ہوں گے کہ میں نے دور کھڑے ہوئے ڈاکٹر صاحب کو بھیڑ میں سے اپنی طرف دیکھتے ہوئے دیکھا۔ مجھے اس وقت شبہ ہوا کہ یہ میرا شک ہے مگر پھر فوراً ہی ڈاکٹر صاحب لڑکوں کے

درمیان میں سے نکل کر میری طرف آ رہے تھے۔ میں کچھ گھبرا سا گیا اور جب وہ بالکل قریب آ ہی گئے تو میں نے جلدی سے بڑھ کر السلام علیکم کہا۔ انھوں نے سلام کا جواب دے کر مجھ سے پوچھا "آپ نے کوئی لباس تبدیل نہیں کیا" میں نے کہا کہ جی ہاں۔ بس ایسے ہی، اس پر وہ بولے "کچھ لباس بھی تبدیل کیا ہوتا تو اچھا معلوم ہوتا" پھر وہ مجھے اپنے ساتھ لے کر سبھوں میں واپس آئے اور مجھے بھی سبھوں میں شامل کر لیا۔

ذاکر صاحب کی یوں تو بے شمار تقریریں اور جملے یاد رکھنے کے قابل ہیں۔ مگر اُن کی ایک نصیحت جو انھوں نے ہم طالب علموں کو کی تھی وہ یاد رہ گئی۔ انھوں نے کہا تھا کہ "لوگوں کی یہ عادت ہو جاتی ہے کہ دوسروں کی شکایتیں کریں یا ان کی کمزوریاں ظاہر کریں، تم یہ عادت بنا لو کہ دوسروں کی تعریف کیا کرو۔"

پھر ڈاکٹر صاحب کو پٹنہ میں دیکھا، جب وہ بہار کے گورنر ہو کر آئے۔ ہم علیگڑھ اسٹوڈنٹس نے ان کو بانکی پور کلب میں مدعو کیا تھا۔ گورنر کی حیثیت میں (اگرچہ ان کی کار سے گورنر کا جھنڈا اُترا ہوا تھا)، ان کو معزز اشخاص، جنھوں نے علیگڑھ میں تعلیم پائی تھی اور سرکاری افسران نے اپنے حلقے میں لے لیا۔ ڈاکٹر صاحب بدقّت تمام اس حلقے سے نکلے اور ہم لوگوں تک جو ایک طرح سے الگ چھٹ گئے تھے، آئے اور ہم لوگوں کو ساتھ لے کر کلب کے ہال میں داخل ہوئے۔ ان کے WELCOME ADDRESS میں سبھی لوگ انگریزی میں بولے ہے۔ جب ڈاکٹر صاحب کھڑے ہوئے تو اُنھوں نے کہا کہ یہ ہمارے بچّے ہیں۔ ان سے میں ہمیشہ اُردو میں باتیں کرتا رہا ہوں۔ آج بھی اُردو ہی میں باتیں کروں گا اور اُردو ہی میں اپنی تقریر کی۔

●●

# شاہ سید ریاض الرحمن

[ شاہ سید ریاض الرحمن صاحب، کشمیری کوٹھی، پٹنہ ) پیدائش ۱۰ اکتوبر ۱۹۲۱ء بمقام پٹنہ سیٹی۔ رام موہن رائے سیمنری اور بی۔ان کالج سے تعلیم یافتہ، ۱۹۵۵ء تا ۱۹۵۸ء پٹنہ میونسپل کارپوریشن اور پٹنہ واٹر بورڈ کے ممبر رہے۔ انجمن ترقی اُردو پٹنہ سیٹی کے اعزازی شریک معتمد بھی رہ چکے ہیں۔ یتیم خانہ انجمن خادم الاسلام پٹنہ سیٹی کی مجلس عاملہ کے ممبر ہیں ]

○

یہ ۲۲ اگست ۱۹۵۷ء کی بات ہے جب میں ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب گورنر بہار سے راج بھون پٹنہ میں ملا۔ میں ۱۰ بجے دن میں ڈاکٹر صاحب کے چیمبر میں لے جایا گیا۔ جاتے وقت فطری طور پر کچھ گھبراہٹ محسوس کر رہا تھا لیکن جب چیمبر میں پہنچا اور ڈاکٹر صاحب سے سامنا ہوا تو سلام علیک کے بعد انھوں نے کھڑے ہو کر فرمایا، تشریف لائیں اور پھر بیٹھنے کو کہا۔ مزاج پرسی کے بعد انھوں نے گفتگو شروع کی۔ انداز گفتگو ایسا تھا جیسا کہ ہم ایک دوسرے سے بہت قریب رہے ہوں۔ چنانچہ میں چند منٹ ہی میں ایسا محسوس کرنے لگا کہ میں گورنر سے نہیں، بلکہ ایک شفیق اور مخلص سے باتیں کر رہا ہوں۔ انھوں نے گفتگو کی ابتدا اس طور پر کیا کہ "آپ تو کارپوریشن کے ممبر ہیں اور یہ سمجھتے ہوں گے کہ یہاں گورنمنٹ ہاؤس میں صفائی ستھرائی زیادہ ہے۔ اس لئے یہاں مچھر نہیں ہوں گے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہاں بھی مچھروں کی کمی نہیں ہے۔" پٹنہ شہر کے متعلق اپنے خیال کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا کہ "یہ شہر تو بس پچھم سے پورب تک چلا گیا ہے اس کے سوا کچھ نہیں۔" چند دن پہلے ۱۵ اگست کی تقریب ہوئی تھی اس کے متعلق فرمایا کہ "یہاں تو کوئی سجاوٹ دیکھنے میں نہیں آئی۔ میں جب علی گڑھ میں تھا وہاں تو میں نے سجاوٹ کے لئے مستقل سامان مہیا کر رکھا تھا، جب بھی ضرورت پڑے، شہر کی سجاوٹ ہو سکے۔" ڈاکٹر صاحب موصوف نے اپنے قیام جرمنی کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ "جرمنی بہت صاف ستھری اور خوب صورت جگہ ہے، وہاں تمام مکانوں میں پھولوں کے گملے کھڑکیوں میں لٹکے رہتے ہیں۔ سڑکوں پر روشنی کی قطاریں بہت بھلی معلوم ہوتی ہیں۔" آپ نے فرمایا کہ "جب میں سڑکوں پر سے گذرتا تھا اکثر اس وقت اسکولی بچے اور بچیاں بھی آتے جاتے نظر آتے تھے اور جب مجھ اجنبی پر ان لوگوں کی نظر پڑتی تو نہایت ادب سے سلام کرتے۔ اُن لوگوں کا سلام اس ملک کے بچوں اور نوجوانوں کی طرح تمسخرانہ نہیں ہوتے۔"

● ●

# انوار کریم

• انوار کریم صاحب: پیدائش ۵ اکتوبر ۱۹۱۶ء
علی گڑھ سے ۱۹۳۹ء میں ریاضی میں ایم۔ایس۔سی کیا
۱۹۴۱ء میں بہار میں ڈپٹی کلکٹر کے عہدے پر فائز ہوئے۔ ۱۹۵۷ء
میں آئی۔ اے۔ ایس کے سینئر اسکیل پر ترقی پائی۔ فروری
۱۹۶۵ء میں جموں و کشمیر میں ڈویژنل کمشنر پھر ایڈیشنل
چیف سکریٹری کے عہدہ پر فائز ہوئے۔ نومبر ۱۹۶۳ء میں
ریٹائر ہو کر بہار پبلک سروس کمیشن کے ممبر نامزد ہوئے۔
اب گوشۂ عافیت میں ہیں۔ ••

○

آج سے تقریباً ۴۵ سال کی بات ہے کہ میں نے ڈاکٹر ذاکر حسین کو پہلے پہل دیکھا تھا۔ اس وقت میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کر رہا تھا۔ سال شاید ۱۹۳۷ء تھا یا ۱۹۳۸ء، مجھے ٹھیک یاد نہیں ہے وہ یونیورسٹی یونین میں معاشیات کے کسی ادق پہلو پر تقریر کرنے آئے تھے۔ میں سائنس کا طالب علم ہوتے ہوئے اور یہ سمجھتے ہوئے بھی کہ موضوع تقریر سے میں بالکل نابلد ہوں، اپنے اور ساتھیوں کے ہمراہ یونین ہال گیا۔ ہال کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ یہ بات نہیں تھی کہ اس وقت کے علیگڑھ میں ڈاکٹر صاحب کے سیاسی اور معاشی نظریہ سے سبھی طالب علم متفق تھے، لڑکوں کی ایک اچھی خاصی جماعت ذاکر صاحب کے خیالات کی سخت مخالف تھی۔ لیکن اُن کی شخصیت، علمی صلاحیت اور ان کے جذبۂ ایثار کے سبھی مداح تھے۔ یہی وجہ تھی کہ اُن کی تقریر سُنی۔ سمجھ میں کچھ نہ آیا۔ ڈاکٹر صاحب کے شباب کا عالم تھا۔ اُن کی جاذب نظر شخصیت اُبھر رہی تھی۔ میں متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا۔

ڈاکٹر صاحب سے ملنے اور اُن کو قریب سے دیکھنے کا موقع پھر اس وقت ملا جب وہ صوبہ بہار کے گورنر مقرر کیے گئے۔ اس وقت میں سکریٹریٹ میں ایک محکمہ کے سربراہ (HEAD OF DEPTT) کی حیثیت سے کام کر رہا تھا۔

جب تک ڈاکٹر صاحب بہار کے گورنر رہے، ان کا معمول تھا کہ باری باری چند محکموں کے سکریٹریز اور سربراہوں کو راج بھون میں رات کے کھانے پر مدعو فرماتے۔ اس طرح ہر دو چار ماہ میں مجھے بھی ان دعوتوں میں شریک ہونا پڑتا۔ گو ذاتی طور پر مجھے اس طرح کی دعوتوں سے کچھ کوفت بھی ہوتی کیونکہ دعوت میں شرکت کے لیے سرکاری لباس میں ملبوس رہنا ضروری ہوتا تھا۔ تاہم ان دعوتوں میں، مَیں ضرور شریک ہوتا۔

گنے چنے لوگوں کو چھوڑ کر، ہم سرکاری ملازموں کی عمومی کمزوری یہ ہے کہ جس محکمہ سے ہم لگے ہوتے ہیں اس محکمہ کے مسائل کو ہی حکومت کے اہم ترین مسئلے تصور کرتے ہیں۔ ہماری دلچسپی اور ذہنی کدوکاوش عموماً اپنے محکموں تک ہی مرکوز و محدود رہتی ہے۔ اس لیے ہماری گفتگو کے موضوع بھی زیادہ تر یہی مسئلے رہا کرتے ہیں۔ ڈاکٹر

صاحب شاید سرکاری افسروں کی اس کمزوری سے واقف تھے۔ اس لیے جب کسی محکمہ کے سکریٹری یا سربراہ سے گفتگو کرتے تو پہلے کچھ اِدھر اُدھر کی عام دلچسپی کی باتوں سے سلسلہ شروع کرتے اور رفتہ رفتہ گفتگو کا رخ محکمہ کے امور کی طرف موڑ دیتے۔ محکمہ کے مسائل پر بات چیت کرتے ہوئے، ظاہر ہے کہ ہر افسر اپنے کو محفوظ سرزمین پر پاتا اور خود اعتمادی کے ساتھ تبادلۂ خیال کرتا۔ ڈاکٹر صاحب سُنتے زیادہ تھے اور بولتے کم تھے۔ اس طرح ڈاکٹر صاحب براہ راست حکومت کی کارکردگیوں و دیگر مسائل کے متعلق واقفیت حاصل کرتے تھے۔

میرے خیال میں ڈاکٹر صاحب کی بڑی خوبی یہ تھی کہ جب بھی وہ ہم جیسے افسروں سے بات کرتے تو ہماری ذہنی اور علمی سطح پر آکر ہی باتیں کرتے۔ ہمیں کبھی اپنی کم مائگی کا احساس نہیں ہونے دیتے۔ دائرۂ گفتگو زیادہ تر ہماری محدود دلچسپی کے موضوع تک ہی رکھتے۔ اس کا نتیجہ تھا کہ ہم میں سے جو بھی ان سے ملتا، ایک خوشگوار تاثر لے کر واپس لوٹتا۔

●●

# ڈاکٹر مسعود الحق

[ ڈاکٹر مسعود الحق صاحب: پیدائش نومبر ۱۹۰۱ء، ۱۹۲۸ء میں پٹنہ میڈیکل کالج سے گریجویشن۔ ۱۹۳۰ء میں پٹنہ میڈیکل کے شعبۂ اناٹومی میں بحیثیت لکچرر مقرر ہوا، اور بحیثیت صدر شعبہ ریٹائر ہوئے۔ ۱۹۶۰ء میں نالندہ میڈیکل کالج پٹنہ کی بنا ڈالی اور اناٹومی کے پروفیسر ایمریٹس کے عہدہ پر فائز ہوئے۔ ]

ڈاکٹر ذاکر حسین سے میری پہلی ملاقات اس وقت ہوئی جب وہ آل انڈیا سائنس کانگریس میں شرکت کے لئے نمائندہ کی حیثیت سے پٹنہ تشریف لائے۔ یہ آزادی سے قبل کی بات ہے۔ وہ ڈاکٹر سید محمود صاحب کے ساتھ جو اس وقت بہار کے وزیر تعلیم تھے، قیام فرما تھے۔ انڈین سائنس کانگریس کے مندوبین میں سے ایک کا قیام میرے ساتھ تھا۔ میں نے ڈاکٹر ذاکر حسین کو اپنے گھر کھانے پر مدعو کیا۔ اس دعوت میں آزاد ہند فوج کے کرنل محبوب، جو بعد میں کئی ممالک میں سفیر کے عہدے پر بھی فائز رہے، اور مسٹر قرنی (آئی سی ایس) جو ان دنوں حکومت بہار میں ملازم تھے، شریک تھے۔ کھانا ختم ہوتے ہی ذاکر صاحب نے مجھ سے یہ تصدیق چاہی کہ کیا ان کے ڈرائیور نے بھی کھانا کھا لیا؟ گرچہ میں نے اس کا انتظام پہلے ہی کر دیا تھا لیکن اس بات سے مجھ پر ذاکر صاحب کے نظریہ اور غریبوں کے لئے ان کی محبت آشکارا ہوئی۔

# سیّد علی عبّاس

• سیّد علی عبّاس صاحب، پیدائش ۱۹۱۱ء،
بمقام کھجوا (سارن)۔ پٹنہ یونیورسٹی سے ۱۹۳۴ء میں گریجویشن
کے بعد جنوری ۱۹۳۶ء میں انڈین پولس سروس (آئی۔پی۔ایس)
میں داخل ہوئے جہاں سے ڈی۔آئی۔جی کے عہدے سے ریٹائر ہوئے۔
۱۹۴۳ء میں انڈین پولس میڈل اور ۱۹۴۸ء میں کنگس پولس
میڈل حاصل کیا۔ ۱۹۵۰ء میں سینئر سی۔آئی۔ڈی ٹریننگ
کے لیے اسکاٹ لینڈ یارڈ (انگلینڈ) گئے۔ ۱۹۶۹ء میں ریٹائر ہوئے۔
آپ نے ۱۹۵۸ء میں پٹنہ میں 'کاروان کلب' اور
۱۹۶۶ء 'غالب کلب' کی بنا ڈالی تھی۔ 'بزم کاف' کے بانی بھی
آپ ہی ہیں جس نے ۱۹۷۴ء میں کلیم عاجز صاحب کی کتاب
"وہ جو شاعری کا سبب ہوا" شائع کی۔
آل انڈیا ریڈیو پٹنہ سے آپ کی متعدد تحریریں نشر ہو کر
مقبول عام ہو چکی ہیں۔ "نفیس اور انیس کی شاعری" آپ کی اہم
تصنیف ہے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد پٹنہ میں مقیم ہیں۔

حیرت ہوئی کہ بیدآر صاحب نے مجھے کوئی سخت ہوم ٹاسک کرنے کو نہیں دیا۔ ڈاکٹر ذاکر حسین کی شخصیت، ان کی عظمت اور ان کے کارناموں پر روشنی ڈالنے کو نہیں کہا جو میرے بس کی بات نہ تھی۔ بیدآر صاحب نے صرف اپنے ذاتی تجربے، مشاہدے اور ذاکر صاحب سے ملاقات کے قصے سننے چاہے جو کام بڑی آسانی سے ہو سکتا تھا۔ بیدآر صاحب مجھے تو ذاکر صاحب کے عاشقوں میں سے لگے اور کسی عاشق کا دل رکھنا باعثِ ثواب ہو کہ نہ ہو، انسانی ہمدردی کا تقاضا یقیناً ہوتا ہے۔ اس مقالے کو میری بیداری کا ثبوت سمجھا گیا تو اسے اپنی خوش قسمتی سمجھوں گا۔

جب ذاکر صاحب بہار کے گورنر ہو کر پٹنہ آئے تو اُن دنوں میں پٹنہ میں سینیئر سپرنٹنڈنٹ اوف پولیس ہوا کرتا تھا۔ اس حیثیت سے مرحوم کا اکثر ساتھ ہوا اور میں نے انھیں بہت قریب سے دیکھا۔ کیا خوب انسان تھے سبحان اللہ۔

۱۹۵۸ء میں سائنس کالج کے بزم سخن کے سالانہ جلسے میں ذاکر صاحب مہمان خصوصی ہو کر تشریف لائے۔ اُن دنوں اُردو کو سرکاری زبان منوانے کی تحریک زوروں پر چل رہی تھی۔ اپنے شکوے سنانے کے لیے اور داد ولا جانے کے لئے اُردو کے کچھ پاسبان اور حامیان ایسے مواقع کو کب ہاتھ سے جانے دیتے۔ چنانچہ اس بڑے جلسے میں دھواں دھار تقریریں ہوئیں۔ کسی نے گورنمنٹ کی بے رخی کا گلہ کیا، تو کسی نے ہندی کے پرستاروں کی رقابت کا ذکر کیا۔ ہمیشہ چندہ مانگنے والے اور امداد طلب کرنے والے کچھ مولویوں نے اُردو دانوں کی مفلسی اور بے بسی کا رونا رویا اور ہاتھ پھیلایا۔ آخر میں جناب وفاؔ ملکپوری نے اپنے خاص ترنم میں ذاکر صاحب کو خطاب کرتے ہوئے ایک "شکوہ" نما نظم سنائی۔ یہ تو نہیں کہا "رحمتیں تیری ہیں اغیار کے کاشانوں پر"... اور نہ یہ کہا "ہم وہی سوختہ ساماں ہیں، تجھے یاد نہیں"۔ پھر بھی بہت کچھ کہہ گئے اور اُردو کے لیے سرکار کی توجہ، امداد اور پشت پناہی کی ضرورت کا ذکر کر گئے۔ نظم ختم ہوئی اس مصرع پر "ڈوبتے کو تنکے کا سہارا چاہیئے"۔ خوب تالیاں پڑیں، خوب واہ واہ ہوئی۔ اور ذاکر صاحب خاموش سر جھکائے سنتے رہے۔ آخر میں جب ذاکر صاحب نے تقریر اپنی شروع کی، تو وفاؔ صاحب کی نظم کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا :

"جو کوئی بیچ منجدھار ڈوبنے سے بچنے کے لیے تنکا تلاش کرنا شروع کرے اور کہیں تنکا دکھائی دیا

تو اسے سہارا سمجھ کر اس پر لپکے تو اس کا کیا حشر ہوگا، ظاہر ہے۔ ایسے کو ڈوبنے سے کون بچا سکتا ہے۔ ظالم موجوں اور طوفانوں سے لڑنے کے لیے مضبوط ہاتھ پیر چاہیے۔ تیرنا جاننا چاہیے، ہمت چاہیے، عزم چاہیے، خود اعتمادی چاہیے۔ ورنہ پار اُترنے کے خواب، خواب ہی رہیں گے۔ ایسے کمزور اور بے ہاتھ پیر والوں کے لیے بہتر ہے وہ ساحل کی آسودگی میں پڑے سسکتے رہیں اور غزلیں گنگناتے رہیں"
ذاکر صاحب نے فرمایا :

" اُردو نے جب جنم لیا تھا تو وہ عربی فارسی کا دَور تھا۔ اُس وقت کے سلاطین اور رؤسا جن کی دیوان خاص یا دیوان عام تک رسائی تھی، وہ اُردو میں کسی سے ہمکلام ہونے کو معیوب سمجھتے تھے اس لیے کہ اُردو تھی بازاری زبان۔ نیچے طبقے والوں کی زبان، سپاہیوں، بیوپاریوں کی زبان۔ شرفا کی زبان کچھ اور ہوتی تھی۔ وہ تو کچھ تو پیر و مرشد، کچھ فقیر و درویش، کچھ سنت سادھو، کچھ کبیر، تلسی داس۔ امیر خسرو، اور میر ایسے چٹائی پر بیٹھنے والے تھے، جنھوں نے اُردو کو وہ توانائی اور عوام پسندی بخشی کہ اُردو لال قلعہ میں اٹھلاتی، لچکتی، اکڑتی پہنچی اور ظفرشاہ کو تو دیوانہ بنا کر چھوڑا۔ پھر تو اُردو کی نورجہانی دلّی سے لے کر دکن تک اپنا لوہا منوا گئی۔ وہ غریبوں، فقیروں، محتاجوں اور پریشان حال لوگوں کی جد و جہد کا کرشمہ تھا کہ اُردو پروان چڑھی۔ نہ شاہی خزانوں سے کوئی امداد ملی نہ مغل سورماؤں نے پشت پناہی کی۔ بلکہ مغلیہ سلطنت کے حکمرانوں کو اردو ہی کا سہارا لینا پڑا۔ جس سے حاکم و محکوم میں رابطہ قائم ہوتا۔ اُردو کبھی حکمرانوں کی محتاج نہ ہوئی، بلکہ حکمرانوں نے اُردو کا سہارا لیا۔ تو تاریخ کے واقعوں سے سبق نہ لیا جائے تو پھر تو تاریخ اور الف لیلیٰ میں فرق ہی کیا ہوگا"؟

●●

# حسن احمد قادری

[ حسن احمد قادری صاحب: پیدائش ۱۶ر جنوری ۱۹۴۳ء بمقام چھوٹی پورنا (مونگیر) وطن پھلواری شریف۔ والد کا نام شاہ فضل احمد قادری صاحب جو خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف کے ناظم ہیں۔ ابتدائی تعلیم ندوۃ العلماء لکھنؤ، مدرسہ حمیدیہ دربھنگہ اور شمس الہدیٰ پٹنہ۔ حکومت بہار کے شعبۂ صنعت و حرفت سے منسلک ہیں ]

## والد صاحب کے ساتھ راج بھون پٹنہ میں ملاقات کی روداد:

.... ڈاکٹر صاحب، والد صاحب سے مخاطب تھے اور فرما رہے تھے کہ شاہ سلیمان ندوی پھلواروی کو میں بہت قریب سے جانتا ہوں اور ان کی عالمانہ تقریریں سنی ہے۔ سیرت پر جو انھوں نے کتابیں لکھی ہیں، اس کے مطالعہ کا موقع ملا ہے۔ فرما رہے تھے کہ بڑے اچھے مقرر، باصلاحیت انسان اور عظیم شخصیت تھی۔ ان کے جانشین کے متعلق دریافت حال کیا۔ اس کے بعد انھوں نے فرمایا کہ آپ کے خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف کے کتب خانہ میں تو قدیم قیمتی نسخے ہوں گے؟

**والد صاحب:** جی ہاں۔

**ڈاکٹر صاحب:** تو آپ اسے خدابخش لائبریری میں دیدیں تاکہ عرصہ تک یہ سرمایہ محفوظ رہ سکے۔ میں اس لائبریری کی عمارت کو ایسا بنانا چاہتا ہوں جس سے کتابوں اور ان کے اوراق پر برسات کی نمی، گرمی کی تمازت وغیرہ کا اثر نہ ہو اور اس کے لئے ایک جامع اسکیم بنا کر میں نے حکومت ہند کو لکھ بھیجا ہے۔ میں کوشاں ہوں اور میری دلی خواہش ہے کہ ایشیا کی یہ تاریخی لائبریری مثالی رہے۔

**والد صاحب:** خانقاہ مجیبیہ کی لائبریری خلوت شریف سے منسلک ہے۔ صاحب سجادہ فرصت کے اوقات مطالعہ فرماتے ہیں۔

**ڈاکٹر صاحب:** میں ان کے لئے خدابخش لائبریری میں حجرہ بنوا دوں گا۔

**والد صاحب:** وہ بھی معمول کے خلاف ہوگا۔ چونکہ وہاں کے گدی نشین کے قواعد و ضوابط کے مطابق وہ حج بیت اللہ کے علاوہ اور کسی دوسرے کام سے بستی سے باہر نہیں جا سکتے۔

**ڈاکٹر صاحب:** تو پھر آپ خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف کی لائبریری کے لئے ایک عالیشان عمارت بنوائیے۔ میں یہاں ڈاکٹر سری کرشن سنہا، وزیر اعلیٰ بہار، جو کہ تعلیمی ذوق رکھتے ہیں، وہاں ایک اچھی عمارت بن جائے گی، تاکہ بزرگوں کا یہ بیش بہا سرمایہ محفوظ اور اچھی حالت میں رہ سکے۔

●●

# سیّد احمد علی آزاد

• سیّد احمد علی آزاد مرحوم: پیدائش، بنارس ۱۹۰۷ء۔ احباب نے آزاد منش ہونے پر انھیں آزاد کہنا شروع کیا جو ان کے نام کا جز ہو گیا۔ تحریک ترک موالات کے دوران خادمانِ جامعہ کی صف میں شامل ہوئے۔ جامعہ سے انٹرمیڈیٹ پاس کیا۔ پھر ۱۹۳۶ء میں ذاکر صاحب نے انھیں معلمی کی تعلیم و تربیت کے لیے ٹریننگ اسکول موگا (پنجاب) بھیجا، جہاں سے کامیابی کے بعد تعلیمی مرکز قرول باغ کے نگراں مقرر کر دیے گئے۔

آپ کا نام جامعہ کے جانثاروں میں سرِ فہرست ہے۔ ذاکر صاحب بھی آپ کی خدمات، جوش اور لگن کے مداح تھے۔ ۱۴ فروری ۱۹۷۶ء کو وفات پائی۔

••

جہاں وہ بڑوں کے ذاکر صاحب تھے وہاں بچوں کے ذاکر صاحب بھی تھے۔ وہ جامعہ سے جانے کے بعد اُونچے اُونچے عہدوں پر پہنچے لیکن بچوں سے ان کی دلچسپی اور لگاؤ کسی طرح کم نہیں ہوا تھا۔ رانچی سے لکھتے ہیں:

"نوازش نامہ ملا۔ شکریہ۔ خوشی ہوئی کہ آپ چھٹی جماعت سے "ہمالہ کی جھیلیں" پروجیکٹ چلوا رہے ہیں۔ بہت دلچسپ موضوع ہے اور مجھے یقین ہے کہ بچے بڑے انہماک سے اس منصوبہ کو کر رہے ہوں گے۔ اور بہت کچھ سیکھیں گے۔ کیا عجب ہے کہ کسی دن آپ کا کوئی شاگرد کسی چوٹی کو فتح کرے۔ اُس وقت اس پروجیکٹ کو ضرور یاد کرے گا۔"

جب تک جامعہ میں رہے بچوں کے ساتھ زیادہ وقت گزارتے تھے۔ وہ بچوں کو نہ صرف تعلیم دیتے تھے بلکہ ان کے لئے اچھی اچھی کہانیاں اور اسباق بھی لکھتے تھے۔ مکتبہ جامعہ نے پہلی جماعت کے بچوں سے لے کر آٹھویں جماعت تک کے بچوں کے لئے جو ریڈریں شائع کی ہیں ان میں کتنے ہی اسباق ذاکر صاحب کے لکھے ہوئے ہیں اور ان کے جستہ جستہ حصے تو سب ہی اسباق میں ہیں۔ وہ بچوں کے لئے لکھتے تو تھے لیکن کہا کرتے تھے کہ بچوں کے لئے لکھنا بڑا مشکل فن ہے۔ مغرب کے مصنفین اس پر اچھی قدرت رکھتے ہیں، ہندوستان میں یہ فن ابھی ابتدائی حالت میں ہے۔

انھیں بچوں سے اس قدر دلچسپی تھی کہ ان کی دلچسپی کے لئے جامعہ کے مدرسہ ابتدائی میں خرگوش خانہ، کبوتر خانہ، چڑیا خانہ، مرغی خانہ، باغبانی، بچوں کی دکان، بچوں کا بینک، بچوں کا خوانچہ قائم کرایا۔ بچے ان میں بڑے انہماک سے کام کرتے تھے۔ وہ LEARNING BY DOING کے قائل تھے۔ اس کی پوری جھلک بنیادی قومی تعلیم کی اسکیم میں موجود ہے۔ وہ منصوبی تعلیم میں بڑے امکانات دیکھتے تھے۔ چنانچہ ایک خط میں پٹنہ سے لکھتے ہیں:

"مرغی خانہ کا ایک نسخہ ملا۔ خط اور نسخہ دونوں کے لئے شکریہ قبول فرمائیں۔ 'مرغی خانہ' کتاب بہت اچھی چھپی ہے۔ بس اتنا ہی دیکھ پایا تھا کہ سعیدہ کی لڑکی نیلوفر جس نے ابھی ایک مرغی بٹھائی تھی اور پرسوں ہی اس کے نو بچے نکلے ہیں 'کتاب' اڑا لے گئی۔ آپ نے دیکھا 'کام' اور 'کتاب' کا ربط۔ اب تک وہ کتاب انھیں کے تصرف میں ہے۔"

ذاکر صاحب بچی خطوط کا جواب ضرور دیتے تھے۔ جب تک بہار کے گورنر رہے، خود اپنے قلم سے جواب

لکھتے تھے ۔ اس کے بعد بھی اپنے قلم سے ہی جواب لکھ کر سکریٹری کو دیدیتے تھے اور وہ ٹائپ کرا کر خط لکھنے والے صاحب کے پاس بھیج دیتے تھے۔ خط کا جواب سکریٹری کو املا کرا دینے میں اور خود اپنے قلم سے جواب لکھنے میں جو فرق ہے اسے لوگ اچھی طرح سمجھتے ہیں۔ خود اپنے قلم سے جواب لکھ کر وہ اپنے دلی تعلق کا اظہار کرتے تھے۔ ان کی تحریر پاکر جواب پانے والے کو جو خوشی ہوتی تھی اس کا اندازہ وہی لوگ لگا سکتے ہیں جن کو ان کے خطوط ملے ہیں۔ ان کے خطوط میں کہیں کہیں بڑے پتے کی باتیں لکھ گئے ہیں اور کہیں کہیں اپنے دلی جذبات کو ظاہر کر گئے ہیں۔ بہر حال یہ خطوط ان کا بہت بڑا سرمایہ ہیں۔ یہ خطوط جب شائع ہوں گے تو بہت سی غلط فہمیوں کو دور کر سکیں گے۔

وہ پرانے فن اور پرانی چیزوں کی قدر کرتے تھے۔ ہاتھ کی بنی ہوئی ابری کی بڑی قدر کرتے تھے۔ کہتے تھے کہ یہ فن مشین کی ابری کے مقابلے میں ختم ہوتا جا رہا ہے۔ ابری بنانے کے طریقوں پر انھوں نے ایک کتاب مجھ سے لکھوائی تھی جس کا مسودہ ۱۹۴۷ء کے فسادات کے زمانے میں اس وقت جالندھر اسٹیشن پر اُن کے سامان کے ساتھ گم ہوگیا، جب ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد وہ کشمیر جا رہے تھے۔ جامعہ میں عرصے تک اُن کی ہدایات کے مطابق ہاتھ کی ابری بنتی رہی اور گتے کے ماڈلز میں ان کا استعمال ہوتا رہا۔ وہ خوشخطی کے فن کی بھی بڑی قدر کرتے تھے۔ ان کے کمرے میں ہاتھ کے لکھے ہوئے کتبے آویزاں رہتے تھے۔ آخری عہد کے موقع پر شفیع الدین نیّر صاحب کی کتاب "غالب کی کہانی" کا ذکر ہو رہا تھا، فرمایا کسی اچھے کاتب سے لکھوایئے گا، پھر خود ہی فرمایا۔ اب اچھے کاتب ناپید ہوتے جا رہے ہیں۔ محترم علی احمد مرحوم بڑے اچھے خطاط تھے اور جامعہ کے بچّوں کو خوشخطی لکھنا سکھایا کرتے تھے۔ ذاکر صاحب ان کی بڑی عزت کرتے تھے اور اُن کے فن کی قدر کرتے تھے۔ وہ پرانے قلمی نسخوں کے بڑے قدردان تھے۔ غالباً ۱۹۳۶ء کی بات ہے، ایک صاحب کچھ قلمی کتابیں میرے کمرے میں لائے۔ تھوڑی دیر کے بعد ذاکر صاحب بھی تشریف لے آئے اور ہر کتاب کو بغور دیکھا۔ پھر اُن سب کو جامعہ لائبریری کے لئے خرید لیا۔ ●●

(رسالہ جامعہ سے شکریہ کے ساتھ)

# ڈاکٹر رشید الوحیدی

[• ڈاکٹر رشید الوحیدی : پیدائش ۱۳ دسمبر ۱۹۴۲ء بمقام دیوبند، ۱۹۵۹ء میں دیوبند سے فاضل، ۱۹۷۱ء میں دہلی یونیورسٹی سے عربی ادب میں ایم اے اور ۱۹۷۸ء میں پی-ایچ-ڈی-۱۹۷۳ء سے جامعہ میں لکچرر کے عہدہ پر فائز ہیں، تصانیف میں 'خلافت بنی امیہ'، اسلام کی اخلاقی تعلیمات اور حسن البصری : حیات اور کارنامے' (زیر طبع) قابل ذکر ہیں۔]

○

جامعہ ملیہ کے ایک چپراسی کی بچی کی شادی ہے۔ ایک کچے سے مکان کے سامنے چارپائیاں بچھی ہیں۔ ایک جگمگاتی ہوئی کار آکر رکی۔ ایک عظیم الجثہ بھاری بھرکم شخصیت نے مجھ پر سایہ کر لیا۔ مڑ کر دیکھا، منھ سے نکلا ارے ذاکر صاحب۔ میری گھبراہٹ بھانپ گئے۔ کندھے پر ہاتھ رکھ دیا، بولے "میاں صاحبزادے شادی کس جگہ؟ راستہ کدھر سے ہے، چلو میرے ساتھ۔ لڑکی کے باپ کے گھر پہنچے۔ یہ "باپ" جامعہ میں ان کا پرانا خادم تھا (جس کو ذاکر صاحب' میرے ساتھی کہا کرتے تھے) باپ سے بغلگیر ہوئے۔ وہ زنان خانے میں لے گیا" نائب صدر جمہوریہ بلا تکلف چلے گئے۔ بچی کے سر پر ہاتھ پھیرا۔ اس کے حِنّائی لگے ہاتھوں پر ایک گڈی نوٹ کی تھمائی۔ باپ سے اجازت لی اور کار واپس گئی۔ میں اس واقعہ پر حاضر تھا۔

ایک بڑے میاں جی' جامعہ کے پرانے سقہ کا انتقال ہوا۔ واللہ اعلم کس نے پریسیڈنٹ ہاؤس کو اطلاع کردی : "آپ کا ساتھی قرول باغ سے آپ کو کھلا میں آپ کے ساتھ کام کرنے والا فلاں آج اللہ کو پیارا ہوگیا"۔ شام کو ۶ بجے ہم سب جامعہ قبرستان میں بڑے میاں کو لٹا کر واپس آ رہے تھے۔ ایک جگہ سڑک پر میں جا رہا تھا۔ پھر گاڑی رکی۔ ذاکر صاحب۔ گھبرائے ہوئے جلدی میں۔ کیا فلاں صاحب کو دفن کردیا۔ جی ہاں وہیں سے آرہا ہوں۔ اچھا! ایک منٹ توقف کے بعد ڈرائیور سے بولے۔ چلو میاں واپس۔ •

# سدانند منڈل

○ جناب سدانند منڈل : پیدائش ۱۹۲۶ء
بمقام سبور ( بھاگل پور ) ، سبور اگریکلچر کالج ( بھاگل پور )
سے زراعت میں ڈگری ، سبور اور پوسا ( سمستی پور ) سے
منسلک رہے۔ اس کے بعد ۱۹۵۹ء میں راج بھون ، پٹنہ
میں شعبۂ باغبانی کے انچارج کے عہدہ پر فائز ہوئے اور
اب تک اس منصب پر فائز ہیں ۔

●●

ذاکر صاحب ایک بہت بڑے پھولوں کے پریمی تھے۔ یوں تو انھیں ہر پھول اور پودے سے پریم تھا، پرنتو گلاب سے انھیں ادھک پیار تھا۔ میں انھیں کے سمے ۱۹۵۹ء کی گارڈن سپروائزری میں آج بھو میں آیا تھا۔ پرنتم ساکچھار[1] کے دن ہی مجھے ان کے آرام کچھ میں پہنچا یا گیا کیونکہ اس دن ان کی کچھ طبیعت ٹھیک نہیں تھی۔ میرے پہنچنے پر وہ اٹھ کر بیٹھے اور مجھ سے بھی بیٹھنے کو کہا گیا۔ اس کے بعد وہ باغبانی سمبندھی[2] انیکوں[3] سوال پوچھے جو مجھے ٹھیک ٹھیک یاد نہیں آرہے ہیں، جو یاد ہے وہ اس پرکار ہے۔ ابھی تک کتنے پرکار[4] کے گلاب نکالے گئے ہیں؟ اور کون کون؟ میں صرف ۱۴ قسموں کے نام اور رنگ ہی بتا پایا تھا۔ گلاب کے پودے کن کن طریقوں سے بنائے جاتے ہیں؟ اس پر میں نے کل ۱۱ طریقے بتائے اور یہ بھی کہہ دیا کہ یہ سبھی طریقے کتابی ہیں اور کامیابی ہے بھی تو ودیشوں میں ہی ہوتی ہے (ٹھنڈی جگہوں میں) بہار میں نہیں۔ یہاں کے لئے تین، چار طریقے ہی کام میں لائے جاتے ہیں۔ اس پر وہ ہنس پڑے اور بولے تم ٹھیک کہتے ہو، میں نے بھی آزما کر دیکھا ہے، تین چار طریقے ہی یہاں کے لئے اُپیکت[5] ہیں۔ اس سمے میری بحالی کا آدیش انھوں نے دیدیا۔ دوسرے دن مجھے پھر صبح آٹھ بجے بلایا گیا اور ایک ویران جنگل دکھایا گیا جو شیشم، سپریس، جامن اور کئی پرکار کی جھاڑیوں سے بھرا تھا۔ اسے دکھاتے ہوئے مجھے کہا گیا کہ اس جنگل کو منگل میں بدل دو، ایسے گارڈن میں بدلو کہ جو لوگ ادھر آنے سے ڈرتے ہیں، وہ یہاں آکر بیٹھیں اور ان کے سہیوگ سے ہوا بھی ایسا کہ وہ ویران جنگل 'ذاکر کیاری' کے نام سے پرسدھ[6] ہوا۔ اسی سمے کی بات ہے کہ اس واٹیکا[7] کے لئے کچھ وشیش[8] گوبر کھاد کی آوشیکتا[9] تھی جس کے لئے میں سکریٹری صاحب سے کئی بار بول چکا تھا۔ پر اپنے ویست کاریہ وش وہ بھولتے رہے۔ ایک دن ذاکر صاحب اوپر سے اترتے ہی پہلے وہیں پہنچے جہاں کھاد کی آوشیکتا تھی۔ پہنچتے ہی وہ کھاد کے بارے میں پوچھے، تو میں نے کہا نہیں صاحب ابھی تک وہ نہیں آیا ہے۔ سنتے ہی وہ گمبھیر ہو گئے اور چپراسی کو بلوائے اور بولے کہ آج میں آفس کا کام اسی

---

۱- انٹرویو ۲- متعلق ۳- متعدد ۴- طرح ۵- مستقل مناسب ۶- مشہور ۷- پھلواری

۸- خاص ۹- ضرورت ۱۰- [illegible]

گارڈن میں کردوں گا۔ اس لئے میرے بیٹھنے کا انتظام اسی گارڈن میں کر دیا جائے اور ہوا بھی ویسا ہی۔ جب سکریٹری صاحب کو معلوم ہوا تو وہ ان سے ملنے آئے، پر وہ ان سے ملنے سے انکار کر دیئے۔ اس دن سے وہ نیمہ[1] پرتی[2] دن صبح سات بجے وہ گارڈن میں آجاتے تھے اور پورے گارڈن نرسری وغیرہ ہوتے ہوئے جنگل کی بھی سیر کرتے تھے۔ اسی بیچ جتنے بھی پیڑ پودے دیکھتے تھے سبھوں کا نام ساتھ میں رہنے والے چپراسی اور اسپیشل گارڈ کے سپاہی سے بھی پیڑ پودے کا نام پوچھتے جاتے تھے اور برابر یہی کہتے جاتے تھے کہ ویکتی[3] کو ہر چیز کی جانکاری رکھنی چاہیئے چاہے وہ مالی ہو یا مزدور، یا سپاہی۔

ان کے باہر جانے یا آنے کے سمے انھیں ہمیشہ ایک گلاب کا بٹن دیا جاتا تھا۔ پھول لینے کے بعد وہ ہمیشہ شکریہ ادا کرتے تھے۔ ساتھ ہی ساتھ اپنا اور پریوار کا خیریت وہ ادشیہ[4] ہی پوچھتے تھے، کیسے ہیں تمھارے بچّے، سب کیسے ہیں اتیادی[5]۔ ایسے تو کبھی کسی پر بگڑتے نہیں تھے۔ یدی[6] وہ کسی پر بگڑتے تھے تو سلامی دینے پر سلامی نہیں لیتے تھے تبھی ہم لوگ سمجھ جاتے تھے کہ ہم لوگوں سے کچھ غلطی ہوئی ہے جس سے کہ وہ ناراض ہیں۔ گھومتے گھومتے جب ان کا کرودھ[7] شانت ہو جاتا تھا تو وہ سمجھاتے تھے کہ تم سے اس پرکار کی غلطی ہوئی ہے جو بھوشیہ[8] میں نہیں ہونا چاہیئے۔

وہ ایک بہت بڑے ادھان[9] دشیشگیہ بھی تھے۔ وہ ہمیشہ ادھان کی بڑی بڑی پستکیں پڑھتے رہتے تھے، وہ اپنے بیڈ روم کے برآمدے میں گوبر، کھاد، مٹّی، بالو، آرگنیز کھاد اور سو پچاس گملے ہمیشہ رکھتے تھے اور فرصت پانے پر خود اپنے سے بیج بونا، پودہ لگانا، کٹنگ کاٹنا، کھاد اور پانی دینا اتیادی سب کیا کرتے تھے۔ ان گملوں میں کسی بھی مالی یا انیہ ویکتیوں کو پانی یا کوئی کرنے کی سخت مناہی تھی۔ وہ اپنے سبھی بچّوں کو بھی ۲۵-۲۵ گملے دیدیتے تھے جس کی دیکھ ریکھ بچّے خود ہی کرتے تھے اور تب وہ اپنے بچّوں کے اور گارڈن کے گملوں سے ملاتے تھے کہ کون سا پھول اچھا ہے اور کون سا پھول خراب ہے۔ انت میں خود کہتے تھے کہ پریکٹیکل اور تھیوری میں بہت ہی انتر ہے۔ اس کے بعد سارے گملے وہ ہم لوگوں کے حوالے کر دیتے تھے۔ ●●

---

۱- پابندی ۲- ہر دن ۳- آدمی ۴- فرور ۵- وغیرہ- ۶- اگر ۷- غصّہ

۸- مستقبل ۹- باغبانی-

# حکیم محمد اشرف کریم

[• حکیم اشرف کریم : پیدائش مئی ۱۹۲۳ء۔ مدرسہ اسلامیہ شمس الہدیٰ سے فاضل، ۱۹۴۴ء میں گورنمنٹ طبی کالج پٹنہ سے گریجویشن، ۱۹۵۳ء میں گورنمنٹ طبی کالج پٹنہ میں بحیثیت لکچرر تقرر ہوا۔ ۱۹۷۰ء میں پرنسپل کے عہدے پر فائز ہوئے۔ اور ۱۹۸۲ء میں ریٹائر ہوئے۔]

○

گورنمنٹ طبی کالج پٹنہ کے مسائل کے حل کے لئے جناب ذاکر حسین صاحب سے طبی کالج کا ایک وفد ملا۔ جس میں جناب حکیم عبدالاحد صاحب پرنسپل جناب حکیم عبدالشکور صاحب مرحوم سینئر پروفیسر اور تیسرا یہ خادم بھی شامل تھا۔ جناب ڈاکٹر ذاکر حسین مرحوم سے گورنر ہاؤس بہار میں ۱۹۵۸ء میں میری پہلی ملاقات تھی۔ ذاکر صاحب مرحوم نے ہم لوگوں کی باتیں اور مطالبات بڑی توجہ سے سُنے اور مداخلت کر کے کسی حد تک پورے کئے۔

میری دوسری ملاقات ۱۹۵۹ء کے اوائل میں گورنر ہاؤس ہی میں ہوئی۔ اس مرتبہ بھی جناب حکیم عبدالاحد صاحب پرنسپل وفد کے قائد تھے۔ ہم لوگوں نے ۲ فروری ۱۹۵۹ء کو گورنمنٹ طبی کالج پٹنہ میں "اجمل ڈے" منعقد کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ جس کے افتتاح کے لئے اُن سے گذارش کی گئی۔

" اجمل ڈے کے شاندار پنڈال میں مختلف مقررین کے علاوہ خود ذاکر صاحب کی بہت مؤثر افتتاحی تقریر ہوئی جس سے ذمہ داران حکومت خصوصاً اُس وقت کے وزیر صحت شری بیر چند پٹیل بہت متاثر ہوئے۔ اس جلسہ کے بعد ہی وزیر موصوف نے طبی کالج پٹنہ کو ایک دو منزلہ پختہ عمارت الاٹ کر دی جس میں الکٹرک، واٹر پائپ اور فون کی ساری سہولتیں حاصل ہیں۔

ان سے میری تیسری ملاقات شملہ میں ہوئی تھی، جبکہ انھوں نے نائب صدر جمہوریہ ہند کی حیثیت سے آل انڈیا یونانی طبی کانفرنس دہلی کے سالانہ اجلاس منعقدہ شملہ کا افتتاح فرمایا تھا۔ ●●

# شاہد رام نگری

شاہد رام نگری صاحب پیدائش ۲۳ر اکتوبر ۱۹۲۷ء رام نگر، بنارس۔ تعلیم و تربیت والد مولانا ابو محمد امام الدین رام نگری کے زیر سایہ مکمل ہوئی۔ ادب و صحافت کا ذوق ورثہ میں ملا۔ ۱۹۵۵ء میں پٹنہ آ گئے اور روزنامہ ساتھی کے ادارے سے وابستہ ہو گئے۔ پھر اپنی صحافتی زندگی میں مختلف روزناموں اور ہفتہ وار اخبارات کی ادارت کی۔ ابوالکلام اکادمی کا القلم ان میں قابل ذکر ہے۔ آج کل امارت شرعیہ کے ترجمان "نقیب" کے مدیر اعلیٰ کی ذمہ داری سنبھالے ہوئے ہیں۔

●●

○

ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب سے ملاقات یا بالمشافہ گفتگو کا موقع مجھے کبھی نہیں ملا۔ جب وہ بہار کے
نامزد ہوئے تو اس وقت میں روزنامہ 'ساتھی' کی ادارت سنبھال چکا تھا۔ مولانا آزاد کے انتقال کے بعد بہا
عبدالقیوم انصاری، ابوالصد محمد نور اور سید محمد عقیل وغیرہ کی مشترکہ کوششوں سے ابوالکلام اکادمی کا قیام
میں آیا، تو گورنر ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب اور وزیر اعلیٰ شری بابو سے اس کی سرپرستی قبول کرنے کی درخواست
گئی جو انھوں نے منظور کر لی۔ ابوالکلام اکادمی کی افتتاحی تقریب شاندار پیمانے پر منعقد ہوئی۔ اس میں شری با
اور ذاکر صاحب دونوں شریک ہوئے۔ ذاکر صاحب نے مختصر مگر بڑی مؤثر تقریر کی۔ ان کی تحریر اور تقریر دونو
میں یکساں یہ خصوصیت تھی کہ سادہ الفاظ اور چھوٹے چھوٹے جملوں میں بڑی باتیں کہہ جایا کرتے تھے۔ وہ قاری
سامع کے ذہن کو مرعوب کرنے کے لیے بھاری بھرکم الفاظ استعمال نہیں کرتے تھے۔ ابوالکلام اکادمی کی افتتا
تقریب میں ہی مجھے پہلی بار ذاکر صاحب کو قریب سے دیکھنے اور سننے کا موقع ملا۔

ابوالکلام اکادمی نے مولانا آزاد کی یاد میں ہفت روزہ 'الکلام' جاری کرنے کا فیصلہ کیا۔ ا
کی ادارت بھی میرے ہی سپرد ہوئی۔ میں صحافت کے میدان کا نووارد تھا۔ بہرحال جتنی بھر صلاحیت تھی میں نے ب
محنت سے 'الکلام' کو مرتب کیا۔ دو شمارے منظرِ عام پر آنے کے بعد ایک دن انصاری صاحب اور نور صاحب دو
دفتر ساتھی میں آئے۔ انصاری صاحب نے ہنستے ہوئے مبارکباد دی اور کہا کہ آپ امتحان میں پاس ہو گئے۔ ان
میں سمجھ نہیں پایا، پوچھا کیسا امتحان؟ بولے کل شب ہیں سر سلطان کے یہاں ایک تقریب کے سلسلے میں ہم لو
کی دعوت تھی۔ ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب بھی آئے تھے۔ انھوں نے مجھے خاص طور پر بلا کر 'الکلام' کے اجرا
مبارک باد دی اور معیار کو سراہتے ہوئے اطمینان کا اظہار کیا۔ اس وقت مجھے بھی بڑی خوشی ہوئی کہ مجھ جیسے ا
کی کوشش کو ذاکر صاحب جیسے باذوق اور صاحب نظر نے پسند کیا اور سراہا۔ اس کے بعد بات چیت کا س
آگے بڑھا تو انصاری صاحب نے بتایا کہ جب 'الکلام' کے اجرا کا پروگرام ہم لوگوں نے بنایا اور اس سے ذاکر صاحب
آگاہ کیا تو انھیں بڑا تامل ہوا۔ بولے کہ اخبار کے معاملے میں مولانا آزاد بڑے باذوق تھے اور ان کا معیار بہ

بلند تھا۔ اگر اخبار معیاری نہ ہوا تو اس سے مولانا کی روح کو تکلیف ہوگی۔ چونکہ یہ اخبار ان سے منسوب ہوگا اس لئے نکلے تو ہر لحاظ سے معیاری ہو، ورنہ بہتر ہے کہ نکالا ہی نہ جائے۔ انصاری صاحب نے کہا کہ اس انتباہ کے بعد ذاکر صاحب کا اظہار پسندیدگی کوئی معمولی بات نہیں۔ تب مجھے اور زیادہ خوشی ہوئی، ویسی ہی خوشی جیسی طالب علموں کو امتحان پاس کرنے پر ہوتی ہے اور واقعی اس وقت صحافت کے میدان میں میری حیثیت طالب علم ہی کی تھی۔ مولانا آزاد کے مداحوں میں غلام رسول مہر، شورش کاشمیری، حامد الانصاری غازی، مولانا فارقلیط اور عبد الرزاق ملیح آبادی جیسے صحافی موجود تھے۔ یہ اتفاق ہی تھا کہ ابوالکلام اکادمی کی معاونت میں پہلے نہ نکلنے کی اور "الکلام" کی ادارت کی سعادت میرے حصہ میں آئی۔

مولانا آزاد اور ذاکر صاحب کے بارے میں میرا ایک عام تاثر یہ ہے کہ ان کے جاننے والے تو بہت ہیں مگر جاننے کم ہی لوگ ہیں۔ میں نے اچھے خاصے پڑھے لکھے سمجھدار لوگوں کی زبان سے یہ بات سنی ہے کہ مولانا آزاد زندگی کے آخری دنوں میں مایوسی کا شکار ہو کر خیر بلب ہو گئے تھے اور ذاکر صاحب میدان عمل چھوڑ کر راشٹرپتی بھون کے گوشۂ عافیت میں جا بیٹھے تھے۔ اس کے برعکس میرا تاثر یہ ہے کہ اگر مولانا آزاد اور ذاکر صاحب نہ ہوتے تو آج جیسا ہندوستان ہمارے سامنے ہے ویسا نہ ہوتا بلکہ ہم اس ہندوستان میں رہ رہے ہوتے جس کا خاکہ سردار پٹیل اور گرو گولوالکر کے ذہن میں تھا۔ جواہر لال نہرو، گاندھی جی کے دباؤ سے وزیر اعظم کی حیثیت سے قبول کر لئے گئے تھے، لیکن نہ تو پارٹی ان کے ہاتھ میں تھی اور نہ حکومت میں ان کی بات چلتی تھی۔ ہوتا وہی تھا جو سردار پٹیل چاہتے تھے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ عوام میں جو مقبولیت اور محبوبیت نہرو جی کو حاصل تھی اس کا کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا تھا اور اسی لئے جب کبھی اپنی بات منوانے کے لئے نہرو جی اپنی شخصیت کو داؤں پر لگا دیتے تھے تو سردار پٹیل کو جھک جانا پڑتا تھا۔ سردار پٹیل کے ذہن میں ہندوستان کا جو نقشہ تھا اس کی عکاسی ہندو، ہندی، ہندوستان کے نعرے سے ہوتی ہے۔ اس نقشے میں مسلمانوں کے لئے کوئی جگہ نہیں تھی۔ ان کی دلیل یہ تھی کہ مسلمان اپنا حصہ لے کر الگ ہو گئے" اب جو ہندوستان بچا ہے اس کو ویسا بنانا ہوگا جیسا ہندو چاہتے ہیں۔ جبل پور کے فساد کے بعد "نو بھارت ٹائمز" نے فسادات کی جڑ کے عنوان سے مضامین کا ایک سلسلہ شروع کیا تو مشہور صحافی وشنو لال پر بھاکر نے اپنے ایک مضمون میں بڑی صاف گوئی سے کام لیتے ہوئے اس بات کی نشاندہی کی کہ ان فسادات کے پیچھے کون سی ذہنیت کام کر رہی ہے۔ پربھاکر جی نے لکھا تھا کہ بٹوارے کے بعد ہندوستان میں مسلم کشی کا جو طوفان آیا اس کی قیادت میدان میں

آر، ایس، ایس والے اور حکومت میں سردار پٹیل کررہے تھے۔ جب سارا شمالی ہندوستان مسلمانوں کے خون سے نہا گیا اور دنیا بھر میں رسوائی ہونے لگی تو سردار پٹیل نے آر، ایس، ایس کے لوگوں کو بلا کر کہا کہ اپنا ہاتھ روک لیں۔ یہ چار کروڑ مسلمان جو ہندوستان میں رہ گئے ہیں ان کو یہیں رہنا ہے۔ نہ تو ان سب کو تہ تیغ کرنا ممکن ہے اور نہ ان سب کو لاد کر سرحد پار پہنچایا جا سکتا ہے۔ اس لئے کرنا صرف یہ ہے کہ انھیں ہندوستان میں اس طرح دبا دیا جائے لیکن اس طرح جیسے زہر کا دانت نکالا ہوا سانپ رہتا ہے۔ یہ بھاگر جی کا خیال تھا کہ مسلم کش فسادات زہر کا دانت توڑنے کے عمل کا ہی ایک حصّہ ہے۔

اس بظاہر غیر متعلق تفصیل کا مقصد اس جملے کا پس منظر پیش کرنا ہے کہ اگر مولانا آزاد اور ذاکر صاحب نہ ہوتے تو آج جیسا ہندوستان ہمارے سامنے ہے، ویسا نہ ہوتا۔ یہ دونوں غیر معمولی صلاحیتوں کے انسان تھے۔ ان کی خدمات اور کارہائے نمایاں کی فہرست بڑی طویل ہے، لیکن ان کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ انھوں نے اس بازی کو پلٹ دیا جو مسلمان پوری طرح ہار چکے تھے۔ بے سروسامانی کی حالت میں بھاگتے ہوئے مسلمانوں کو انھوں نے آواز دی "کھیل ختم نہیں ہوا ہے تم صرف ایک مہرہ ہارے ہو۔ تمھیں ہندوستان کی اور ہندوستان کو تمہاری ضرورت ہے۔ نئے ہندوستان کی تعمیر میں تمھیں اہم کردار ادا کرنا ہے۔" اس آواز پر اکھڑے ہوئے پاؤں پھر سے جم گئے۔ ۱۹۴۷ء میں چار کروڑ مسلمان ہندوستان میں تھے۔ آج ۱۹۸۲ء میں دس کروڑ مسلمان رہ رہے ہیں۔ کوئی کہتا ہے کہ اصل تعداد پندرہ کروڑ ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ پاکستان کے مقابلے میں ہندوستان میں ڈیوڑھی یا دوگنی تعداد میں رہ رہے ہیں ان میں ہمت ہے، حوصلہ ہے، عزم ہے۔ وہ شکست خوردہ ملت کی طرح نہیں، نبرد آزما گروہ کی طرح میدان میں ڈٹے ہوئے ہیں۔

کبھی کبھی چپ رہنا بولنے سے زیادہ فائدہ مند ہوتا ہے۔ ذاکر صاحب جیسے لوگوں نے جواہر لال نہرو کے ساتھ مل کر انتہائی ناموافق حالات میں جو کام کیا دراصل وہ خاموشی سے ہی کرنے کا کام تھا اگر وہ دادِ تحسین کے لئے اپنے کاموں کا پروپیگنڈہ کرتے ہوتے تو وہ نہ کر پاتے۔ مخالف زیادہ منظم اور طاقتور رہتے، اس لئے کھلے میدان میں مقابلہ کرنے کے بجائے انھوں نے خاموشی سے کام کرنے کی حکمت عملی اختیار کر لی۔ انھیں نہ داد و تحسین کے پھولوں کی حاجت تھی، نہ تنقید و تنقیص کے نشتروں کا خوف۔ البتہ بعض اسباب کا قلق ضرور ہے کہ وہ کم نظر اور بے بصیرت لوگوں کے درمیان پیدا ہوئے جو وقت اور حالات کے تقاضوں کو بھی سمجھنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔

●●

# اکمل یزدانی جامعی

جناب محبوب الرحمٰن اکمل یزدانی : (پ ۱۹۲۹ء)
(بوناسی ضلع پورنیہ جہاں آپ کے آباء واجداد ایران
سے آکر آباد ہوئے تھے) ۱۹۴۳ء میں میٹریکولیشن ،
۱۹۴۷ء میں (سی۔ ایم کالج دربھنگہ) آئی۔ اے اور
۱۹۴۸ء میں جامعہ سے گریجویشن کیا۔ ۱۹۵۰ء میں آگرہ
یونیورسٹی سے معاشیات میں ایم۔ اے کیا۔ ۵۲ تا ۱۹۵۵ء
آئینہ، عمل، انسان اور ساحل مختلف اخبارات و
رسائل کی ادارت کے فرائض انجام دیئے۔ ۱۹۵۵ء سے
دیدار بخش ہائی اسکول بیرنگر، پورنیہ میں ہیڈ ماسٹر ہیں۔
(۱۹۵۸ء میں پٹنہ ٹریننگ کالج سے ڈپ۔ ان۔ ایڈ کیا)
آپ ایک درجن سے زائد کتابوں کے مصنف ہیں
جن میں سے "پورنیہ پر فوجداروں کی حکومت" بہار اردو اکادمی
کے مالی تعاون سے شائع ہو چکی ہے۔ باقی کتابیں غیر مطبوعہ
ہیں۔ انگریزی اور اردو میں آپ کے متعدد مقالات شائع
ہوئے ہیں۔

●●

بیرنگر ضلع پورنیہ (بہار) کے سب ڈویژن ارریہ کے قدیم تھانہ رانی گنج اور جدید تھانہ بھرگاما میں واقع ہے۔ ضلع پورنیہ کے صدر مقام سے اس کی دوری ۲۰ میل اور سب ڈویژن کے صدر مقام ارریہ سے بھی تقریباً اتنے ہی میل ہے۔ تقریباً دو سو سال تک دریائے کوسی کے غیض و غضب کا شکار یہ دور افتادہ علاقہ اس کے چنگل سے رہائی کے بعد عرصہ تک فیل قد اور گنجان گھاس اور گھنے جنگلات سے بھرا رہا اور شیر، چیتے، جنگلی ہرن اور دوسرے جنگلی جانوروں کی آماجگاہ بنا رہا اور شکاریوں کی فردوس کہلاتا رہا۔ البتہ مویشیوں کی چراگاہ ہونے کے سبب سے یہاں کا گھی مشہور تھا جو مویشی پالنے والوں کے معرفت میں برائے نام ہی آتا۔ رانی گنج سے کلکتہ وغیرہ کو برآمد کیا جاتا تھا۔ اسی لیے اکثر پرانے اور کچھ نئے جغرافیہ میں رانی گنج کا گھی مشہور ہونا لکھا گیا ہے ۔ دوسری چیز جس کے لیے اس طویل و عریض علاقہ رانی گنج خصوصاً علاقہ بیرنگر نے شہرت پائی تھی وہ اس کا ہر جہتی پچھڑا پن ہے۔ جس نے اب تک اس کا ساتھ نہیں چھوڑا ۔ ڈاکٹر صاحب ۱۹۵۹ء کی ۱۸ فروری کو اسی بیرنگر نامی مقام پر تشریف فرما ہوئے، وہ اس وقت بہار کے گورنر تھے۔

وائس چانسلر بنا کر وہ علیگڑھ بھیجے جانیوالے تھے اس لیے جامعہ میں، ان کی زیارت و ملاقات کا موقع ملا مگر جتنا بھی ملا ان کی ذات گرامی سے گہری عقیدت کی بنیاد پر ان کی ایک ایک بات میرے دل میں گھر کرتی اور ان کی ایک ایک ادا بھاتی رہی، وہ علیگڑھ چلے گئے جو میرے لیے ایک بڑا سانحہ تھا۔ جامعہ بے مزہ معلوم ہونے لگی، مگر یہ ناکارہ، جب بھی وہ جامعہ آتے اپنے متعلق ان سے مشورہ کرتا رہتا تھا۔ وہ علیگڑھ چلے گئے تو وہاں جا کر بھی اپنے متعلق مشورہ کرتا اور وہ بیحد شفقت و محبت سے مجھے اپنی گراں قدر آراء سے نوازتے رہتے۔ میں نے معاشیات میں ایم۔ اے انہی کے حکم سے کیا اور تعلیمی کام کو پیشہ بنایا۔

جامعہ میں انھوں نے یہ روایت قائم کر رکھی تھی کہ طلبا اساتذہ سے بے تکلف ہوں اور کھل کر باتیں کریں۔ کلاس میں بھی، سر راہ بھی، کھیل کے میدان میں بھی اور کوٹھی پر جا کر بھی۔ جامعہ کے اساتذہ کے دروازے ہر وقت طلبا کے لیے کھلے رہتے ایسے میں موقع محل کی قید کم تھی، بے موقع بھی وہ ان سے مل سکتے تھے۔ میرے ایک

رست ہیں مولوی زین العابدین صاحب ندوی جامعی پورنوی۔ میرا ان کا ہمیشہ ساتھ رہتا تھا۔ پروفیسر کلاف صاحب
نسپل جامعہ کالج، عابد حسین صاحب، پروفیسر عاقل صاحب، مولانا اسلم جیراج پوری، خواجہ عبدالحی فاروقی
شیخ الجامعہ، پروفیسر مجیب صاحب، پروفیسر قیصر زیدی صاحب سب کے ہاں جانا ہوتا۔ ان کے ملنے میں وقت
بے وقت کی قید نہیں تھی۔ وہ حضرات اس قدر عالی ظرف تھے کہ ۱۲ بجے، ایک بجے گرمیوں کے دنوں میں بھی جبکہ
دنے کا وقت ہوتا تھا، طلبا ان کا دروازہ کھٹکھٹاتے مگر ان کے ابرو پر شکن نہ آتا۔ ہم اور زین العابدین صاحب
نا اساتذہ کے اِذن عام سے فائدہ اٹھا کر ان کو دق کرنے کے لیے کوٹھی پر جا دھمکتے، دستک دینے پر سب کے
ں سے ایک ہی قسم کی آواز آتی "بہت اچھا" اور دروازہ کھل جاتا، خود ہی السّلام علیکم کہکر دروازہ کھولتے
رڑی خندہ پیشانی اور بڑے تپاک سے ہم بدتمیزوں اور گستاخوں کا خیر مقدم ہوتا۔ بسکٹ، چائے، پھل
سے تواضع تو ہوتی ہی تھی۔ گھنٹوں متعلق، غیر متعلق، پبلک پرائیوٹ، مقامی غیر مقامی ہر طرح کی باتیں کرتے
ران کا مناسب اور تشفی بخش جواب ملتا۔ ان حضرات کو خواہ ہم کتنے ہی بے وقت پہنچے ہوں، یا باتوں
یں کتنی ہی دیر ہو رہی ہو، یہ فرماتے نہیں سُنا کہ اب تشریف لے جائیے۔ روایت یہ تھی کہ جامعہ کے خواہ
کتنے ہی بڑے عہدے والے یا استاد کے ہاں خواہ کسی درجہ کا طالب علم یا آدمی پہنچے، وہ حضرات سلام میں
سبقت کی کوشش فرماتے، بیٹھے ہوں تو سرو قد کھڑے ہو جاتے اور آنے والے کو بٹھا لینے کے بعد خود تشریف
رکھتے۔ جہاں تک اس ناکارہ کا گمان ہے اس روایت کے موجد ذاکر صاحب ہی تھے اور جیسا کہ دیکھنے کا
اتفاق ہوا، وہ ان کو برتنے میں سب سے آگے تھے۔ ان کو سلام کر لینا کوئی آسان بات نہ تھی۔ ذاکر صاحب
نظریں نیچی کئے ہوئے چلے آ رہے ہیں آپ ابھی دور ہی ہیں اور سلام کرنے کی تیاری ہی کر رہے ہیں کہ ادھر
سے قرأت کے ساتھ اچانک السّلام علیکم کی آواز آ گئی اور آپ منہ دیکھتے ہی رہ گئے'۔

جامعہ کی ایک روایت یہ بھی تھی کہ گاہے بگاہے طلبا اپنے اساتذہ کی دعوت کیا کرتے تھے۔ جن
ن کی دعوت ہوتی وہ مقررہ وقت پر تشریف لاتے۔ حسبِ موسم ناشتہ، لسی، چائے وغیرہ سے ان کی تواضع
دی۔ طلبا کا کچھ تفریحی پروگرام ہوتا تھا۔ مثلاً گانے کا، کھیل کا۔ اساتذہ کھیل اور کھانے دونوں میں شریک ہوتے
ور مل جل کر کھیلتے کھاتے۔ گھنٹہ دو گھنٹے کا پروگرام ہوتا تھا۔ ایک مرتبہ غفار منزل کے کالج کے طلبا نے جن میں میں
بھی شامل تھا اساتذہ کی دعوت کی۔ ذاکر صاحب، مجیب صاحب اور دو ایک اساتذہ تشریف لائے۔ ہم لوگوں
نے مختلف پھلوں، شربت، لسی اور طرح طرح کی چیزوں سے ان کی تواضع کی۔ تاش، لوڈو، کیرم بورڈ وغیرہ کا کھیل بھی

ساتھ ساتھ چلتا رہا۔ کسی جماعت میں مجیب صاحب شریک ہوئے، کسی میں اور اساتذہ۔ کچھ طلبا کے ساتھ ذاکر صاحب الگ بیٹھ گئے اور بنفس نفیس تاش کا کھیل دکھانے لگے۔ ان کو تاش کے بہت سے کھیل آتے تھے۔ گراموفون بھی بج رہا تھا، اس میں ایک گانا ایسا تھا جو فحش تو نہیں تھا، جامعہ کے لحاظ سے غیر معیاری ضرور تھا۔ ذاکر صاحب ہنسی خوشی کھیلتے کھاتے رہے۔ مطلق پتہ نہ چلنے دیا کہ ان کو ناگوار ہو رہا ہے۔ جب مجلس ختم ہوگئی اور ہم لوگ ان لوگوں کو پہنچانے کے لئے دور تک ساتھ ساتھ گئے" تو کانوں کان مجلس کے سکریٹری سے کہا گیا کہ سکریٹری کو ہر چیز کا خیال رکھنا چاہیئے۔ مجلس میں کوئی بھدی چیز پیش نہیں کرنی چاہیئے۔

ذاکر صاحب فطرتاً تعلیمی آدمی تھے۔ وہ فرمایا کرتے تھے "استاد کو طلبا کا ادب و احترام کرنا چاہیئے۔" اس کو وہ بنیادی اصول کہتے تھے۔ اپنی تعلیمی تقریروں میں بھی وہ اس بات پر بڑا زور دیتے تھے۔ ایک تقریر میں انہوں نے جہاں تک یاد ہے یہ فرمایا: "استادوں سے بھی میری یہی التجا ہے کہ آپ بھی اپنے شریف کام کا بنیادی اصول اسی ادب و احترام کو بنائیں۔ یہ اصول ذہن نشین ہوگیا تو تعلیم کے کام میں آپ کا سارا رویہ بدل جائے گا۔" یہ اصول غالباً انھوں نے ان حدیثوں سے لیا تھا جس میں کہا گیا ہے کہ اولاد کا اکرام کیجیے۔ اَکرِمُوا اَولَادَکُم اور یہ کہ جو بڑوں کا ادب نہ کرے اور چھوٹوں پر شفقت نہ کرے، وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ ان کو اس اصول پر سختی سے اربند پایا۔ وہ سلام میں سبقت کرتے۔ طلبا کی عزت فرماتے۔ ملنے والا ان سے مل کر یہ سمجھتا تھا کہ میں بھی کوئی اہمیت رکھتا ہوں۔ جب کبھی ان سے ملنے کا شرف ہوا، خواہ تخلیہ میں، خواہ مجلس میں ایسا لگا جیسے وہ اس حقیر کو اپنے سے بڑا تصور کر رہے ہوں۔ معلمی کے دور میں بھی یہ بات دیکھی اور جب وہ سرکاری عہدے پر فائز ہوئے یہی بات نظر آئی۔ ملنے جایئے تو سلام کرنا اور کھڑا ہو جانا، بٹھا لینا پھر بیٹھنا۔ خاص طور پر طالب علموں اور تعلیم دینے والوں کی بڑی قدر کرتے تھے۔ ان کو بہت اہمیت دیتے اور چاہتے تھے کہ دوسرے لوگ بھی ان کی قدر کریں، ان کو معزز و محترم سمجھیں۔

جب ذاکر صاحب بہار کے گورنر تھے، ایک بار گورنر ہاؤس پٹنہ میں ان سے ملنے گیا۔ دیر تک تعلیمی مسائل پر بات کرتے رہے۔ نصیحت فرماتے رہے۔ وقت مقررہ ختم ہوا تو ان کا اے۔ ڈی۔ سی آہستہ سے دروازہ کھول کر اندر آیا۔ مجھ پر غالباً یہ ظاہر کرنا تھا کہ تمھارا وقت ختم ہو چکا۔ ذاکر صاحب کو اس ناچیز سے باتوں میں منہمک دیکھ کر چلا گیا۔ ذاکر صاحب نے گفتگو کا سلسلہ جاری رکھا۔ بہت دیر کے بعد پھر اے۔ ڈی۔ سی مخل ہوا اور یہ کہا کہ سری بابو (شری کرشن سنہا، وزیر اعلیٰ بہار) آگئے ہیں، دیر سے منتظر ہیں۔ یہ انہیں کا

وقت تھا۔ ذاکر صاحب اور باتیں کرتے رہے۔ اب یہ احساس ہوا کہ ذاکر صاحب میرا دل توڑنا نہیں چاہتے مگر یہ وقت دوسرے کا ہے۔ میرا وقت بہت دیر پہلے ختم ہو چکا ہے۔ لہٰذا بول اٹھا کہ اب اجازت ہو۔ فرمایا بہت اچھا پھر کب ملے گا؟ اور میرے کاندھے پر ہاتھ ڈالتے ہوئے باہر نکل کر دو چار باتیں نصیحت اور رازداری کی کرتے رہے۔ باہر ان کے ملے۔ ڈی۔سی سکریٹری اور دوسرے لوگ مجھے گھورتے رہے کہ آخر یہ حقیر فقیر جیسا آدمی ہے کون جسکی اتنی پذیرائی ہو رہی ہے۔ میں سلام کرکے چلا آیا۔ بعد میں میں نے سوچا کہ انھوں نے ایسا یہ ظاہر کرنے کیلئے کیا کہ ان کی نظر میں مجھ جیسے نالائق اور حقیر شاگرد اور گھٹیا درجہ کے استاد کی بھی اہمیت کسی بڑے سیاسی آدمی یا حکومت کے کسی سربراہ سے کم نہیں بلکہ زیادہ ہے۔

اسی طرح ۱۸ فروری ۵۹ء کو جب وہ بیرنگر سے پورنیہ لوٹ گئے، تو دوسرے دن یعنی ۱۹ فروری ۵۹ء کو ضلع بھر کے مختلف طبقہ اور پیشہ کے لوگوں کے وفود سے انھوں نے ملاقات کی۔ باری باری سے لوگ بلائے جاتے رہے اور ملاقاتیں ہوتی رہیں۔ ضلع بھر کے پرائمری، سکنڈری، کالج وغیرہ کے نمایندے بھی باری باری سے ان سے ملے۔ جب وکلاء کے نمایندوں کے گروپ سے وہ باتیں کر رہے تھے، اس بیچ میں پرائمری اسکول کے نمایندے بھی آگئے۔ قریب کی جگہ پر دیکھ کر دور جا کر بیٹھ گئے۔ جب ذاکر صاحب کو بتایا گیا کہ پرائمری کے اساتذہ کا گروپ آگیا ہے، تو انھوں نے ان اساتذہ کو اپنے قریب یہ کہکر بلایا کہ آپ حضرات اِدھر تشریف لائیے۔ آپ میری برادری کے آدمی ہیں۔ ذاکر صاحب مختلف اعلیٰ عہدوں پر رہتے ہوئے بھی اپنا شمار اساتذہ کے ساتھ کرانا پسند کرتے تھے اور ان کے اعزاز و اکرام کا لحاظ رکھتے تھے۔ انھیں سماج میں سب سے اونچی جگہ پر دیکھنا چاہتے تھے۔

ذاکر صاحب بیرنگر تشریف فرما ہوئے تو ایک پبلک جلسہ بھی رکھا گیا تھا۔ ہزاروں کا مجمع تھا۔ سودھا سنوجی آنجہانی صدر جلسہ تھے۔ جب سپاسنامہ پڑھا جا چکا اور ذاکر صاحب نے اس کے جواب میں تقریر شروع کی تو اس طرح شروع کی کہ "محبوب الرحمٰن صاحب، سبھا پتی جی، بزرگو اور دوستو!" میرے نام سے تخاطب کے آغاز کا مطلب غالباً یہ تھا کہ اس ناکارہ کی احساس کمتری دور ہو اور لوگ مجھے جان جائیں۔ پھر انھوں نے یہ فرمایا کہ "محبوب الرحمٰن میرے عزیز شاگرد ہیں اور چونکہ اس پسماندہ علاقہ میں وہ تعلیمی کام کر رہے ہیں، میں ان کو اور ان کے تعلیمی کام کو دیکھنے کی وجہ سے یہاں آیا ہوں۔" انھوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ "ان کی ہمت افزائی کیجیے، ان کا دل بڑھائیے۔ ان کے کام میں ان کی مدد کیجیے تاکہ ان کا حوصلہ بڑھے اور یہ پورے دلجمعی سے آپ کے پچھڑے ہوئے علاقہ میں کام کر سکیں۔ تعلیمی کام، وقت اور مدت چاہتا ہے۔ ہتھیلی پر سرسوں جمانے کا کام نہیں ہے۔ اسکا نتیجہ دیر میں نکلے گا۔ لہٰذا صبر سے کام لیجیے۔ آپکو اس کا پھل ملے گا۔"

سپاسنامہ میں یہ لکھا گیا تھا کہ ہمیں آپ کی یہاں تشریف آوری سے اچنبھا اور یہ شبہ بھی تھا :

"وہ آئیں گھر میں ہمارے خدا کی قدرت ہے : کبھی ہم اُن کو کبھی اپنے گھر کو دیکھتے ہیں"

اس کے جواب میں ذاکر صاحب نے فرمایا کہ "آپ کو میرے یہاں آنے پر حیرت ہوئی ہے شاید اس لیے کہ یہ پچھڑا علاقہ ہے اور ریاست بہار کا پسماندہ خطہ ہے۔ یہاں میں کیسے آ گیا۔ پسماندہ جگہوں میں اگر گورنر نہ جائیں، منسٹر اور چیف منسٹر نہ آئیں تو آخر پسماندہ علاقے کیسے اوپر اٹھیں گے۔" پھر اُنہوں نے فرمایا کہ "میں تو خاص کر ویسے ہی علاقوں میں جایا کرتا ہوں، جو پچھڑے ہوئے ہیں۔"

تعلیمی کام کرنے والے شاگردوں اور شاگرد استادوں کی ان کے دل میں کتنی قدر و منزلت تھی اور وہ ان کے کام کے لیے کس قدر فکرمند رہتے تھے؟ اس کا اندازہ اس بات سے بھی کیجیے کہ ذاکر صاحب اپنی گورنری کے دوران میں تو اس ناکارہ اور اس کے منتخب کردہ علاقہ بیر نگر سے گہری دلچسپی رکھتے ہی رہے، اور جن جن سے مجھے واسطہ پڑ سکتا تھا اور میرا کام ہو سکتا تھا، ان سے میرے متعلق بڑھ چڑھا کر پتا نہیں کیا کیا کہتے رہے، مگر جب وہ نائب صدر جمہوریہ اور صدر جمہوریہ کی کرسی پر دلی تشریف لے گئے، تو ان کی دلچسپی اور بڑھ گئی۔ اس علاقے سے جو لوگ ان سے ملنے دلی جاتے ان سے پوچھتے رہتے اور ان کی توجہ میرے کام کی طرف مبذول کراتے رہتے۔ موجودہ ممبر پارلیامنٹ شری ڈومر لال بیٹھا ارانی گنج پورنیہ کا بیان ہے کہ جب وہ اور ان کے ساتھی راشٹرپتی بھون میں اُن سے ملتے تو اُن سے میرا اور میرے کام کا ذکر کرتے اور ان کا اس لئے اعزاز فرماتے کہ وہ اس پچھڑے علاقہ کے نمائندہ ہیں، جہاں ان کا ایک شاگرد تعلیمی کام میں مشغول ہے۔ یہ بات مجھ بیٹھا جی نے کہی، جب وہ بہار کے منسٹر تھے اور میرے کام میں مدد فرماتے رہے۔

ذاکر صاحب نے جو بھی گرامی نامے راقم الحروف اور نالائق شاگرد کو لکھے ہیں۔ ان میں سے اکثر کو انہوں نے خود اپنے دستِ مبارک سے لکھا ہے اور ان پر پتے بھی اپنے ہی ہاتھوں سے درج فرمائے ہیں یہ دستور انھوں نے حکومت کے اعلیٰ عہدے پر جا کر اور مشاغل کے ہجوم میں بھی قائم رکھا، حالانکہ وہ کم از کم پتے تو ٹائپ کروا سکتے تھے۔ یہ ان کی اپنے ایک نالائق شاگرد پر گہری عنایت و محبت کی علامت تھی۔ دیدار بخش ہائی اسکول کے معائنہ کے سلسلے میں انہوں نے اسکول کے وزیٹرس بک میں جو معائنہ نوٹ دیا ہے، وہ بھی ان کے دستِ مبارک کا لکھا ہوا ہے۔ اس میں انھوں نے اپنے اس حقیر شاگرد، اس کے رفقائے کار اور ان کے تعلیمی کام کا تذکرہ بڑے تُلے ہوئے الفاظ میں فرمایا ہے :

"۱۸ فروری ۱۹۵۹ء کو دیدار بخش ہائی اسکول بیرنگر، آکر مجھے خوشی ہوئی، اسکول کے ہیڈ ماسٹر محبوب الرحمٰن میرے پرانے شاگرد ہیں۔ اس لیے خاص طور پر مجھے یہ دیکھ کر مسرت ہوئی کہ کتنی توجہ اور خلوص سے یہ اور ان کے رفقاءکار ریاست کے اس پس ماندہ علاقے میں ایک اچھے اسکول کی تعمیر کر رہے ہیں۔ اسکول میں مل جل کر کام کرنے کا بڑا اچھا ماحول ہے۔ مجھے پوری توقع ہے کہ یہ ایک بہت اچھے اسکول کی شکل اختیار کرے گا اور تیزی سے ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا۔" (ترجمہ)

اسی طرح کے کئی واقعات ان کی پورنیہ اور بیرنگر تشریف آوری کے سلسلے میں پیش آئے۔ میں نے علاقہ بیرنگر میں تعلیمی کام شروع کیا تھا۔ جب وہ بہار کے گورنر ہوکر پٹنہ تشریف لائے تو ان سے بار بار ملنا ہوا۔ وہ میرے کام سے دلچسپی رکھتے تھے اور بار بار تاکید فرماتے رہتے تھے کہ جم کر تعلیمی کام کرتے رہو۔ وہ میرے ٹوٹے پھوٹے کام سے باخبر رہنا چاہتے تھے اور گفتگو اور خطوط کے ذریعہ ہمت افزائی بھی کرتے رہتے تھے۔ اپنی مشکلات کا حال لکھ کر بھیجتا تو بڑی شفقت اور محبت سے تسلی دیتے اور ہمت افزائی فرماتے رہتے۔ ایک بار ایک خط میں بہت ساری پریشانیوں کا ذکر کرکے ان سے دبے لفظوں میں درخواست کی کہ ایک تو یہ زمین شور ہے، دوسرے ہائی اسکول میں بڑی پابندیاں ہیں، آزادانہ تعلیمی کام کا موقع نہیں ہے، آپ مجھے کسی اور کام پر لگادیں۔ جواباً اور باتوں کے علاوہ ارقام فرمایا: ؏ "آزمایش ہے نشانِ بندگانِ محترم" میں خاموش ہوگیا۔ ایک بار ملنے پر فرمایا "آپ کام کرتے رہیے گھبرایئے نہیں۔ میں کبھی پورنیہ آیا تو آپ کے کام کو دیکھوں گا۔" میں نے اپنی حماقت سے یہ سمجھا کہ محض دلدہی کے لئے کہہ رہے ہیں۔ "چہ نسبت خاک را با عالمِ پاک"۔ بھلا بیرنگر بھی گورنر اور خصوصاً ذاکر صاحب کے جانے کی جگہ ہے! بات ذہن سے اُتر گئی۔

۱۹۵۹ء کی فروری میں جب ان کا پورنیہ آنے کا پروگرام بن گیا، مجھے بالکل علم نہیں تھا۔ میں پٹنہ اسکول کے کام سے گیا، تو ان سے بھی ملنے گیا، میرا ان سے ملنے کا مقصد، ان کی ذات بابرکات سے استفادہ اور ان سے تعلیمی مشورے لینا اور نصیحت حاصل کرنا ہوتا تھا۔ چنانچہ اسی قسم کی باتیں ہوتی رہتی تھیں۔ میں جب اندر جاتے ہی سلام و مصافحہ کے بعد انھوں نے فرمایا آپ سکریٹری صاحب سے ملتے گئے ہیں (گورنر کے سکریٹری غالباً ذاکر صاحب تھے)، میں نے عرض کیا کہ نہیں۔ فرمایا جاتے وقت مل لیجیے گا۔ پورنیہ کا پروگرام بن گیا ہے میرا

وہاں جا رہا ہوں کیا آپ وہاں ملیں گے؟" میں نے عرض کیا حضور حاضر ہوں گا۔ فرمایا "ہوائی اڈے پر آپ موجود رہیں گے؟" میں نے عرض کیا انشاء اللہ ضرور حاضر ہوں گا اور یہ بھی فرمایا "میرا تو جی چاہتا ہے کہ میں آپکے کام کو دیکھنے کے لئے بیر نگر بھی جاؤں۔" میرے پاؤں تلے سے زمین نکل گئی۔ کیونکہ میں جانتا تھا کہ بیر نگر جانے میں ذاکر صاحب کو کیا کیا زحمتیں اٹھانی پڑیں گی اور ضلع مجسٹریٹ صاحب پہ اور خود اس ناکارہ پر کیا بیتے گی کیونکہ جو حیثیت ذاکر صاحب اب گورنر بھی تو ہیں اور وہاں ہے ہی کیا آپکے شایان شان کیا کہ میں ان کو دکھاؤں گا۔ میں تھوڑی دیر خاموش ہو گیا۔ پھر عرض کیا کہ بیر نگر پورنیہ کے صدر مقام سے ۳۰ میل پر ہے، وہاں جانے کے لئے کوئی پکی سڑک نہیں ہے اور دس بارہ میل تک تو کچی سڑک کا بھی نام و نشان نہیں۔ ہم لوگ پیدل اور کبھی کبھی بیل گاڑی سے وہاں جاتے ہیں، دوسرے وہ جگہ آپکے تشریف لے جانے کی نہیں ہے، لے دیکر بس ایک چھوٹا موٹا سا اسکول ہے۔ ایک تو آپ کو وہاں جانے میں بیحد زحمت اٹھانی پڑے گی، دوسرے ضلع مجسٹریٹ کو بھی دقتیں ہوں گی۔ یہ کہنا تھا کہ خفا ہو گئے اور فرمایا "آپ مجھے تکلیفوں سے ڈراتے ہیں۔ میں تکلیفوں سے نہیں ڈرتا۔ میں تو کھوج کھوج کر پسماندہ علاقوں میں جاتا ہوں اور خصوصاً ایسی جگہوں پر تو ضرور جاتا ہوں، جہاں تعلیمی کام ہو رہا ہو، خاص کر جہاں میرا کوئی طالب علم تعلیمی کام کر رہا ہو۔ کچھ دنوں پہلے میں بھاگل پور ضلع کے مندار ہل (Mandar hill) گیا تھا، وہاں بالکل پسماندہ علاقے میں میرے ایک شاگرد "مادھون" تعلیمی کام کر رہے ہیں۔ میں وہاں ان کے کام کو دیکھنے گیا تھا۔ وہ پچھڑی ذات کے لوگوں میں بہت اچھا کام کر رہے ہیں۔" میں چپکا سنتا رہا۔ پھر انھوں نے پوچھا "آپ مادھون جی کو تو جانتے ہوں گے؟" میں نے عرض کیا "جی نہیں، وہ کون ہیں؟" پھر انھوں نے ان کا ذکر کرنا شروع کیا کہ "مادھون نامی ایک بے خانماں بچہ دلی کے سڑکوں پر بھٹک رہا تھا، جامعہ انھیں اٹھا لائی، ان کی تعلیم و تربیت کی۔ وہ مدراس کے رہنے والے تھے۔ جامعہ سے فراغت کے بعد مدراس چلے گئے۔ پھر بالکل پتا نہ چلا کہ وہ کہاں ——— گئے اور کیا کرتے رہے۔ جب میں گورنر ہو کر پٹنہ پہنچا تو وہ ملنے آئے تھے۔ انھوں نے بہت سی کتابیں لکھی ہیں، اور آدی باسیوں میں بڑا اچھا تعلیمی کام کر رہے ہیں۔ میں ان کے کام کو دیکھ کر بہت خوش ہوا۔ بڑی محنت اور سلیقہ سے کام کر رہے ہیں۔ آپ کو وہاں جانا چاہیئے۔ ان سے ملنا چاہیئے اور ان کے کام کو دیکھنا چاہیئے۔" میں نے عرض کیا انشاء اللہ جاؤں گا۔ ہاں تو مادھون جی اور ان کے کام کے متعلق بیان کرنے کے بعد انھوں نے پھر بیر نگر جانے کا ذکر کیا۔ اور فرمایا "تکلیف تو مجھے کچھ نہیں ہوگی، البتہ ضلع مجسٹریٹ کو ہوگی، اس لئے کہ میں ان کا مہمان

ہوں گا۔" پھر انھوں نے سنایا کہ "ایک دفعہ کوئی ضلع مجسٹریٹ انھیں کسی سیٹھ کی دعوت پر لے گیا۔ محکمہ سراغ رسانی والوں نے اوپر رپورٹ کردی کہ ضلع مجسٹریٹ گورنر کو چور بازاری کرانے والے کے ہاں لے گیا تھا۔ پھر بیچارے کی شامت آگئی اور نوکری کے لالے پڑنے لگے۔" میں نے سوچا کہ موقع غنیمت ہے کوئی بات ایسی ہی جائے کہ ذاکر صاحب وہاں نہ جائیں۔ میں نے کہا "اسی لئے تو عرض کر رہا ہوں کہ وہ ایسی جگہ ہے جہاں ضلع مجسٹریٹ آپ کو لے جانے کے لیے شاید تیار نہ ہوں گے۔ فرمایا "اچھا آپ اتنا تو کر سکتے ہیں کہ پورنیہ جاکر ان سے مل لیجئے اور ان پر ظاہر کیجئے کہ آپ سے میرے کیا تعلقات ہیں اور کہیے کہ میں بیرنگر جانا چاہتا ہوں آپ وہاں کا پروگرام بنائیں۔ اگر آپ کے کہنے پر وہ مجھے وہاں نہیں لے گئے تو میں جب پورنیہ جاؤں گا ان سے پوچھوں گا کہ میں وہاں جانا چاہتا ہوں، آپ مجھے وہاں کیوں نہیں لے گئے؟" میں چپ ہو گیا۔ وہ بھی تھوڑی دیر خاموش رہے۔ پھر خود ہی فرمایا "اچھا چھوڑ دیجیے ابھی میرا ٹرم باقی ہے، پھر کبھی دیکھا جائے گا۔" میں دل ہی دل میں خوش ہوا کہ اللہ نے بڑی مصیبت سے نجات دی۔ اسکول آگیا اور میں تاریخ کا انتظار کرنے لگا۔ غالباً ۱۶، ۱۷ فروری ۱۹۵۹ء کو ان کا پورنیہ کا کلا بھون میں پروگرام تھا۔

غالباً ہفتہ عشرہ قبل اسکول کے پڑوس کے پورنیہ کے کانگریس کے ایک بااثر لیڈر اور جنگ آزادی کے سپاہی آنجہانی سری سرجو نرائن کنور (مسکونہ چکلا تھانہ بنمنکھی) اسکول تشریف لائے۔ وہ اسکول کے بہی خواہوں میں تھے اور میرے کام سے دلچسپی رکھتے تھے اور مجھ پر بزرگانہ شفقت فرماتے تھے۔ وہ چونکہ کبھی کبھار اسکول آتے رہتے تھے، مجھے مسرت ہوئی۔ آفس میں بیٹھا تھا، اطلاع ملی تو فوراً حاضر ہوا۔ آداب، پرنام خیر خبر کے بعد انھوں نے فرمایا "یزدانی صاحب معلوم ہے لاٹ صاحب آپ کے یہاں آرہے ہیں" وہ چونکہ بذلہ سنج آدمی تھے، میں نے سوچا کہ چونکہ لاٹ صاحب (گورنر ذاکر صاحب) کا یہ ناکارہ شاگرد ہے اور پورنیہ کا پروگرام بنا ہے، مذاق کر رہے ہیں۔ میں نے کہا ہاں معلوم ہوا ہے وہ پورنیہ تشریف لائیں گے۔ انھوں نے کہا "پورنیہ تو آ ہی رہے ہیں۔ ۱۸ فروری کو بیرنگر اور دیدار بخش ہائی اسکول بیرنگر آرہے ہیں۔" میں نے پھر بھی مذاق ہی سمجھا اس لئے کہ اس کا تو اب امکان ہی نہیں تھا۔

کہنے لگے "آپ غالباً مذاق سمجھ رہے ہیں، میں آپ سے واقعہ بیان کر رہا ہوں۔ کلکٹر صاحب (جگدیش ودتی صاحب) سے میں کل ملا تھا کہ وہ آپ کے لئے پریشان ہیں، آپ سے ملنا چاہتے ہیں۔" میں نے کہا کیوں؟ فرمایا "یہاں گورنر آرہے ہیں ان کے انتظامات کے سلسلے میں آپ سے مشورہ کرنا ہے، ان کو پٹنہ سے گورنر کے سکریٹری نے فون کیا تھا کہ

گورنر کے وہاں کوئی شاگرد ہیں۔ کلکٹر صاحب نے ان کو بیر پور کے متعلق کہا۔ لیکن ادھر سے کہا گیا کہ گورنر آپ کے ضلع کے بیرنگر جانا چاہتے ہیں اور یہ بھی کہا کہ ان کے شاگرد کا نام یہ ہے۔ وہ ان کے اسکول جائیں گے انتظامات کیجئے اور یزدانی صاحب سے مل کر ان کو گورنر کے آنے کے وقت ہوائی اڈے پر ملنے کی اطلاع کر دیجیے۔ پھر تحریری حکم آیا جس میں آپ کا نام گورنر صاحب سے آپ کے تعلقات وغیرہ کا ذکر ہے۔ آپ کو چکرورتی صاحب بہت یاد کرتے ہیں، ان سے ضرور مل لیجئے۔" میں نے کہا اگر گورنر یہاں آنا چاہتے ہیں تو ان کو جو انتظام کرنا ہے، وہ کریں گے میں اپنے طور پر یہاں جو کچھ کر سکتا ہوں کر دوں گا۔ مگر کنور صاحب مُصر ہوئے، وہ میرے بزرگ تھے۔ میں ان کے کہنے پر چکرورتی صاحب سے ملا، بڑا تپاک سے ملے۔ اور فائل دکھایا کہ گورنر کے آفس سے ہی آپ کے یہاں کا پروگرام آیا ہے، آپ انتظامات میں میری مدد کریں۔ بیرنگر میں کیا پروگرام ہوگا یہ میرے ذمہ تھا۔ چنانچہ انتظامات مکمل کر لیے گئے۔ کاٹے چھیل کر کٹھوری سے بیرنگر تک ۷ میل سڑک بنائی گئی اور استاد محترم ۱۸ فروری ۵۹ء کو ہمارے اسکول تشریف لائے۔

دو گھنٹے کا پروگرام تھا۔ علاقہ بیرنگر کی پبلک نے بڑی فراخدلی سے استقبال کا سامان کیا تھا۔ پروگرام میں دیدار بخش ہائی اسکول کا معائنہ، بچّوں کے میلے کا معائنہ، بچّوں کے گھر کا افتتاح، مڈل اسکول اور مدرسہ امداد الغربا کا معائنہ شامل تھا۔ کھانے کا کوئی پروگرام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے نہیں رکھا تھا، مگر پبلک نے ناشتہ چائے وغیرہ کا بھی نظم کر لیا تھا۔ جب یہ معلوم ہوا کہ گورنر کو یہاں کچھ کھانے پینے نہیں دیا جائے گا، تو مجھ پر برہم ہو گئے وہ بیچارے کیا جانیں کہ گورنر کو کھلانا پلانا کوئی اپنے بس کی بات نہیں ہوتی۔ میں سخت الجھن میں پڑ گیا کہ پبلک کو کیسے سمجھاؤں اور کلکٹر صاحب کو کیسے آمادہ کروں۔

کار اسکول کے دکھنی گیٹ کے باہر لگی، تو علاقہ کے معزز لوگوں کا ان سے تعارف کرانے کے بعد ہم لوگ ان کو اندر لے آئے۔ کار پر ان کے ساتھ لے۔ ڈی۔ سی مسٹر اڈلجی اور کلکٹر صاحب تھے۔ پروگرام شروع ہونے سے قبل ان کو آفس کے بغل والے کمرے میں صوفہ سیٹ پر آرام کے لئے بٹھا دیا گیا۔ مسٹر اڈلجی اور چکرورتی صاحب کے علاوہ اس میں کوئی نہ تھا۔

مجھ پر بار بار عوام کا اصرار ہو رہا تھا کہ گورنر صاحب کو کچھ نہ کچھ کھلانے کی سبیل نکالی جائے۔ میں خاموش ہی رہا۔ اتنے میں آنجہانی سودھا نسو جی (ملک کے ہندی کے بلند پایہ نقاد اور بہار اسمبلی کے سابق اسپیکر) کا بلاوا آیا۔ وہ آفس میں بیٹھے تھے، حاضر ہوا تو فرمانے لگے کہ "یزدانی صاحب پروگرام میں کھانے کا ذکر نہیں ہے اور

پبلک کا سخت اصرار ہو رہا ہے" میرے پاس کچھ لوگ گئے تھے۔ میں نے کہا کہ "یہ مسئلہ آپ ہی سے حل ہو سکتا ہے کسی طرح کلکٹر صاحب کو راضی کیجیے۔" انھوں نے کہا "پروگرام میں نہیں ہے تو وہ ہرگز راضی نہیں ہوں گے۔" میں نے کہا "پھر لوگوں کو سمجھا دیجیے۔" انھوں نے فرمایا "دونوں ناممکن ہیں۔ اس کی بس ایک ہی صورت ہو سکتی ہے اور وہ یہ کہ گورنر گرد او مآپ چلیے۔ وہ آپ کی وجہ سے یہاں آئے ہیں، آپ خود جا کر کہیے تو شاید بات بن جائے۔" میں گھبرا گیا کیوں کہ ذاکر صاحب کے موڈ سے میں واقف تھا۔ وہ بے اصولے پن اور بے ڈھنگے پن سے بے حد خفا ہوتے تھے۔ بہر نوع مرتا کیا نہ کرتا، ڈرتا ڈرتا کمرے میں گیا اور ان کے قریب پیچھے جا کر کھڑا ہو گیا۔ ان کی فراست مشہور تھی اس کا ایک تجربہ مجھے اور ہوا۔ جیسے ہی میں پیچھے کھڑا ہوا، انھوں نے انگریزی میں میرا تعارف مسٹر اڈلجی اور چکرورتی صاحب سے بڑے اونچے الفاظ میں کرانا شروع کیا "یہ چپاں ہیں، یہ چنیں ہیں۔ میرے ایسے چہیتے ہیں۔ ویسے ہیں۔ میں انھیں کی وجہ سے یہاں آیا ہوں۔" اور یہ بھی فرمایا کہ "ان کا جو کچھ پروگرام ہو ان پر چھوڑ دیجیے اور یہ جیسا چاہیں کرنے دیجیے Let him do what he disires" چکرورتی صاحب اور اڈلجی سر جھکائے سنتے رہے۔ میں جلدی سے آفس آ گیا اور رسودھا لسوجی کو مژدہ سنایا۔ اب تو پبلک میں مسرت کی لہر دوڑ گئی۔ پروگرام کے بعد شریک ہوئے ناشتہ میں چائے میں بھی۔ ڈائننگ ہال میں کچھ ایسی باتیں ہوئیں جو آگے قلمبند کی جائیں گی۔

سب سے پہلے انھوں نے بچوں کے گھر کا افتتاح کیا۔ وہ فرمایا کرتے تھے کہ "بچوں کا گھر ہر اسکول میں ہونا چاہیے۔" میں نے ایک اسکیم بنائی تھی۔ ایکبار پٹنہ گیا تو اس کی ٹائپ شدہ کاپی لیتا گیا تھا۔ اس پر اوپر ہی موٹے حروف میں ٹائپ تھا Zakir Ideal Home for Children۔ پہلے انھوں نے اس کو شروع سے آخر تک دیکھا اور پسندیدگی کا اظہار بھی کیا اور فرمایا کہ ضرور قائم کریں" لیکن یہ بھی فرمایا: "مگر یہ یاد رکھیے کسی زندہ آدمی کے نام پر کوئی ادارہ ہرگز قائم نہیں کرنا چاہیے۔ میرے نام پر قائم کرنے کی میں ہرگز اجازت نہیں دوں گا، کسی ایسے بڑے آدمی کے نام پر قائم کیجیے جو مر چکے ہوں" میں نے اصرار کیا، تو کچھ اس قسم کے جملے فرمائے: "کسے پتا کہ مرتے وقت کس کا کیا حال رہے گا" اور یہ کہتے کہتے ان کی آواز گلوگیر ہو گئی۔ ضبط سے کام لیا، ورنہ وہ شاید رو پڑتے۔ مجھے بعد قلق ہوا کہ میں نے یہ کیا کیا۔ لیکن چونکہ میں نے انھیں کے نام پر قائم کرنے کا تہیّہ کر لیا تھا وہ اجازت نہ دیتے تو میں ہرگز کسی دوسرے کے نام پر قائم کیا ہمت کر کے کہا کہ پھر مجھے اس ادارے سے کیا دلچسپی میں قائم نہیں کروں گا۔ مجھے سخت مایوسی ہوئی تو

میرا چہرہ دیکھ کر فرمانے لگے "اچھا بھئی! میں جب کبھی آپ کے ہاں آؤں گا تو آپ جو چاہیں گے کریں گے" پھر پوچھنے لگے "ابتدا کتنے بچوں سے کریں گے؟" میں نے کہا پانچ سے۔ "استاد کتنے ہوں گے؟" میں نے کہا: ایک استاد اور اتالیق، فرمایا "ٹھیک ہے۔ کام کو دھیرے دھیرے ہی آگے بڑھانا اچھا ہوتا ہے۔ مگر نگرانی پانچ اور ایک کا تناسب تو ٹھیک ہے۔ بعد میں اس پر نظر ثانی کرنی ہوگی۔" میں سمجھ نہ سکا کہ ان کا کیا مطلب ہے، تاڑ گئے۔ سوال کیا "ایک ماں باپ پانچ بچوں کو سنبھال سکتا ہے؟ ان کی پوری نگرانی، پڑھائی لکھائی تربیت ان کو ساتھ لے کر دسترخوان پر کھانا؟" میں نے کہا نہیں۔ فرمایا "یقین کیجیے؟" میں خاموش رہا۔ پھر خود ہی فرمایا "فطری یونٹ تو دو بچوں کا ہونا چاہیے جس طرح ایک باپ دو بچوں کو بسہولت سنبھال سکتا ہے، ایک اتالیق دو بچوں کی تعلیم و تربیت کا حق ادا کر سکتا ہے۔ یہ ہے مشکل اور خرچیلا، مگر مقصود تو یہی ہونا چاہیے!" پھر فرمانے لگے "میں نے جامعہ میں بارہ پر ایک اتالیق رکھا تھا، بعد میں تجربہ سے معلوم ہوا کہ میں نے غلطی کی تھی یونٹ اتنا بڑا نہیں ہونا چاہیے۔"

بچوں کے گھر ہی کے سلسلے میں فرمانے لگے "پڑھی لکھی بوڑھی اور بیوہ استانیاں اگر آپ کو مل جائیں تو ابتدائی درجات کے لئے مناسب رہیں گی، فی الحال جیسا ممکن ہو کر لیجیے۔ اچھا، بچوں کے گھر کا نقشہ کہاں بنوائیے گا؟" میں نے عرض کیا جیسا حضور فرمائیں گے۔ "مجھے تو کوئی معلومات نہیں۔ فرمایا "دلی میں مسٹر ہاشمی ہیں۔ ان سے رجوع کیجیے۔" میں نے عرض کیا جب خاکہ بناؤں گا تو آپ سے مل لوں گا۔ اور آپ جیسا فرمائیں گے اسی کے مطابق بنے گا۔

بات کہاں سے کہاں چلی گئی۔ بچوں کے گھر کا افتتاح بیرنگر کے پروگرام کا پہلا آئٹم تھا۔ افتتاح کے لئے تشریف لے جا رہے تھے کہ راستے میں دو یا تین چھوٹے چھوٹے بچے ایک میرا بڑا صاحبزادہ فاران شکوہ یزدانی جو ۷-۸ سال کا تھا اور ایک میرا سالا جاوید جو اس سے ایک سال بڑا تھا، اپنے اپنے ہاتھوں میں خوب صورت پھولوں کے بڑے بڑے ہار لئے ہوئے کھڑے تھے اور پہنانا چاہتے تھے۔ ذاکر صاحب کے گلے تک ان کا ہار تو پہنچ نہیں سکتا تھا۔ بچوں کو دیکھ کر خود زمین پر بیٹھ گئے اور ان بچوں کو ہار پہنانے کا موقع دیا۔ جب وہ پہنا چکے تو پھر انھیں اتار کر انہی کے گلے میں پہنا دیا اور ان کو گود میں اٹھا لیا اور پیار کرنے لگے۔ بعد میں بتایا گیا کہ وہ کون ہیں۔ ذاکر صاحب کے پیار کی چاشنی سے وہ بچے ان سے فوراً مانوس ہو گئے اور ذاکر صاحب جب اسٹیج پر بیٹھے تو وہ بھی وہاں پہنچ گئے اور ان کے بغل میں بیٹھ گئے

ذاکر صاحب کو جتنے ہار ملے ایک ایک کر کے سب ان بچوں کے گلے میں ڈال دیتے ہے۔ ذاکر صاحب جامعہ میں میلہ بھی لگواتے تھے؛ وہیں سے سیکھ کر میں نے بیرنگر میں بچوں کا میلہ شروع کیا تھا۔ ان کے ورود مسعود کی خبر پر یہ میلہ ذرا بڑے پیمانے پر لگایا گیا تھا۔ میلے میں بچوں کی دکانیں مختلف قسم کی اور بچوں کا سیلون' بچوں کا پوسٹ آفس، بچوں کا پولیس اسٹیشن وغیرہ تھا۔ ذاکر صاحب نے ایک ایک دکان کو بڑی دلچسپی سے دیکھا۔ بچوں سے ان کی دکانوں پر لاگت، آمدنی، اس کے حصے دار، حساب کتاب رکھنے کا طریقہ وغیرہ باتوں کے متعلق استفسار کرتے جاتے اور جو بچہ ضد کرنے لگتا؛ اس کی کاپی پر اپنی دلدہی کے لئے دستخط بھی کر دیتے۔ "بچوں کا سیلون" پر پہنچے تو کچھ بچے؛ کچھ جوان سال حجاموں کو بال کاٹتے دیکھا' پوچھا یہ کون ہیں؟ بتایا گیا کہ یہ اسکول کے طلبا ہیں' جو ذات کے حجام نہیں۔ بہت خوش ہوئے۔ جہاں تک یاد آتا ہے فرمایا کہ پیشہ کوئی بُرا نہیں ہوتا۔"

میلہ کمپاؤنڈ میں بھرگاما بلاک کی طرف سے مقامی کاشت کی پیداوار اور مقامی گھریلو صنعتوں کی نمائش بھی لگائی گئی تھی۔ ذاکر صاحب نے مقامی گھریلو صنعتوں میں خصوصاً بیرنگر کی گھاس اور بانس سے بنی ہوئی چیزوں کو پسند فرمایا۔ چنانچہ یہاں بانس کا بنا ہوا ایک صوفہ سیٹ ان کو پیش کیا گیا۔ مقامی پیداوار کی نمائش کی چیزوں کے متعلق بتانے کے لئے بلاک سے محکمہ کاشتکاری کے افسران آئے تھے۔ ذاکر صاحب نے ان سے مختلف چیزوں کے متعلق پوچھا' اس علاقہ کی مٹی' یہاں کی بعض پیداوار' بعض چیزوں کے متعلق جب وہ حضرات نہ بتا سکے تو خود ہی بہت سی نئی باتیں بتائیں۔ انھوں نے یہ بھی دریافت کیا کہ اس علاقہ میں سفید سیمل کا درخت ہوتا ہے۔" لوگوں نے کہا کہ یہاں تو صرف لال پھول والے سیمل کے درخت ہوتے ہیں۔ فرمایا کٹیہار کے علاقہ میں کچھ سفید سیمل کے درخت بھی ہیں۔" نوادرات سے ان کو بڑی دلچسپی تھی۔ جب یہاں آئے تو ان کو یہاں بھی ان کی تلاش رہی۔ اسکول میں کئی جگہ کمروں میں بھی اور جلسہ گاہ میں بھی اور پھولوں کے علاوہ طرح طرح کے کروٹن بھی گلدستوں میں رکھے گئے تھے۔ علاقہ بیرنگر میں ایک قسم کا کروٹن گھونگھر والے پتوں کا بہت خوبصورت ہوتا ہے۔ اس کی ٹہنیاں بھی بچوں نے مختلف کمروں میں سجا رکھی تھیں اور جلسہ گاہ میں بھی اسٹیج پر رکھا گیا تھا۔ پھولوں اور کروٹنوں پر تو وہ سرسری نظر ڈالتے تھے مگر گھونگھر والے پتوں والے کروٹن کے پتوں کو وہ بہت غور و توجہ اور دلچسپی سے دیکھتے اور ان کی پتیوں میں انگلیاں ڈال کر

نہ جانے کیا پتا لگانے کی کوشش کرتے تھے۔ میں ہر جگہ ساتھ ساتھ رہا اس لئے وہ مجھ سے بار بار پوچھ کر "یہ کروٹن آپ نے کہاں سے منگوائے، بڑے انوکھے ہیں۔ ایسے کروٹن میں نے کہیں نہیں دیکھے"
میں نے عرض کیا یہ اسی علاقہ میں کثرت سے ملتے ہیں، بہت خوش ہوئے ۔

بچوں کے میلے کے متعلق انھوں نے اپنی تقریر میں فرمایا: "محبوب الرحمٰن صاحب (راقم) نے یہاں بچوں کا میلہ لگوایا ہے۔ بچوں کے میلے جامعہ میں لگا کرتے ہیں۔ یہ انھوں نے جامعہ سے سیکھا ہے بچوں کے میلے سے بڑے فائدے ہوتے ہیں۔ یہ میلے تعلیمی ہوتے ہیں۔ ان سے بچوں میں خود اعتماد پیدا ہوتی ہے۔ کام کا منصوبہ بنانا، اس کا جائزہ لینا، حساب کتاب رکھنا آتا ہے۔ اساتذ اور بچے مل جل کر کام کرتے ہیں، جس سے طلبا اور اساتذہ کا ربط بڑھتا ہے اور اساتذہ کو بچوں کی صلاحیتوں کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے "

جب وہ بیرنگر سے لوٹ کر پورنیہ پہنچے اور میں ان سے سرکٹ ہاؤس میں ملنے گیا تو انھوں نے اور باتوں کے علاوہ پھر ان کروٹنوں کا ذکر چھیڑ دیا "آپ نے جو گلدستوں میں کروٹن رکھوائے تھے وہ بہت پسند آئے" میں نے عرض کیا وہ تو اس علاقے میں ہر جگہ بکثرت ہیں۔ انھیں تعجب ہوا میں نے عرض کیا انشاء اللہ میں اس کے پودے پٹنہ لیتا آؤں گا اور احاطے میں لگواؤں گا۔ فوراً بول اُٹھے "ارے بھئی میرا یہ مطلب تھوڑا ہی تھا، آپ ایسا نہ کریں۔ اس کے لے جانے میں آپ کو بہت دقت ہو میں نے عرض کیا مجھے بالکل دقت نہیں ہوگی، منع فرماتے رہے۔ مگر جب ایک بار گیا تو آٹھ دس مختلف قسم کے کروٹن کے پودے لیتا گیا جن میں گھونگھریالے کروٹن کے پودے زیادہ تھے۔ بہت خوش ہوئے اور بڑے مالی کو بلوا کر ان کو گورنر ہاؤس کے احاطے میں لگوانے کا حکم دیا۔ چنانچہ وہ لگ گئے تو مجھ سے فرمایا "آپ کے کروٹن لگ گئے۔ آپ کا بیحد شکریہ"

ذاکر صاحب کا مشاہدہ اور ان کی یادداشت عجیب و غریب تھی۔ چھوٹی چھوٹی باتوں کو بھی نہیں بھولتے تھے۔ بیرنگر کے سلسلے کے چند واقعات اور سن لیجیے:

ہمارے اسکول میں ایک نوجوان استاد تھے، چودھری منصور عالم ان کو ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب سے غائبانہ عقیدت و محبت تھی، وہ چاہتے تھے کوئی موقع ملے تو میں ان کو ذاکر صاحب سے ملادوں۔ مختصر وقت، مختلف پروگرام اور بے پناہ ہجوم کی وجہ سے موقع نہ مل سکا جب میں نے ذاکر

حب کو پورنیہ کے لئے رخصت کرنے کے لئے کار کا دروازہ کھولا تو چودھری صاحب میرے بالکل قریب
ہ، جلدی میں بڑھ کر سلام اور مصافحہ کیا اور غالباً دعا کی درخواست کی۔ کار روانہ ہو گئی۔ تعارف
نے کا موقع نہ ملا۔

پھر جب ہیں بٹ۔۔۔۔۔ پہنچا تو انھوں نے اور باتوں کے علاوہ چودھری
ور عالم کے متعلق بھی پوچھا کہ "وہ نوجوان مجھ سے کیوں ملا تھا؟" میں نے عرض کیا وہ حضور سے عقیدت و
ت رکھتے ہیں اور آپ سے اپنے متعلق مشورہ کرنا چاہتے ہیں۔ چودھری صاحب نے کچھ عرصہ کے بعد ذاکر
حب کو خط لکھا اور ان سے ملنے کی درخواست کی، بلائے گئے اور مشورہ دیا۔

لحیم شحیم، لمبے تڑنگے، سرسید جیسی داڑھی والے بیرنگر کے ایک معمر آدمی تھے حاجی جمال الدین
احب مرحوم۔ اسکول کے پڑوس میں ان کا مکان تھا اور ہے۔ مذہبی خیال کے آدمی تھے۔ مقطع داڑھی،
بات میں "ہو مولا، مولا ہو" ان کا سخن تکیہ تھا۔ لوگوں نے ان کا نام "مولا جمال" رکھ دیا تھا۔ اپنی مقامی
تعلی آمیز زبان میں سب سے بات کرتے تھے۔ ذاکر صاحب کے متعلق اونچا خیال رکھتے تھے۔ محبت اندھی ہوتی
ہے۔ وہ بھی چاہتے تھے کہ میں ان کو ذاکر صاحب سے ملا دوں۔ مگر مجبوری تھی۔ سمجھانے بجھانے پر بھی اٹے
ہے۔ میں نے کوئی جواب نہ دیا۔ ذاکر صاحب ہائی اسکول کے پروگرام کے بعد مڈل اسکول کے معائنہ کے
ے تشریف لے گئے۔ ہزاروں کا مجمع بے پناہ بھیڑ میں ذاکر صاحب کو لئے ہوئے میں ان کے آگے آگے اور ان کے
، ڈی۔ سی پیچھے پیچھے مڈل اسکول کے احاطے سے بھیڑ کو چیرتے ہوئے ہائی اسکول کی طرف آ رہے تھے کہ
ولا جمال نے پوری عربی قراءت کے ساتھ السلام علیکم کہا اور راستہ روک کر ذاکر صاحب کے سر پر شفقت
محبت سے ہاتھ رکھ کر دعائیں دیتے رہے۔ ذاکر صاحب بالکل سر جھکائے کھڑے رہے اور جب وہ دعائیں
ے چکے تو آگے بڑھے۔ ذاکر صاحب نے انھیں یاد رکھا اور جب وہ صدر جمہوریہ ہو گئے، تو بھی ایک خط
ں ان کا ذکر فرمایا، ان کو سلام لکھوایا اور ان کی خیر خیریت پوچھی۔

دیدار بخش ہائی اسکول سے متصل ایک مدرسہ تھا۔ "امداد الغربا۔" یہ مدرسہ اب وہاں سے منتقل
و گاؤں میں چلا گیا ہے۔ میں نے اس کا بھی معائنہ پروگرام میں رکھوا دیا تھا۔ مدرسہ کے احاطہ میں پھوس کے
بند مکانات تھے۔ ایک مکان بہت جلدی میں ذاکر صاحب کی آمد کی خبر سُن کر بنوایا گیا تھا۔ مدرسہ والے
شغول تھے۔ مکان میں کھڑکیاں وغیرہ نہیں تھیں صرف اگلی طرف میں ایک بہت ہی چھوٹی سی کھڑکی مر[illegible]

نے لگا دی تھی۔ ذاکر صاحب مدرسہ کے آفس وغیرہ کا معائنہ کرنے کے بعد اس مکان کے سامنے کھڑے ہو گئے اور مجھ سے پوچھ بیٹھے "کیا یہ پوسٹ آفس ہے؟" ذاکر صاحب سمجھ گئے تھے کہ یہ مدرسہ کا مکان ہے مگر اس میں کھڑکیاں نہ ہونے کی وجہ سے اس کو پوسٹ آفس کہکر یہ سبق دینا چاہتے تھے کہ مدرسہ تعلیم کی جگہ ہے۔ تعلیمی و تدریسی کمروں میں روشنی اور ہوا کا خیال رکھنا ضروری ہے۔ میں بہت شرمندہ ہوا اور مدرسہ والے بھی بہت جھینپے اور ان کے انوکھے اندازِ تربیت سے لطف لیتے رہے۔

ذاکر صاحب کی حاضر جوابی اور بذلہ سنجی مشہور تھی۔ اس سلسلے کا ایک واقعہ سن لیجیے جو بیر نگر میں پیش آیا۔ ڈائننگ ٹیبل پر ان کے ساتھ شریک دسترخوان ہونے والوں کے لئے مختلف قسم کے ناشتے پھل، مٹھائیاں وغیرہ رکھی گئی تھیں اور چیزوں کے علاوہ بیر نگر کا کھاجا بھی پیش کیا گیا تھا۔ بیر نگر کا کھاجا مشہور ہے۔ یہاں کے حلوائی سے بڑے اہتمام سے بنوایا گیا تھا۔ بہت ہی مختصر سائز کا تہہ دار اور سبک کھاجا اپنی شکل و شباہت کے لحاظ سے کیلا جیسا لگتا تھا۔ ذاکر صاحب نے میٹھی چیزوں کو تو ہاتھ نہیں لگایا، غالباً ان کو میٹھے سے پرہیز تھا۔ لہٰذا بیچارہ کھاجا بھی ایک کونے میں پڑا رہا۔ چونکہ یہ کھاجا ذاکر صاحب ہی کے اعزاز میں یہاں کی پبلک نے بنوایا تھا اور وہ اسے درخورِ اعتنا نہیں سمجھ رہے تھے، ایک صاحب کی نظر پڑ گئی جو مقامی لیڈر تھے اور ذاکر صاحب سے قریب بیٹھے تھے، درخواست کی کہ حضور یہ بیر نگر کا کھاجا ہے۔ یہاں کا کھاجا مشہور ہے بحضور والا ہی کے لئے بنوایا گیا ہے۔ ذاکر صاحب نے تعجب کے انداز میں برجستہ فرمایا "اوہو یہ کھاجا ہے! میں نے تو کیلا سمجھا تھا" پھر دلدہی کے لئے ذرا سا توڑ کر چکھ لیا۔

ذاکر صاحب دیدار بخش ہائی اسکول تشریف فرما ہوئے تھے۔ اس اسکول کے بانی حاجی دیدار بخش صاحب مرحوم تھے، انھوں نے اس اسکول کے قیام و بقا کے لئے بڑی قربانیوں سے کام لیا تھا۔ ذاکر صاحب علاقہ بیر نگر کی تعلیمی پسماندگی اور حاجی دیدار بخش صاحب کے جذبہ خدمت و ایثار سے بہت متاثر ہوئے۔ چونکہ حاجی صاحب ورودِ مسعود سے قبل ہی وفات پا چکے تھے لہٰذا انھوں نے ڈائننگ ہال ہی میں ان کے دونوں لڑکوں تیسیر الدین صاحب اور محی الدین صاحب (مرحوم) کو بلوایا اور نصیحت کی اور ایا آپ لوگ دل جمعی کے ساتھ اسکول کو چلاتے رہیں، جو کام حاجی صاحب مرحوم کر گئے ہیں وہ اب آپ کے کرنے کا ہے۔ تیسیر الدین صاحب نے ان سے درخواست کی کہ حضور ہم لوگوں سے جو کچھ بن پڑتا ہے کر رہے ہیں مگر اسکول کو منظوری نہیں ملی ہے۔ جس سے نقصان ہو رہا ہے۔ اس پر ذاکر صاحب نے فرمایا "میں یہاں

اس لئے نہیں آیا کہ اسکول کو منظوری مل جائے۔ میں تو جہاں جاتا ہوں بے غرض جاتا ہوں۔ اس کام کے لئے آپ کے بہاں نیز یہ موجود ہیں۔ یہ سودھا لسنوجی کی طرف اشارہ تھا جو پاس ہی بیٹھے تھے۔ سودھا لسنوجی متوجہ ہوئے اور وعدہ فرمایا کہ میں اس سلسلے میں کوشش کروں گا۔ چنانچہ انھوں نے اس معاملے میں دلچسپی لی۔

ذاکر صاحب تعلیمی اداروں اور تعلیمی کام کرنے والوں کو آزاد رہ کر تعلیم کا کام کرنے کے قائل تھے۔ وہ ان کو سرکاری روک ٹوک سے بری دیکھنا چاہتے تھے۔ میں نے کئی بار تحریری اور تقریری دونوں صورتوں میں ان سے عرض کیا کہ اسکول کو منظوری نہیں ملی ہے، اس لئے لڑکے کم آتے ہیں اور جو بھی آتے ہیں چند سال رہ کر چل دیتے ہیں۔ اس پر انھوں نے اپنے مخصوص انداز میں مجھے فرمایا کہ "آپ تعلیمی کام کرتے رہیے، اچھی تعلیم دیتے دلاتے رہیے، منظوری کی زیادہ فکر نہ کیجیے۔ اگر آپ کی جگہ میں ہوتا، تو منظوری کی ہرگز کوشش نہ کرتا۔" اس سلسلے میں جب میں پریشانی کے عالم میں لکھتا تو جواباً فرماتے "آپ مجھے لکھتے رہیے، حالات سے باخبر کرتے رہیے۔ میں آپ کے لئے کچھ کر نہیں سکتا مگر دعا تو کر سکتا ہوں۔"

میرے اسکول اور تعلیمی کام کے متعلق برابر اپنے گراں قدر مشوروں اور نصیحتوں سے نوازتے رہے۔ ایکبار فرمایا "اس کا خیال رکھیے کہ اسکول کا کوئی گوشہ اجاڑ اور سنسان نہ رہے۔ اسے پھولوں اور پودوں سے سجائیے۔ اگر قیمتی پھول نہ لگا سکیں تو 'دگن ویلیا' کی بیلیں ہی سلیقہ سے لگوا دیجیے۔" اسی سلسلے میں انھوں نے یہ بھی فرمایا کہ "میں جب علی گڑھ میں وائس چانسلر ہو کر گیا تو یونیورسٹی کے احاطے کے کچھ حصے پھولوں اور باغوں سے خالی اور جھاڑ جھنکار سے پُر تھے، مجھے اچھے نہیں لگے اور ان میں چمن بندی کرائی"

ایک بار میں نے عرض کیا کہ اسکول تو منظور ہو گیا مگر حضور والا کے بقول اس میں سلیبس اور کوڈ کی 'لال کتاب' کی پابندی ہے۔ ان پابندیوں میں جو کچھ کرنا چاہتا ہوں نہیں ہو سکتا، فرمایا "اسکول کو ہر طرح سے مکمل کیجیے، سائنس، کامرس وغیرہ کے شعبے بڑھائیے، ڈرائنگ کے اچھے استاد رکھیے۔ ڈرائنگ خوشخطی کا پہلا اسٹیج ہے۔ آج کل اسکول کالج کے طلبا اکثر بدخط ہوتے ہیں اس کا سبب یہ ہے کہ ڈرائنگ پر توجہ نہیں دی جاتی۔"

یہ بھی فرمایا کہ "آپ کے ضلع میں جو تاریخی اور نادر چیزیں ہوں اپنے اسکول میں ایک میوزیم بنا کر ان کو جمع کیجیے۔ ان سے تعلیمی فائدہ ہوگا۔" اور فرمایا کہ "اسکول کے ریزلٹ کی طرف خاص توجہ دیجیے۔"

ایک بار فرمایا کہ "اچھے اسکول کے لئے اچھے اساتذہ کی ضرورت ہے۔ اساتذہ کے انتخاب میں خوب جانچ پرکھ سے کام لیجئے، جلدی نہ کیجیے کہ جو اساتذہ بحال کئے جائیں وہ آپ کے ڈھب کے ہوں۔ اگر اس میں چوک ہو گئی اور ایک بھی غلط استاد بحال ہو گیا تو ایک مچھلی سارے پانی کو گندہ کر دے گی۔"

علاقہ بیرنگر کے عوام نے اپنے سپاسنامے میں یہ بھی لکھا تھا کہ اس علاقہ میں سڑک نہیں ہے۔ سڑک نہ ہونے کی وجہ سے یہ علاقہ پسماندہ ہے اور تعلیم کے کام میں بھی دقّت پیش آتی ہے۔ جواباً فرمایا: "آپ اچھی تعلیم کا انتظام کریں، سڑک بنوانے کی فکر نہ کریں، جہاں اچھی تعلیم ہو گی سڑک خود بخود بن جائے گی۔"

ایک بار یہ نصیحت فرمائی "کام سب کیجئے گا، جھگڑا کسی سے نہ کیجئے گا۔ جو جھگڑا کرتا ہے، جھگڑے کے علاوہ کوئی اور کام نہیں کر سکتا۔ کیونکہ جھگڑا ایک مستقل کام بن جاتا ہے۔"

بیرنگر میں جو 'ذاکر آئیڈیل ہوم' کا افتتاح ذاکر صاحب سے کرایا گیا تھا، اس کے بعض مسائل کا حل میں اُن سے بذریعہ خط بھی پوچھتا رہتا تھا۔ ایکبار کئی مسئلے لکھ بھیجے۔ جواباً تحریر فرمایا "بچّوں کو اپنا بچہ سمجھ کر رکھیئے، سب کچھ ٹھیک رہے گا۔"

ایک بار بچوں نے میلہ لگایا اور مصر ہوئے کہ میں ذاکر صاحب کو اس کی خبر کر دوں، تفصیلی رپورٹ بھی بھیج دوں اور ان سے پیام منگاؤں۔ چونکہ بیرنگر کے میلے کا موجد میں تھا، میرے دل میں بھی خود ستائی کا چور بیٹھا تھا۔ میں نے پہلے رسمی طور پر بچّوں کو روکا، مگر بعد میں تیار ہو گیا اور میلے کی کارگزاری کی ایک تفصیلی رپورٹ مرتّب کر کے اپنی چوری کو چھپانے کے لئے یوں لکھا کہ بچّوں کا مجھ پر شدید تقاضا ہو رہا ہے کہ آپ سے اس سلسلے میں چند منٹ ہمت افزائی کے کلمات لکھنے کی درخواست کروں۔ جواباً ذاکر صاحب نے ارقام فرمایا کہ "بچّوں کے میلے کے متعلق پڑھ کر جامعہ یاد آ گئی۔ بڑی خوشی ہوئی۔" مگر ساتھ ہی ساتھ میری چوری پکڑی اور سخت ڈانٹ بتائی۔ لکھا کہ "بچّوں میں پیام طلبی کی عادت نہ ڈالیے" اور غالباً یہ بھی لکھا کہ "ان کا کام ہی ان کا انعام ہے۔" اس دن سے میں نے کان پکڑ لئے۔ یہ تھا ان کے تربیت کا انداز۔ افسوس، اب ایسا مُربّی کہاں ملے گا۔ اللہ تعالیٰ ان کی قبر کو منوّر فرمائے اور ان کے درجات میں ترقی عطا فرمائے۔ ان کے نقش قدم پر اس نالائق اور بدنام کنندہ کو تعلیمی میدان میں چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

●●

# سیّد شاہ منظر حسین

[جناب سیّد شاہ منظر حسین : (پ ۱۹۲۴ء تقریباً) علیگڑھ کے بی ایس سی-
خلیفہ باغ بھاگل پور کے گرامی قدر خاندان کے نمبر ۲، شرف عالم صاحب
نمبر ۱، خانقاہ کے موجودہ سجّادہ نشیں ہیں۔ عنایت آفتاب (عنایت حسین شاہ)
نمبر ۳ آئی۔ اے۔ ایس ہیں]

○

جولائی ۱۹۳۸ء میں ہمارے والد مرحوم جناب سیّد شاہ فخر عالم صاحب سجادہ نشیں آستانہ پیر دمڑیا بابا خلیفہ باغ۔ بھاگل پور نے مجھے تعلیم کی غرض سے جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی روانہ کیا۔ میرا داخلہ درجہ پنجم میں کرایا گیا۔ جاڑے کے دن تھے۔ میں کھانا کھاکر ہوسٹل کے سامنے دھوپ میں سرخ بجری پر ٹہل رہا تھا کہ اسی بیچ ملازم نے والد صاحب کا خط لاکر دیا۔ خط نکال کر لفافے کے پرزوں کو جونہی تتلیوں کی طرح ہوا میں آزاد کیا اور یہ ٹکڑے سرخ بجری پر کچھ اس طرح بکھر گئے جیسے کسی بدتمیز نے کتھے کی کٹھیا میں چونے کی چھینٹ چھڑک دی ہو۔ اسی لمحہ ایک محبت بھری آواز کانوں سے ٹکرائی جس نے مجھے اپنی طرف متوجہ کرکے ارشاد فرمایا ― "ان کاغذ کے ٹکڑوں کے لئے وہ سامنے ہر الٹین رکھا ہے، انھیں چن کر اس میں ڈال دیں۔ کیا آپ کو اس سرخ بجری پر یہ سفید پرزے گراں نہیں گزر رہے ہیں!"

میں اپنے سامنے ذاکر صاحب کی سیاہ داڑھی اور پُر رونق چہرہ کو دیکھ کر بے چون وچرا خاموشی سے کاغذ کے ان ٹکڑوں کو اکٹھا کرکے ہرے ٹین میں ڈال آیا۔ یہ آج سے ۴۴ سال پہلے کی بات ہے، اور وہ نقشہ میری نظروں کے سامنے ہمیشہ قائم رہا ہے۔

● شیخ الجامعہ کی چھوٹی سی کالی گاڑی تھی اپنے ڈرائیور کے سڑک پر نیم کے درخت کے نیچے قیلولہ کر رہی تھی۔ ہم ریڈیو (۱۵ / ۲۲ [illegible]) میں ظہیر احمد انوار نے کار کے قریب جاکر ڈرائیور کو اس طرح مخاطب کیا: "ارے! آپ تو

